سہ ماہی

دہلی

تاریخ ادب اردو

(علم وادب اور تحقیق وتنقید کا ترجمان)

جلد: ۷ (جنوری تا مارچ ۲۰۲۵) شمارہ: ۱

مدیر

پروفیسر ڈاکٹر محمد یحییٰ صبا

Scanned with OKEN Scanner

سہ ماہی دہلی

تاریخ ادب اردو

(علم وادب اور تحقیق وتنقید کا ترجمان)

جلد: ۷ (جنوری تا مارچ ۲۰۲۵) شمارہ: ۱

مدیر

پروفیسر ڈاکٹر محمد یحییٰ صبا

مینیجنگ ایڈیٹر:

ڈاکٹر محمد طالب

ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ڈاکٹر محمد بہلول

خط وکتابت/ترسیل وزر کا پتہ

سہ ماہی تاریخ ادب اردو دہلی، ۶۹۴۲، دوسری منزل، پنجابی بستی، سبزی منڈی، گھنٹہ گھر، دہلی۔ ۱۱۰۰۰۷

2nd Floor, Punjabi Basti, Sabji Mandi, Ghanta Ghar, Delhi-072 ,2496

E-mail: editortau@gmail.com website: tareekheadabeurdu.com

Mobile No.:+91-9968244001

اس شمارہ کے مشمولات سے مدیر/ وابستگان کا متفق ہونا ضروری نہیں۔ کسی بھی تحریر/اقتباس کے لیے مضمون نگار خود ذمہ دار ہے۔ "تاریخ ادب اردو" سے متعلق کسی بھی تنازعہ کا حق سماعت صرف دہلی کی عدالت میں ہوگا۔

Scanned with OKEN Scanner

سرپرست اعلیٰ

پروفیسر ارتضیٰ کریم

پروفیسر راکیش کمار پانڈے (شعبہ علم طبیعات، کروڑی مل کالج، دہلی یونیورسٹی)

مجلس ادارت

پروفیسر محمد رضی الرحمن (صدر شعبہ اردو، گورکھپور یونیورسٹی، گورکھپور)

پروفیسر محمد علی جوہر (شعبہ اردو، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ)

پروفیسر محمد قمر الہدی فریدی (شعبہ اردو، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ)

پروفیسر ندیم احمد (شعبہ اردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی)

پروفیسر آفتاب احمد آفاقی (شعبہ اردو ،بنارس ہندو یونیورسٹی)

پروفیسر محمد کاظم (شعبہ اردو، دہلی یونیورسٹی، دہلی)

پروفیسر کوثر مظہری (شعبہ اردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی)

پروفیسر عذرا عابدی (شعبہ سماجیات، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی)

ڈاکٹر احمد امتیاز (شعبہ اردو، دہلی یونیورسٹی، دہلی)

پروفیسر ڈاکٹر شاہد رزمی (صدر شعبہ اردو ،مونگیر یونیورسٹی(

پروفیسر ڈاکٹر مشتاق عالم قادری (شعبہ اردو، دہلی یونیورسٹی، دہلی(

ڈاکٹر محمد محسن (شعبہ اردو ،کروڑی مل کالج ،دہلی یونیورسٹی(

پروفیسر ڈاکٹر سیف الدین احمد (شعبہ تاریخ، دہلی یونیورسٹی)

پروفیسر ڈاکٹر بلرام شکلا (شعبہ سنسکرت، دہلی یونیورسٹی(

پروفیسر پرمود کمار بھارتی (شعبہ سنسکرت، میونسپل پی جی کالج مسوری، اتراکھنڈ)

جناب قیصر رضا(ایجوکیشن آفیسر ،حکومت جھارکھنڈ)

ڈاکٹر قاضی نوید(صدر شعبہ اردو ،مولانا آزاد کالج آف آرٹس ،سائنس اینڈ کامرس ،روضہ باغ ،اورنگ آباد ،مہاراشٹر)

مولانا محمد شاہد عادل قاسمی(پرنسپل مدرسہ یتیم خانہ ،اراریہ)

محمد رفیع(ریاستی کنوینر ،قومی اساتذہ تنظیم بہار)

پروفیسر عمران عندلیب (شعبہ اردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی)

ڈاکٹر سجاد احمد (شعبہ تعلیم، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی)

Scanned with OKEN Scanner

مجلس مشاورت

(اندرون ملک):

ڈاکٹر نوشاد مومن (کولکاتہ)، ڈاکٹر دانش الہ آبادی (الہ آباد)، ڈاکٹر مجیب احمد خان (دہلی)، پروفیسر آلِ ظفر (مظفر پور)، ڈاکٹر محمد افروز عالم (کشمیر)، ڈاکٹر ندیم احمد (دہلی)، ڈاکٹر فیاض عالم (دہلی)، دین رضا اختر (اریا)، ڈاکٹر محمد شہزاد شمس (اریا)، وسیم فرحت علیگ (امراوتی، مہاراشٹر)، شکیبہ عمر (دہلی)، محمد فہیم احمد (کوٹہ، راجستھان)، مولانا رضوان ندوی (پورنیہ)، ڈاکٹر زین شمسی (مونگیر)۔ ڈاکٹر ابو بکر رضوی (ایسوسی ایٹ پروفیسر ،شعبہ اردو ،ٹھاکر پرساد سنگھ کالج ،پاٹلی پترا یونیورسٹی ،پٹنہ،) ڈاکٹر محمد عباس (ایسوسی ایٹ پروفیسر و صدر شعبہ اردو ، سری گرو گوبند سنگھ کالج ،پٹنہ سٹی،)ڈاکٹر محمد محمود عالم ،شعبہ فارسی ،پٹنہ یونیورسٹی،) ڈاکٹر محمد ابوالکلام آزاد ،(شعبہ فارسی ،پٹنہ یونیورسٹی)۔روفیسر قاضی عبید الرحمن ہاشمی جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی، پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی ، پروفیسر جہانگیر احمد وارثی علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، پروفیسر عباس رضانیر لکھنؤ یونیورسٹی۔

(بیرون ملک):

پروفیسر یوسف خشک، پروفیسر صوفیہ خشک، پروفیسر ضیاء الحسن، ڈاکٹر محمد سلمان بھٹی، پروفیسر ثمینہ گل، عظمی نورین، ڈاکٹر ریحانہ کوثر (پاکستان)، پروفیسر احمد القاضی (مصر)، پروفیسر حلیل طوقار، پروفیسر دُرمُش بُلگر، ڈاکٹر ذکائی کارداس (استنبول، ترکی)، فرزانہ اعظم لطفی، ڈاکٹر علی بیات، ڈاکٹر محمد کیومرسی (تہران، ایران)، ڈاکٹر صائمہ نذیر (اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اردو زبان وادب، نمل اسلام آباد)، ڈاکٹر سمیرا اعجاز (شعبہ اردو، سرگودھا یونیورسٹی)، عائشہ مسعود (صحافی، اسلام آباد)، ڈاکٹر عبدالعزیز ملک (شعبہ اردو، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، فیصل آباد، پاکستان)، ڈاکٹر رفعت چودھری (شعبہ اردو، جی سی ویمن یونیورسٹی، سیالکوٹ)، ڈاکٹر ہاجر قدری محمد (شعبہ اردو زبان و ادب، کالج آف ہیومینیٹیز، الازہر یونیورسٹی، قاہرہ، مصر)۔

قانونی مشیر:

ایڈوکیٹ انل کمار سنگھ، ایڈوکیٹ سیما سنگھ (دہلی)

زر تعاون:

فی شمارہ-/500 خصوصی شمارہ-/1000

سالانہ-/3000 خصوصی تعاون-/10000

A/C Name: PEACE INDIA FOUNDATION

A/C No.: 51521131001918

IFSC: PUNB515210

مالک، طابع وناشر پروفیسر محمد یحییٰ صبا نے جے کے آفسیٹ پرنٹنگ پریس، سے چھپوا کر دفتر "تاریخ ادب اردو، ۶۹۴۲، دوسری منزل، پنجابی بستی، سبزی منڈی، گھنٹہ گھر، دہلی۔۱۱۰۰۰۷ سے شائع کیا۔

Scanned with OKEN Scanner

مشمولات

اداریہ	مدیر-	8
1 اردو میں مقبول عام ادب اور ابن صفی کی فکری و فنی انفرادیت	پروفیسر محمد کاظم	12
2- امام الغزالی کے تعلیمی افکار : معلم کی تدریسی خصوصیات اور جدید تعلیمی نظام سے مطابقت	ڈاکٹر سیف الدین احمد	24
3-حسرت کا تصورِ عشق	ڈاکٹر عطیہ رئیس	31
4اردو ادب میں مصنوعی ذہانت کا استعمال: دیگر فوائد و ثمرات	ڈاکٹر فضیلت بانو	37
5 متن میں ترامیم اور تبدیلیاں : نوعیت اور وجوہات	پروفیسر ڈاکٹر محمد خاں اشرف، ڈاکٹر عظمت رباب	44
6 نگاہی بہ شعر طالب آملی در وصف کشمیر و جہ	ڈاکٹر م ہتاب جہاں	51
7-ڈاکٹر معصوم شرقی کی رباعیات فکر و فن کے آئینے	ڈاکٹر محمد اقبال، آئی۔ جرمن	61
8 جھارکھنڈ میں اردو غزل کی منفرد آواز: اختر مدھوپوری	ڈاکٹر جہانگیر احمد	71
9-تانیثی تنقید: نصف آبادی کے ادبی مطالبات	ڈاکٹر نصرت جبین	80
10ڈاکٹر جمیل جالبی بطور محقق و مدوِن	ڈاکٹر عظمت رباب	90
11ٹوبہ ٹیک سنگھ کی کثرتِ تعبیر؛ ابہام کی جمالیات	ڈاکٹر محمد راشد سعیدی	103
12 معاصر اسلامی دنیا اور تصوّف: مابعد نوآبادیاتی تناظر میں	ڈاکٹر الطاف انجم	120
13 راجندر سنگھ بیدی کی افسانہ نگاری کا سرسری جائزہ	ڈاکٹر محمد اقبال، آئی۔ جرمن	127
14 پروفیسر عبدالقادر فاروقی کی ادبی و اصلاحی تحریریں	ڈاکٹر سید علیم اللہ حسینی	135
15 غبار خاطر ایک مطالعہ	ڈاکٹر نازیہ چنے گاؤں	139
16 فنِ افسانہ نگاری اور ممتاز شیریں کی انفرادیت	ڈاکٹر محمد طالب	142
17-اردو کی شعری اصناف کا تحلیل نفسی کے تناظر میں مطالعہ	ڈاکٹر علیشہ خانم	153
18 سر سید احمد خان اور عصری تعلیم	ڈاکٹر نازیہ چنے گاؤں	176
19-ناول "عنبرین"۔ایک تنقیدی مطالعہ	ڈاکٹر کے۔ایچ۔ کلیم اللہ	184
20-ہندوستانی مشترکہ تہذیب اور اودھ کی اردو شاعری پر اس کے اثرات	مقیم اللہ	188

Scanned with OKEN Scanner

21اقبال کی قافیہ پیمائی عمران اعظم 194

22مذہبی و قومی ہم آہنگی میں سر سید کا کردار محمد محدث 206

23-حسرت موہانی کے سیاسی افکار و نظریات محمد عارف 212

24-عہد حاضر میں سرزمین بہار کے غزل گو شعراء: ایک مطالعہ عصمت خاتون 217

Migration of Indian girl students to the Gulf: A Study-25

233 Dr. Sajjad Ahmad

When Rape Isn't Rape: Justice Restricted in case of Married Women in India-26

250 Kamal Goyal, Dr. Rahul Kumar,

Language, Education, and Nationalism: The Arya Samaj's Role in .....-27

278 Richa Raj

Patriotism in Verse: Allama Iqbal's Poetry and the Awakening .....-28

295 Prof. (Dr.) Md. Yahya Saba

Science in science fictions: putting H.G. Wells' The Time Machine 29

324 Siddhartha Lahon

Museums as Educational Spaces: Connecting the Past with Learning -30

334 Dr. Vikram Singh Chaudhary,Dr. Ruchika Singh

Geopolitics of West Asia and India's Regional Engagement-31

347 Dr. Saiyad Md Shahnawaz, ,Dr. Waseem Ahmad, Dr. Mohammad Suhail,

Right be Forgotten vis-à-vis Right to Privacy Undar Consttution of India -32

377 Rahul Kumar, Dr. Rahul Kumar,

Unique Models for Access to Schools: The Context of text -33

402 Ruchi Payal,Dr. Dushyant Kr. Shah

Scanned with OKEN Scanner

Astrology and Muslims some glimpses from pre – Islamic period -34

417 Dr. Asad Ahmed

Breaking the Barriers: A Critical Reflection of Presence of Women …..-35

426 Dr Pankaj Deep1 and Swarni2

National Human Rights Commission on Institutional Reform and …..-36

445 Dr. Shyam Kumar,Tayenjam Priyokumar Singh

Postcolonial English Literature and the Writings of Kashmiri Pandits-37

458 Mr. Jitendar,Prof. Rekha Shrama

Vidura's Disapproval: A Prelude to the fall of the Kuru Clan -38

472 Dr. Praveen Kumar Anshuman

Beyond Beating Love's Drum: Glimpses of Upanishadic Thought in Mirabai -39

481 Dr. Aditi Govil

Subaltern Struggles and Imperial Designs: The Role of Untouchable ….-40

489 Dr. Ajeet Kumar

Genealogy, Graves, and Global Networks: Exploring the Hadrami ….-41

507 Archana Kumari

Accessible Infrastructural and Learning Environment: Positions and ….-42

519 Dr. Sunil Kumar,Pooja Sharma

History in Religious Performances: A Case Study of Bengal and Odissa -43

534 Ranjan Kumar,Vijaya Laxmi Singh

Scanned with OKEN Scanner

Navigating Economic Growth: Unravelling the Influence of FDI, Exports ...-44

548 Vipul Singh, Aprajita Kimta,Bipin Kumar,Sapna Semwal,

Role of Chat GPT in Supporting Students to Complete Media Production..... 45

570 Bhawna Solanki Dr. Lokesh Sharma,

Illegal Migration in Assam: National Security Issues and.....-46

597 Tayenjam Priyokumar Sing ,Ningthoujam Koiremba Singh

Tarikh-e-Firoz Shahi of Shams Siraj Afif: An Important Source .....-47

611 Dr. Mahtab jahan,

Recent Developments in Teacher Education: An Overview of ....-48

621 Dr. Praveen Kumar Surjan, Dr. Suraj Bhan, Dr. Akhilesh Kumar Gautam,

632 डॉ .सोनिया नृत्य की वैदिक अवधारणा -49

639 डॉ. राहत हयात भारत में मुस्लिम शिक्षा:अभाव और अल्प-विकास के ऐतिहासिक संदर्भ -50

648 डॉ० अनुप्रिया श्री अरविन्द और वर्तमान शिक्षा नीति एक अध्ययन -51

654 डॉ. रेणुबाला कामायनी मानवीय मूल्य-व्यवस्था बोध -52

Scanned with OKEN Scanner

Editorial

In the wake of the New Education Policy (NEP), the canvas of Urdu language and literature is expanding, both within India and beyond. Once a language of poets and philosophers, Urdu now finds itself at the heart of academic discourse, cultural revival, and international linguistic studies.

Urdu is not simply a language, it is a bridge between histories, a thread weaving together diverse cultural expressions. Recognized as one of the official languages of India, it enjoys a constitutional status under the Eighth Schedule. According to census data, it ranks as the sixth most spoken language in the country, with a substantial number of native speakers, particularly in states like Uttar Pradesh, Bihar, Telangana, Jammu and Kashmir, and Delhi. However, concerns linger about its declining usage, often attributed to misconceptions associating it solely with a particular religious community. The challenges facing Urdu today are not new. Under British colonial rule, conscious efforts were made to weaken the Urdu script and diminish its literary prominence. The British administration, recognizing its deep association with Islamic scholarship, sought to replace it with English and promote other regional languages. This systematic erosion was not just linguistic but culturally aimed at severing the connection between people and their intellectual traditions.

Despite these challenges, the Indians with some support from the government have played a significant role in preserving and promoting the Urdu language.

Scanned with OKEN Scanner

Numerous institutions, academic programs, and literary forums have emerged nurturing its legacy. The commitment to the development of Urdu reflects a broader vision of India's multilingual and multicultural identity, ensuring that languages, particularly one as historically and literarily significant as Urdu, continue to thrive rather than fade into obscurity. A cornerstone of Urdu's literary heritage, Tareekh-e-Adab-e-Urdu has emerged as a distinguished Urdu journal, playing a pivotal role in shaping scholarly discourse across the subcontinent. It reflects the unwavering commitment of eminent Urdu scholars, whose research endeavors and literary criticism have significantly enriched its pages.

Urdu, an Indo-Aryan language with roots stretching from the Mughal era to the modern times, carries within it a legacy of art, culture, and resistance. Its role in India's freedom movement and its association with artistic, cultural, and literary endeavors underscore its enduring significance. Recognized as an Eighth Schedule language in the Constitution, Urdu continues to be a symbol of India's pluralistic heritage. Historically, the evolution of Urdu is intertwined with the development of Hindavi and Hindustani, languages that emerged through cultural and linguistic exchanges. Hindavi, which developed during the Delhi Sultanate, borrowed elements of Sanskrit, Persian, Turkish, and Arabic, forming a rich tapestry of linguistic expression. Poets and mystics, such as Amir Khusrau and Baba Farid, utilized Hindavi to reach the masses, embedding it with themes of devotion and mysticism.

With the expansion of Mughal Empire, Hindavi evolved into Hindustani, a language that became the administrative and cultural bridge of the empire. This

Scanned with OKEN Scanner

period saw the emergence of two distinct registers: Personalized Urdu, favoured in elite and courtly circles, and Sanskritized Hindi, which retained indigenous linguistic elements. Mughal rulers, particularly Akbar, actively encouraged Hindustani as a unifying language, recognizing its potential to foster cultural cohesion. Poets such as Wali Deccani and Fahim Dehalvi further refined the language, blending Persian aesthetics with local idioms.

By the late medieval period, Urdu had emerged as a distinct literary language, particularly in the Deccan under the patronage of the Qutb Shahi and Adil Shahi dynasties. Persian literary forms like the ghazal and qasida found new expression in Urdu, enriching its poetic tradition. Wali Deccani, often hailed as the father of Urdu poetry, demonstrated the language's literary potential, proving that it could rival Persian in both sophistication and artistic depth. The literature of Hindavi, Hindustani, and Urdu has long reflected themes of love, mysticism, and moral values. Sufi traditions heavily influenced these literary forms, emphasizing divine love and spiritual unity. Romantic narratives and didactic literature further expanded the literary scope, making these languages the voices of diverse communities. This era laid the foundation for the poetic contributions of luminaries like Mir Taqi Mir and Ghalib, whose works cemented Urdu's place in South Asia's cultural and intellectual heritage.

Today, Urdu's presence in higher education and research is an area of ongoing investigation. Tareekh-e-Adab-e-Urdu has played a vital role in documenting the language's evolution, readership trends, and academic engagement. The journal has identified key factors influencing Urdu's contemporary status, making it an essential resource for scholars and enthusiasts alike.

Scanned with OKEN Scanner

As part of our mission, we extend a warm invitation to all scholars and authors to contribute to this esteemed journal. Our goal is not only to foster academic excellence but also to create an intellectual space where learning is driven by curiosity and passion. In an era where modern education risks losing its spark, we are committed to reigniting the enthusiasm for Urdu literature and research.

At the heart of our values lies a commitment to kindness, respect, and intellectual integrity. We are launching initiatives to promote these values and seek the support of our readers in making them a success. Urdu literature has always been a medium of social commentary and reform, and we aim to continue this tradition by addressing crucial issues such as education, climate change, gender equality, and social justice.

The role of Urdu in shaping India's literary and cultural identity cannot be overstated. As we move forward, we remain dedicated to publishing research that not only explores its rich past but also envisions its dynamic future. By fostering a learning environment that promotes critical thinking and creative expression, we hope to equip readers with the knowledge and skills needed to meet the challenges of the 21st century.

Urdu is not just a language-it is a legacy, a movement, and a bridge between the past and the future. Let us continue to celebrate and preserve its brilliance together.

Editor

Scanned with OKEN Scanner

اردو میں مقبول عام ادب اور ابن صفی کی فکری و فنی انفرادیت

پروفیسر محمد کاظم

شعبہ اردو، دہلی یونیورسٹی، دہلی

تلخیص :ادب کے مطالعے کے بعد اس کی درجہ بندی تو معیاری اور غیر معیاری بنیاد پر ہونی چاہیے لیکن ہمارے ناقدین اور دانشوران نے بھی ادب کی تقسیم ادب عالیہ اور مقبول عام ادب کی بنیاد پر کی ہے۔ کیا مقبول عام ادب معیاری نہیں ہو سکتا ہے؟ یا جو سنجیدہ اور معیاری ادب ہے اس کو مقبولیت کا شرف حاصل نہیں ہو سکتا؟ ہم جانتے ہیں کہ ہمارا کلاسیکی شعری ادب نہ صرف بر صغیر بلکہ پوری دنیا میں کس قدر مقبول ہے۔ میرے خیال سے یہ درجہ بندی ادب کے لیے غیر فطری اور نامناسب ہے۔

کلیدی الفاظ: ناقدین، ادب عالیہ، بر صغیر، مقبولیت، تاریخی، ابتدائی، مغربی ادب، داستان، دانشوران،

ادب کا بیشتر صنفی سرمائے مغربی ادب کے مرہون منت ہیں ۔ بالخصوص نثری اصناف کا سلسلہ یوروپی ادب سے ملتا ہے ۔داستان ،ناول ،افسانہ ،انشائیہ، خاکہ جیسی اصناف کے تاریخی مراحل اور ارتقائی سفر پر نظر ڈالنے سے بھی یہی اندازہ ہوتا ہے۔ مقبول عام ادب کی جانب اہل ادب نے کم توجہ دی اور لکھنے والوں کی تعداد بالمقابل دیگر اصناف کے کم ہی رہی۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے حصّے میں مقبولیت تو خوب آئی لیکن وہ وقار حاصل نہیں ہوا جو بقول ناقدین و دانشوران ادب، ادب عالیہ کے حصے میں آئی۔

جب ہم مقبول عام ادب کے ابتدائی زمانے پر نظر ڈالتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ اس کا سلسلہ یا اصل ماخذ مغربی ادب ہی ہے ۔ سموئل رچرڈسن (Samuel Richardson)کا ناول 1740 “Pamela or Virtue Rewarded” ہیں شائع ہو کر منظر عام پر آیا۔اس ناول کی اشاعت کے تقریباً دو سال بعد 1742 میں ہنری فیلڈ نگ (Henry Fielding) کا ناول جوزف اینڈریوز (Andrews Joseph) شائع ہوا۔ اس ناول کی اشاعت کے ساتھ ہی مقبول عام ادب کا آغاز مانا جاتا ہے۔ اسی سے متاثر ہو کر اردو میں بھی اس طرح کے ناول کی شروعات ہوئی۔ پنڈت رتن ناتھ سرشار، منشی سجاد حسین وغیرہ کے ناولوں میں مقبول عام ناول کے عناصر پائے جاتے ہیں۔ لیکن باضابطہ طور پر عبدالحلیم شرر کے ناول ”فردوس بریں“ کو مقبول عام ادب کا اولین نمونہ قرار دیا جاسکتا ہے۔ اس روایت کو آگے بڑھانے میں محمد علی طیب، راشد الخیری، صادق حسین سردھنوی کے نام اہمیت کے حامل ہیں۔ ان بنیادوں پر نسیم حجازی اور ابن صفی نے وہ عمارت تعمیر کی جس کی بلندی کے سامنے بہت سے نام نہاد شمار کیے جانے والے افسانوی ادیب پستہ قد نظر آتے ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

ادب کی درجہ بندی ادب عالیہ، ادب ادنی یا مقبول عام ادب کی بنیاد پر سمجھ میں نہیں آتی۔ ادب کے مطالعے کے بعد اس کی درجہ بندی تو معیاری اور غیر معیاری بنیاد پر ہونی چاہیے لیکن ہمارے ناقدین اور دانشوران نے بھی ادب کی تقسیم ادب عالیہ اور مقبول عام ادب کی بنیاد پر کی ہے۔ کیا مقبول عام ادب معیاری نہیں ہو سکتا ہے؟ یا جو سنجیدہ اور معیاری ادب ہے اس کو مقبولیت کا شرف حاصل نہیں ہو سکتا؟ ہم جانتے ہیں کہ ہمارا کلاسیکی شعری ادب نہ صرف برصغیر بلکہ پوری دنیا میں کس قدر مقبول ہے۔ میرے خیال سے یہ درجہ بندی ادب کے لیے غیر فطری اور نامناسب ہے۔

ہمارے ناقدین اور دانشوران نے اس موضوع پر اچھا خاصا وقت دیا ہے اور خاص و عام قارئین کی ذہن سازی بھی کی ہے اس لیے سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ادب عالیہ کے ناول اور مقبول عام ناول میں وہ کون سے عناصر ہیں جن کی بنا پر دونوں ایک دوسرے سے الگ گردانے جاتے ہیں اور کن مقامات پر دونوں میں اشتراک ہے؟

ناول، وہ نثری قصہ ہے جس میں ہماری زندگی کی تصویر سازی کی سعی کی گئی ہو۔ ولادت سے موت تک انسان کو جو معاملات پیش آتے ہیں، جس طرح وہ حالات کو یا حالات اسے تبدیل کر دیتے ہیں وہ سب ناول کا موضوعات ہو سکتے ہیں۔ بہ الفاظ دیگر یہ کہ ناول ایک ایسا آئینہ خانہ ہے جس میں زندگی کے سارے روپ دیکھے جا سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں جمیل جالبی لکھتے ہیں :

''نثری قصہ جس میں کم و بیش پیچیدہ پلاٹ کے ساتھ حق کی زندگی کے کردار، افعال اور مناظر پیش کیے جائیں''

(قومی انگریزی، اردو لغت، ص:1328)

انگریزی ناول کے عناصر اربعہ میں سے دوسرا عنصر ہنری فیلڈنگ (Henry Fielding) کے ہم عصر اسمولٹ ناول کے بارے میں بیان کرتے ہیں:

''ناول ایک پھیلی ہوئی بڑی تصویر ہے جس میں ایک مقررہ پلاٹ کے واضح کرنے کے لیے زندگی کے کردار مختلف جماعتوں کے ساتھ رکھ کر مختلف پہلوؤں سے دکھائے جاتے ہیں۔''

(بحوالہ اردو ناول کی تاریخ اور تنقید، علی عباس حسینی، ص:36)

اوپر پیش کی گئیں تعریف سے یہی اندازہ ہوتا ہے کہ اس طرح کی نثری بیان والی تحریروں کو ناول کے زمرے میں رکھا جاتا ہے۔ انسان داستانوں کے فرضی واقعات اور مافوق الفطرت عناصر اور ان کرداروں سے لطف اندوز ضرور ہوتا ہے لیکن دلی تسلی اور دماغ کو سکون ان سے میسر نہ ہو پاتا اور ایک طرح کی بے چینی ان کے اندر ضرور ہوتی ہے۔ مزید یہ کہ سائنسی ترقی نے ہر شے کو حقیقت کی کسوٹی پر پرکھنے اور اسے سمجھنے کا انسان کو شعور بخشا اور اس طریقے سے انسانوں کی دلچسپی فرضی واقعات سے کم ہوتی گئی اور ایسی کہانیوں نے جگہ بنالیں جو مبنی بر حقیقت ہوتیں۔ نتیجے ہیں ناول نے فکشن سے حقیقت کی جانب کوچ کرنا شروع کیا اور اب ناول میں خیالی دنیا اور مافوق الفطرت عناصر کے ساتھ سماجی حقیقت کے عناصر بھی شامل کیے جانے لگے اور اس طرح

Scanned with OKEN Scanner

ناول ترقی کی منازل طے کرتا چلا گیا۔ لیکن ساتھ میں یہ سوال بھی پیدا ہوتا ہے کہ مقبول عام ادب اور ادب عالیہ یا سنجیدہ ادب میں کیا فرق ہے؟ جب کہ حقیقت یہی ہے کہ دونوں کا تعلق عوام سے ہے۔ ارباب تحقیق و تنقید نے جن بنیادوں پر ان میں تفریق پیدا کرنے کی کوشش کی ہے ان میں سے چندیوں درج کیے جا سکتے ہیں:

☆ مقبول عام ادب مصنف کی کاوش کا نتیجہ ہوتا ہے جب کہ سنجیدہ ادب کا تعلق سماجی و ثقافتی روایت سے ہوتا ہے، اس میں اجتماعی شعور کا عمل دخل ہوتا ہے۔

☆ مقبول عام ادب تخلیق کرنے کا مقصد یا تخلیق کار کے پیش نظر عام قاری ہوتا ہے۔

☆ مقبول عام ادب کا مقصد تفریح طبع ہے، اس میں پیچیدگی بالکل بھی نہیں ہوتی اور نہ قاری کو بہت زیادہ الجھن میں مبتلا کیا جاتا ہے۔

☆ مقبول عام ادب کی زبان بھی آسان، صاف، ستھری اور عام فہم ہوتی ہے۔ مشکل اور مغلق الفاظ اور تراکیب سے اجتناب کیا جاتا ہے۔

☆ مقبول عام ادب کا اثر دیرپا نہیں ہوتا اور نہ قاری عملی طور پر اس سے منسلک ہو پاتا ہے۔

☆ مقبول عام ادب کا اسلوب ادب عالیہ کے اسلوب سے مختلف ہوتا ہے، اس کے پیش نظر ادبی سے زیادہ عوام کی دلچسپی اور اسی کے مطابق جملے کی ساخت ہوتی ہے۔

فکشن کے ہی نہیں بلکہ اردو کے عام قاری کے نکتہ نظر سے ادبی تاریخ میں مقبول عام ادب اور خالص ادب دونوں کی اہمیت ہے۔ حالاں کہ مقبول عام ادب کو ادب میں وہ مقام نہیں مل سکا جس کا وہ مستحق ہے لیکن زبان کی آب یاری اور فروغ میں اس کا بہت اہم کردار رہا ہے۔ اپنے موضوع اور پیش کش کی خوبی کی وجہ سے عام قارئین ادب سے بڑی تعداد میں منسلک بھی ہوئے ہیں۔ مقبول عام ادب نے زبان کی ترویج و اشاعت کے ساتھ ادب کے ذخیرے میں قابل قدر اضافہ کیا ہے جس کا اب اعتراف بھی کیے جانے کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے۔

مقبول عام ادب کی ابتدائی شکل تاریخی قصے، حکایات سے لبریز کہانیاں اور غیر یقینی فسانے ہوا کرتے تھی لیکن رفتہ رفتہ سائنسی ترقی کی وجہ سے حقیقت نگاری نے فرضی اور داستانوی واقعات کی جگہ لے لی۔ انگریزی ادب کے ساتھ اردو میں بھی یہی طریقہ رائج ہونا شروع ہوا لیکن انیسویں صدی کے آغاز ہی میں اس صنف نے نئی کروٹ لی۔ زندگی کے تجربات اور حقیقی واقعات کی عکاسی طرب والم کی شکل میں ہو رہی تھی، کچھ حد تک فن مجروح ہو رہا تھا، ضرورت اس بات کی تھی کہ واقعات کو ناول کے قالب میں ڈھالا جائے۔ سر والٹر اسکاٹ (Sir Walter Scott) نے "ویورلے (Waverley)" ناول لکھا جس میں اسکاٹ لینڈ کی ساٹھ سالہ تاریخ کو بیان کیا گیا ہے۔ ہنری فیلڈنگ (Henry Fielding) کے ناول "جوزف اینڈریوز (Joseph Andrews)" میں حضرت یوسف علیہ السلام اور عزیز مصر کی بیوی کے واقعات کی عکاسی ملتی ہے۔ ڈاکٹر مبارک علی اس جانب اشارہ کرتے ہوئے کہتے ہیں:

Scanned with OKEN Scanner

''تاریخ، ماضی اور حال کے درمیان ایک مکالمہ ہے ،اس مکالمے میں حال عملی طور پر زیادہ حصہ لیتا ہے کیوں کہ زمانہ ن حال میں مونرخ ماضی کے واقعات بیان کر کے ان کے رازوں سے پردہ اُٹھاتا ہے جواب تک محققین کو معلوم نہ تھے اور ماضی میں خود اس معاشرے کو بھی معلوم نہ تھے اور اس لیے مونرخ سب سے اہم کام یہ کرتا ہے کہ وہ تاریخ کی تشکیل کر کے ماضی اور حال کو آپس میں ملا دیتا ہے۔''

(ڈاکٹر مبارک علی،تاریخ کے بدلتے نظریات، ص:30)

اسکاٹ لینڈ کی تاریخی ناول نگاری کو انگریزی ادب میں ایک خاص مقام حاصل ہے اور ان کی خدمات کو سراہتے ہوئے مختلف ناقدین نے مختلف انداز میں یاد کیا ہے ،حالانکہ ان ناولوں میں کردار اور قصے میں توازن کا کافی حد تک فقدان ہے اس کے باوجود ان کے ناول مقبول عام ناول کے نقش اول ثابت ہوتے ہیں۔

اردو ادب ہیں مقبول عام ادب کی جھلک یا اس کی جڑیں عہد قدیم کے مشرقی داستانوں خصوصاً الف لیلہ (بغداد و مصر سے متعلق قصے) طلسم ہوشربا اور بوستاں خیال' تک جا ملتی ہیں۔ مغرب ہو یا مشرق ہر دو جگہ داستانوی واقعات، حیرت و استعجاب سے پر کہانیاں اور اساطیری قصوں کا سلسلہ عرصہ دراز سے چلا آ رہا تھا۔ اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ اس طرح کی تحریری قصوں کا رواج قدیم ہے۔ ہورس وال پول (Horace Walpole) نے جب جاسوسی ناول لکھنا شروع کیا تو اسے مغرب میں '' GOTHIC'' ناول لکھنے والا کہا گیا۔ وال پول سے مغرب میں کافی لوگ متاثر ہوئے۔ علی عباس حسینی کے مطابق وال پول کے تتبع میں بیک نے خلیفہ واتھک کی کہانی، مسٹر ویڈ فورڈ نے جنگل کا 'رومان' ،لیوس نے' راہب' ،میری روچ نے' کلیسا' جیسے اہم ناول لکھے ۔امریکی ناول نگاروں میں براونن نے وی لینڈ(VIE LAND)،شیلے نے 'زاسترو(ZASTROZZI) '، مسز شیلے نے فرینک اسٹین(FRANKESTEIN) جیسے اہم اور مشہور ناول لکھے۔ جرمنی میں بھی اس طرح کے ناول کا تجربہ کیا گیا جو بے حد کامیاب رہا تھا

اردو میں جاسوسی ناول کو متعارف کرنے کا سہرا ظفر عمر کے سر ہے جنھوں نے مارس لیبلانگ کے مشہور جاسوسی ناول 'نیلی چھتری' کا ترجمہ کیا،اس کے بعد مرزا ہادی رسوا، تیرتھ رام فیروزپوری،ندیم صہبائی اور پنڈت ملک راج آنند نے اس روش کو آگے بڑھایا۔ عبدالحلیم شرر کے تاریخی ناول بھی اس سلسلے میں اہم تسلیم کیے جاتے ہیں۔ محمد علی طیب ،ڈپٹی نذیر احمد،دل گداز کے پرنٹر اور پبلیشر حکیم محمد سراج الحق نے بھی تاریخی ناول لکھے۔ان کے دو ناول 'فیروز شاہ' اور ' ماہ طلعت' کا تذکرہ ملتا ہے، مونرخ الذکر ناول میں حضرت عمر کے عہد کی فتوحات اور کارناموں کا احاطہ کیا گیا ہے۔ موہن لال فہم نے بھی تاریخی ناول نگار کی حیثیت سے خاصی شہرت حاصل کی لیکن مسلمانوں کی تہذیب و ثقافت سے ان کی عدم واقفیت ان کے ناول کے معیار کو کم کرتی ہے۔ مولانا صادق حسین سردھنوی اردو کی تاریخی ناول نگاری میں ایک اہم اضافہ ہے۔ انھوں نے عرب کے دور جاہلیت اور دور نبوی کے حالات اور واقعات کو اپنے ناول کا موضوع بنایا ہے۔ان کے ناول میں تسلسل ہے، نثر شگفتہ اور پُر اثر ہے۔اس طرح کے ناول کے اثرات کو نسیم حجازی نے قبول کیا۔اس وقت تاریخی ناول نگاری کے سرمایے خاصے تھے۔ یہ دور تحریک آزادی کا دور تھا،اس لیے انھوں نے اس موقع کا فائدہ اُٹھا کر ملت کے نوجوانوں میں حوصلہ ،ہمت، شجاعت، جذبہ جہاد جیسے جذبات پیدا کرنے کے لیے ناول نگاری کا سہارا لیا۔ان کے سامنے انگریزی ادب کے بے

Scanned with OKEN Scanner

شمار ناول، شبلی کے تاریخی کارنامے ،نذیر احمد کی زبان کی چاشنی، مرزا ہادی رسوا کی تہذیب ومعاشرت سے لیس تحریریں موجود تھیں۔ان تمام ادب پاروں سے انھوں نے خوب استفادہ کیا اور ان غلطیوں اور خامیوں کو دور کرنے کی کوشش کی جوان سے پہلے کے ناول نگاروں کے یہاں پائی جاتی تھیں،انھوں نے خاص طور پر شبلی،اقبال اور مودودی سے بہت کچھ سیکھا اور ان کی تحریرں سے خوب فائدہ اٹھایا۔اس حوالے سے ڈاکٹر عبدالغنی لکھتے ہیں:

''نسیم حجازی کا طرز تحریر اردو کی بہترین نثر کی ان روایات کا امین ہے جو علامہ شبلی، علامہ ابوالکلام آزاد اور علامہ ابواالاعلی مودودی کے عالمانہ مضامین میں ترقی پاکر اظہار وبیان کا مثالی معیار مقرر کرتی ہیں ،اس طرز تحریر میں نفاست وشوکت اور متانت ودبازت ہے جہاں تک اس میں پائے جانے والے خطابت کے عنصر کا تعلق ہے ،وہ کرداروں کے مکالموں پر مشتمل ہے اور یہ مکالمے متعلقہ ہیروئں کی عظیم شخصیت،ان کے شاندار مقاصد اور سیاق وسباق کے مطابق ہیں۔''

(نسیم حجازی کا فن مشمولہ سیارہ،ڈاکٹر عبدالغنی، ص،352)

نسیم حجازی کی ان خوبیوں اور کمالات کی بدولت ان کا ناول دن بدن بہتری کی راہ پر گامزن ہوتا گیا۔اسلاف کے نقوش سے کسب فیض کیا، عصری تقاضے ،سیاسی حالات اور تہذیبی اقدار کو بھی اپنی تحریروں میں جگہ دی، جس کی وجہ سے کثرت سے ان کے ناول پڑھے بھی گئے اور ان کی مقبولیت میں اضافہ ہوا۔اس ضمن میں جن ناول نگاروں کو مقبولیت ملی ان میں مقبول عام ادب کا سب سے بڑا نام ابن صفی کا ہے۔

ابن صفی 26جولائی 1928 کو الہ آباد کے ایک گاوں 'نارا' میں پیدا ہوئے۔ابن صفی کا اصل نام اسرار احمد تھا۔ والد صفی اللہ اور امی نذیرہ نے ان کی تربیت پر خاص توجہ دی۔ابتدائی تعلیم نارا کے ایک اسکول میں ہوئی۔ DAV اسکول الہ آباد سے میٹرک اور ایوننگ کرسچن کالج سے انٹر میڈیٹ کی تعلیم مکمل کی۔ 1947 میں الہ آباد میں بی اے میں داخل ہوئے لیکن جنگ آزادی کے ہنگامے کی وجہ سے اسے مکمل نہ کرسکے۔ بعد میں انھوں نے اسی کورس کو آگرہ یونیورسیٹی سے مکمل کیا۔

ابن صفی کی تخلیقات کے مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ نہ صرف قلم کے دھنی تھے بلکہ ان کے اندر تحریری و تخلیقی صلاحیتیں کوٹ کوٹ کر بھری تھیں ۔ بچپن سے ہی تحریری کاموں میں پیش پیش رہے۔ 1948 میں جب علی عباسی حسینی نے ماہنامہ ''نکہت'' جاری کیا تو شعری گوشہ کا نگراں ابن صفی کو مقرر کیا۔اس کی ایک وجہ تو یہ تھی کہ ابن صفی نے اپنی ادبی زندگی کا آغاز شاعری ہی سے کیا تھا۔اسرار ناروی کے نام سے شعر کہتے تھے۔ شاعری کے بعد ان کو طنز ومزاح سے دلچسپی پیدا ہوئی۔اپنے اس شوق کی بھرپائی کے لیے انھوں نے 'نکہت' ہی میں طنز ومزاح سے لیس مختصر کہانیاں مختلف قلمی ناموں سے لکھیں۔انھوں نے جن ناموں سے یہ کہانیاں لکھیں ان میں سے طغرل، فرغان اور سنکی سولچر جیسے انوکھے قلمی نام شامل ہیں۔

1951 کے اواخر کا ایک واقعہ بیان کیا گیا ہے کہ چند قریبی دوستوں کی محفل سجی تھی،ان میں ابن صفی بھی موجود تھے۔ کسی نے کہا کہ اردو میں صرف فحش نگاری ہی مقبولیت حاصل کرسکتی ہے۔ابن صفی نے اختلاف کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی لکھنے والے نے فحش نگاری کے اس سیلاب کو روکنے کی کوشش ہی نہیں کی۔ دوستوں نے کہا کہ جب تک بازار میں اس کا متبادل دستیاب نہیں ہوگا، لوگ یہی پڑھتے رہیں گے۔ یہی وہ تاریخی محفل تھی جب ابن

Scanned with OKEN Scanner

صفی نے ٹھان لیا کہ اب ایسا ادب ضرور تخلیق کیا جائے گا جو لوگوں کی توجہ کا مرکز بنے گا۔اس ارادے کے ساتھ اسرار حسین نے ' ابن صفی' کے نام سے قلم سنبھالا اور اسی قلمی نام سے 'انسپکٹر فریدی' اور 'سرجنٹ حمید' کے کردار کے نام سے تواتر سے ایسے ناول لکھے جنھیں عوام وخواص نے نہ صرف پسند کیا بلکہ یہ مقبول عام بھی ہونے لگے۔بعد میں علی عباس حسینی کے مشورے سے اس طرح کے ادب کا نام 'جاسوسی ادب' قرار پایا۔

ان کا پہلا جاسوسی ناول 'دلیر مجرم' کے نام سے مارچ 1952 میں شائع ہوا۔اس کے بعد جاسوسی ناول کا نہ تھمنے والا سلسلہ شروع ہو گیا۔بعد ازاں انھوں نے عمران سیریز کا پہلا ناول ' خوفناک عمارت' کے عنوان سے لکھا۔اس ناول کو راتوں رات وہ مقبولیت حاصل ہوئی جو اس سے پہلے کسی اور ناول کے حصے میں نہیں آئی تھی۔اس کی ہر سیریز کا لوگوں کو شدت سے انتظار رہنے لگا۔اس سیریز کے ساتھ ایک دلچسپ واقعہ یہ بھی ہے کہ جب اس سیریز کا ناول 'بھیانک آدمی' 1956 میں شائع ہوا تو ان کے والد صاحب جو برسوں سے ملاقات نہیں کر پائے تھے،اس پر لکھے ہوئے پتے سے اپنے بیٹے سے ملنے میں کامیاب ہو گئے۔دراصل ابن صفی،اپنی ماں اور بہن کے ساتھ 1952 میں کراچی ہجرت ہجرت کر گئے تھے۔حالانکہ ان کے والد صاحب پہلے یہاں آچکے تھے لیکن ان کا قیام کسی دوسری جگہ تھا۔بہر صورت اس جاسوسی ناول کی اشاعت نے فیملی کو آپس میں ملا دیا۔

عمران سیریز کا جب اکتالیسواں ناول 'بے آواز سیارہ' کے نام سے منظر عام پر آیا،اسی وقت ابن صفی نے جاسوسی دنیا کا اٹھاسیواں (88) ناول ''پرنس وحشی'' بھی مکمل کیا۔اس سیریز کے بعد ہی ابن صفی کو ایک ایسی بیماری نے اپنی گرفت میں لے لیا کہ وہ مسلسل تین سال تک بستر استراحت پر پڑے رہے۔لیکن جیسے ہی وہ صحت یاب ہوئے ایک بار پھر اسی توانائی کے ساتھ اسی رنگ میں آگئے۔ایک بار پھر ان کے جاسوسی ناولوں نے پوری دنیا کے ادیبوں کو اپنی طرف متوجہ کیا۔ان کی کردار نگاری، جزئیات نگاری، تحریر میں چاشنی،لذت، ظرافت،دل بستگی،طنز ومزاح کی بیش بہا آمیزش سے قاری محظوظ ہونے کے بعد دوسری سیریز یا ان کے دوسرے ناول کے منتظر رہنے لگے۔ان کے ناولوں میں تذبذب اور کشمکش کے ساتھ مزاحیہ پہلو بھی خاص رنگ پیدا کرتا تھا۔عمران سیریز کا ناول 'چار لکیریں' کا ابتدائی جملہ پڑھ کر ہی قاری محظوظ ہوتا ہے:

''اس وقت کیپٹن فیاض کی کھوپڑی ہوا میں اُڑ گئی جب اس نے عمران کے ساتھ شہر کی ایک طوائف دیکھی۔''

(چار لکیریں)

'بحری یتیم خانہ' میں ظرافت کی چاشنی اعلی درجے کی ہے۔اس ناول کی ابتدا ایک نائٹ کلب کے پروگرام سے ہوتی ہے۔استاد دلفگار ٹھمری کا آغاز کرتے ہوئے ' نندیا کاہے مارے بول' کی تکرار کرتے رہتے ہیں۔سات منٹ گزر جانے کے بعد عمران استاد کے سامنے ہاتھ جوڑ کر کھڑا ہو جاتا ہے اور کہتا ہے: ''حضور !اب آپ کی تکلیف نہیں دیکھی جاتی،آپ مجھے اپنی نندیا کا پتہ بتائیں،ابھی دوڑ کر پوچھ آتا ہوں کہ 'نندیا کاہے مارے بول'۔۔۔استاد خفا ہو گئے، عمران کا گریبان پکڑنے کی کوشش کی۔ہنگامہ برپا ہو گیا،عمران نے چلا کر کہا: '' ان کی نندیا میری بھی رشتے دار رہی ہیں'' ۔۔۔استاد دھاڑے مار کر: ''ارے یہ بہرام خاں حرام خان کا کوئی گرگا ہے،ہے حرامی''۔۔اس پر عمران بڑے ادب سے: ''میں آپ کی نندیا کا سالا ہوں۔''

Scanned with OKEN Scanner

حاصل یہ کہ ان کی مزاحیہ نگاری اور ظریفانہ پہلو نے ان کو دوامی شہرت بخشی اور ان کے کردار لازوال ثابت ہوئے۔ اس طرح کے صدہا جملے ان کے ناول میں بکھرے پڑے ہیں۔ ان کے جاسوسی ناول کی کامیابی کا اہم راز کردار نگاری اور ان کرداروں کے متاثر کن مکالمے ہیں۔ عمران سیریز میں سات مشہور کردار نظر آتے ہیں لیکن ان تمام میں علی عمران کا کردار سب پر فائق اور سب سے متحرک ہے۔ عمران کی شخصیت بہت ہی گنجلک اور ٹیڑھی ہے۔ ابن صفی اسی کردار پر ناول 'گھر کا قیدی' میں روشنی ڈالتے ہوئے لکھتے ہیں:

''لوگ اکثر سوچتے ہیں کہ عمران کی شخصیت اتنی غیر متوازن کیوں ہے، وہ ہر معاملے کو ہنسی میں کیوں اُڑا دیتا ہے؟ والدین کا احترام اس طرح کیوں نہیں کرتا جیسے کرنا چاہیے۔''

(گھر کا قیدی)

اس طرح کے پہلو اُجاگر کرنے کے لیے ابن صفی نے عمران کی زندگی کے ابتدائی تعلیمی حالات کا نقشہ کھینچا ہے۔ ماں مذہبی بنانا چاہتی تھیں، والد نے مشن اسکول میں داخلہ کرا دیا۔ باہر کا ماحول گھر کے ماحول سے بالکل مختلف۔ اس تضادانہ ماحول نے عمران کو بچپن ہی سے کشمکش میں مبتلا کر دیا۔ اسی وجہ سے ان کی شخصیت معجون مرکب بن کر رہ گئی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر ناول میں یہ کردار نئے آب وتاب، نت نئے رنگ اور نئی اُمنگ کے ساتھ نظر آتا ہے۔

''کبھی وہ پرانی کار میں بیٹھ کر بھیک مانگ رہا ہے۔'' (دوسری آنکھ)

''کبھی پیکسی کے ساتھ سرکس میں مسخرا بن جاتا ہے۔'' (کالی تصویر)

''کبھی وہ اپاہج اور بیوی سے خوف زدہ شوہر بن کر رینالڈ کسن کے گھر پناہ لیتا ہے۔'' (سبز لہو)

اس طرح ان کی کردار نگاری اور منظر نگاری نے ان کے جاسوسی ناول میں ابدی شہرت کی جان پھونک دی ہے۔ ان کے کرداروں میں حمید، فریدی اور قاسم کافی مشہور اور جان دار کردار ہیں۔ ابن صفی کے جاسوسی ناول کی تعداد کثیر ہے جن میں چند بے پناہ شہرت کے حامل ہیں مثلاً خوفناک ہنگامہ، شعلوں کا تاج، دشمنوں کا شہر، لاشوں کا آبشار، پتھر کی چیخ، سائے کی لاش، موت کی آندھی، خطرناک لاشیں، گھر کا بھیدی، ہیروں کا فریب، جہنم کی رقاصہ، صحرائی دیوانہ، سہ رنگا شعلہ۔ وغیرہ

ابن صفی کے ناول صرف مزاحیہ، جاسوسی، جذباتی پہلو سے لیس نہیں ہیں بلکہ جگہ بہ جگہ عصری حسیت کی خوب صورت آمیزش سے بھی پر ہے۔ ان کے مختلف ناول سے چند اقتباسات ملاحظہ ہوں:

''ہیں جانتا ہوں کہ حکومتوں سے سرزد ہونے والے جرائم، جرائم نہیں ہیں حکمت عملی کہلاتے ہیں۔ جرم تو صرف وہ ہے جو انفرادی حیثیت سے کیا جائے۔''

]جونک کی واپسی[

Scanned with OKEN Scanner

''اگر میں اس سڑک پر ناچنا شروع کردوں تو مجھے دیوانہ کہو گے لیکن لاشوں پر ناچنے والے سورما کہلاتے ہیں۔انہیں اعزاز ملتے ہیں،ان کی چھاتیاں تمغوں سے سجائی جاتی ہیں۔''

[خطرناک لاشیں]

''جب کوئی ذہین اور تعلیم یافتہ آدمی مسلسل ناکامیوں سے تنگ آجاتا ہے تو اس کی ساری شخصیت صبر کی تلخیوں میں ڈوب جاتی ہے''

(موت کی آندھی)

اہل ادب اور صاحب تنقید نے ابن صفی کے ناولوں کو ادب عالیہ یا سنجیدہ ادب میں شامل تو نہیں کیا لیکن دبے لفظوں میں ان کے فن کی تعریف ضرور کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ بعض اوقات ان کی خدمات کو سراہتے بھی ہیں۔اس کے بر خلاف عام قارئین ان کے کردار کے دیوانے نظر آتے ہیں،یعنی کوئی عمران کا دیوانہ ہے تو کوئی فریدی کا دلدادہ، کوئی حمید کو پسند کرنے والا تو کسی کو کوئی اور کردار لبھاتا ہے۔

ابن صفی کے ناولوں کی مختلف سیریز کا جنون لوگوں پر اس قدر تھا کہ لوگ لمبی قطار میں کھڑے ہو کر ناول کے منظر عام پر آنے کے پہلے دن ہی اسے حاصل کرنا چاہتے تھے اور لاتعداد لوگ نہ صرف ناول حاصل کرتے بلکہ اس کے مطالعے کے بعد بے تکلف دوستوں کی محفل میں ان کے موضوع، پیش کش اور کرداروں پر بحثیں کرتے نظر آتے۔ان کی کردار نگاری اور فنکاری کی داد دی جاتی۔اردو جاننے والا شاید ہی کوئی ایسا ہو جس نے ابن صفی کے ناول کا مطالعہ نہ کیا ہو اور زیادہ تر لوگ اس کا اعتراف کرتے ہیں کہ انھوں نے زبان کا اصل لطف ابن صفی کے ناول پڑھنے کے بعد ہی لیا ہے اور انھیں اپنی زبان درست کرنے میں بھی اس سے مدد ملی ہے۔اس کے باوجود ناقدین و دانشوران ادب نے ان کے جاسوسی ناول کو ادب کے زمرے سے الگ رکھا ہے۔یہ آج کی بات نہیں ہے بلکہ ابن صفی کے زمانے میں بھی ان کے ناولوں کا مطالعہ تو شوق سے کرتے تھے لیکن اس کی ادبی اہمیت کا اعتراف کرنے میں عار محسوس کرتے تھے۔اس کا شدید احساس خود ابن صفی کو بھی شدت کے ساتھ تھا لیکن کسی صلہ کی پروا کیے بغیر اپنی تخلیقی ڈگر پر مسلسل گامزن رہے،اردو اور ان کے ناولوں کے چاہنے والوں کو اپنی انوکھی تخلیق سے محظوظ اور مسرور کرتے رہے۔ایک انٹرویو میں انھوں نے اس تعلق سے کھل کر بات کی تھی۔اور تکلیف کا اظہار کرتے ہوئے کہتے ہیں:

''جب آرٹ اور ادب کے علم بردار مجھ سے کہتے ہیں کہ میں ادب کی خدمت کروں تو مجھے بڑی ہنسی آتی ہے۔تم ہی بتا ¶مشتاق میاں کہ کیا میں جھک مار رہا ہوں،حیات و کائنات کا کون سا ایسا مسئلہ ہے جسے میں نے اپنی کسی نہ کسی کتاب میں نہ چھیڑا ہو،بس میرا طریقہ کار ہمیشہ عام روش سے الگ تھلگ رہا ہے ،میں بہت اونچی بات کہہ کر محض چند لوگوں تک محدود ہونے کا قائل نہیں ہوں،دوسرے لوگ جو اعلی اور ارفع ادب تخلیق کر رہے ہیں وہ ادب کتنے ہاتھوں تک پہنچتا ہے اور انفرادی یا اجتماعی زندگی میں کیا انقلاب لاتا ہے۔افسانوی ادب خواہ وہ کسی بھی پائے کا ہو،اس کا مقصد محض ذہنی فرار اور کسی نہ کسی طرح تفریح ہی فراہم کرنا ہوتا ہے لیکن اس سے گنے چنے لوگ ہی محظوظ ہوتے ہیں،میں ان گنے چنے لوگوں کے لیے ہی کیوں لکھوں،میں وہ انداز کیوں نہ اپناؤں جسے لوگ زیادہ پسند کرتے ہیں۔''

Scanned with OKEN Scanner

اس اقتباس سے بخوبی معلوم ہو جاتا ہے کہ ابن صفی کا مقصد کیا تھا اور انھوں نے سماجی مسائل کو کس انداز سے اپنے ناولوں میں پیش کیا ہے اور اپنے موقف پر مضبوطی سے قائم رہے ہیں۔ابن صفی اردو زبان کے ساتھ ساتھ اردو ادب کے ایک بڑے حامی تھے۔وہ ادب کے مستقبل کے بارے میں سنجیدگی سے غور وخوض کرتے تھے۔انھیں ادب کے معیار کا بھی خیال رہتا تھا اور ادب کے گرتے معیار پر فکر مند ہونے کے ساتھ نالاں بھی رہتے تھے۔ان کے خیال میں ادب محض تفریح کا سامان نہیں بلکہ معاشرتی تبدیلی کا ایک اہم ذریعہ تھا۔یہی وجہ ہے کہ وہ معاشرتی برائیوں اور انسانی کمزوریوں کو طنزیہ انداز میں بیان کرتے تھے جو قاری کے ذہن ودل پر براہ راست اثر انداز ہوتے تھے۔ان کی طنزیہ تحریریں معاشرتی مسائل کو اجاگر کرنے کا ایک پر اثر ذریعہ تھیں۔یہی وجہ ہے کہ ابن صفی سے اس طرح کا سوال کئی دفعہ کیا گیا۔ایک انٹرویو میں ان سے دریافت کیا گیا کہ آپ ادب کی خدمت کیوں نہیں کرتے؟ انھوں نے جواب دیا کہ آپ تو مجھے صرف اردو کی خدمت کرنے دیجیے۔اس کے باوجود کہ صرف ونحو کی غلطیاں مجھ سے بھی سرزد ہوتی رہتی ہیں۔آپ اس وقت کی میری خوشی کا اندازہ نہیں لگا سکتے جب مجھے کسی سندھی یا بنگالی کا خط اس مضمون کے ساتھ ملتا ہے کہ محض آپ کی کتابیں پڑھنے کے شوق میں اُردو پڑھ رہا ہوں اور پھر پڑھ کر سنانے والوں کا احسان کہاں تک لیا جائے؟اب بتایئے ادب کی خدمت کروں یا اردو زبان کی خدمت مناسب ہو گی۔ویسے اپنے نظریات کے مطابق میں ادب کی بھی خدمت کر رہا ہوں اور سماج کی بھی۔۔۔میری اس خدمت کا انداز نہ تو بدلتے ہوئے حالات سے متاثر ہوتا ہے اور نہ وقتی مصلحتوں کے تحت کوئی دوسری شکل اختیار کر سکتا ہے۔

ان کلمات سے بخوبی معلوم ہوتا ہے کہ ابن صفی مثبت فکر اور مضبوط ارادے کے مالک تھے۔وہ اپنی فکر اور ارادے پر مضبوطی سے کاربند رہے اور اپنے طور پر اردو کی بیش بہا خدمت کرتے رہے۔ابن صفی کو قارئین کی دلچسپی،ذہنی فرحت وانبساط کے سامان پہنچانے کی فکر زیادہ ہوتی تھی بجائے اس کے کہ کون کیا کہہ رہا ہے،ان کی تحریر کے بارے میں کس کی کیا رائے ہے۔ان کی ترجیحات میں صرف یہ شامل تھا کہ ان کی تحریر ہر قاری کی سمجھ میں آئے اور ادبی چاشنی کے ساتھ قارئین کی فکری بالیدگی کو وا کرے۔اس کا اعتراف اردو کے نام نہاد ناقدین ودانشوران نے تو نہیں کیا لیکن بہت سے قلم کاروں نے ان کی خدمات کو سراہا ہے اور ان کی تحریروں کو ادب میں اضافہ قرار دیا ہے۔یہاں تک کہ مولوی عبدالحق نے کہا کہ اس شخص کا اردو پر بہت بڑا احسان ہے۔تو سید محمد اشرف نے 'ذہن جدید کے ادب پیا' کے عنوان سے پیش کی گئی فہرست میں اردو کے دس بڑے لکھنے والوں میں ابن صفی کا شمار کیا ہے۔

مغرب کی معروف جاسوسی مصنفہ 'اگاتھا کرسٹا'(AGATHA CHRISTA)سے(کراچی ایرپورٹ پر ان کے مختصر قیام کے دوران) پاکستانی جاسوسی لٹریچر کا ذکر کیا گیا تو مسکراتے ہوئے کہا:

''مجھے اُردو نہیں آتی لیکن برصغیر کے جاسوسی لٹریچر سے تھوڑی بہت واقفیت رکھتی ہوں۔صرف ایک اوریجنل رائٹر 'ابن صفی' ہے اور سب اس کے نقّال ہیں۔کسی نے بھی اس سے ہٹ کر کوئی نئی راہ نہیں نکالی۔''

ابن صفی نے اپنے منفرد انداز اور غیر معمولی کردار نگاری اور ان کرداروں کے مکالمے کی بدولت ملک وبیرون میں کافی شہرت حاصل کی۔ان کے ناولوں کے مکالمے کرداروں کو زندہ اور حقیقت سے قریب تر بناتے ہیں۔ان میں برجستگی،طنز ومزاح،اور نفسیاتی گہرائی کا امتزاج پایا جاتا ہے،جو نہ صرف کہانی کو دلچسپ بناتا ہے بلکہ قاری کو کرداروں کے ساتھ منسلک بھی کرتا ہے۔ان کے مکالمے کہانی کی رفتار اور اس کے موڑ کو مؤثر طریقے سے سنبھالتے ہیں،

Scanned with OKEN Scanner

اور مختصر لیکن معنی خیز جملوں کے ذریعے بہت کچھ کہہ جاتے ہیں۔ یہ تمام خصوصیات ابن صفی کی مکالمہ نگاری کو اردو ادب میں منفرد اور یادگار بناتی ہیں۔یہی وجہ ہے کہ ابن صفی کی مکالمہ نگاری اردو ادب میں ایک منفرد مقام رکھتی ہے۔ان کے لکھے گئے مکالمے نہ صرف ان کے کرداروں کی شخصیت کو ابھارتے ہیں بلکہ کہانی کو دلچسپ اور حقیقت پسندانہ بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ مکالموں میں ابن صفی کی زبان کا استعمال،ان کی برجستگی،اور طنز ومزاح کا عنصر ان کی تحریروں کو خاص بناتا ہے۔

ابن صفی کے مکالمے بہت برجستہ اور فطری ہوتے ہیں۔ وہ اپنے کرداروں کی زبان کو ان کی حیثیت، تعلیم،اور ماحول کے مطابق استعمال کرتے ہیں۔ان کے مکالمے اتنے فطری ہوتے ہیں کہ قاری کو محسوس ہوتا ہے جیسے وہ خود اس گفتگو کا حصہ ہو۔ مثلاً عمران سیریز کے مکالمے عموماً ہلکے پھلکے اور مزاح سے بھرپور ہوتے ہیں،جو عمران کے کردار کی مخصوص چالاکی اور ذہانت کو ظاہر کرتے ہیں۔ان کے مکالموں کی برجستگی اور فطری انداز کی ایک مختصر ترین مثال ملاحظہ فرمائیں:

عمران: "تمھیں پتا ہے کہ میں تمھارے لیے کتنا خطرناک ہوں؟ "

رفیق: "جی ہاں،اسی لیے تو آپ سے ڈرتا ہوں۔ "

عمران: "ارے،میں تو اپنے آپ سے بھی ڈرتا ہوں۔"

ابن صفی کے مکالمے طنز ومزاح سے بھرپور ہوتے ہیں،جو ابن صفی کے ساتھ ساتھ ان کے کرداروں کی ذہانت اور حاضر دماغی کو ظاہر کرتے ہیں۔ان کے طنزیہ مکالمے اکثر معاشرتی برائیوں یا انسانی کمزوریوں پر لطیف تنقید کرتے ہیں:

فریدی: "تمھیں اپنے کام پر شرمندگی نہیں ہوتی؟ "

حمید: "بالکل نہیں! شرمندہ وہ ہوتے ہیں جنہیں اپنے کام کا یقین نہ ہو۔"

ابن صفی کے مکالمے کرداروں کی نفسیات اور ان کی ذہنی کیفیت کو واضح کرتے ہیں اور وہ اپنے کرداروں کے جذبات اور خیالات کو مکالموں کے ذریعے بہت موثر انداز میں پیش کرتے ہیں:

فریدی: "یہ تم نے کیا کیا،حمید؟ "

حمید: "سر، کبھی کبھار کچھ کرنے کے لیے کچھ نہ کرنا ہی بہتر ہوتا ہے۔"

جب کوئی فنکار کردار کی نفسیات،اس کی معاشی حالت اور اس کے ذہن ودل کو اچھی طرح سمجھ کر مکالمے تخلیق کر کے اسے کامیابی سے پیش بھی کرتا ہے تو ان کرداروں کے مکالمے فطری ہوتے ہیں، مکالمے کہانی کی روانی کو برقرار رکھتے ہوئے اسے نہایت خوش اسلوبی سے آگے بڑھاتے ہیں اور قاری کی

Scanned with OKEN Scanner

دلچسپی کو برقرار رکھنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ایسے مکالمے کہانی کے مختلف منازل اور کلائمکس کو اور زیادہ پر اثر بناتے ہیں۔ابن صفی کے مکالمے اسی زمرے میں شامل ہیں:

عمران: "اب تو بس دو ہی راستے ہیں، یا تو تم ہار جاؤ گے یا میں جیت جاؤں گا۔ "

دشمن: "لیکن دونوں میں فرق کیا ہے؟ "

عمران: "فرق یہی ہے کہ میں ہارنا نہیں جانتا۔"

اب تک جو مکالمے مثال کے طور پر پیش کیے گئے ہیں اس سے بخوبی اندازہ ہو گیا ہو گا کہ ابن صفی کو مختصر مکالموں کے ذریعے گہری بات پیش کرنے میں مہارت حاصل ہے۔ایسا نہیں ہے کہ انھوں نے صرف مختصر مکالمے ہی تحریر کیے ہیں بلکہ طویل مکالمے بھی خوب ملتے ہیں۔ لیکن ان مکالموں میں بھی وہی خوبی موجود رہتی ہے کہ یا تو وہ کردار کی فکر اور حالات کی عکاسی کرے یا کہانی کے ارتقائی مراحل طے کرنے میں معاون ثابت ہو۔ہم جانتے ہیں کہ مختصر اور موثر مکالمے کی مدد سے وہ زیادہ بات کیے بغیر اپنے کرداروں کے ذریعے بہت کچھ کہہ دیتے ہیں۔ یہ مختصر مکالمے کہانی کی شدت کو بڑھاتے ہیں۔ایک مختصر اور فلسفیانہ مکالمہ دیکھیں:

عمران: "یہ تم کیا کر رہے ہو؟ "

خالد: "وہی جو ہمیشہ کرتا ہوں، یعنی کچھ نہیں۔"

ابن صفی کے کرداروں اور ان کے مکالموں پر طویل گفتگو کی جا سکتی ہے کیوں کہ ابن صفی کی مکالمہ نگاری ان کے افسانوں اور ناولوں کی جان ہے۔ان کے مکالمے کرداروں کو زندہ اور حقیقت کے قریب تر بناتے ہیں۔ ان میں برجستگی، طنز و مزاح، اور نفسیاتی گہرائی کا امتزاج پایا جاتا ہے، جو نہ صرف کہانی کو دلچسپ بناتا ہے بلکہ قاری کو کرداروں کے ساتھ جوڑتا بھی ہے۔ان کے مکالمے کہانی کی رفتار اور اس کے موڑ کو موثر طریقے سے سنبھالتے ہیں، اور مختصر لیکن معنی خیز جملوں کے ذریعے بہت کچھ کہہ جاتے ہیں۔ یہ تمام خصوصیات ابن صفی کی مکالمہ نگاری کو اردو ادب میں منفرد اور یادگار بناتی ہیں۔یہی وجہ ہے کہ ابن صفی کے ناول نہ صرف اردو قارئین کے لیے تفریح و تدریس کا ذریعہ رہا بلکہ دوسری زبانوں میں بھی ترجمہ کی مدد سے مقبول عام رہا۔ حالانکہ ہندی میں منتقل کرتے ہوئے ان کے ناولوں کے کرداروں میں سے دو کرداروں کے نام بدل دیے گئے یعنی فریدی کی جگہ 'ونود' اور عمران کی جگہ 'راجیش' کر دیا گیا۔ باقی کردار اپنے اصلی نام کے ساتھ آج بھی موجود ہیں۔

مختصراً یہ کہا جائے تو بیجا نہ ہو گا کہ ابن صفی کے ناولوں کی ایک خاص بات یہ ہے کہ وہ قاری کو تفریح مہیا کرتے ہیں۔ان کے کردار دلچسپ، منفرد اور یادگار ہیں۔ چاہے وہ "علی احمد" ہو یا "شہزاد" یا "شہزادہ زار"۔ ہر کردار کی اپنی ایک کہانی، اپنی ایک دنیا ہوتی ہے۔ یہ تفریحی عنصر قاری کو نہ صرف کہانی میں مشغول رکھتا ہے بلکہ ان کی تخلیقی فکر کو بھی پروان چڑھاتا ہے۔اس کے باوجود ان کی تحریریں صرف تفریحی کہانیوں تک محدود نہیں ہیں بلکہ ان

Scanned with OKEN Scanner

میں انسانی نفسیات، معاشرتی مسائل، اور اخلاقی اقدار کی عکاسی ہوتی ہے۔ان کی تخلیقات میں کہانی کی پیچیدگی، کرداروں کی گہرائی اور سسپنس کا عنصر ملتا ہے، جو قاری کو اپنی جانب متوجہ کرتا ہے۔اس کے ساتھ ان کے ناولوں میں ثقافتی اور سماجی موضوعات کا عمیق تجزیہ ملتا ہے۔انہوں نے مشرقی ثقافت اور روایات کو اپنے ناولوں میں خوبصورتی سے سمویا ہے۔ ان کی کہانیوں میں ہم عصر مسائل، جیسے سماجی مسائل، طبقاتی تفریق، اور انسانی رشتوں کی پیچیدگیوں کی عکاسی کی گئی ہے، جو آج کے دور میں بھی قابل غور اور قابل قدر ہیں۔ابن صفی کے ناولوں کی ایک اور اہمیت یہ ہے کہ وہ نوجوان نسل کے لیے ایک تعلیمی ماخذ بھی ہیں۔ ان کی تحریروں سے زبان، ادب اور بیان کی مہارت کو سیکھا جا سکتا ہے۔ان کے ناولوں کا مطالعہ نوجوانوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو ابھارتا ہے اور انہیں بہترین ادب کی قرات اور تخلیق کی طرف راغب کرتا ہے۔

اس کے باوجود ہمارے ناقدین نے ان ناولوں پر غیر جانبدارانہ نظر ڈالنے کی زحمت نہیں کی۔ بلکہ اگر کبھی اس کا ذکر کیا بھی تو مقبول عام ادب کے زمرے میں ڈال کر کہیں دور کسی کونے میں رکھ کر بھول گئے۔ادب کی درجہ بندی اس کے معیار کی بنیاد پر ہونی چاہیے نہ کہ مقام اور علاقے یا موضوعات کی بنیاد پر۔ مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جب کسی ادبی فن پارے کی اہمیت سے انکار کرنا ہوتا ہے تو اسے کسی نئے خانے میں ڈال کر مین اسٹریم سے باہر کا راستہ دکھا دیا جاتا ہے۔مثال کے طور پر مہجری ادب یا مقبول عام ادب یا ادبی اصناف یا اس طرح کے دوسرے خانے یا زمرے بنا لیے جاتے ہیں۔ مجھے یہ مثبت یا ایماندارانہ رویہ معلوم نہیں ہوتا۔ابن صفی اور ان کے ناولوں کے ساتھ بھی یہی رویہ اختیار کیا گیا کہ پہلے تو اسے جاسوسی ناول کہہ کر الگ کیا گیا اور بعد میں اس قسم کے ناولوں کو مقبول عام ادب کہہ کر ادب کے مین اسٹریم سے باہر رکھنے کی کوشش کی گئی جب کہ نہ صرف ابن صفی کے دور میں بلکہ موجودہ دور میں بھی ان کے ناولوں کی اہمیت وافادیت کسی بھی طرح کم نہیں ہوئی ہے۔ان کی تخلیقات میں موجود انسانی جذبات، سماجی مسائل، ثقافتی پہلو اور زبان کی چاشنی آج بھی قاری کو متوجہ کرتی ہے۔ آج بھی ان کے ناول کا مطالعہ نئی نسل کے لیے زبان کی تدریس کا بہترین ذریعہ ثابت ہو سکتا ہے۔اس لیے اردو ادب کی دنیا میں ان کی خدمات کو فراموش نہیں کیا جا سکتا، اور ان کے ناولوں کا مطالعہ نہ صرف تفریحی بلکہ فکری لحاظ سے بھی فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے۔ ابن صفی کی ادبی وراثت آج بھی اردو ادب کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

امام الغزالی کے تعلیمی افکار : معلم کی تدریسی خصوصیات اور جدید تعلیمی نظام سے مطابقت

ڈاکٹر سیف الدین احمد

شعبۂ تاریخ , یونیورسٹی اف دلی

Abstract: In the Islamic history, many scholars have made significant contributions to various fields of knowledge through their innovative ideas and deep intellectual insights. These contributions have not only shaped the intellectual growth of the Islamic world but have also left a lasting impact on Western scholarly traditions. Among these remarkable figures, Abu Hamid Muhammad al-Ghazali, commonly known as Imam al-Ghazali, stands out as a key thinker whose legacy continues to influence modern Islamic thought.

This paper aims to explore al-Ghazali's views on the curriculum of Islamic education by analysing the evolution of educational frameworks that preceded his contributions. Imam al-Ghazali's views on education covers a wide range of aspects, including the purpose of education, the design of curricula, teaching methods, the role of educators, the responsibilities of learners, and the relevance of his ideas to contemporary educational needs. Central to his educational philosophy is the emphasis on religious knowledge, which he regarded as vital for intellectual growth and spiritual enlightenment. Al-Ghazali believed that true knowledge arises from the integration of reason and intuition. For him, the ultimate aim of education was to achieve human excellence by drawing closer to God and fostering moral and spiritual refinement.

Keywords: Al-Ghazali, curriculum, Islamic education

Scanned with OKEN Scanner

عالم اسلام میں ایسے بے شمار علماء پیدا ہوئے ہیں جن کی تخلیقی خیالات اور گہرے علمی بصیرت نے مختلف علمی میدانوں میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ان کے علمی کارنامے نہ صرف اسلامی دنیا کی علمی ترقی کے لیے اہم ثابت ہوئے بلکہ مغربی علمی روایت پر بھی گہرے اثرات مرتب کیے۔ان ممتاز علماء میں ابو حامد محمد الغزالی، جنہیں امام الغزالی کے نام سے جانا جاتا ہے،ایک نمایاں مقام رکھتے ہیں جن کی علمی میراث آج بھی اسلامی مفکرین کے نظریات پر گہرا اثر ڈال رہی ہے۔

تعلیم کے حوالے سے امام الغزالی کے افکار کئی پہلوؤں کا احاطہ کرتے ہیں، جن میں تعلیمی مقاصد، نصاب کی تشکیل، تدریسی طریقے، اساتذہ کا کردار، طلبہ کی ذمہ داریاں، اور ان کے تصورات کی جدید تعلیمی تقاضوں کے ساتھ مطابقت شامل ہیں۔الغزالی کی تعلیمی فکر کا مرکزی نکتہ دینی علوم پر زور دینا ہے، جنہیں وہ علمی ترقی اور روحانی بصیرت کے لیے ناگزیر سمجھتے تھے۔ان کے نزدیک حقیقی علم وہی ہے جو عقل اور بصیرت کے امتزاج سے حاصل ہو۔الغزالی کے مطابق تعلیم کا سب سے بڑا مقصد انسانی کمال کو پانا ہے، جس کی معراج خدا کے قریب ہونا اور اخلاقی و روحانی ترقی کے ذریعے اپنی ذات کو سنوارنا ہے۔

جان ایل ایسپوزیٹو نے ابو حامد الغزالی کو ایک ممتاز مسلم متکلم،فقیہ اور قرون وسطیٰ کے صوفی کے طور پر پیش کیا ہے۔اسلامی علمی روایت کی تاریخ میں چند ہی شخصیات ایسی ہیں جنہوں نے الغزالی کی طرح گہرا اور ہمہ جہت اثر چھوڑا ہو۔صرف 52 برس کی عمر میں الغزالی نے اپنی علمی ذہانت اور اسلامی علوم پر گہرے تنقیدی غور و فکر کے ذریعے مسلم اور غیر مسلم علماء کے درمیان بے پناہ عزت اور تحسین حاصل کی ۔

الغزالی کی علمی خدمات کا دائرہ ان کی وسیع تصنیفی میراث سے بخوبی عیاں ہے۔انہوں نے مختلف علوم میں بے شمار اہم کتابیں تحریر کیں۔سید محمد بن محمد الحسینی نے الغزالی کی تصانیف کو حروف تہجی کے مطابق ترتیب وار جمع کیا ہے، جن کی تعداد 70 کے قریب بتائی جاتی ہے)اساری، 2006۔

الغزالی کے اسلامی تعلیمات پر نظریات

الغزالی کے تعلیمی نظریات کو پانچ اہم پہلوؤں کے ذریعے سمجھا جاسکتا ہے :تعلیم کے مقاصد،نصاب کی ترتیب تدریسی طریقے، اور اساتذہ و طلبہ کے اخلاقی فرائض۔یہ تمام پہلو ان کے تعلیمی فلسفے کی گہری تفہیم فراہم کرتے ہیں۔ذیل میں ان پہلوؤں پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے، جو کلاسیکی کتب اور الغزالی کے افکار پر معاصر مطالعوں سے اخذ کی گئی ہیں۔

تعلیمی مقاصد

تعلیمی مقاصد کی تشکیل دراصل تعلیم کی غایت اور اس کی روح سے متعلق ایک فلسفیانہ نقطۂ نظر کو ظاہر کرتی ہے۔یہ مقاصد تعلیمی عمل کے دیگر اہم پہلوؤں، جیسے اہداف،نصاب،تدریسی طریقے، اور اساتذہ و طلبہ کے کردار کی تشکیل کی بنیاد فراہم کرتے ہیں۔الغزالی کے تعلیمی فلسفے کے تجزیے سے یہ واضح ہوتا ہے کہ تعلیم کے دو بنیادی مقاصد ہیں :پہلا مقصد انسانی کمال کا حصول ہے جو انسان کو خدا سے قریب کرتا ہے،اور دوسرا مقصد ایسی انسانی برتری کا حصول ہے جو دنیاوی خوشحالی اور اخروی کامیابی کو یقینی بنائے۔

Scanned with OKEN Scanner

الغزالی کا تعلیمی نقطۂ نظر دینی اور روحانی اصولوں پر مبنی ہے، جو اسلامی تعلیم کی ایک خاص خصوصیت ہے۔ان کی سوچ تصوف کے فلسفے کے قریب ہے، جو تعلیم کے روحانی اور اخلاقی پہلوؤں پر زور دیتی ہے۔الغزالی کے مطابق، تعلیم کا حتمی مقصد دنیاوی اور روحانی دونوں میدانوں میں انسانی کمال کا حصول ہے۔ان کے نزدیک یہ کمال صرف اس وقت حاصل کیا جاسکتا ہے جب انسان اخلاقی فضائل اور کردار کی بلندی کو پروان چڑھائے جو علم کے ذریعے ممکن ہے۔ایسا علم انسان کو خدا کے قریب لے جاتا ہے، دنیا میں عزت کا سبب بنتا ہے، اور آخرت میں دائمی خوشی عطا کرتا ہے)الغزالی، (1969 ۔

الغزالی نے تعلیم کے مقاصد کو دو اقسام میں تقسیم کیا ہے :طویل مدتی اور قلیل مدتی مقاصد۔طویل مدتی مقصد یہ ہے کہ انسان کو خدا کے قریب لایا جائے اور اسے اپنے خالق کو پہچاننے اور اس سے تعلق قائم کرنے کی طرف رہنمائی کی جائے۔ قلیل مدتی مقصد یہ ہے کہ انسان اپنی صلاحیتوں کے مطابق اپنے پیشہ ورانہ امکانات کو ترقی دے اور اپنی فطری صلاحیتوں کے مطابق اپنا کردار ادا کرے۔ یہ دوہری مقاصد الغزالی کے جامع تعلیمی وژن کی عکاسی کرتے ہیں، جس میں روحانی ترقی کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ دنیاوی ضروریات کا بھی احاطہ کیا گیا ہے۔

نصاب

امام الغزالی کا تصورِ نصاب ان کے علم کے فہم سے گہرا تعلق رکھتا ہے۔انہوں نے علم کو تین اقسام میں تقسیم کیا ہے :

قابل مذمت علوم :یہ وہ علوم ہیں جو نہ دنیا میں فائدہ دیتے ہیں اور نہ آخرت میں۔ان میں جادو گری، نجوم اور قسمت کا حال بتانے جیسے علوم شامل ہیں۔الغزالی نے ان علوم کو ناپسندیدہ قرار دیا کیونکہ یہ اکثر نقصان دہ ثابت ہوتے ہیں، نہ صرف سیکھنے والے کے لیے بلکہ دوسروں کے لیے بھی۔مثال کے طور پر، جادو گری لوگوں میں اختلاف پیدا کر سکتی ہے، دشمنی کو ہوا دے سکتی ہے اور نقصان و شرارت کو جنم دے سکتی ہے۔ اسی طرح، الغزالی نے نجوم کو دو اقسام میں تقسیم کیا :ایک وہ جو حسابات)حساب (پر مبنی ہے، اور دوسری وہ جو قیاسی پیشن گوئیوں)استدلالی (پر مبنی ہے، جسے انہوں نے بے بنیاد اور گمراہ کن قرار دیا۔

قابل تعریف علوم :یہ وہ علوم ہیں جو عبادات اور اخلاقیات سے قریب ہیں۔ان میں وہ علم شامل ہے جو انسان کو گناہوں سے پاک کرتا ہے، نیک زندگی گزارنے کا درس دیتا ہے اور خدا سے قریب ہونے کا راستہ دکھاتا ہے۔الغزالی- نے ان علوم کو مزید دو اقسام میں تقسیم کیا

فرض عین :وہ دینی علوم جو ہر مسلمان پر لازمی ہیں، جیسے قرآن کو سمجھنا، نماز، روزہ، زکوٰۃ وغیرہ ۔

فرض کفایہ :وہ علوم جو سماج کی بھلائی کے لیے ضروری ہیں، جیسے طبّی علم جو صحت کے لیے لازم ہے یا حساب جو مالی معاملات، وراثت اور تجارت کے لیے اہم ہے۔الغزالی نے زور دیا کہ اگر ان علوم کو نظر انداز کیا جائے تو پوری امت گناہگار قرار پائے گی۔

متنازعہ علوم :کچھ علوم، جیسے فلسفہ، ایک حد تک قابل قبول ہیں لیکن ان میں گہرائی میں جانا مسائل پیدا کر سکتا ہے۔الغزالی کے نزدیک، فلسفے کا حد سے زیادہ مطالعہ شک، اعتقادات میں خلل اور بعض اوقات کفر کی طرف لے جاسکتا ہے۔انہوں نے نتیجہ اخذ کیا کہ دینی علوم اور ان کی شاخیں سب سے زیادہ اہمیت رکھتی ہیں کیونکہ یہ عقل اور روحانی بصیرت کو پروان چڑھاتی ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

-اپنی مشہور کتاب احیاء علوم الدین میں الغزالی نے علم کے تین پہلوؤں پر روشنی ڈالی ہے

(-**ایپیستمولوجی**) علم کی نوعیت

(-**آنٹولوجی**) وجود کی نوعیت

(-**ایکسیالوجی**) علم کی اہمیت اور مقصد

تدریسی طریقے

الغزالی کا تعلیمی طریقہ کار منظم اور اسلامی اصولوں پر مبنی تھا۔انہوں نے تدریس کے لیے مرحلہ وار حکمت عملی تجویز کی، جس کا آغاز یادداشت اور فہم سے ہوتا ہے، پھر یقین، جواز اور استدلال کی تربیت کے ذریعے علم کو مضبوط کیا جاتا ہے۔یہ طریقہ ان کی صوفیانہ شخصیت کی عکاسی کرتا ہے، جہاں خود پر قابو اور روحانی ترقی مرکزی اہمیت رکھتے ہیں۔الغزالی نے طلبہ کی کردار سازی پر خاص زور دیا۔ان کے نزدیک استاد کا کردار طلبہ کے اخلاق اور فضائل کو سنوارنے میں بنیادی پہلو ہے۔الغزالی کے لیے تعلیم محض ایک پیشہ نہیں بلکہ ایک معزز ذمہ داری تھی، جس کا مقصد انسانی دل کو پاکیزہ بنا کر خدا کی طرف رہنمائی کرنا تھا۔

: **استاد اور طلبہ کے لیے الغزالی کی رہنمائی درج ذیل ہے**

استاد کو نرمی سے نصیحت کرنی چاہیے اور سخت لہجے سے گریز کرنا چاہیے۔

طلبہ کو بری عادتیں ترک کرنے کے لیے فوری طور پر نہیں بلکہ تدریج کے ساتھ ترغیب دی جانی چاہیے۔

اچھے رویے پر انعام دیا جائے، جبکہ غلطیوں پر صبر اور تحمل کے ساتھ اصلاح کی جائے۔

طلبہ کو برے اثرات اور غلط صحبت سے بچایا جائے۔

کھانے، لباس اور نیند میں میانہ روی کی عادت ڈالی جائے۔

جسمانی سرگرمیوں اور تفریحی کھیلوں کو تعلیمی عمل کا حصہ بنایا جائے۔

الغزالی نے تدریسی طریقوں کو طلبہ کی صلاحیتوں اور ضروریات کے مطابق ڈھالنے پر زور دیا اور انفرادی تعلیم کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

تعلیمی طریقے

الغزالی نے مختلف تعلیمی طریقے متعارف کرائے تاکہ تدریس کو زیادہ مؤثر بنایا جاسکے، جن میں لیکچر کا طریقہ شامل ہیں) طریقہ تلقینیہ :(اس میں استاد علم دینے والا) ملقی (ہوتا ہے، اور طالب علم علم حاصل کرنے والا) متلقی(۔

Scanned with OKEN Scanner

بحث ومباحثہ کا طریقہ) مخاطبہ :(اس طریقے میں مکالمہ طلبہ کی ذہنی استعداد کے مطابق ہوتا ہے۔

سوال وجواب کا طریقہ :الغزالی نے اچھے سوالات) حسن السوٴال (کو گہرے فہم کا ذریعہ سمجھا۔

الغزالی نے نصاب کی تدریس میں اس بات پر زور دیا کہ طلبہ کی فکری صلاحیتوں کو مد نظر رکھا جائے، تعلیم کو ٹھوس سے مجرد موضوعات کی طرف لے جایا جائے،اور تدریس کو تدریجی مراحل میں مکمل کیا جائے۔یہ منظم طریقہ الغزالی کی تعلیم میں توازن قائم کرنے کی سوچ کی عکاسی کرتا ہے، جس میں عقل اور کردار دونوں کی نشوونما کو اہمیت دی گئی ہے۔

معلم کی خصوصیات

امام الغزالی نے استاد کو تعلیم وتربیت کے عمل میں کلیدی حیثیت دی ہے اور طلبہ کے کردار،اخلاق اور علمی استعداد کو سنوارنے میں اس کے کردار کو بنیادی قرار دیا ہے۔الغزالی نے استاد کے لیے چند اہم خصوصیات اور ذمہ داریاں متعین کی ہیں، جن میں شامل ہیں۔

- استاد کو طلبہ کو اپنی اولاد کی طرح سمجھنا چاہیے اور ان کے ساتھ محبت اور شفقت سے پیش آنا چاہیے۔
- تدریس خلوص کے ساتھ ہونی چاہیے، جس کا مقصد صرف اللہ کی رضا ہو،نہ کہ دنیاوی فائدہ یا شہرت۔
- استاد کو طلبہ کو یہ سمجھانے کی کوشش کرنی چاہیے کہ تعلیم کا اصل مقصد خدا کے قریب ہونا ہے،نہ کہ دنیاوی مرتبہ یا فخر حاصل کرنا۔
- استاد کو اپنے علم پر عمل کرنا چاہیے اور اپنی تعلیمات کے برعکس عمل سے گریز کرنا چاہیے ۔

الغزالی کے نزدیک ایک مثالی استاد نہ صرف علمی اور ذہنی طور پر ممتاز ہونا چاہیے بلکہ اخلاقی طور پر بھی بلند اور جسمانی طور پر توانا ہونا چاہیے۔ عقل ودانش استاد کو علم میں مہارت عطا کرتی ہے، جبکہ اخلاقیات اسے طلبہ کے لیے ایک مثالی نمونہ بناتی ہیں۔جسمانی قوت تدریسی، تربیتی اور رہنمائی کے فرائض انجام دینے کے لیے ضروری ہے۔

استاد کی مخصوص خصوصیات

الغزالی نے عمومی صفات کے ساتھ چند مخصوص خصوصیات بھی بیان کی ہیں، جو ایک استاد میں موجود ہونی چاہییں۔

- شفقت :استاد کو تدریس اور رہنمائی کے عمل میں ہمدردی اور نرمی سے کام لینا چاہیے۔
- ایمانداری اور خلوص :استاد کو مخلص رہنمائی فراہم کرنی چاہیے اور ساتھ ہی اساتذہ کے ساتھ مقابلے اور تنازعات سے گریز کرنا چاہیے۔
- نرمی کارویہ :استاد کو سختی، طنز یا توہین کے بجائے نرمی اور حکمت کے ساتھ طلبہ کی اصلاح کرنی چاہیے۔
- مثالی کردار :استاد کو ان اقدار پر عمل کرنا چاہیے جن کی وہ تعلیم دیتا ہے،اور دوسرے علوم یا شعبوں پر تنقید سے اجتناب کرنا چاہیے جو اس کی مہارت میں شامل نہیں ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

- طلبہ کی انفرادی صلاحیتوں کو سمجھنا :استاد کو طلبہ کی مختلف صلاحیتوں، ذہنی سطح اور نفسیاتی خصوصیات کو سمجھنا چاہیے اور ان کے مطابق تعلیم دینی چاہیے۔
- طلبہ کی نشوونما پر توجہ :استاد کو طلبہ کی فطری صلاحیتوں اور عمر کے تقاضوں کے مطابق تدریسی عمل کو ڈھالنا چاہیے۔

اپنی کتاب ایھا الولد میں الغزالی نے استاد کے کردار کو پیغمبر یا خلیفہ کے مشابہ قرار دیا، جو انسانیت کو خدا کی جانب رہنمائی کرتا ہے۔ لہٰذا، ایک استاد کو علمی گہرائی، وسیع نظریہ، اور دینی بصیرت سے آراستہ ہونا چاہیے۔

روحانی رہنما کی خصوصیات

الغزالی نے ایک مرشد) روحانی رہنما (کے لیے بھی مخصوص صفات بیان کی ہیں، جن میں دنیاوی لذتوں اور مرتبے کی محبت سے اجتناب شامل ہیں ۔

-ایسے علماء کی پیروی کرنا جن کی علمی سلسلہ نسب نبی اکرم ﷺ تک پہنچتی ہو

-خود کو ریاضت کے ذریعے سنوارنا، مثلاً کھانے میں اعتدال، غیر ضروری باتوں سے گریز، عبادات میں اضافہ صدقہ و خیرات، اور روزے رکھنا۔

-صبر، شکر، توکل، عاجزی، صداقت، وعدہ وفائی، وقار، اور بردباری جیسے اخلاقی اوصاف اپنانا

الغزالی کے نزدیک ایک استاد کو گہرے علمی فہم، بلند اخلاقی کردار، اور پیشہ ورانہ دیانت داری سے آراستہ ہونا چاہیے تاکہ وہ انبیاء کے وارث اور انسانیت کے رہنما کے طور پر اپنی ذمہ داری ادا کر سکے۔

جدید تعلیم میں الغزالی کے افکار کی مطابقت

الغزالی کے تعلیمی افکار، جن میں مقاصد، نصاب، تدریسی طریقے، اور استاد و طلبہ کے کردار شامل ہیں، آج کے تعلیمی نظام کے لیے بھی نہایت موزوں ہیں۔ ان کا طلبہ کی انفرادی خصوصیات کو سمجھنے پر زور جدید نفسیاتی اصولوں کے عین مطابق ہے، جو افراد کی صلاحیتوں، رجحانات، اور رویوں میں تنوع کو تسلیم کرتے ہیں۔ الغزالی کے تدریسی طریقوں کو طلبہ کی ذہنی سطح کے مطابق ڈھالنے کا نظریہ موجودہ تعلیمی نظریات میں ذاتی تدریس کی اہمیت کو تقویت دیتا ہے۔

گریفل (2009) نے اس بات پر روشنی ڈالی ہے کہ الغزالی کی تعلیمی فلسفہ اساتذہ کی تربیت اور تدریسی عمل پر گہرے اثرات مرتب کر چکا ہے۔ ان کے نظریات نے نہ صرف اسلامی دنیا بلکہ یورپ کے نشاۃ ثانیہ کے دور میں بھی تعلیمی نظام کو متاثر کیا) برکی، (1992 ۔

الغزالی نے دینی، علمی، تجرباتی، اور تصوفی علوم کو یکجا کیا، جیسا کہ ان کی مشہور کتاب احیاء علوم الدین میں دیکھا جا سکتا ہے۔ ان کا یہ جامع نظریہ آج بھی جدید تعلیم کے لیے رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

حوالہ جات

1. Ashraf, S. A. (1985). New horizons in Muslim education. London: Hodder & Stoughton.
2. Alavi, S.M. Ziauddin. (1988). Muslim Educational Thought in the Middle Ages. New Delhi: Atlantic Publishers.
3. Al-Ghazali, Abu Hamid Muhammad. (1939). Ihyâ' 'Ulûm al-Dîn. Kairo: Mushthafa al-Babi al-Halabi.
4. Berkey, J. (1992). The Transmission of Knowledge in Medieval Cairo: A Social History of Islamic Education. Princeton: Princeton University Press.
5. Esposito L.J (2002). The Oxford Encyclopedia of the Modern Islamic World. Bandung: Mizan.
6. Goldziher, I (1981). Introduction to Islamic Theology and Law, tr. Andras & Ruth Hamori. Princeton: Princeton University Press.
7. Griffel, F. (2009). Al-Ghazali's philosophical theology. Oxford University Press.
8. Whittingham, M. (2007). Al-Ghazali and the Qur'an: one book, many meanings, (Culture and Civilization in the Middle East Series). Routledge, Abingdon 2007.

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

حسرت کا تصورِ عشق

ڈاکٹر عطیہ رئیس،

دہلی یونیورسٹی،دہلی

تلخیص:عشق اور محبت کو انسانی محرکات میں ایک خاص اہمیت حاصل ہے اس لیے ہمارے بعض شعراء نے عشق اور محبت کو ایک ہی معنی میں استعمال کرکے دونوں کے درمیانی فرق کو ختم کر دیا۔ اردو غزل کے تہذیبی عمل میں عشق اور محبت دونوں کو موضوعاتی طور پر برتا گیا بلکہ اردو شاعری ابتداء ہی سے یہ ایک اہم موضوع کے طور پرشامل رہا۔ اگر کلاسیکی شعری روایت پر نظر ڈالیں تو یہ صاف طور پر نظر آئے گا کہ عشق کا تصور ہجر و وصال، عشوہ و غمزہ، زلف و کاکل، ابرو و مژگاں، وغیرہ تک محدودرہا۔ جدید غزل نے بہت حد تک عشق کے تصور کو بدلنے کی کوشش کی اور اس میں تنوع پیدا کیا۔

کلیدی الفاظ:،اعتبار ،اہلیت،وافقت ، تخلیقی،جماعت ،خلاف ،ناقدین ، مستحکم

رئیس المتغزّلین فضل الحسن حسرت موہانی جدید غزل کے امام کہے جاتے ہیں۔ ان کو سیدلاحرار کے نا م سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ اردو غزل کی کلاسیکی روایت کے خلاف جب ناقدین اور نظم نگاروں کی ایک بڑی جماعت صف آرا تھی، اُس زمانے میں یعنی بیسوی صدی کی تیسری چوتھی دہائی میں، جن شعراء نے غزل کی روایت کو مستحکم کیا ان میں حسرت موہانی پیش پیش تھے۔ غزل کے خلاف جن ناقدین اور نظم گو شعراء) حالی / نظم طبا طبائ عظمت اللہ خاں / کلیم الدین احمد (نے محاذآرائی کی تھی اُن کے استدلال کے پیچھے جو فنّی وجوہ کار فرما تھے اس سے کہیں زیادہ نظم کے ساتھ موافقت کا اندھا جذبہ کار فرما تھا۔ وہ غزل گوئی کو نظم کی مقبولیت کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ سمجھ بیٹھے تھے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ایسے نظم نگاروں کو اپنی تخلیقی اہلیت پر اعتبار ہی نہیں تھا لیکن دوسری طرف غزل گو شعراء کو اپنی اہلیت پر ہی نہیں بلکہ غزل کی قوتِ تاثیر پر بھی پورا بھروسہ تھا۔ یہی وجہ تھی کہ کسی غزل گو شعراء نے نظم نگاری کو بے وقعت نہیں گردانا اور نہ ہی غزل کو نظم کے مقابلے رکھ کر ایک کو دوسرے سے برتر یا کم تر ٹھہرایا۔ غزل تہمتوں کے باوجود اپنے تہذیبی و لسانی ڈھانچے کے ساتھ زندہ رہی اور اسے زندہ رکھنے والوں میں حسرت نے جو کارہائے نمایاں انجام دیا وہ اپنی مثال آپ ہے۔ یہ ایک ایسا وقت تھا جب غزل آہستہ رَو ہوگئی تھی لیکن اِس آہستہ روی نے ثابت قدمی کے نشانات بھی چھوڑے اور کسی قسم کی مفقود کڑی (Missing Link) کو راہ پانے نہیں دیا۔ حسرت نے اپنی غزل گوئی سے نہ صرف کلاسیکی قدروں کی حفاظت کی بلکہ نئے زمانے کے تقاضوں سے بھی غزل کو ہم آہنگ کیا۔ انہوں نے نہ صرف غزل کا دفاع کیا بلکہ اسے فکری اور فنی اعتبار سے بھی ثروت مند کیا اور اپنے انفرادی شعری تجربوں سے غزل کو نئی تازگی دے کر اس کی آبرو رکھ لی۔

Scanned with OKEN Scanner

اردو شاعری میں عشق کے تصور کی تین جہتیں ہیں۔ عشق کی پہلی جہت وہ ہے جس میں براہِ راست خالق کائنات کے ساتھ خالص عشق کا اظہار ملتا ہے جس کی واضح صورت حمدیہ کلام میں دیکھنے کو ملتی ہے۔ دوسری جہت تصوف کے وسیلے سے عشقِ حقیقی اور عشقِ مجازی کے عنوانات سے غزل کا حصّہ بنا۔ تیسری جہت دنیاوی محبوب کے تصور سے ہم آہنگ ہے۔ عشق کے بارے میں عام تصوّر یہ ہے کہ یہ جذبے کی ارتفاعیت کا نام ہے۔ یعنی وجود کو جذبے میں غرق کر دینے کا نام ہے۔ ہم دوسرے الفاظ میں یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ عشق، جذبے میں وجود کے گم ہو جانے کا نام ہے۔ اِس لئے عشق کو ایک وسیع تر کیفیت کا نام دیا گیا ہے جبکہ اس کے مقابلے محبت نسبتاً محدود کیفیت کی حامل ہوتی ہے جس میں ایک خاص فرد کو دوسری خاص ہستی سے پیار ہوتا ہے۔ عشق اور محبت کو انسانی محرکات میں ایک خاص اہمیت حاصل ہے اس لیے ہمارے بعض شعراء نے عشق اور محبت کو ایک ہی معنی میں استعمال کرکے دونوں کے درمیانی فرق کو ختم کر دیا۔ اردو غزل کے تہذیبی عمل میں عشق اور محبت دونوں کو موضوعاتی طور پر برتا گیا بلکہ اردو شاعری ابتداء ہی سے یہ ایک اہم موضوع کے طور پر شامل رہا۔ اگر کلاسیکی شعری روایت پر نظر ڈالیں تو یہ صاف طور پر نظر آئے گا کہ عشق کا تصور ہجر و وصال، عشوہ و غمزہ، زلف و کاکل، ابرو و مژگاں، وغیرہ تک محدودرہا۔ جدید غزل نے بہت حد تک عشق کے تصور کو بدلنے کی کوشش کی اور اس میں تنوع پیدا کیا۔ جدید غزل کے علمبرداروں میں حسرت کا نام صفِ اول میں آتا ہے ۔انہوں نے اپنے تنقیدی اور سیاسی شعور کے ساتھ شعر وادب کی ذمہ داری بھی بخوبی نبھائی،کانگریس کے علاوہ مسلم لیگ سے بھی جڑے رہے ۔تصوف سے لگاؤ کی وجہ سے ان کی غزلوں میں‌جزبہ عشق دل کش انداز میں‌اور مختلف کیفیات کے ساتھ پایا جاتا ہے۔حسرت نے عشق و محبت کی وارداتوں کو نئے اسلوب میں پیش کیا۔انہوں نے عشق و محبت کے ہر اُس زاویے کو موضوع بنایا جن سے عشق و محبت کی وارداتوں کو نئے اسلوب پیش کیا۔ انہوں نے مختلف قسم کی دلی کیفیتوں کی ترجمانی کی اور اس کے نشیب و فراز کی تصویر کشی کی۔ تاہم اِس بات کا بھرپور خیال رکھا کہ جرأتِ عشق، اخلاقی حدوں کو پار نہ کرے۔ حسرت خود اپنے انداز کی تعریف کرتے ہیں:

شعر در اصل ہیں وہی حسرت

سنتے ہی دل میں جو اتر جائے

اختر اور ینوی نے حسرت کی عشقیہ شاعری پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے لکھا ہے کہ" حسرت کے تجرباتِ محبت میں بڑی نیرگی، تنوع اور وسعت ہے۔ عالمِ عشق کے جدید زاویے اُس کی شاعری سے روشن ہوتے ہیں۔) "قدر و نظر صفحہ(113

سادگیِ عشق کی سب سے بہتر مثال اُن کی وہ مشہور غزل ہے جسے فلم" نکاح "میں گیت کے طور پر شامل کیا گیا تھا یعنی—

چپکے چپکے رات دن آنسو بہانا یاد ہے

ہم کو اب تک عاشقی کا وہ زمانہ یاد ہے

Scanned with OKEN Scanner

یہ پوری غزل اپنی عظمت اور ہمہ گیری کی خود مثال ہے۔ ہر وہ شخص جو وارداتِ حسن و عشق کا تجربہ رکھتا ہے وہ اپنا عکس اِس غزل کے کسی نہ کسی حصّہ میں ضرور پاتا ہے۔ عشق اور محبت کے جذبے میں معصومیت اور محبوب کے تصور میں پاکیزگی کے عناصر کو داخل کر کے حسرت نے اردو غزل کو نئے تجربے اور نئے اسلوب سے ہم کنار کیا۔ اگر بغور دیکھیں تو حسرت، حسن و عشق کا بہت صحیح ذوق اپنے اندر رکھتے تھے۔ اُن کے یہاں جسمانی اور غیر جسمانی کے درمیان کوئی تفاوت نہیں تھا۔ انور سدید نے درست لکھا ہے کہ

" انہوں(حسرت)نے حقیقی پردہ دار عورت کو غزل میں محبوب کا درجہ دیا اور جذباتی محبت، دیانت داری اور وفا شعاری کا چلن پیدا کیا" ۔(اردو کی مختصر تاریخ صفحہ352)

نہ بھولے گا وہ وقت رخصت کسی کا
مجھے مڑ کے پھر اک نظر دیکھ لینا
وہ شرمائی صورت وہ نیچی نگاہیں
وہ بھولے سے اُن کا اِدھر دیکھ لینا

حسرت نے ایک جگہ تصوف پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے لکھا ہے کہ" میں تصوف کو مذہب کا جوہر سمجھتا ہوں اور تصوف کا ماحصل میرے نزدیک عشق ہے۔ "میں سمجھتی ہوں کہ یہی وہ جذبۂ عشق ہے جو اُن کی شاعری میں بنیادی مرکز و محور بنا ہے۔ اُن کی زندگی پر گہری نظر رکھنے والے جانتے ہیں کہ وہ کس قسم کے ذہنی تضادات کے شکار تھے۔ اُن کی طبیعت میں ضد کا عنصر بھی تھا۔ ایک قسم کے باغیانہ جذبے سے بھی سرشار تھے۔ اس قسم کی بہت سی ایسی باتیں ہیں جو اُن کی زندگی کو ناکامی کی طرف لے گئیں۔ مزاج کے اُتار چڑھاؤ نے کبھی انہیں کسی ایک موقف پر قائم نہیں رہنے دیا۔ جو چیز اُن کی زندگی کا المیہ بنی، وہ اُن کے جذبۂ عشق سے ہم آہنگ ہوگئی اور اسی متضاد کیفیتوں کی ہم آہنگی نے اُن کی غزلیہ شاعری کو دو آتشہ بنا دیا اور وہ حسن و عشق کے تجربات کو دلکش شعری پیکر عطا کرنے میں کامیاب ہوئے۔ حسرت کے جن اشعار میں عارفانہ رنگ گہرا ہے وہ عشق کے حقیقی اور مجازی دونوں صورتوں کے حسن کو بڑھاتا ہے۔

تم پر ٹے تو زندۂ جاوید ہوگئے
ہم کو بقا نصیب ہوئی ہے فنا کے بعد
دیکھو جسے ہے راہِ فنا کی طرف رواں
تیری محل سرا کا یہی راستہ ہے کیا

Scanned with OKEN Scanner

حسرت کی عشقیہ شاعری میں جو قوتِ تاثیر ہے وہ اُن کے تصورِ عشق کو پامال نہیں ہونے دیتا۔ اُن کے اظہارِ عشق میں احتیاط رکھ رکھائو اور پاکیزگی کا احساس ہوتا ہے۔ اس لیے اُن کی شاعری میں محبت اور محبوب کا تصور معیاری ہے اور عریانیت سے پاک ہے۔ وزیر آغا نے اِن کے تصورِ عشق کی انہیں خوبیوں ے سبب لکھا ہے کہ

" انہوں(حسرت)نے غزل میں زمین پر ننگے پائوں چلنے کی روایت قائم کی۔) "اردو شاعری کا مزاج صفحہ(276

حسرت کے تصورِ عشق کا ایک دلچسپ پہلو یہ بھی ہے کہ انہیں شری کرشن جی سے بڑی عقیدت تھی۔ حسرت کو قریب سے دیکھنے والوں کا بیان ہے کہ وہ جنم اشٹھمی کے موقع پر متھرا ضرور جاتے تھے۔ شری کرشن کا گوپیوں سے عشق، اُن کا بانسری بجانا، ورنداون کے خوبصورت مناظر اور دریائے جمنا کی سبک خِرامی، وہ محرکات ہیں جن سے حسرت نے گہرا اثر قبول یا۔ اگر مذکورہ محرکات کو حسن و عشق کی علامت خیال کیا جائے تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ ان کی یہ رواداری عشق کے عالمگیر تصور ہی کو ظاہر کرتی ہے۔ حسرت کا موضوعِ سخن چوں کہ عشق تھا اس لیے آگہی کا ذریعہ بھی وہ عشق ہی کو سمجھتے تھے اور شری کرشن کو وہ عشق کی ایک علامت قرار دیتے تھے۔

متھرا کہ نگر ہے عاشقی کا
دم بھرتی ہے آرزو اُسی کا
ہر ذرّۂ سَرزمینِ گوکل
دارا ہے جمالِ دلبری کا
بَرسَانہ وہ نندگائوں جاکر
دیکھ آئے ہیں جلوہ ہم کسی کا
پیغامِ حیاتِ جاوداں تھا
ہر نغمہ کشن کی بانسری کا
وہ نورِ سیاہ تھا کہ حسرتؔ
سر چشمہ فروغِ آگہی کا

رشید احمد صدیقی نے حسرت کے بارے میں جن خیالات کا اظہار کیا ہے وہ کئی اعتبار سے درست معلوم ہوتا ہے کہ

Scanned with OKEN Scanner

''حسرت کے یہاں عشق کا تصوّر اتنا مجرّد نہیں ہے جتنا مُشخّص یا مجازی۔ ''یا'' حسرت کا عشق گھریلو ہے بازاری نہیں، انسانی ہے خانقاہی نہیں، مجازی ہے ماورائی نہیں''۔ (کچھ حسرت کے بارے میں، کلیاتِ رشید احمد صدیقی، جلد چہارم، حصہ دوم، صفحہ84-183 ۔)

اس لئے حسرت کے یہاں معشوق کا جو تصور ہے وہ فرضی اور روایتی معشوق کے تصور سے الگ نظر آتا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ اُن کا معشوق مشرقی روایت کا پیکر ہے جس میں حسن، حیا، سادگی، گھریلو پن اور وقار موجود ہے۔ حقیقی اور دنیاوی معشوق کے کردار کو حسرت نے جس اعتبار سے اپنی غزلوں میں پیش کیا ہے وہ خود اُن کی شائستہ مزاجی کا پتہ دیتے ہیں۔ اُن کی نرم گفتاری، بیان کی سادگی، خفا ہونے کا انداز، روٹھنے اور مان جانے کی ادا، جذبۂ ایثار، احترامِ آدمیت، وغیرہ سے نہ صرف اُن کے عشقیہ تصور کا نقش واضح ہوتا ہے بلکہ معشوق کے کردار کی وضاحت بھی ہوتی ہے۔

دلِ مایوس بھی عجب شئے ہے
پھر اُسی کا خیال کرتا ہے

وہ بگڑا بھی کبھی مجھ سے تو منّے کے لیے
یاد ہے انداز تیرے جَورِ لطف آمیز کا

ملتے ہیں اِس ادا سے کہ گویا خفا نہیں
کیا آپ کی نگاہ سے ہم آشنا نہیں

وہ دن اب یاد آتے ہیں کہ آغازِ محبت ہیں
نہ چالاکی تجھے اے شوخ آتی تھی نہ عیّاری
ہم سے پوچھا نہ گیا نام و نشاں بھی اُن کا
جستجو کی کوئی تمہید اٹھائی نہ گئی

وہ جرمِ آرزو پر جس قدر چاہیں سزا دے لیں
مجھے خود خواہشِ تعزیر ہے ملزم ہوں اقراری

حسرت عشق کے میدان میں بھی امید کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑتے۔ غم اٹھانے کو تیار رہتے ہیں اور قربان ہو جانے کے لیے بھی۔ عشق اور محبوب کے جس نئے تصور کو حسرت نے اردو غزل میں رواج دیا وہ عام زندگی کے تجربوں سے

Scanned with OKEN Scanner

بہت قریب تھا۔ اُن کی غزلوں میں عشقیہ خیالات کا یہ انداز اور اسلوب کی سلاست اور روانی، اُن کی غزلوں میں مٹھاس اور معنی خیزی پیدا کرتی ہے۔ قاری کے ذہن و دل کو ایک نئی تازگی بخشتی ہے جس سے قاری خود اپنے تجربوں میں حسرت کو اور حسرت کے تجربوں میں اپنے آپ کو یکساں محسوس کرنے لگتا ہے۔ محبت اور غم کے جذبے کو ہم آہنگ کرکے حسرت نے اپنی غزل گوئی کو منفرد بنا دیا۔ عشق اور محبت تصور کی بازیابی میں حسرت نے جس قسم کے جذبات، قلبی واردات، جوش و شوق، لطافتِ بیان، والہانہ شگفتگی، نزاکت اور بانکپن کا اظہار اپنی غزلوں میں کیا اُن سے جدید غزل کو ایک نئی سمت اور نئی زندگی ملی۔ اردو غزل کے عشقیہ تصور میں مذکورہ تغیرو تبدّل اور تجدیدو تجربے کے لیے حسرت ہمیشہ یاد کیے جائیں گے۔

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

اردو ادب میں مصنوعی ذہانت کا استعمال: دیگر فوائد و ثمرات

ڈاکٹر فضیلت بانو

ایسوسی ایٹ پروفیسر

منہاج یونیورسٹی لاہور

Abstract: Artificial Intelligence is a set of technologies that enable coumputers to perform a variety of advanced functions including the ablelity to see understand and translate spoken and written language analyze data make recommendation, and more Al is the back bone of innovation in modern computing, unloking value for individuals and businesses, Artificial intelligence is a field of science concerned with cumputers and machines. Alis a broad field that encompasses many different disciplines, including computer science, data analytics and statistics liguistics, and even philosophy and psychology. This article highlights the benefits of Al. Al can automate work flows and processes or work independently and autonomously from a human team. Al can help automate aspects of cybersecurity by continuously monitoring and analyzing network traffic.

ہم اپنے ارد گرد بے شمار چیزیں ایسی دیکھتے ہیں جو اصل کی طرح ہوتی ہیں مگر اصل نہیں ہوتی، اصل کی نقل ہوتی ہیں یا اصل کے قریب ہوتی ہیں۔ جیسے آسٹر وٹرف یعنی مصنوعی گھاس جو اس قدر کار آمد ہے کہ اسے کھیل کے میدان میں اصلی گھاس کی طرح ہی استعمال کیا جاتا ہے اور اس پر پیچ تک کھیلے جاتے ہیں۔ اسی طرح میڈیکل کے شعبے میں مصنوعی اعضا بہت کامیابی سے کام کر رہے ہیں یہاں تک کہ مصنوعی مشینی دل بھی آچکا ہے اور کام بھی کر رہا ہے۔ انسان نے مصنوعی چیزوں کے ساتھ ساتھ اب مصنوعی ذہانت کا بھی بہت کامیاب تجربہ کر لیا ہے اور ابتدائی طور پر اس میں اتنی کامیابی حاصل کر لی ہے کہ

Scanned with OKEN Scanner

اب مصنوعی ذہانت کو کسی بھی بڑے منصوبے اور شعبے میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ۱۹۳۵ء سے پہلے کسی کو معلم بھی نہ تا کہ کمپوٹر اور پر کمپیوٹر کیا چیز ہوتی ہے لیفٹیننٹ کرنل غلام جیلانی خان لکھتے ہیں:۔

" مصنوعی ذہانت ایک نئی اصطلاح ہے اور آہستہ آہستہ وائرل ہو رہی ہے۔ لیکن ہم مشرق کے مکین مسلمانوں کی یہ بہت بڑی بھول ہے کیوں کہ اسی مشرق میں جاپان چین، ساؤتھ کوریا، ویت نام، ملائشیا اور تائیوان بھی تو شامل ہیں۔ وہاں ایک عرصہ سے ٹیکنکل روبوٹوں سے کام لے کر بھاری اور درمیانی درجے کے ہتھیار پروڈیوس کیے جا رہے ہیں۔ وہاں کار سازی، ترک سازی ترین سازی، آبدوز سازی، میزائل سازی اور ڈرون سازی کے لیے انسانی ذہانت کی جگہ مصنوعی ذہانت سے کام لیا جا رہا ہے۔ ان مشرقی کا خانوں میں بھی اب انسان بہت کم اور روبوٹ زیادہ نظر آتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان ممالک میں انسانی آبادیاں کم ہیں۔ 1

۱۹۵۰ء کے اوائل میں مشینی سوچ کا آغاز ہوا۔ سائنسدانوں نے انفرادی طور پر سائبر ٹیکس، آنومینا تھیوری اور انفارمیشن پروس پر بہت کام کیا۔ ۱۹۵۶ء میں ہونے والی ڈاٹ ماؤتھ کانفرنس میں ڈاکٹر جان میک کارتھی نے سائنسدانوں کے تمام کام کو اکٹھا کرنے کا آئیڈیا پیش کیا جس کو آرٹیفیشل انٹیلی جنس کا نام دیا گیا۔

تھا جو درجنوں حسابی عمل اور ڈیٹا کو حل کر سکتا تھا (Logic Theorist) پروگرام AI دنیا کا پہلا

اور اس پروگرام کو بھی اس کانفرنس میں لکھا گیا۔

مصنوعی ذہانت کمپیوٹر سائنس کا ایک ذیلی شعبہ ہے جس میں ذہانت اور فہم و فراست سیکھنے اور صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے بارے میں رہنمائی مل سکتی ہے۔ عہد حاضر میں مصنوعی ذہانت کے بارے میں بہت کچھ سننے اور پڑھنے کو مل رہا ہے۔ مصنوعی ذہانت کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اس میں ہم کمپیوٹر سافٹ ویئرز کو اس قابل بنا دیتے ہیں کہ وہ کسی بھی قسم کی صورت حال کے مطابق خود سے بہتر فیصلہ کر سکیں۔ اس طرح مصنوعی ذہانت سے بہت سے فوائد حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ اگر ہم مصنوعی ذہانت کی ابتدائی شکلوں پر غور کریں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ انٹرنیٹ، لیپ ٹاپ، موبائل فون، گیٹ اور دروازوں کا آواز اور جس سے کھلنا، ویٹر روبوٹ، شیف روبوٹ تعلیمی میدان میڈیکل کا شعبہ کسٹمر کیئر اور دیگر صنعتی شعبہ جات ہر جگہ مصنوعی ذہانت کا استعمال ہو رہا ہے۔ میڈیکل کے شعبے میں مصنوعی ذہانت کا استعمال حساس نوعیت کے کیسز میں بہت معاون ثابت ہوتا ہے۔

۲۰۰۴ء میں جب انٹرنیٹ کی سہولت عام نہ تھی پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کے ٹیلیفون کی تار کمپیوٹر کے لگا کر نیٹ استعمال کیا جاتا تھا دیگر سافٹ ویرز معلومات اور فلموں کے لیے سی ڈیز میسر ہوتی تھیں۔ پھر ایک سافٹ ویئر ٹاک ود الیزا

(Talk with Eliza)

آیا اس میں ایک مصنوعی انگریز خاتون الیز کمپیوٹر سکرین پر موجود ہوتی، جو بات کرتی، مشورے دیتی اور پوچھے گئے سولات میں دلچسپی کا اظہار کرتی۔ الیزا ایک کمپیوٹر پروگرام تھا جس میں انسان اور کمپیوٹر کے مابین فطری زبان میں بات چیت کو ممکن بنایا گیا تھا۔ یہ الیز اسافٹ ویر مصنوعی ذہانت کے ذریعے

Scanned with OKEN Scanner

انسانوں سے گفتگو کرتا تھا۔ یہ مصنوعی ذہانت کے نمونوں میں سے ایک تھا۔ اگر ہم دنیا کے کسی ایسے خطے میں رہتے ہوں یہاں کتابیں، ملکی اور غیر ملکی رسائل و جرائد تعلیمی اداروں کا فقدان اور لائبریریاں ناپید ہوں، جدید تعلیم وتدریس سے آگاہی کم ہوں۔ تو ایسی صورت میں ٹیکنالوجی کا استعمال ناگزیر ہو جاتا ہے۔ آن تعلیم و تحقیق کے لیے مصنوعی ذہانت کی بہت سی ایپلی کیشنز موجود۔ جو گفتگو کر سکتی ہیں سوالات کے جوابات دے سکتی ہیں اور زندگی کے تمام شعبوں کے بارے میں معلومات دے سکتی ہیں تحریر اور تقریر دونوں طرں معاون ہوتی ہیں۔ موجودہ گلوبل ولیج کے دور میں مصنوعی ذہانت اور اسکے چیٹ بوٹس تیسری دنیا کے عملے کے لیے بھی نے نہیں ہیں۔ مصنوعی ذہانت کی ایپلی کیشنز نہ صرف بات سمجھنے اور اس کا جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہیں بلکہ زبان وادب کی ایسی بہت یں کی خوبیوں سے متصف ہیں جن کی اردو زبان وادب اور اردو داں طبقے کو اب ضرورت ہے۔ مصنوعی ذہانت کے حوالے سے یہ سوچا جاسکتا ہے کہ کیا یا روزبان وادب کی تشریح وتوضیح کی بہتر طور پر صلاحیت رکھتی ہے۔ مصنوعی ذہانت اور تحقیق کے حوالے سے دیکھا جائے تو وہاں . اردو میں تحقیقی مواد نہ ہونے کے سبب زیادہ تر ہمیں انٹرنیٹ پر پھیلا ہوا مواد ہی ملتا ہے۔ اس کے باوجود مصنوعی ذہانت تحقیقی موضوعات سے متعلق بہترین راہنمائی اور عد تحقیقی خاکے مہیا کرتی ہے۔ جس سے تحقیقی میں آگے بڑھنے میں مدملتی ہے۔ البتہ مصنوعی ذہانت کے مہیا کردو متن کے حوالہ جات کا کوئی رائج شدہ طریقہ اردو زبان ادب میں نہیں ملتا اور نہ ہی کوئی طے شدہ ضابطہ تاحال سامنے آیا۔ اس کے حل کی ایک صورت یہ نظر آتی ہے کہ دنیا بھر میں مختلف شعبہ جات میں اب تک ہونے والی تحقیقات کا جائزہ لیا جاسکتا ہے۔ جس میں مصنوعی ذہانت کے حوالہ جات شامل ہوں۔

" ریسرچ گیٹ ایسی دنیا کے سب سے بڑے تحقیقی فورم (ویب سائٹ) پر اب ایسے بہت سے مقالات دیکھے جاسکتے ہیں جن میں جن میں محققین وناقدین مصنوعی ذہانت کے اشتراک سے تحقیق کرتے ہوئے اس کا نام چیٹ جی پی ٹی اور گوگل بارڈ رجنی کو اس بارڈر محققین کی فہرست میں شامل کرتے ہیں۔ اس طریق کار کو اردو تحقیقین بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ لیکن اس ضمن Manual)(APA Research میں عالمی تحقیق مینوئل
اور ہائر ایجوکیشن کی اجازت درکار ہوگی۔"

مصنوعی ذہانت ہر طرح کا متن تخلیق کرنے کی صلاحیت سے بہرہ مند ہے۔ یہ پلاٹ، کردار اور منظر تخلیق کرنے کی صلاحیت بھی رکھتی ہے۔ البتہ شاعری اور افسانوی نثر میں یہ صلاحیت ابھی بالکل ابتدائی سطح کی ہے۔ جبکہ غیر افسانوی نثر میں مصنوعی ذہانت بہترین کام کر رہی ہے۔ اردو زبان وادب کے صارفین کی ایک کثیر تعداد انٹرنیٹ استعمال کرتی ہے۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ اردو زبان وادب کے حوالے سے مصنوعی ذہانت استعمال کرنے کی باقاعدہ تربیت کا اہتمام کیا جائے اور گرائمر، رصرف ونحو اور املا کے مسائل بھی حل کر لیے جائیں۔ انغلاط سے بچنے کے لیے ہم آواز الفاظ اعراب کے ساتھ لکھے جائیں۔ مصنوعی ذہانت کی شعری تخلیقات کی بے وزنی اور غیر سنجیدگی کم کرنے کے لیے عروض کے الگورتھم کو سیکھا جاسکتا ہے۔

" مصنوعی ذہانت نے ایسے ریاضیاتی کیسے اور الگورتھم ایجاد کیے ہیں جن کے تحت تخلیق کے عمومی معیارات و نظریات میں تبدیلی رونما ہوئی ہے۔ زبان کے بہت سے نظریات جن میں سوسئیر، رولنڈ بارتھیز اور جولیا کرسٹوا ایسے معروف نظریہ سازوں کے نظریات بھی شامل ہیں۔ مشینی تخلیق کاری کی صلاحیت کے مقابل نئے امکانات واستفسارات کا سامنا کر رہے ہیں۔ اس سلسلے

Scanned with OKEN Scanner

میں ان نظریات کی تردید وتائید کے لیے نئے مباحث قائم کرنے کی ضرورت ہے تاکہ لسانیات کے
دامن میں بھی وسعت آئے۔"

تحقیق اور تحقیقی اعتبار سے مصنوعی ذہانت کی موجودہ ترقی بلاشبہ تیز رفتاری کی انتہاؤں کو چھورہی ہے۔ مصنوعی ذہانت کا ذخیرہ الفاظ اور یاداشت انسانی دماغ سے کہیں زیادہ ہے اور متن کی تشریح وتوضیح کی صلاحیت انسانی سوچ سے کہیں بڑھ کر ہے۔ مصنوعی ذہانت بین العلوم تحقیق اور ترجمہ نگاری میں بھی انسانی صلاحیتوں سے کہیں آگے بڑھ چکی ہے۔ تخلیق تحقیق تنقید اور لسانیات میں بھی معاونت وراہنمائی کے لیے اس میں بہت وسعت ملتی ہے۔اس سے تخلیق کیے جانے والے ادب کو انسانی مشینی ادب کا نام دیا جاسکتا ہے۔ مصنوعی ذہانت اردو کے علاوہ دیگر ایشیائی زبانوں میں بھی معاون ہے۔اردو کے ساتھ ساتھ دیگر زبانوں ہیں بھی نظمیں منزلیں اور مضامین حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ بلاشبہ مصنوعی ذہانت اپنی تحریروں میں ادبی الفاظ کی مدد سے زبان، ذہانت تخیل اور حقیقت کو بیان کرسکتی ہے۔

مصنوعی ذہانت انسانوں سے زیادہ باصلاحیت اور طاقتور ہوسکتی ہے۔اس کے اندر جو بھی ڈیٹا فیڈ کر دیا گیا ہو اس کے مطابق ہم اس سے اپنی ضرورت کے مطابق مواد حاصل کر سکتے ہیں۔ آج انسان ایک ایسے عہد میں قدم رکھ چکا ہے۔ یہاں ٹیکنالوجی جدید ترقی کے کئی مراحل طے کر چکی ہے۔انسان کسی بھی جگہ اور کسی بھی وقت جس طرح چاہے ٹیکنالوجی سے مدد لے سکتا ہے۔ جدید کمپیوٹر کا خودکار نظام انسانی مدد اور سہولت کے لیے ہر وقت تیار رہتا ہے اس ساری صورت حال میں اگر یہ کہا جائے کہ انسان کی اپنی صلاحیتیں اور قوت دن بدن محدود ہوتی جارہی ہیں۔ تو غلط نہ ہوگا۔

مصنوعی ذہانت کے بہتر استعمال کے لیے ۲۰۲۳ء میں اس پر اٹھانوے ارب امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری کر کے اسے انسانوں کے لیے زیادہ موثر اور فعال بنایا جارہا ہے۔ یہ ایپلی کیشن ہماری بات سمجھتی بھی ہیں اور جواب دینے کی صلاحیت بھی رکھتی ہیں۔اس کے علاوہ زبان دانی کی بہتر صلاحیتوں سے بھی متصف ہیں۔

تعمیرات کا شعبہ ہو، زراعت صنعت و حرفت بافت سازی ظروف سازی، لیدر یا پلاسٹک میکنگ غرض کہ مشینی ہاتھ ہمیں ہر وقت اور ہر جگہ دستیاب ہیں۔ تعلیم، بینکنگ، میڈیسن، ٹرانسپورٹ اور تمام دیگر شعبہ جات پوری طرح نہیں تو بہت حد تک وتخلیلائزد ہو چکے ہیں۔ میڈیکل کے شعبے میں معمولی تکلیف سے لے کر پیچیدہ امراض ٹرانسپلانٹیشن انجیو گرافی سٹی سکین، باسیاسی، آؤپسی اور سرجری کا مشکل عمل بھی ٹیکنالوجی نے آسان بنادیا ہے۔دل کے امراض کی تشخیص، دل کی وینز کی سرجری، دل کی ٹرانسپلانٹیشن اور دل کی رگوں میں خون کی روانی کو برقرار رکھنے میں مصنوعی ذہانت کا کردار قابل ستائش ہے۔ میڈیکل کے شعبے میں مصنوعی ذہانت نے امراض کی تشخیص کے بعد علاج کو پہلے کی نسبت بہت آسان بنادیا ہے۔ ہسپتالوں میں اس کا استعمال مریض کی نگرانی، دوائیوں کا صحیح استعمال، نتائج کا درست تجزیہ رپورٹس کا ڈیٹا اکٹھا کرنے اور علاج کے جدید طریقے اخذ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

میڈیکل کے شعبے کی طرح سپورٹس اور کھیلوں کے میدان میں گیمز، ریسلنگ، فائٹنگ میں مصنوعی ذہانت کا استعمال باقاعدگی سے ہورہا ہے۔اس طرح مصنوعی ذہانت کا استعمال بینکنگ میں آن لائن دھوکہ دہی ختم کرنے، ادائیگیوں کے نظام کو بہتر بنانے اور منی لانڈرنگ کے فراڈ کو روکنے میں مدد کرتا ہے۔ چھوٹی بڑی تمام کارپوریشنوں اور حکومت کا اپنا حساس ڈیٹا ڈیجیٹل فارمیٹ میں محفوظ. ہوتا ہے جسے سائبر حملوں اور چوری کا ہر وقت اندیشہ ہوتا

Scanned with OKEN Scanner

ہے۔ یہ بہت کار آمد ڈیٹا ہوتا ہے۔ اس کی حفاظت بہت ضروری ہوتی ہے۔ مصنوعی - ذہانت کے ذریعے اس میں بے ضابطگیوں کا فوری پتا لگا کر حملہ آوروں اور چوروں سے بچایا جاسکتا ہے۔ اسی طرح گھروں میں عام طور پر استعمال کے لیے ورچوئل اسسٹنٹس کا استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ آواز کی شناخت کا سافٹ ویئیر ہوتا ہے۔ گوگل اور ٹیسلا کی سیلف ڈرائیونگ کاروں کے عالاوہ ریستورانوں اور ہوٹلوں، گھروں اور ہوٹلوں میں بھی روبوٹ کام کر رہے ہیں ۔ یہاں وہ رپورٹ کی تیاری بھینس اور آلات کو کنٹرول کرنے کے کام کر رہے ہیں۔ اسی طرح انسانی جانوں کی حفاظت جیسے کام مثلاً ہم کو ناکارہ بنانا، آنے والے خطرے سے بروقت آگاہ ہونا وغیرہ میں بھی مصنوعی ذہانت سے کام لے سکتے ہیں۔ حقیقت میں تو یہ سب انسانی محنت اور کاوش کا نتیجہ ہے

"ذہنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کی آٹو گیمز بھی مصنوعی ذہانت ہی کا حصہ ہیں سوچ بچار، گہری منصوبہ
بندی اور چالاکی پر مشتمل تیم خطرنج میں بھی آرٹیفیشل انٹیلی جنس نے عالمی چمپین کو مات دے رکھی
ہے۔"

مصنوعی ذہانت سے یہ توقع کی جارہی ہے کہ آنے والے وقت میں یہ ڈیجیٹل نظام بالکل آزاد صلاحیت کا حامل ہوگا اور اس کے کنٹرول کی قوت زیادہ طاقتور ہو جائے گی۔ وقت کے ساتھ ساتھ شعبہ حیات میں انسانی عمل دخل کی راہیں محدود ہوتی جارہی ہیں۔ ٹیکنالوجی جیسے جسے خود انحصاری اور خود کاری کی طرف بڑھے گی انسانی صلاحیتیں اور قوتیں اتنی ہی محدود ہوتی جائیں گی اور انسان محنت اور مشقت سے آزاد ہوتا جائے گا۔ اس کے لیے سب کام مشینیں کریں گی۔ آنے والا دور مکمل مشینی ثقافت اور ٹیکنالوجی کی تہذیب کا دور ہوگا۔ دراصل انسان ایک نئی تہذیب کی طرف سفر کر رہا ہے۔ ایسی تہذیب یہاں انسان اپنے ہاتھوں کی بنائی ہوئی ٹیکنالوجی کا نلام ہوتا جائے گا

آٹو موبائل کی صنعت میں موبائل کی میکنگ کا تمام کام روبوٹ کرتے ہیں۔ اب تو سیلف ڈرائیونگ کمر بھی مصنوعی ذہانت کے تحت چلنے لگی ہیں اور اس طرح جہاز بھی بغیر پائلٹ کے اڑنے اور لینڈ کرنے لگے ہیں۔ شدید موسموں میں جہازوں کو متوازن رکھنے میں مصنوعی ذہانت اعلی صلاحیت کا کردار ادا کرتی ہے۔

انسان ایک مصنوعی دنیا کی تعمیر کر رہا ہے۔ جس میں ایسا مصنوعی انسان کام کرے گا جو گفتگو کی صلاحیت بھی رکھتا ہوگا، سوچ اور خیال کی دنیا سے بھی منظم طور پر وابستہ ہوگا۔ وہ انسانوں سے مکالمہ بھی کرے گا اور سوال و جواب کی صلاحیت بھی رکھتا ہوگا۔ آہستہ آہستہ مصنوعی ذہانت انسانی استعمال کے تمام شعبوں کو تبدیل کر دے گی۔ ہمارے پیداواری نظام، مواصلات، رسل رسائل اور تعلیمی نظام مکمل طور پر مضنوعی ذہانت پر انحصار کرنے لگے گا۔ ترقی یافتہ تمام ممالک اپنے دفاعی اداروں فضائی، بحری اور بری فوج کے شعبوں میں مصنوعی ذہانت سے مدد لے رہے ہیں اور اپنے تمام ہتھیاروں کو اس جدید ٹیکنالوجی سے لیس کر چکے ہیں۔ ہمارا ملک بھی اپنے دفاع کے لیے HAI رون بنانے میں کامیاب ہو چکا ہے۔

وفاقی اداروں میں AL بہت زیادہ اہمیت کی حامل ہے جس میں Air Defence
system" دشمن کے جہاز کو نشانہ بنانے کے لیے اور Loutering Munitions جو
بادلوں میں چھپے ہوئے اور بادلوں میں چھپ کر مخصوص فاصلوں سے دشمن کے ٹھکانے کو نشانہ بنا

Scanned with OKEN Scanner

سکتا ہے اور Sentry Weapons جو کہ بارڈر کے قریب نصب ہوتی اس میں کیمرہ اور
تھرمل امیج کی مدد سے دشمن کو نشانہ بنا سکتی ہے۔"

مصنوعی ذہانت ایک ایسی سہولت ہے کہ انسان آہستہ آہستہ اس کا عادی ہو جائے گا۔ بالکل اسی طرح جس طرح ہم آج گوگل ایپ پر انحصار کرنے لگے ہیں۔ تیزی سے ترقی کرتا اور بڑھتا ہو یہ ایک ایسا شعبہ ہے جس کے اثرات زندگی کے تمام پہلوؤں پر اثر انداز ہو رہے ہیں۔

فوری مطلوبہ نتائج اور وقت کی بچت نے انسانی ذہن کو بہت حد تک سہل پسند بنا دیا ہے۔ مصنوعی ذہانت کے فوائد کو دیکھتے ہوئے۔ مستقبل میں اس کے بارے میں جاننا اور سیکھنا ایک بہتر عمل ہو گا۔ عالمی اقتصادی فورم اور اسی طرح کی بین الاقوامی تنظیمیں مصنوعی ذہانت کے کردار اور اہمیت پر بات چیت کو فروغ دینے میں آگے آگے رہی ہیں۔ مصنوعی ذہانت کی ملٹری اپلی کیشنز اور خاص طور پر کمندید ریانی اور ورچوئل راپلٹی نے دفاعی سرگرمیوں اور حکمت عملیوں انقلاب برپا کر دیا ہے اور ٹیکنالوجیز اور اسٹراٹیجک فوائد بتانے میں پیش پیش ہے۔ ماحولیاتی استحکام کے نظام میں ایندھن کے متبادل تیار کرنے میں مصنوعی ذہانت کی ٹیکنالوجیز کا استعمال کیا جا رہا ہے۔ یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ متبادل ایندھن کی ایجاد کے لیے بڑے پیمانے پر ڈیٹا سٹیٹس کا تجزیہ کر کے مصنوعی ذہانت قابل استعمال توانائی پیدا کرنے کے طریقوں سے روشناس کروا سکتی ہے۔ مصنوعی ذہانت ایسے طریقوں کی بھی نشاندہی کر سکتی ہے جس سے موسمیاتی تبدیلیوں سے بروقت آگاہ ہوا جا سکتا

چند سیکنڈ میں مفید معلومات حاصل کرنے اور مطلوبہ مواد کی فراہمی کے لیے چیٹ جی پی ٹی 4 کی صلاحتیں حیرت انگیز ہیں جو بہت تیزی سے مصنوعی ذہانت کے شعبہ میں کام کر رہی ہے اور لوگوں کو اپنی جانب متوجہ کر رہی ہے۔ اس کو استعمال کرنے والوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ یہ تیزی سے ترقی کرتا اور بڑھتا ہوا ایک ایسا شعبہ ہے جس کے اثرات زندگی کے تمام پہلوؤں پر اثر انداز ہو رہے ہیں۔ اب یہ کہا جا رہا ہے کہ اس کی تیز رفتار ترقی آنے والے زمانے اور انسان کے لیے ایک بہت بڑے نقصان کا پیش خیمہ ثابت ہو گی۔ ڈاکٹر جیلری مسمن کہتے ہیں:

"ایسا نظام بنانا جو انسانی ذہانت کا مقابلہ کرے یا اس سے آگے نکل جائے نسل انسانی کے لیے تباہ کن
ہو سکتا ہے۔"

مشہور برطانوی سائنسدان اسٹیان ہاکنگ کہتے ہیں:

مصنوعی ذہانت سے انسانیت کو شدید خطرات لاحق ہیں مکمل مصنوعی ذہانت
کی ترقی نسل انسانی کا خاتمہ ایک چنگی میں کر سکتی ہے؟۔

ان سب اندیشوں اور خطرات کے باوجود یہ شعبہ دن رات ترقی کر رہا ہے۔ مصنوعی ذہانت کے تقریبا پچاس قسم کے مصنوعی نواز مارکیٹ میں دستیاب ہیں۔ جس میں ہارڈ اے آئی، جنگ اے آئی ڈیالوجی پی ٹی رسا کرٹینک، چیٹ سونک جیسپر چیٹ، لیمنڈا اور دیگر ٹوٹر شامل ہیں۔ اسی صورت حال کو دیکھتے ہوئے گوگل بھی اپنے سرچ انجن کی بہتری کے ساتھ ساتھ جدید نول بنانے کی تیاری کر رہا ہے۔ جو مکمل طور پر مصنوعی ذہانت پر انحصار کرے گا۔ اس طرح مائیکروسافٹ نے بھی ایک نیا بنگ سرچ انجن بنایا ہے جو کو پائلٹ کے نام سے معروف ہوا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

مصنوعی ذہانت کے سارے نظام اپنے طور پر کام کرتے ہیں اور انسانوں کو شامل کیے بغیر خود فیصلے کر سکتے ہیں۔ مصنوعی ذہانت سے ہر طرح کے ہتھیار بنائے جاسکتے ہیں۔ ہر طرح کے اور ہر شعبے کے لیے روبوٹ بنائے جاسکتے ہیں۔ انسانی دخل اندازی کے بغیر فوجی اپریشن ترتیب. دیے جاسکتے ہیں۔ مصنوعی ذہانت تیار کیے گئے قول ڈرون پہلے کی نسبت زیادہ کامیابی سے کام کر رہے ہیں۔ ان میں سے بعض ڈرون ایسے بھی ہیں جو ایک ہی وقت میں سو سے زیادہ اہداف کو نشانہ بنا سکتے ہیں اور یہ ایسے ڈرون ہیں جو فوری طور پر خود مختاری سے فیصلہ کرنے کی صلاحیت بھی رکھتے ہیں۔

اب ایسے ڈرون بھی تیار کیے جاچکے ہیں جو چہروں کو باآسانی شناخت کر سکتے ہیں ایک بڑے ہجوم میں سے مطلوبہ انسان کو شناخت کرنا اب ڈرون کے لیے مشکل نہیں رہا۔ یہ اعلی قسم کی ذہانت کی خاص ٹیکنالوجی سے بنائی کی مشینیں ہیں اور بہت تیزی اور جلدی سے اپنی صلاحیت میں خود سے بھی اضافہ کر سکتی ہیں۔ یہ اپنی ذہانت میں بے پناہ اضافہ کرنے کی صلاحیت بھی رکھتی ہیں۔ یوں لگتا ہے کہ آنے والے دور میں مشینیں انسان سے زیادہ ذہین ہو جائیں گی۔ ان مشینوں کی یہ ذہانت ہمیں اپنی انڈسٹریز بہتر بنانے میں مدود میں کی وصنعت و حرفت میں وسیع پیمانے پر کام میں بہتری اور پیداوار میں اضافے کا سبب بنیں گی لہذا انسانوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اس نظام کو بڑی ذمہ داری کے ساتھ محفوظ بنائیں تاکہ ہم مصنوعی ذہانت کے ان فوائد و ثمرات کے ساتھ ساتھ نقصانات سے محفوظ رہیں۔ اور یہ کام اقوام اور ممالک مل کر بہتر بنا سکتے ہیں۔

اس مصنوعی ذہانت پر انحصار اور اس کے استعمال کے حوالے سے بہت سے اندیشے اور سوالات سر اٹھا رہے ہیں۔ مگر اس کے باوجود مصنوعی ذہانت کے فوائد و ثمرات سے انکار ممکن نہیں۔ شعبہ تعلیم اور شعبہ مالیات میں بھی اس سے خاطر خواہ فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ ٹرانسپورٹ اور نقل و حمل کا شعبہ اس جدید ٹیکنالوجی سے بہت فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ مصنوعی ذہانت کی بدولت زندگی کے ہر شعبے انقلاب لایا جاسکتا ہے۔ اس وقت انسانیت سب سے زیادہ صحت کے مسائل سے دوچار ہے۔ مصنوعی ذہانت کا استعمال صحت و تندرستی کے میدان میں بہت امید افزا ہے۔ کیوں کے اس کے ذریعے بیماریوں کی درست اور فوری تشخیص ہو سکتی ہے۔ مصنوعی ذہانت سے مریضوں میں انفرادی طور پر ان کی میڈیکل ہسٹری اور جنیاتی تشخیص کر کے انفرادی علاج کی منصوبہ بندی کر سکتی ہے

حوالہ جات

1۔ غلام جیلانی خاں مستقبل کی دنیا اور مصنوعی ذہانت مشمولہ، روزنامہ پاکستان، ۱۷ اگست ۲۰۲۳ پس ۴

2۔Qualitance-com-short-history-artificial-intelligenc

3۔Short-history-of- artificial-intelligence-making mythology-a-reality

4۔Edr-magazine-eu-new Loitering munitions -from ia

5۔ ڈاکٹر جیفری ہنٹن، انٹرویو، بی بی سی کیم مئی ۲۰۲۳ء

6۔ اسٹیفن ہاکنگ، انٹرویو بی بی سی ۲۰۱۴ء

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

متن میں ترامیم اور تبدیلیاں : نوعیت اور وجوہات

پروفیسر ڈاکٹر محمد خاں اشرف،

ڈاکٹر عظمت رباب،

ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ اردو، لاہور کالج برائے خواتین یونیورسٹی لاہور

Abstract: Changes, alteration, conversions and perversion of the texts of ancient manuscripts and books is unavoidable. It always occurs in the due course of time because it is in the nature of texts when these come into contact with the dimensions of time, space, people, copying and printing processes. Every society has always maintained a standard procedure to either avoid these factors or to correct them when the changes occur. This is the essence of the science and art of Tadveen e Matn. In this article Dr. Muhammad Khan Ashraf and Dr. Azmat Rubab have pointed out the various causes and reasons which unavoidably cause changes in the texts.

متون میں تبدیلیاں ہونا، ہو جانا یا کر دیا جانا ایک ایسی حقیقت ہے کہ اس سے فرار یا انکار ممکن نہیں ، علم و ادب کی تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ متن میں تبدیلی ایک ناگزیر امر ہے (۱)۔ اس سے بچاؤ کا صرف ایک طریقہ ہے: مسلسل احتیاط، تحقیق، تقابل اور تدوین۔ یہ تبدیلیاں ہر قسم کے متون میں پائی جاتی ہیں ۔ مذہبی متون میں تبدیلیاں ہونا یا کر دیا جانا مذہبی تاریخ کا ایک حصہ ہے۔ قرآن پاک کو اس قسم کی تبدیلیوں سے محفوظ رکھنے کے لیے، جو کہ دیگر مذاہب کے صحیفوں میں پائی جاتی تھیں، خاص طریقہ وضع اور اختیار کیا گیا اور اسے ایک معجزہ قرار دیا گیا (۲)۔ اس کی تاریخ کا مطالعہ ہی ہمیں تدوین کی ضرورت، اہمیت اور ادب کے علاوہ باقی علوم و فنون سے متعلق متون میں تبدیلیوں اور ترامیم سے اور ان سے بچاؤ کے طریقوں سے آگاہ کرتا ہے اور انسانی تہذیب و تعلیم میں تدوین کے عمل کی اہمیت اور معنویت کا احساس دلاتا ہے۔ ”کہا جا سکتا ہے کہ شاید ہی ایسی کوئی کتاب ہو جو تحقیقِ متن کے اصولوں پر بعینہ پوری اترتی ہو۔“(۳)

Scanned with OKEN Scanner

متن میں تبدیلیوں کی وجوہات:

متون میں تبدیلیوں اور ترامیم کی بہت سی وجوہات ہیں ۔ان کا مطالعہ ،تدوین کے عمل کو جانچنے اور درست طریقے سے بجالانے کے لیے بہت ضروری ہے،جب تک ہمیں متون میں ان تبدیلیوں کے اسباب و وجوہات کا علم نہ ہو گا ہم تدوین کے عمل کو درست طریقے سے سمجھنے اور بجا لانے سے قاصر رہیں گے ۔متون میں کچھ تبدیلیاں اور خرابیاں خارجی اور فطری اسباب کی وجہ سے عمل میں آتی ہیں جن میں وقت ، زمانہ اور عناصرِ فطرت بھی شامل ہیں ۔کچھ تبدیلیاں انسانوں کے ہاتھوں سے ہو جاتی ہیں یا کر دی جاتی ہیں، کچھ دانستہ بھی ہوتی ہیں اور نادانستہ بھی(۴)۔چند نمایاں وجوہات واسباب کا ذکر ذیل میں کیا جارہا ہے:

ا۔وقت،زمانہ اور عناصرِ فطرت:

وقت اور زمانہ انسان کے عمل سے ماورا ہیں بلکہ یہ کہنا چاہیے کہ انسان وقت اور زمانے کے ہاتھوں میں اسیر ہے، وقت اور زمانہ سارے ہی انسانی عمل کو متاثر کرتے ہیں ۔ کتنی ہی انسانی تہذیبیں وجود میں آئیں اور مٹ گئیں ، کتنی ہی عظیم الشان سلطنتیں قائم ہو کر فنا ہو گئیں ، کچھ کے آثار بھی باقی نہیں ہیں ۔ہر دور اور تہذیب نے اپنے نقوش چھوڑنے کی کوشش کی لیکن وقت کے بے رحم ہاتھوں نے ان میں سے اکثر کو مٹا دیا۔جو چند باقی ہیں وہ بھی زوال کے اس عمل کی زد میں ہیں ۔جیسے احرامِ مصر یا جنوبی امریکہ میں ''انکا'' تہذیب کے آثار۔

متون تو ہمیشہ ہی اپنے ذریعوں کے مرہون ہوتے ہیں ، وقت کے ساتھ ساتھ ان ذریعوں میں بہت سی تبدیلیاں وجود میں آجاتی ہیں ۔ متن جن اشیا پر لکھے یا کندہ ہوتے ہیں ،ان کی سیاہی، پتھر ، چٹان، دھاتی سطح، ہڈیاں اور کاغذ وغیرہ، متون لکھنے کے لیے ان میں سے جو بھی ذریعہ استعمال ہو،ان سب کی ایک مدتِ حیات ہے،پرانے زمانوں میں متون پتھروں پر کندہ کیے گئے،وہ پتھر گھِس اور ٹوٹ پھوٹ گئے ،چٹانیں نیست و نابود ہو گئیں، کاغذ پھٹ جاتے ہیں ۔ہر ذریعے کی ایک طبعی عمر ہوتی ہے اور اس کا اثر متون پر پڑتا ہے دھات اور فولاد ختم ہو گئے، سیاہیاں اور رنگ اڑ گئے، مٹ گئے، جن لوگوں نے ان متون کو یاد کیا تھا، وہ ختم ہو گئے، کچھ کے حافظے ان کی زندگی میں جواب دے گئے، جن متون کو نقل کر کے کاغذ یا دوسرے ذریعوں میں محفوظ کیا گیا، وہ بھی ختم ہو گئے یا کر دیے گئے۔رسم الخط بدل جاتا ہے اور نئے آنے والے پرانے رسم الخط اور املا کو پڑھنے سے قاصر رہتے ہیں ۔املا بھی مسئلہ ہے(۵)۔زبان بدل جاتی ہے۔انسانی ہجرت، حکومتوں کی تبدیلی، سرحدوں کے بدلنے کا اثر زبان، تحریر اور کلچر پر پڑتا ہے۔

عناصرِ فطرت بھی وقت کے ہاتھوں میں اوزار یا ہتھیار ہیں ۔ سردی، گرمی، بارش، سیلاب، طوفان، زلزلے، انسانی آثار کے مٹانے میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں ،خود انسانوں نے دوسرے انسانوں ، تہذیبوں ، شہروں اور آثار کو مٹانے میں بڑا کردار ادا کیا ہے۔ جنگوں ، تصادمات اور انسانی ہجرت کے عمل میں متون ضائع ہو جاتے ہیں۔ ہلاکو خان نے بغداد کو برباد کر دیا، اسکندریہ کی لائبریری جلا دی گئی۔اس طرح کے عمل میں متون کے بچنے کے امکانات ختم ہو جاتے ہیں۔

۲۔انسانی تبدیلی:

Scanned with OKEN Scanner

یہ بھی دو قسم کی ہوتی ہے۔ایک دانستہ اور دوسری نادانستہ۔ جان بوجھ کر تبدیلی کرنا بہت عام ہے۔لوگ دوسروں کے متون چرا لیتے ہیں ۔ سرقہ آج بھی عام ہے،لوگ عصبیت یا انسانی فطرت کی کمزوری سے دوسروں کے متن میں ایسی تبدیلیاں کر دیتے ہیں جو مذہبی، سیاسی،ادبی تعصب یا محبت کی پیداوار ہوتی ہیں۔ کبھی نقل کرنے والے فائدہ اٹھانے کے لیے شعوری طور پر اصلاح کر دیتے ہیں یا طرف داری میں کچھ لکھ کر شامل کر دیتے ہیں ،بغیر جانے نادانستہ تبدیلی بھی نقل کی وجہ سے آتی ہے، نقل کرنے والا درست طور پر پڑھ نہیں سکتا یا درست لکھ نہیں سکتا، یا قاری کو مخطوطے کے رسم الخط یا املا سے واقفیت نہیں ہے لہٰذا غلط پڑھ اور لکھ دیتے ہیں ۔ سہوِ کتابت ایک عام غلطی ہے۔

متن میں تبدیلیوں کی اقسام:

مختلف وجوہات کی وجہ سے متن میں کئی قسم کی تبدیلیاں وقوع پذیر ہو جاتی ہیں۔چند ایک درج ذیل ہیں:

۱۔سرقہ: سرقہ کا لغوی معنی ہے چوری کیا گیا یعنی کسی دوسرے کے متن کو بغیر حوالے اور تذکرہ کے چرا کر اپنا بنا کر پیش کر دیا گیا، سرقہ تصرف کی وہ صورت ہے جہاں کوئی شخص، مصنف، شاعر یا تذکرہ نگار وغیرہ کسی دوسرے کے کلام یا متن کو اپنا بنا کر پیش کرتا ہے۔ سرقہ کی رسم ادب میں کافی پرانی ہے۔اکثر لوگ شہرت یا عزت کے لالچ میں یا اپنے رجحانِ طبع کے باعث دوسروں کے اشعار و تحریر کو اپنا بنا کر پیش کر دیتے ہیں ۔(۶) تحقیق میں سرقہ ایک بڑی بد دیانتی ہے۔

۲۔ترمیم: ترمیم عربی زبان کا لفظ ہے، یہ اسم ہے اور مؤنث ہے۔اس کے لفظی معنی ہیں مرمت کرنے کا عمل، لیکن اردو میں یہ درستی، اصلاح اور تبدیل کرنے کے معانی میں استعمال ہوتا ہے۔تدوین کی اصطلاح کے طور پر یہ کسی متن میں ایسی تبدیلی کرنے کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے جو قدیم زبان کی جدید زبان میں اصلاح یا املا کی تبدیلی کے لیے کیے جائیں ۔تدوین میں ایسی کوئی بھی تبدیلی اور اصلاح درست نہیں سمجھی جاتی اور متن کو بدلنے کا ہر عمل تدوینِ متن کے علم کے مطابق غلط اور نا قابلِ قبول ہے۔یہاں ترمیم کی درج ذیل مثال مناسب ہو گی:

غالب کی مشہور اور مقبول غزل ہے جس کا پہلا مصرع ہے:

آہ کو چاہیے اک عمر اثر ہوتے تک

مولانا حامد علی خاں کو پنجاب یونیورسٹی نے ۱۹۶۹ء میں غالب کی صد سالہ برسی کے موقعہ پر اشاعت کے لیے ”دیوانِ غالب“ کی تدوین کا کام سونپا تھا۔انھوں نے یہ کام بڑی محنت سے انجام دیا اور ان کے مرتب کردہ دیوان کو عموماً ایک مستند دیوان سمجھا جاتا ہے۔ لیکن انھوں نے متذکرہ بالا غزل کو شامل کرتے وقت اس کی ردیف کو ”ہوتے تک“ کے بجائے ”ہونے تک“ میں بدل دیا اور اسے اس طرح لکھا:

آہ کو چاہیے اک عمر اثر ہونے تک

Scanned with OKEN Scanner

اس کے ساتھ انھوں نے فٹ نوٹ بھی دیا اور لکھا ''گو غالب نے 'ہوتے تک' لکھا تھا لیکن وہ 'ہونے تک' کو 'ہوتے تک' سے بہتر خیال کرتے ہیں لہٰذا اسے استعمال کر رہے ہیں ''(۷)۔اسی طرح امتیاز علی خاں عرشی نے بھی غالب کے ایک شعر میں ترمیم کی ہے (۸) تدوین کے عمل میں ''متن'' کو ہمیشہ اصل سے وفادار ہونا چاہیے۔

۳۔سہوِ کتابت/ سہوِ کاتب: لکھتے وقت یا نقل کرتے وقت اصل عبارت کو غلط فہمی، ناواقفیت، غلط ترجمے کی وجہ سے بدل دینا/ بدل جانا۔ برصغیر میں پریس کی آمد سے پہلے اکثر مسودات خوش خط کاتب نقل کرتے تھے۔ کاتب عموماً کم سواد اور کم پڑھے لکھے ہوتے تھے لہٰذا اکثر مقامات پر الفاظ اور تحریر کو غلط لکھ جاتے تھے۔ یا تو وہ اصل لفظ کو درست پڑھ نہیں سکتے تھے یا جلدی میں ہوتے تھے یا اصل تحریر واضح نہیں ہوتی تھی لیکن سہو کی وجہ سے متن میں تبدیلی ہو جاتی تھی کہ وہ کچھ کا کچھ لکھ جاتے تھے۔ڈاکٹر گیان چند جین نے اپنی کتاب ''تحقیق کا فن'' میں اس کی کئی مثالیں دی ہیں۔

روزمرہ زندگی میں بھی ایسا ہوتا ہے کہ ہم کوئی تحریر پڑھتے ہوئے یا پروف خوانی کرتے ہوئے بعض اوقات نفسیاتی و ذہنی طور پر غلط املا کے حامل الفاظ کو درست سمجھ کر پڑھتے ہیں لیکن املا کے حوالے سے وہ لفظ درست نہیں ہوتا۔ سہوِ نظر کی بنا پر سہوِ کتابت کی غلطی سرزد ہو جاتی ہے۔ڈاکٹر اشرف نے ''دیوانِ ولی'' کی اشاعت کے دوران اس طرح کے سہوِ نظر کی بنا پر سہوِ کتابت کی اغلاط کا واقعہ بیان کیا کہ ان کا خیال تھا کہ جب یہ کتاب پہلی بار مکتبہ میری لائبریری سے شائع ہوئی تو انھوں نے اس کتاب کے پروف خود پڑھے اور بزعمِ خود انھیں یہ یقین تھا کہ اس میں پروف کی اغلاط نہیں ہوں گی لیکن جب چھپ کر آئی تو پتا چلا کہ سہوِ نظر کی بنا پر اس میں کتاب کی بہت سی غلطیاں نظر انداز ہو گئی تھیں اور اسی طرح شائع ہو گئی تھیں ۔ بہر حال اگلی اشاعت میں انھوں نے ان غلطیوں کو درست کر کے شائع کرایا۔اس واقعے کو بیان کرنے کا مقصد یہ ہے کہ سہوِ نظر کی بنا پر بہت سے اغلاط کتابت میں شامل ہو جاتی ہیں جنھیں ہم اپنے تئیں درست خیال کرتے ہیں ۔

۴۔املا اور رسم الخط: روایت اور وقت کے بدل جانے سے املا کا بدلنا یا غلط املا کی وجہ سے قابلِ فہم نہ رہنا۔املا اور رسم الخط میں عہد بہ عہد تبدیلیاں ہوتی رہتی ہیں ۔اردو املا کی بنیاد حروفِ تہجی پر ہے، یہ حروف اور ان کا املا بہت سے مسائل کا باعث ہے۔اس املا میں نقطوں اور شوشوں کی کثرت ہے جن کی وجہ سے تدوین کے کئی مسائل جنم لیتے ہیں ۔

املا اور رسم الخط کا مسئلہ علیحدہ اور تفصیلی بحث کا متقاضی ہے جس پر اہلِ علم پہلے ہی اظہارِ خیال کر چکے ہیں لیکن اس سلسلے میں مندرجہ ذیل کا خیال ضروری ہے:

الف۔ کسی بھی مصنف کے مختارات اس کی شخصیت کا حصہ ہوتے ہیں لہٰذا ان کو اسی صورت میں بحال رکھنا/ کرنا ضروری ہے۔

ب۔ کسی بھی عہد کے اتفاقیے دوسرے عہد میں اس طرح تبدیل ہو سکتے ہیں کہ نئے پڑھنے والوں کے لیے مشکل کا باعث بن سکتے ہیں لہٰذا انھیں نئے عہد کے مطابق بدلا جا سکتا ہے لیکن ایسا کرنے والے مُدوِّن کے لیے ضروری ہے کہ وہ مقدمہ میں اس کی وجوہات بیان کرے اور ان کی فہرست بھی

Scanned with OKEN Scanner

مہیا کرے۔ مثلاً ابتدائی عہد میں 'ک'' اور 'گ' کے لیے ایک ہی مرکز استعمال ہوتا تھا، بعد میں 'گ' کے لیے 'ک' کے ایک مرکز میں اور اضافہ کر دیا گیا۔ لہٰذا ایسے املا کو مدون وجوہات بیان کر کے زمانۂ جدید کے مطابق کر سکتا ہے۔

ج۔ مدون جو بھی طریقہ استعمال کرے اس کے لیے مقدمہ میں اس کی وجوہات بیان کرنا ضروری ہے ۔

۵۔ تعبیر: لکھتے یا نقل کرتے وقت مبہم یا مشکل عبارت یا الفاظ کی وضاحت اور تشریح کی خاطر کچھ الفاظ بڑھا دینا۔

۶۔ تنسیخ : نظریات بدلنے یا سوچ بدلنے یا کسی اور وجہ سے کسی مصنف کا اپنے گذشتہ متن کو منسوخ کر دینا۔ مولانا عبدالماجد دریابادی نے نظریات اور عقیدہ کی تبدیلی کی وجہ سے اپنے تمام سابقہ متون کو رد کر دیا تھا۔ ان میں ان کی کئی کتابیں شامل تھیں۔

۷۔ تصحیح : اپنے مقاصد یا خواہش کے مطابق کسی متن کی نقل کرتے وقت اس میں درستی کے نام پر تبدیلی کر دینا۔

۸۔ تصحیف: املا اور قرأت کو دانستہ بدل دینا تاکہ مصنف کے نظریات کو کسی اور روشنی یعنی بدلنے والے کے عقائد کے مطابق دیکھا یا سمجھا جائے۔

۹۔ تحریف: متن کے اصل الفاظ یا نقاط کو اس طرح بدل دینا کہ ان کے مفہوم میں فرق پڑ جائے۔

۱۰۔ تمسیخ: بارش/ نمی، کرم خوردگی، وقت یا حادثات کے باعث متن یا اس کے کچھ حصہ کا مٹ جانا، ٹوٹ جانا اور مسخ ہو جانا

۱۱۔ غلط انتساب: کسی ایک شاعر یا مصنف کے کلام یا متن کا کسی دوسرے کے نام سے منسوب ہو جانا۔ ایسا ایک جیسے تخلص، مشترکہ موضوع یا ایک جیسے اسلوب کی وجہ سے ہو جاتا ہے۔ اقبال کے نام کوئی دوسرے شعرا کا کلام منسوب ہو چکا ہے۔

۱۲۔ الحاق: کسی ایک شاعر کے کلام کا متن میں دوسرے کا کلام یا متن شامل ہو جانا یا کر دیا جانا۔ میر اور سودا کے کلام میں بہت سا کلام ایسا ہے جو الحاق شدہ ہے۔ مولانا آزاد نے اپنے استاد ذوق کا کلام مرتب کرتے وقت کئی غزلیں اپنی طرف سے لکھ کر اس میں شامل کر دیں ۔ مولانا آسی نے ۱۳ غزلیں لکھ کر غالب کے نام سے ان کے کلام میں شامل کر دیں ۔

۱۳۔ جعل: جعل کے لفظی معنی ہیں بدلنا، دھوکا، نقل پر اصل کا دھوکا دینا۔ علمی و ادبی تاریخ میں بہت سے لوگوں نے جعلی اور نقلی متن تیار کر کے اصل کے نام سے چلا دیے ۔ ولی کے کلام میں بہت سی جعلی غزلیں شامل ہو گئی ہیں ۔ تاریخِ ادب میں اس کی بہت سی مثالیں ہیں ۔ اوپر آزاد اور آسی کی دی گئی مثالیں بھی اسی ذیل میں آتی ہیں ۔

Scanned with OKEN Scanner

۱۴۔انتحال: کسی دوسرے کے متن یا کلام کو چرانا اور اپنا بنا کر پیش کرنا انتحال کہلاتا ہے۔ بہت سے لوگ دانستہ طور پر دوسروں کے متن کو چرا کر اپنا بنا کر پیش کر دیتے ہیں ۔ علم و ادب میں متن چوری کرنے کی روایت کافی پرانی ہے ۔ ابتدائی دور میں علام اقبال کی کئی نظمیں دوسروں نے اپنے نام سے علاقائی رسائل میں چھپوادیں ۔

۱۵۔توارد: توارد کے معنی ہیں وارد ہونا یا ایک جگہ اترنا۔ کئی دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ کسی ایک شخص یا شاعر کا شعر، ترکیب یا خیال ہو بہو کسی دوسرے کے ہاں پایا جاتا ہے،اسے توارد کہتے ہیں ۔

۱۶۔تصرف: تصرف کے معنی ہیں استعمال میں لانا،دست انداز، خرچ کرنا۔اصطلاح میں اس سے مراد ہے کسی متن کے الفاظ یا املا میں جان بوجھ کر ردوبدل کر دینا۔اس طرح کمی بیشی کر کے کسی غلط علمی کام میں لانا۔اکثر لوگ کسی متن کا حوالہ دیتے وقت اس میں کچھ تبدیلی کر کے اقتباس دے دیتے ہیں ۔یہ ایک علمی بد دیانتی ہے۔

۱۷۔نرم سرقہ: یہ بھی سرقہ اور ادبی و علمی چوری کی ایک قسم ہے۔جب کہ کوئی شخص اپنی ہی کسی تحریر یا متن کو اپنے کسی ایک مقالے یا مضمون سے جو پہلے کسی سند یا اشاعت کے لیے پیش کیا جا چکا ہو، لے کر کسی دوسرے مضمون میں بغیر حوالہ دیے اور بغیر عبارت کو تبدیل کیے،استعمال کرتا ہے اور یہ تاثر دیتا ہے کہ یہ ایک نئی تحریر ہے،اکثر سکالر اپنے کسی ایسے مقالہ سے جو ڈگری کے لیے پیش کیا گیا ہو، ہو بہو مضمون نکال کر اور نیا عنوان دے کر یعنی نیا بنا کر پیش کر دیتے ہیں ۔ تحقیقی مقالات میں بھی ایسا کیا جاتا ہے کہ ایم فل والے موضوع ہی کو پی ایچ ڈی میں لیا جاتا ہے اور پہلے والا سارا مواد ڈاکٹریٹ کے مقالے میں شامل کر دیا جاتا ہے۔یہ بھی ادبی و علمی سرقہ ہی کی ایک قسم ہے۔

۱۸۔حذف: حذف کے معنی ہیں دور کرنا یا گرا دینا،اصطلاح میں اس سے مراد ہے کہ کسی لفظ یا عبارت کو اصل متن سے ہٹا دینا یا دور کر دینا۔ یہ غیر ارادی طور پر بھی نقل اور تحریر کرتے وقت بھی ہو سکتا ہے اور ارادی طور پر بھی تاکہ متن کو کسی مخصوص مقصد کے لیے استعمال کیا جا سکے خاص کر اقتباسات اور مثالوں کے لیے۔ بعض اوقات ایسے مصرعے اور آثار و اشعار کا بھی اکثر حصہ لکھتے وقت حذف کر دیا جاتا ہے جو کہ کثیر الاستعمال ہوں خاص کر مقدس آیات کا شروع کا لفظ لکھ کر اکثر حصے حذف کر دیے جاتے ہیں۔

۱۹۔نظری: نظری کے لفظی معنی ہیں وہ چیز جو نامنظور ہو، نظر سے گرا ہوا، پامال، خیالی اور قیاسی۔اصطلاحی طور پر اس سے مراد وہ متن اور کلام ہے جسے کوئی عالم، ادیب یا شاعر رد کر دے اور اسے منسوخ قرار دے کر اس سے قطع تعلق کر لے۔ یہ عموماً اس وقت ہوتا ہے جب نظریات اور خیالات میں تبدیلی واقع ہو جائے مثلاً مولانا عبدالماجد دریابادی آغازِ جوانی میں آزاد خیال تھے، بعد میں انھوں نے توبہ کی اور اپنی تمام ابتدائی تحریروں کو نظری قرار دے کر منسوخ کر دیا۔(ایسا کلام یا متن جو لکھنے والا رد کر دے(درج بالا سطور میں مختصراً ان تبدیلیوں کی نشاندہی کی گئی ہے جو دورانِ تدوین، متن میں راہ پا جاتی ہیں ۔ان کی تفصیل کے لیے ملاحظہ کیجیے :

اشرف اللغات (مؤلفین: ڈاکٹر محمد خاں اشرف،ڈاکٹر عظمت رباب)،سنگ میل پبلی کیشنز لاہور،۲۰۱۸ء

Scanned with OKEN Scanner

حوالہ جات

۱۔ڈاکٹر نذیر احمد، مضمون ''تحقیق و تصحیحِ متن کے مسائل''، مطبوعہ ''نقوش'' لاہور، مارچ ۱۹۶۳ء، ص ۵۔۲۰، مشمولہ ''اردو میں اصولِ تحقیق (انتخابِ مقالات) جلد اول مرتبہ ڈاکٹر ایم سلطانہ بخش، مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد، ۱۹۸۶ء، ص ۳۰۷

''کوئی متن ایسا نہ ہوگا جو ہر قسم کے سقم سے پاک ہو۔''

۲۔ایضاً، ص ۳۰۸

۳۔ایضاً، ص ۳۰۶

۴۔ڈاکٹر گیان چند، تحقیق کا فن، مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد، ۱۹۹۶ء

۵۔اشرف اللغات (ادب، تنقید، تحقیق و تدوین کی اصطلاحات کا تشریحی لغت)، ڈاکٹر محمد خان اشرف، ڈاکٹر عظمت رباب، سنگِ میل پبلی کیشنز لاہور، ۲۰۱۸ء، ص ۳۲۴

۶۔ڈاکٹر گیان چند، محولہ بالا، ص ۲۱۸

۷۔مولانا حامد علی خاں، دیوانِ غالب، پنجاب یونیورسٹی لاہور، ۱۹۶۹ء،

۸۔مولانا امتیاز علی خاں عرشی، دیوانِ غالب، مجلس ترقی ادب لاہور، مقدمہ، ص ۷۸

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

نگاهی به شعر طالب آملی در وصف کشمیر و جهانگیر

ڈاکٹر مہتاب جہاں

بخش فارسی دانشگاه دهلی

چکیده : دراین مقاله سعی شده است که اشعار زیادی در بارهٔ وصف کشمیر وستایش جهانگیر آن یک جا جمع بشوند۔ و برای خوانندگان چیز تازه ای راجع به طالب آملی از دوران کودکی به تحصیل دانش وادب پرداخت ودر علوم زمان خود، هندسه، فقه، ادبیات عرب وشعر وحکمت استاد گردید واز خوشنویسان به نام خط نستعلیق زمان خود گردید وآشنائی طالب بازهره آعاز شاعری اور قم می زند وبرای اعتبار وشهرت وبرای رسیدن به عشق خود اولین سفر خود را آغاز وپس از بر گشت از سفر وخیانت زهره، طالب برای همیشه زادگاه خود را ترک وراه سفر در پیش گرفت وباطی مدارج ترقی از کاشان، اصفهان ومرو وهند وباتوانمندی و کیاست خود به بالاترین منصب ادبی زمان خود ملک الشعرائی دربار هند رسید۔

واژه‌های کلیدی : طالب آملی، پادشاه جهانگیر، کشمیر

محمد طالب آملی متخلص به طالب مشهور به ملک الشعرأطالب آملی از شاعران وگویندان بنام قرن یازدهم هجری وازارکان اربعه شعر سبک هندی است۔ طالب در سال ۹۹۴ هجری در آمل متولد شدودر سال ۱۰۲۶ هجری وفات یافت۔ در تاریخ وفاتش اختلافات زیاداند. می گویند مقبره اودر شهر فتح پور سیکهری در شمال هند، درجوار مقبره دوست بزرگوارش اعتمادالدوله تهرانی، صدراعظم مشهور هند قرار دارد۔ طالب آملی در هند به اوج قله شعر رسید و به مقام ملک الشعرایی دربار دست یافت ودر ۴۲ سالگی در اوج شرف واعتبار در گذشت۔

طالب آملی در حدود سال ۱۰۱۶ هـ ق از مرو رهسپار هند گردید وآنجا در حقیقت از سال ۱۰۱۶۔ ۱۰۲۰ هـ ق یعنی در حدود چهار سال در شهرهای هند سر گرداں بود ودر جستجوی کسی که بتواند با برخورداری از حمایت او به زندگی خویش بپردازد به این شهر وآن شهر می رفت۔ در این مدت طالب از شهرهای هند، سرهند، ملتان، لاهور، آگره ودهلی وشهرهای کوچک دیگر که در فواصل آنها قرار گرفته، دیدن کرد ودر هریک شهر چند ماهی اقامت نمود وبا بزرگان و مخصوصاًاد باوشعرای مقیم شهرهای نامبرده ملاقات هایی داشت از جمله در لاهور به خدمت پیشوایان فرقه قادریه یعنی شمس الدین قادری لاهوری وشاه ابوالمعالی لاهوری رسید. طالب آملی قصیده ای در توصیف لاهور وستایش یکی از پیشوایان متصوفه آن شهر به احتمال قوی شاه ابوالمعالی لاهوری سروده است۔ ابیات زیر از آن قصیده است۔

خوشا لاهور وفیض آبِ لاهور به طاعت میل شیخ وشاب لاهور

Scanned with OKEN Scanner

نیابی از اهل هندوستان گروهی به دل نزدیکی ارباب لاهور

به آسایش گرت میل است طالب به روی بستر سنجاب لاهور

میان بگشا و خوش واکش که در هند فراغت نیست جز در خوب لاهور

خدایا زندهٔ جاوید دارش به آبِ خضر یعنی آب لاهور

در این سال ها زندگی طالب به ناکامی می گذشت، شعر و شاعری و هنر او نتوانسته بود نظر بزرگان هند را به خود جلب کند. چون طالب با گذشت مدتی در حدود چهار سال از تلاش های خود در شهرهای بزرگ هند نتیجه ای نگرفت از طرفی آوازهٔ هنر دوستی و سخن پروری میرزا غازی ترخان حکمران سند و قندهار راشنیده و قصیده ای در ستایش او سرود و به قندهار فرستاد اولین بیت قصیده بدین قرار است.

جو گل تکیه بر بستر خار دارم نگاهی ز حسرت گرانبار دارم

صف آرای تیغ و قلم خان غازی که لب در ثنایش گهربار دارم

جدا از آشناش ز اشک دمادم سر آستین رشک گلزار دارم

میرزا غازی پسر مرزا جانی ترخان بود، میرزا جانی حکمرانی سند را در دورهٔ اکبر شاه به عهده داشت و پس از مرگ او میرزا جانی حکمرانی سند را در دورهٔ اکبر شاه به عهده داشت و پس از مرگ او میرزا غازی که دوازده ساله بود. جانشین پدر شد وی در سال ۱۰۲۰ هـ ق به فرمان جهانگیر شاه قندهار را نیز ضمیمهٔ حکومت خود کرد و آن شهر را در فرمانروائی خود قرار داد. در همین شهر بود که طالب به دربار او پیوست. میرزا غازی شاعر توانا و هنرمندی شائسته بود در نواختن آلات موسیقی و آوازخوانی استادی کامل داشت. در نغمه پردازی و طنبور نوازی بی نظیری بود و همه ساز ها را خوب می نواخت. تخلص میرزا غازی در شعر وقاری بود. دیوانی از او باقی مانده که در حدود پنج هزار بیت شعر دارد. نمونهٔ شعرش ابیات زیر حاصل طبع شاعرانهٔ اوست:

بر من دو جهان بی رخ تو حلقه میم است جانی که ندارم ز فراغت به دو نیم است

گریه ام گر سبب خندهٔ او شد چه عجب ابر چون گریه نماید رخ گلشن خندد

در عهد تو مارا همه باغیر خطاب است سرپنجهٔ مژگان و گریبان عتاب است

میرزا غازی پس از مطالعهٔ اشعار طالب و آشنائی با شرح احوال او سخت مایل به هم صحبتی وی شد و شخصاً دعوت نامه ای برای او فرستاد، طالب در آگره در فصل باران نامهٔ میرزا غازی را دریافت کرد و بدون توجه به اشکالات مسافرت درین فصل عازم قندهار شد و درین سفر سختی های فراوان دچار شد. در ان هنگام سختی های را که در ضمن سفر به او رو نموده، شرح می دهد.

Scanned with OKEN Scanner

مشقت سفر ورنج راہ وشدت وی ببست نطق مرادست گوھر افشانی

درین سفر کہ نصیبم مباد دیگر بار بہ گونہ گونہ غمم بود و محنت جانی

تمام راہ بدستور بختیان سحاب در آب دیدۂ خود داشتم قدم رانی

ز آگرہ تا بہ خیابان گلشن لاہور رفیق بودم باابرھای بارانی

چو بخت یافت بہ ملتان سلامتم از رشک چھار ماہ در آن قلعہ داشت زندانی

زمکث ملتان نزدیک شد بدان کہ مرا بدل شود لقب آملی بہ ملتانی

کنون کہ آمدہ ام از تو چشم آنم ھست کہ روی تربیت از بخت من نگردانی

اگرچہ دورۂ اقامت طالب در قندھار و مجالست او با میرزا غازی چند ماہی بیش نبود ولی این دورۂ چند ماھہ از درخشان ترین ادوار زندگی شاعرانۂ اوست۔ توجہ خاص میرزا غازی خان بہ طالب و شعر فہمی او بر آن داشت کہ شب و روز در تکاپو خلق آثار شاعرانۂ نغز و زیبا باشد۔ چندین قصیدۂ بلند و تعداد غزل و رباعی و ترکیب بند محصول این چند ماہ زندگی اوست۔

میرزا غازی در سال ۱۰۲۱ھ ق بہ دست غلامی مسموم و بہ قولی خفہ شد و با مرگ او انجمن ادبی قندھار از ھم پاشید و بار دیگر در پدری طالب آغاز شد در سوگ مرگ میرزا غازی اشعاری غم انگیز دارد :

بہ تن ھر موی طالب را سیہ پوش بہ مرگ نکتہ دان دھر غازی است

چشمہ آفتاب شد ھر چشم کاو بر آن سایۂ خدای گریست

طالب پس از مرگ میرزا غازی بہ آگرہ باز گشت و در این سفر بود کہ در آگرہ با مولف میخانہ آشنا شد۔ طالب بعد ازان بہ دربار چین قلیچ خان حاکم پیشاور منسلک شد۔ حاکم بہ گرمی پذیرائی او کرد و طالب را بہ ھمدمی خود بر گزید و در سفر و حضر ہمیشہ وی را ھمراہ داشت۔ مہربانی و محبت او باعث شد کہ طالب خاطرۂ تلخ مرگ میرزا غازی فراموش کرد و با دل و جان بہ خدمت و ستایش خان پیشاور بپردازد. قصیدہ ای است کہ در توصیف فصل باراں موسمی ھند و ستایش چین قلیچ خان سرودہ است۔

دم صبح و ھوای برشکال است چمن جولانگہ باد شمال است

بیا ساقی تو مطرب شو تو قوال کہ دور صاحب فرخندہ فال است

Scanned with OKEN Scanner

سخندان چین قلیج آن خان جم قدر کہ آب گوھر جاہ وجلال است

نزدیکانش شد۔ واز کار بر کنار گردید و بار دیگر آوارگی طالب آغاز شد و بہ ناچار بہ آگرہ باز گشت و بد بختانہ، چین قلیج خان دچار، اختلاف خانوادگی و دسیسۂ یکی از بزرگان ایرانی دربار جہانگیر یعنی دیانت خان راہ یافت۔

:دیانت خان حامی و مشوق ایرانیان مھاجر بہ ھند و وسیلہ آشنائی آنان با بزرگان ھند بود۔ طبع شاعرانہ ای داشت۔ بیت زیر سرودہ اوست

اشکم دوید و دامن زلفش گرفت و گفت ای تیرہ شب نقاب مشو آفتاب را

دیانت خان پس از آشنائی با طالب و پی بردن بہ قدرت او در سخن آفرینی بہ وی پیدا کرد و او را ھمراہ خویش بہ مجالس بزرگان پای تخت برد۔

بہ زودی اشعار طالب مورد قبول عامہ گرفت و شہرت طالب بہ جایی رسید کہ شاہ جانگیر مایل بہ دیدار او شد، و طالب بہ توسط دیانت خان بہ دربار جہانگیر راہ یافت و در سال ۱۰۲۸ھ ق بہ ملک الشعرائی رسید۔ جہانگیر ھم در این بارہ در توزک خود می نویسد۔" در این تاریخ یعنی روز دھم دی ماہ سال چہاردھم سلطنت جہانگیر مطابق با سال ۱۰۲۸ھ ق طالب آملی بہ خطاب ملک الشعرایی خدمت امتیاز پوشیدہ اصل او از آمل است۔ یک چند با اعتماد الدولہ می بود، " چون رتبہ سخنش از ھمگنان در گذشت در سِلک شعرای پای تخت منتظم گشت۔

جہانگیر، نور الدین محمد پسر اکبر شاہ امپراتور بزرگ ھند بود۔ در دوران ولایت عہدی بہ نام شاھزادہ سلیم معروف بود۔ و بدین جھت او را سلطان سلیم نیز می نامند، مثلاً طالب آملی در جہانگیر نامہ این بیت زیر را سرودہ است۔

سران سپہ را چو شد آگہی چہ سلطان سلیمی چہ اکبر شھی

منظور ش سلطان سلیمی ھمان جہانگیر است۔

جہانگیر از سال ۱۰۱۶ تا ۱۰۳۷ھ ق در ھند سلطنت کرد۔ دورۂ سلطنت او در ھند تصادف با پادشاہی شاہ عباس کبیر در ایران بود۔ او مشوق ادبا و ھنرمندان ایرانی بود۔ ادبیات و شعر پارسی و ھنر ایرانی در ھند در دورۂ سلطنت او بہ اوج اعتلای خود رسید۔ و دوران پادشاہی او در خشان ترین او دار سبک ھندی است۔ از لحاظ کثرت شعرا و تشویق آنان و رواج شعر و شاعری دربار او را میتوان با بارگاہ سلطان محمود غزنوی مقایسہ نمود۔ جہانگیر اشعار زیبای سرود۔ و در این جہانگیر است۔ زمینہ چنانکہ مشہور است شاگرد فیضی ملک الشعرا اکبر شاہ بود۔ ابیات زیر حاصل شاعرانۂ

ساغری می بر سر گلزار می باید کشید ابر بسیار می بسیار می باید کشید

جہانگیر خاطرات دورۂ زندگی خود را با نثری زیبا در قسمت اول کتاب توزک جہانگیری بہ پارسی ثبت نمودہ است۔ این کتاب مجموعۂ مستندی از تاریخ ھند در دورۂ او ست۔ واز مطالعہ آن میتوان بہ افکار و عادات و وضع اجتماعی دوران زندگانی او پی برد۔

Scanned with OKEN Scanner

طالب از سال ۱۰۲۸ تا ۱۰۳۶ اھ ق کہ سال وفات اوست ملک الشعرای جہانگیر بود و سمت ریاست بر مجمع ادبی دربار او را داشت۔ وی در این مقام علاوہ بر شرکت در مراسم رسمی و سرودن قصاید بہ مناسبت جشن ھای مذہبی و درباری وظیفۂ انتخاب و معرفی شعرای تازہ وارد بہ شاہ را نیز بہ عہدہ داشت. وی در رکاب جہانگیر بہ مسافرت در اطراف و اکناف ھند پرداخت، اولین مسافرت او در مقام ملک الشعرائی سفر کشمیر است کہ در سال ۱۰۲۹ اھ ق صورت گرفت طالب از این سفر با خاطرہ ای خوش باز گشت و در اشعار خود از این سفر بہ خوبی یاد می کند۔ ابیات زیر در وصف کشمیر انتخاب شدہ است۔

بیا کہ مجمع خوبان دلبر باا ینجاست کرشمہ ھا ھمہ اینجا و ناز ھا اینجاست

قدم ز خطۂ کشمیر بر نمی دارم مقیم مرکز عیشیم و جای ما اینجاست

مدہ بہ غارت بیگانہ کشور دل خویش کہ ترکتاز نگہ ھای آشنا اینجاست

کجا بہشت و کجا بزم بادۂ ای زاھد تو دل بجای د گر بستہ ای و جا اینجاست

جوان شو از نفسم ھم نشین مرو بہ چمن اگر بہ کسب ہوا میروی ہوا اینجاست

تو فاضلی نظر از قبلہ ای افاضل جو پنای فضل جہانگیر پادشاہ اینجاست

خطہ کشمیر کہ بہ سرزمین ھند نشان بہشت می باشد طالب آملی در بارۂ توصیف کشمیر ابیات فراوان سرودہ است۔ غزل زیر را ھم در مدح جہانگیر و در وصف کشمیر سرودہ است۔ لحن طالب خیلی سادہ است۔

فیض پیالہ بحشند آب و ھوا ہی کشمیر از خشت خُم نہادند گویی بنای کشمیر

چون خاک عشق بازان ھر لحظہ بر مشانم بوی محبت آید از کوچہ ھای کشمیر

شاہنشہ جہانگیر چیدا ز ہوائی او گل خوش مستجاب گردید آخر دعای کشمیر وصف بھشت جاوید از عاشقان آن پرس ما را ز بان نگر در جُز ثنائی کشمیر

ھر کس پی تماشا کردند خوش فضایی رضوان فضای جنت طالب فضای کشمیر۔

زیر ھم در مسافرت کشمیر سرودہ است۔ قصیدۂ

نواع مرغ طرب این بود بہ گاہ صفیر کہ بادہ ای ھند است و گل، گل کشمیر

ز ھند اگرچہ گل و بادہ نافعند و مفید می عراق و گل پارس را بہ مفت مگیر

مرا کہ صورت باغ بہشت در نظر است سزد کہ تازہ کنم روح بلبلان بہ صفیر

Scanned with OKEN Scanner

چون وصف گلشن کشمیر می کنم فرض است که شُویَم این دھنِ تلخ را بہ شکر و شیر

گر این نمونۂ جنت بہ خواب بینید حُور دلش ز لذت سیرِ بہشت گردد سیر

چنانکہ گفتہ شدہ کہ طالب آملی صدھا شعر در وصف کشمر سرودہ در بارہ ای سفر بہ کشمیر ود شوار ھای راہ و زیبای ھا آن قصیدہ آن متجاوز از صد بیت سرودہ۔ ابیات زیر را ملاحظہ بکنید۔

شد آسان طی رہ دشوار کشمیر بہ اقبال شہنشاہ جہانگیر

قدم بر تیغ کوھی گشت گستاخ کہ بروی نگذرد پوینده نخجیر

رھی کردیم طی کز پیچ و تابش بہ دندان لب گزد مارِ شکن گیر

رھی باریک تر از تیرِ مژگان براو چسبیده رھرو چون پرِ تیر

رھی جانسوز تر از برق خنجر رھی باریک تر از نوک شمشیر

بہ ھر منزل غلط گفتم بہ ھر گام ھزاران طفل نابالغ شدی پیر

چرا چون عمرِ اژدھا دراز است کہ کوتہ باد عمر راہِ کشمیر

طالب آملی در ابیاتی بالا راہ ھای دشوار کشمیر تذکر دادہ است ود ر این ابیات تشبیہات و استعارات کہ بکار بردہ است کاملاً جداگانہ نوین ھستند۔

در ابیاتی زیر در بارۂ میوہ ھا و شجر و پرندگان کشمیر با آھنگ خوبی سرودہ است۔

ظھور میوہ و گل با شکوفہ بہ یک موسم در او چون باغ تصویر

بہ ھر سو بیدِ مجنونی نشستہ بہ پا پیچیدہ آبی ھمچون زنجیر

ز یک سو قُمریاں در نالۂ زار ز یک سو بلبلان در نغمۂ زیر

مدام از لالہ و گل تا بود نام بہ گلزار بہشت و باغ کشمیر

گلِ کشمیر و نوروز دل افروز مبارکباد بر شاہِ جہانگیر

ریاحین بر زمینِ پر نگارش چو بر دیبای رنگارنگ تصویر

Scanned with OKEN Scanner

طالب آملی شاعر برجسته بود۔ در اقامت هند سراسر این کشور سفر کرد و در هر شهرهای هند سعی کرد که زیبائی را تلاش کند۔ و آن را در سفرش سُفت۔ ابیات زیر از قصیده زیبائی است در این در مدح جهانگیر اول به وصف حال خود پرداخته و بار دیگر از اقامت طولانی در ملتان شکوه میکند۔ سپس تجدید مطلع نموده به ستایش شاه می پردازد۔

آمیخته برق نفس چون کشم آهی در خرمن گردون نگذارم پر کاهی

از چاک گریبان من آشوب دلم پرس دعوی جنون را به ازین نیست گواهی

ملتان بمثل ششدر و من مهره عجیب نست گر مهره ز ششدر نبرد بیرون راهی

:طالب آملی در قصیده دیگری هم در بارهٔ ملتان و آهویش بد ذکر کرده است

:می گوید

ز ملک ملتان نزدیک شد بر آنکه مرا بدل شد لقب آملی به ملتانی

درین مضیق ملامت چهار ماه بُدم بسان مهره به ششدر تمام حیرانی

طالب آملی همانطور که قبلاً ذکر شد که در مسافرت های جهانگیر که به شهری های تحت فرمان روایش همیشه در ملازمت وی بود و در مدت ملک الشعرایی خود از بیشتر شهرهای بزرگ و نقاط جالب هندوستان دیدن کرد، قطعه زیر را هنگامی که به اتفاق شاه از کابل دیدن می کرد در توصیف بناهای که در آن شهر بر پاشده بود سروده است۔

بحکم شاه نورالدین جهانگیر که هر لب نذر او دارد دعائی

به عیش آبادِ کابل یافت تعمیر همایوں منزلی عالی بنائی

سخن کوته در این شهرِ طرب خیز مهیا گشته خوش دلکش بنائی

نه چون کابل به عالم هست شهری نه زین سان قلعه در آفاق جای

مبارک بر جهاں نداری که مثلش نبود است و نباشد پادشاهی

طالب آملی در جهانگیر نامه هر جا که بنام جهانگیر می رسد از جان و دل به ستایش او می پردازد و در باره مسافرت خود به کابل و جشنی که جهانگیر در باغ مزبور ترتیب داده چنین می گوید۔

Scanned with OKEN Scanner

به کابل برآراست جشنی به باغ که نوروزِ جمشید را کرده داغ

می آمد به مجلس چون رنگین بهار وزد چهره بزم شد لاله زار

می دوستکامی به ساغر پرست گرز دست دادی که از چشم مست

: جای دیگر ابیاتی ستایش جہانگیر

جهاندار عادل جهانگیر شاه که چترش کله گوشه ساید به ماه

زرحمت نشانی به عدل آیتی به خلق خدا از خدا لطف غایتی

اخترِ مردمی شناسندۂ جوهرِ آدمی فرزندۂ

درایام آن عادل دادرس زنوشیروان مانده نامی وبس

نگارندا گرنام او اختران به فیروزه هفتمین آسمان

: طالب آملی نه تنها در قصیده مدح جہانگر ابیاتی سرود بلکه در غزلیاتی خود هم به مدح شاه پرداخته برای نمونہ چند ابیاتی از غزلیاتی وی

بازم زرخ از پیاله چمن در چمن شگفت هر موی من گل شد و بر روی من شگفت

بر هر زمین که سرو قد من قدم نهاد زان خاک دسته دسته گل و یاسمین شگفت

زیر لب از تبسم اورفت نکته ای ناگه مرا چوں غنچه زبان در دهن شگفت

در نو بهار عدل جهانگیر پادشاه گلزار طبع طالب رنگین سخن شگفت

:چند بیت دیگر

شکارگه خوش و صحرا خوش است وراه خوش است

هوا چو عهد جهانگیر پادشاه خوش است

شگفته رویی دهر از نشاط صحبت اوست

جهاں چرا نبود خوش جهان پناه خوش است۔

Scanned with OKEN Scanner

دمید، صبحِ سعادت بنوش، بادۂ عیش

بلی، نشاط صبوحی بہ صبحگاہ خوش است

سرم بہ راہ تو خوشتر بود کہ چشم بہ راہ

تو را گمان کہ مگر چشم من بہ راہ خوش است

مشو جدا نفسی ز آستانِ او طالب

کہ قبلہ نور فشان است و قبلہ گاہ خوش است

:در دیوان طالب آملی رباعیات در حدود ۷۵۰ است، در این هم ستایش جهانگیر وجود دارد۔ برای نمونۂ یک رباعی بدین قرار است

چون شاہ جہانگیر شہ نیک صفات .بنمود عیان چشمۂ نور از ظلمات

خضرش بہ کنار چشمہ چوں دید، بگفت جا کردہ سکندر بہ لب آب حیات

:رباعی دیگر

امروز کہ روز وزن شاهنشاه است

بر خود بالد هر آنکہ دولت خواه است

دلوست ترازوی و شهنشه یوسف

لیک آن یوسف کہ دشمنش در چاه است۔

:نتیجہ گیری

حالا میتوان گفت کہ شاعر ما طالب آملی در وصف وستایش کشمیر صدها شعر سروده است او بر کشمیر از جان فریفته بود علاوه بر این مداح زبردست مختصر سعی کرده جهانگیر پادشاه بود۔ چون در کلیاتش در هر صنف شعر مثلاًدر قصیده، در غزل، در رباعی در ستایش و مداحی شاه وجود دارند۔ بنده در این مقالۂ ام ابیات کہ با موضوع مقاله ام متعلق اند. اشعار زیادی پیدا بکنم وهدف مقاله خودم را کسب بکنم۔ نمی دانم بنده چقدر موفق شده ام۔ بر خوانندگان گرامی و شنوندگان می گذارم کہ منصف بشوند۔

Scanned with OKEN Scanner

: ماخذ و منابع

۔زندگی نامہ و کارنامہ ادبی طالب آملی؛ دکتر فرامرز گودرزی سازمان چاپ و انتشارات، وزارت فرھنگ وارشاد اسلامی، چاپ اول پاییز ۱۳۸۲ھ، ش ۱

۔ملک الشعرا طالب آملی، فکر و فن: ڈاکٹر آصفہ ربانی، طابع نامی پریس، لکھنو ۱۹۷۸ عیسوی ۲

،۔کلیات اشعار ملک الشعرا طالب آملی: بااھتمام تصیح و تحاشیہ ۳

،طاہری شہاب، از انتشارات کتابخانۂ سنائی۔بی تا ۱۳۴۶ھ ش

۔تذکرۂ طالب آملی (معہ انتخاب کلام) لیفٹیننٹ کرنل خواجہ عبدالرشید، ۱۹۶۵م۔کراچی فیروز سنٹر، کراچی۔ ۴

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

ڈاکٹر معصوم شرقی کی رباعیات فکر و فن کے آئینے میں

ڈاکٹر محمد اقبال، آئی۔ جرمن
اسسٹنٹ پروفیسر، صدر شعبہ اردو
بی۔ شنکر انند آرٹس اینڈ کامرس ڈگری کالج
کڈچی، تعلقہ رائے باغ، ضلع بیلگاوی

تلخیص: ڈاکٹر معصوم شرقی پچاس سے زائد برسوں سے اردو زبان وادب کی خدمات میں مشغول ہیں۔ ڈاکٹر معصوم شرقی نے نثر میں پی۔ ایچ۔ ڈی کا تحقیقی مقالہ، تنقیدی، تحقیقی، علمی وادبی مضامین، تذکرہ اور فن و شخصیت پر تصانیف شائع کر کے لائق ستائش کام کیا۔ اسی طرح انھوں نے شاعری میں غزلوں، نظموں اور رباعیوں کے مجموعے شائع کر کے خود کو ادب کا ایک مخلص و بے لوث خادم ثابت کیا۔

اس مقالے میں ڈاکٹر معصوم شرقی کا مختصر تعارف پیش کر کے ان کی رباعیات کو فکر و فن کے آئینے میں دیکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔

کلیدی الفاظ: عصر حاضر کے حالات کے عکاس رباعیات

ڈاکٹر معصوم شرقی کا اصل نام عبد الغفار انصاری ہے لیکن وہ ادب کی دنیا میں اپنے قلمی نام ڈاکٹر معصوم شرقی کے نام سے جانے پہچانے جاتے ہیں۔ ڈاکٹر معصوم شرقی 4 نومبر 1948ء کو باری پاڑہ، کانکی نارہ، 24 پرگنہ (شمالی کلکتہ) میں پیدا ہوئے۔ ڈاکٹر معصوم شرقی کے والد کا نام محمد شفقت علی انصاری اور والدہ کا نام زہرہ بی بی ہے۔

ڈاکٹر معصوم شرقی نے ابتدائی وثانوی تعلیم کے بعد اردو و فارسی میں ایم اے پاس کیا اس کے بعد اردو میں پی۔ ایچ۔ ڈی کی اعلیٰ ڈگری حاصل کی۔ ڈاکٹر معصوم شرقی کے پی۔ ایچ۔ ڈی کا عنوان "نظیر ثانی اشک امرتسری "تعارف، تنقید اور تدوین کلام" ہے۔ ڈاکٹر معصوم شرقی درس وتدریس کے پیشے سے وابستہ رہے۔ انھوں نے حمایت الغربا ہائر سکنڈری اسکول کانکی نارہ میں بحیثیت مدرس ملازمت کی جہاں وہ اردو و فارسی زبان وادب کی تعلیم دیتے رہے۔ 2008 میں ڈاکٹر معصوم شرقی نوکری سے سبکدوش ہوئے اور ادبی کاموں میں پہلے سے زیادہ مصروف ہو گئے۔ ڈاکٹر معصوم شرقی کی مطبوعہ تصانیف اس طرح ہیں۔

- عکس تاب (غزلیات کا مجموعہ) اشاعت 2009ء
- نظیر ثانی اشک امرتسری: تعارف تنقید اور تدوین کلام (تحقیقی مقالہ) 2012ء

Scanned with OKEN Scanner

- ادب جہاں(تنقید، تجزیہ اور تفہیم) 2015ء
- ادب واحتساب(تحقیقی علمی،ادبی ، مضامین) 2016
- کلکتے کاادبی ماحول: بیسویں صدی میں(دوسرا ایڈیشن) تذکرہ2016
- تراوش قلم(فن وشخصیت) 2017
- لمحوں کے قدم(نظمیں) 2017
- تنقید و تحلیل(تنقید و تحقیق) 2021ء
- ادب وعصر(تنقید و تجزیہ) 2022
- لذت سنگ(غزلیات)2023
- سخن زار(رباعیات) 2023
- اقبال بحر بیکراں(تحقیق) 2024

ان تصانیف کے علاوہ متعددہ اخبارات ورسائل میں ڈاکٹر معصوم شرقی کے مضامین، تبصرے اور منتخب کلام شائع ہوئے ہیں اور ان کی کچھ کتا بیں ابھی زیر ترتیب ہیں۔ ڈاکٹر یاسمین سلطانہ صدیقی نے ڈاکٹر معصوم شرقی کی شخصیت اور علمی وادبی خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے ایک جگہ تحریر کیا ہے:

" معصوم شرقی برسوں تک درس وتدریس کے پیشے سے وابستہ رہتے ہوئے علمی خدمات انجام دیتے رہے اور ساتھ ہی بحیثیت قلم کارادب کے میدان میں نثری وشعری اصناف سخن کے ذریعے اپنی تخلیقات وتحریروں کے سہارے سماج کی اصلاح کرنے میں مشغول رہے اور یہ سلسلہ ہنوز جاری ہے۔ معصوم شرقی ملنسار، مخلص، ہمدرد ونرم مزاج انسان ہیں اور ان کی تحریریں بھی پاکیزہ و سچے فن کی عکاس ہیں۔"

(عکس ادب(اردو) سہ ماہی اورنگ آباد،اپریل تاجون 2019ء۔ شمارہ نمبر 27۔ صفحہ نمبر 34)

ڈاکٹر معصوم شرقی کی ادبی خدمات کے صلے میں انھیں متعدد اعزاز واکرام اور انعامات حاصل ہوئے جن کی تفصیلات اس طرح ہیں۔

☆اعزاز واکرام:

- سابق رکن مغربی بنگال اردو اکادمی، کلکتہ (34 برس)
- ممبر ایڈوائزری کمیٹی" پریشد بارتا" ویسٹ بنگال بورڈ آف سکنڈری ایجوکیشن، کولکاتا
- سکھشا پرسار سمیتی بھاٹ پاڑہ(شمالی کولکاتا)اعزازی مومنٹو1997ء
- "انشاءایوارڈ برائے کلکتہ کا عصری ادب نمبر" اعزازی مومنٹو2000
- ہوڑہ رائٹرز ایسوسی ایشن: اعزازی مومنٹو2012
- حلقہ سخنوراں ہوڑہ: اعزازی مومنٹو2013ء
- اردو سوسائٹی مٹیا برج" کلکتہ،اعزازی مومنٹو2013

Scanned with OKEN Scanner

- بزم ادب اور تمل ناڈو اردو پبلی کیشنز، چنئی: کاوش بدری ایوارڈ 2015

☆انعامات:

- علامہ رضا علی وحشت ایوارڈ 2013(مغربی بنگال اردو اکادمی) برائے شاعری
- پرویز شاہدی ایوارڈ 2013(بہار اردو اکاڈمی پٹنہ) برائے تنقید
- قاضی عبدالودود ایوارڈ 2014(بہار اردو اکاڈمی) برائے شاعری
- علامہ رضا علی وحشت ایوارڈ 2015(مغربی بنگال اردو اکاڈمی) برائے تنقید
- شانتی رنجن بھٹاچاریہ ایوارڈ 2016(مغربی بنگال اردو اکاڈمی) برائے تحقیقی خدمات
- ادب واحتساب 2016(اتر پردیش اردو اکاڈمی) برائے ادبی خدمات
- علامہ راشد الخیری ایوارڈ 2020(مغربی بنگال اردو اکاڈمی) برائے فن و شخصیت

ڈاکٹر معصوم مشرقی کی عمر 76 برس کی ہو چکی ہے مگر ابھی وہ تھکے نہیں ہیں وہ خود اس بارے میں کہتے ہیں:

کہنے کو سبکدوش تو ہم ہو گئے معصومؔ
اک لمحہ بھی لیکن ہمیں فرصت نہیں ملتی

75 برس کی عمر میں ڈاکٹر معصوم شرقی نے 'سخن زار' کے نام سے رباعیات کا مجموعہ شائع کیا جو نہ صرف قابل ستائش ہے بلکہ قابل رشک بھی ہے۔ کیوں کہ شعری صنف رباعی کا فن مشکل ہے اسی لئے اکثر شعراء اس خار زار وادی میں جانے سے کتراتے ہیں۔ ڈاکٹر فراز حامدی نے رباعی کے موجد پر بات کرتے ہوئے اس فن کے متعلق ایک جگہ تحریر کیا ہے:

" رباعی کی چار مصرعی صنف سخن دراصل شعرائے عجم کی دین ہے، اسے دوبیتی، ترانہ، جفتی اور چار مصرعی سے موسوم کیا جاتا تھا لیکن اب اردو شعراء اسے "رباعی" کے نام سے جانتے ہیں۔ رباعی کا موجد ابوالحسن رودکی ہے چنانچہ اس سلسلے میں غلام محمد بن عیش خوارزمی رقمطراز ہیں کہ عید سعید کے موقع پر رودکی کہیں جارہے تھے کہ راستے میں چند لڑکوں کو جوز بازی کرتے دیکھا، تماشائیوں کا ایک مجمع کثیر وہاں موجود تھا، گیارہ سال کے ایک لڑکے نے جوز کچی میں ڈالے سب کچی میں جا پڑے مگر ایک باقی رہ گیا اور وہ لڑھکنے لگا جس کو دیکھ کر لڑکا بے ساختہ چلا اٹھا۔" غلطاں غلطاں ہمی رود تا لب گور" رودکی نے اس جملے کو عروض کے مطابق موزوں پایا تو اس کے لئے بحر ہزج سے چوبیس اوزان استخراج کئے اور "دوبیتی" کا نام تراشا ملحوظ رہے کہ بحر ہزج کے علاوہ رباعی اگر کسی اور بحر میں کہی جائے گی تو وہ رباعی قطعہ کے زمرے میں آئے گی۔"

(سہ ماہی توازن مالیگاؤں، سلسلہ نمبر 46 ستمبر تا دسمبر 2001ء صفحہ نمبر ۵۵)

☆ڈاکٹر معصوم شرقی کی رباعیات فکر و فن کے کسوٹی پر:

ڈاکٹر معصوم شرقی نے 2023 میں سخن زار کے عنوان سے رباعیات کا اپنا پہلا مجموعہ شائع کیا (152) صفحات پر مشتمل اس مجموعے میں ڈاکٹر معصوم شرقی کے (250) رباعیات شامل ہیں جو مختلف موضوعات کا احاطہ کرتے ہیں۔ ڈاکٹر معصوم شرقی نے ہر صفحے پر دو دو رباعیات سیٹ کی

Scanned with OKEN Scanner

ہیں اگر وہ ہر صفحے پر تین تین رباعیات شامل کرتے تو یہ مجموعہ اور کچھ کم صفحات پر شائع کیا جا سکتا تھا۔ڈاکٹر معصوم شرقی نے اپنے اس مجموعے کو مرشد فن ، مشہور صوفی شاعر محمد سعید سرمد کے نام کیا ہے، جن کی رباعیات سے وہ بے حد متاثر ہیں۔ڈاکٹر معصوم شرقی نے،ایک رباعی محمد سعید سرمد کی نذر کی اور اپنی محبت وعقیدت کا ثبوت دیا یہ رباعی اس طرح تخلیق ہوئی

بر چرخ ادب مثل قمر تھے سرمد
دریائے رباعی کے گہر تھے سرمد
تھا ان کا تصوف سے تعلق معصومؔ
مجموعۂ خوبی و ہنر تھے سرمد

ڈاکٹر معصوم شرقی کی رباعیات پر اظہار خیال کرتے ہوئے کوثر صدیقی (بھوپال) نے تحریر کیا ہے:

" ڈاکٹر معصوم شرقی کی نگاہ بہت وسیع ہے، خیالات کے اظہار و بیان پر قدرت کاملہ ہے۔ لفظیات کے گنج گراں مایہ کے مالک ہیں۔انہوں نے چاہے رباعیوں کا انبار نہ لگایا ہو لیکن جتنی رباعیاں کہی ہیں وہ رباعی کے فنی تقاضوں کے مطابق ہیں۔ان کا ایک فکری نظام ہے۔ موضوعات میں تنوع ہے۔ معصوم شرقی کی رباعیوں میں موجودہ عصر، اس کے مسائل اور نزدیک و دور رونما واقعات وحوادث کے عکس کے ساتھ ان کی گونج بھی ہے۔"

(سخن زار(رباعیات)ڈاکٹر معصوم شرقی۔2023۔ مطبع ایچ ایس آفسیٹ پرنٹرز، نئی دہلی۔

صفحہ نمبر ۱۱)

عصر حاضر کے حالات کی ڈاکٹر معصوم شرقی اپنے رباعیات میں عمدہ عکاسی کی ہے۔بطور نمونہ یہ چند رباعیات پیش ہیں: .

سہما ہوا انسان سدا رہتا ہے
کب خوف بھلا دل سے جدا رہتا ہے
کس وقت کوئی حادثہ پیش آجائے
ہر وقت یہ اندیشہ لگا رہتا ہے

سہما ہوا ، دبکا ہوا، گھبرایا ہوا
پیچیدہ مسائل میں ہے الجھایا ہوا
زندہ ہے مگر زندہ دلی سے عاری
کیوں آج کا انسان ہے مرجھایا ہوا

Scanned with OKEN Scanner

مطلب کے لئے یاروں کی یاری ہے
اس دور میں مشکوک وفاداری ہے
کس طرح کسی کی ہو محبت پہ یقیں
اظہار محبت بھی اداکاری ہے

معدوم محبت کا نشاں ہے بھائی
ہر گام پہ نفرت کا دھواں ہے بھائی
ہیں آدمی دنیا میں تو لاکھوں لیکن
پر آدمیت ان میں کہاں ہے بھائی

اپنا ہو کوئی یا ہو بیگا نہ کوئی
ہمدرد نظر اب نہیں آتا کوئی

اس دور میں ہے سب کو اپنی ہی فکر
دیتا ہے یہاں کس کو سہارا کوئی

ڈاکٹر معصوم شرقی کے رباعیات میں متعدد موضوعات شامل ہیں۔ مختلف موضوعات نے ان کی رباعیوں کو دھنک رنگ بنادیا ہے۔ ڈاکٹر امیر حمزہ (دہلی) نے ڈاکٹر معصوم شرقی کی رباعیات کے موضوعات پر اظہار خیال کرتے ہوئے تحریر کیا ہے:

" موضوعات کے اعتبار سے معصوم شرقی کی رباعیات کی بات کی جائے تو ان کے یہاں حمد، شہر کلکتہ، جبر و قدر، خود بینی، فطرت، دنیا، زندگی، لوگوں کے ساتھ معاملات زندگی، حالات وطن و دیگر موضوعات کی رباعیاں ملتی ہیں۔"

(سخن زار (رباعیات) ڈاکٹر معصوم شرقی، 2023ء مطبع: ایچ ایس آفسٹ پرنٹرز، نئی دہلی
صفحہ نمبر 20)

ڈاکٹر معصوم شرقی نے حمدیہ رباعیات بھی تخلیق کی ہیں جو دلوں پر گہرا اثر چھوڑتی ہیں۔ اللہ کی تعریف اردو زبان ادب کا ہر شاعر کرتا ہے اور اپنے انداز سے اسے اشعار میں ڈھال ڈھالتا ہے۔ ڈاکٹر معصوم شرقی نے بھی اپنے انداز سے اللہ تعالیٰ کی رباعیات میں اس طرح تعریف کی ہے:

خورشید کے چہرے پہ چمک تیری ہے
تاروں پہ بھی نورانی جھلک تیری ہے
تیرے ہی کرشمے ہیں جہاں میں ہر سو

Scanned with OKEN Scanner

نوخیز گلوں میں بھی مہک تیری ہے

تخلیق اسی کی ہے زمیں ساری دیکھ
باغات میں پھولوں کی حسیں کیاری دیکھ

اڑتی نظر آتی ہیں جو شاخ گل پر
ان تتلیوں کے جسم کی گلکاری دیکھ

سارا ہی عرب تیرا ، عجم تیرا ہے
ہو دیر و کلیسا کہ حرم تیرا ہے
ہے سب پہ ترے رحم و کرم کی بار
ہم پر بھی اے اللہ کرم تیرا ہے

اللہ تعالیٰ نے بنائی دنیا
ہر طرح کی چیزوں سے سجائی دنیا
ہر سمت تھا ایک عالم ہو جب طاری
فردوس مکینوں سے بسائی دنیا

ڈاکٹر معصوم شرقی نے رباعیوں میں بہترین منظر نگاری بھی کی ہے مثال کے طور یہ رباعی پیش ہے:

سبزے پہ عیاں قطرہء شبنم دیکھا
گلشن میں گل و خار کو باہم دیکھا
شاخوں کی لچکتی ہوئی با نہیں دیکھیں
ہر چیز پہ اک حسن مجسم دیکھا

کلکتہ کے نامور شاعر حلیم صابر نے فن رباعی اور ڈاکٹر معصوم شرقی کی رباعیات کو فکر و فن کی کسوٹی پر پرکھتے ہوئے تحریر کیا ہے:

Scanned with OKEN Scanner

" رباعی واحد صنف سخن ہے جس کے چوبیس اوزان شجرۂ اخرب اور شجرۂ اخرم مقرر کئے گئے ہیں۔ زیادہ تر رباعیاں شجرۂ اخرم کی بحر بروزن " لاحول ولا قوۃ الا باللہ " ملتی ہیں۔ معصوم شرقی نے بھی اسی پر زیادہ تر رباعیاں کہی ہیں۔ لیکن شجرۂ اخرم میں بھی ان کی کچھ رباعیاں ملتی ہیں اس سے بحر رباعی سے ان کی واقفیت کا اندازہ ہوتا ہے۔"

(سخن زار (رباعیات) ڈاکٹر معصوم شرقی۔ 2023ء۔ مطبع: ایچ ایس آفسٹ پرنٹرز، نئی دہلی بیک پیج)

ڈاکٹر معصوم شرقی کی رباعیوں میں آسان اور عام فہم الفاظ ملتے ہیں۔ حالاں کہ ان کے خیال کی بلند پروازی اتنی نہیں ملتی جتنی رباعی کے فن کے لئے ضروری ہے۔ رباعی کا آخری مصرع زیادہ اہم ہوتا ہے جب تک کہ اس مصرعے کا حق ادا نہ کیا جائے رباعی دل و دماغ پر زیادہ اثر انداز نہیں ہوتی۔ ڈاکٹر معصوم شرقی کی رباعیات میں سادگی، پاکیزگی، سنجیدگی، شگفتگی، شائستگی اور خلوص کے ساتھ محبت ملتی ہے۔ ڈاکٹر معصوم شرقی نے کولکاتا اور مغربی بنگال کو موضوع بنا کر جو رباعیات تخلیق کی ہیں وہ نادر ہیں اور ان رباعیات سے ڈاکٹر معصوم شرقی کی اپنے شہر اور علاقے کی محبت جھلکتی ہے۔ کلکتہ اور مغربی بنگال پر تخلیق کردہ ڈاکٹر معصوم شرقی کی رباعیات فن کے معیار پر بھی پوری اترتی ہیں اس لئے یہ زیادہ اہم ہو جاتی ہیں۔ ڈاکٹر معصوم شرقی نے اپنے مجموعے میں سب سے پہلے اسی موضوع کی رباعیوں کو شامل رکھا ہے، بطور نمونہ چند رباعیات پیش ہیں:

آماج گہہ علم و ہنر کلکتہ
ہے وحشتؔ و پرویزؔ کا گھر کلکتہ
اس شہر سے ہے نسبت قلبی مجھ کو
رکھتا ہے مجھے محوِ سفر کلکتہ

آنکھوں میں ہے آباد سدا خواب جنوں
دیتے ہیں ہمیں داد جو ارباب جنوں
کرتا ہے جہاں اہل جنوں کی تعظیم
بخشا ہے اسی شہر نے آدابِ جنوں

شہر کلکتہ کی نہیں کوئی نظیر
ہر سمت ہے خوباں کی نمایاں تصویر

معروف ہے زلف بنگالہ کی چھاؤں
تھے حسن طرحدار کے غالبؔ بھی اسیر

Scanned with OKEN Scanner

پیارا نہ بھلا کیوں ہم کو ہو بنگال
رکھتا ہے پر سکون جو ہم کو بنگال
ملتا ہے سبق نذرلؔ وٹیگورؔ سے وہ
دیتا ہے ہمیں درس وفا جو بنگال

ہے ہم کو جی جان سے پیارا بنگال
ہے اپنے جینے کا سہارا بنگال
اس بات کو سوچے گا کل سارا جہاں
جو سوچتا ہے آج ہمارا بنگال

ابتدائی وار تقائی دور کے رباعیات تخلیق کرنے والے شعرا میں قلی قطب شاہ، ملا وجہی، میر تقی میر، مصحفی، حسرت لکھنوی، میر انیس، درد، الطاف حسین حالی، امجد حیدر آبادی، جگت موہن لال رواں، جوش ملیح آبادی، یگانہ، فراق، اور عصر حاضر کے شاہ حسین نہری، ڈاکٹر اسامہ ابن آدم، ڈاکٹر یوسف صابرؔ اور ڈاکٹر معصوم شرقی بھی شامل ہیں۔ ڈاکٹر معصوم شرقی نے رباعیات کا مجموعہ شائع کر کے اردو ادب کی تاریخ میں رباعیات کے حوالے سے خود کو درج کر لیا ہے۔ مقبول احمد مقبول، ناوک حمزہ پوری، فرحت حسین خوشدل اور ان جیسے کئی متعدد نامور شعراء ہیں جنوں نے صنف رباعی کی تخلیق میں اپنے انمٹ نشان چھوڑے۔ رباعی گو میں ایسے شعراء بھی شامل ہیں جنہوں نے رباعیوں کے دیوان شائع کئے۔ ان میں شاہ حسین نہری اور ڈاکٹر اسامہ ابن آدم بھی ہیں۔ ڈاکٹر معصوم شرقی نے اپنے رباعیوں میں خود کے اوصاف بھی بیان کئے ہیں، چند رباعیاں بطور نمونہ پیش ہیں۔

نظروں سے زمانے کی نہ مقصود رہا
میں محفل دنیا میں موجود رہا
تھا دل میرا بغض و حسد سے خالی
لیکن اے معصومؔ میں محسود رہا

سانسوں میں مری فکر و تخیل ہے ضم
کرتے ہیں عطا قرطاس و تحریک و قلم
معصوم مری جان ہے تخلیق ادب
لکھوں نہ اگر میں تو نکل جائے دم

Scanned with OKEN Scanner

ڈاکٹر معصوم شرقی نے محنت، محبت، نفرت، تعصب، خودداری، مطلب پرستی، خوش فہمی، انسانی فطرت، جدوجہد اور حوصلے کے علاوہ بھی کئی موضوعات پر رباعیات تخلیق کی ہیں۔ڈاکٹر معصوم شرقی ادب برائے زندگی کے قائل ہیں، ان کی رباعیات بھی ادب برائے زندگی کی عکاس ہیں۔ڈاکٹر معصوم شرقی، حالی سے قریب نظر آتے ہیں۔

تلخیص:(Summery)

ڈاکٹر معصوم شرقی نے پچاس سے زائد برسوں تک اردو زبان وادب کی زلفیں سنواری ہیں۔ڈاکٹر معصوم شرقی ادب برائے زندگی کے قلم کار ہیں۔ان کی رباعیات بھی ادب برائے زندگی کی عکاس ہیں۔ڈاکٹر معصوم شرقی کا کلام مبالغہ آرائی سے پاک نظر آتا ہے۔ڈاکٹر معصوم شرقی کی رباعیات میں پاکیزگی، شائستگی، نرمی، حقیقت نگاری، نصیحت، سادگی، تصوف کا رنگ، فلسفہ، زندگی کے مسائل، زوال انسانیت، فن کی پختگی، سنجیدگی، درس اخلاق اور سماج کے اصلاحی پہلو ملتے ہیں۔ڈاکٹر معصوم شرقی نے اردو زبان وادب کی انتہائی محنت، لگن وخلوص کے ساتھ خدمت کی، وہ خود اس بات کو اپنی ایک رباعی میں کہتے ہیں :

لیلیٰ فن کو بھی نکھارا برسوں
گیسوئے سخن کو بھی سنوا را برسوں
حمد و نعت و قطعہ ، رباعی و نظم
کرتا رہا میں مشق گوارا برسوں

ڈاکٹر معصوم شرقی نے یوں تو متعدد موضوعات پر رباعیات تخلیق کی ہیں مگر حالات حاضرہ پر انھوں نے زیادہ توجہ دی ہے۔ڈاکٹر معصوم شرقی نے سماج میں ہو رہی برائیوں اور غلط کاموں پر چوٹ کی ہے۔ڈاکٹر معصوم شرقی نے دوسرے موضوعات کے مقابلے میں عصر حاضر کے حالات پر زیادہ رباعیاں تخلیق کی ہیں اور سماج کو آئینہ دکھایا ہے، اس موضوع کی پر یہ بھی رباعیات 'سخن زار' میں شامل ہیں۔

نفرت کی وبا دل میں پلے گی کب تک
تخریب کے سانچے میں ڈھلے گی کب تک
لرزاں ہیں در و بام محبت معصوم
آندھی یہ تعصب کی چلے گی کب تک

ماحول محبت کا بنایا جائے
نفرت کے چراغوں کو بجھایا جائے
دینا ہے مساوات و اخوت کو فروغ

Scanned with OKEN Scanner

دنیا سے تعصب کو مٹایا جائے

عاصی کا ہو چہرہ کہ ولی کا چہرہ
مشکوک نظر آیا سبھی کا چہرہ
ہر چہرے پہ اک چہرہ کسی کا دیکھا
ہے آج کہاں اپنا کسی کا چہرہ

"سخن زار" میں اپنی بات کے تحت ڈاکٹر معصوم شرقی نے فن رباعی کے تعلق سے بڑا اچھا بیان رقم کیا ہے۔ اسی بیان کو تحریر کر کے اس مقالے کو ختم کرتے ہیں۔

" رباعی کی دنیا میں قدم رکھنا برہنہ پا ایک خارزار میں پاؤں رکھنے کے مترادف ہے۔ رباعی ایک تخلیقی اور عروضی عمل ہے جس کے اظہار کے لئے سخت ریاضت کی ضرورت ہوتی ہے۔ میں نے اس فن کو فن کی طرح برتا ہے اور بصیرت وبصارت سے انصاف کی پوری کوشش کی ہے۔ ادب کی دنیا میں رباعی ایک مقبول ومشہور صنف ہے اور اس کی مقبولیت وشہرت کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ مختصر ہونے کے باوجود اس میں معنویت اور جامعیت کا ایک وسیع جہاں پوشیدہ ہوتا ہے۔"

(سخن زار (رباعیات) ڈاکٹر معصوم شرقی۔ 2023۔ صفحہ نمبر ٦)

☆☆☆

☆کتابیات

1. عکس ادب (اردو) سہ ماہی اورانگ آباد۔ اپریل تا جون 2019، شمارہ 27
2. سہ ماہی توازن، مالیگاؤں سلسلہ نمبر 46۔ ستمبر تا دسمبر۔ 2019
3. سخن زار (رباعیات) ڈاکٹر معلوم شرقی 2023ء
4. جدید شاعری کے ارتقار میں غیر مسلم شعراء کا حصہ۔ ڈاکٹر یوسف صابر۔ 2016
5. دیوان حالی۔ پبلشرس: رام نرائن لال کمار۔ 1985ء
6. تاریخ ادب اردو۔ علیم صبا نویدی۔ 2006
7. اسباق ادب۔ ڈاکٹر سید عقیلہ غوث۔ 2020

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

جھارکھنڈ میں اردو غزل کی منفرد آواز: اختر مدھوپوری

ڈاکٹر جہانگیر احمد
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ اُردو،
آر۔ایس۔مور کالج،
گووند پور، دھنباد، جھارکھنڈ۔

تلخیص: اختر مدھوپوری کی غزلیہ کائنات میں روایت سے جڑاؤ بھی ہے اور نئی راہوں کی تلاش بھی۔ انہوں نے اپنے فکر و فن کے امتزاج سے نت نئے جہان معانی وا کئے اور غزل کو تازگی بخشی۔ ان کو مشرقی اقدار، اپنی مٹی کی خوشبو اور تہذیبی جڑوں سے بے حد لگاؤ تھا۔ ان کے شعری نقوش میں عملی زندگی کے وہ صدہا تجربات اجاگر ہیں جن کو انہوں نے زندگی کے تلخ حقائق سے روبرو ہو کر حاصل کئے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی غزلوں میں یاس و ناامیدی کے ساتھ عزم و حوصلہ بھی ہے۔ ان کی حسیت محض اپنی ذات تک محدود نہیں ہے بلکہ اس میں ایک عالم شامل ہے۔ ان کی غزلوں کے موضوعات عام طور پر معرفت و تصوف، حیات و کائنات اور اخلاقیات و فلسفہ پر محیط ہیں۔ اختر مدھوپوری کی غزلوں میں احساسات، خیالات، معنی آفرینی اور طرز بیان کی تازگی قاری کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔ ان کی شاعری کے مطالعہ سے بخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ وہ نہ صرف شاعرانہ تدبیر کاری سے باخبر ہیں بلکہ شاعری کی بھرپور تفہیم، تحسین اور جمالیاتی قدروں سے بھی واقفیت رکھتے ہیں۔ ان کی غزلوں میں فحاشی یا سوقیانہ پن کا کوئی گزر نہیں ہے۔ ان کی شعری بساط میں تہ دار اور باالواسطہ اسلوب کے بجائے متوازی بیانیہ اور بظاہر اکہرے اسلوب میں بھی اعلیٰ درجہ کی شاعری کے عناصر موجود ہیں۔ اختر مدھوپوری کا شعری مجموعہ "کلیات اختر" ہے۔

کلیدی الفاظ: غزل، مطلع، قطعہ بند، مقطع، وزن، بحر، قافیہ، ردیف، تغزل

شہود الحق اختر مدھوپوری جھارکھنڈ کے شعرا میں ایک منفرد مقام رکھتے ہیں۔ وہ 18/جنوری، 1929 کو مدھوپور، ضلع دیوگھر، بہار میں پیدا ہوئے اور 7/فروری، 1996 کو اس دار فانی سے کوچ کر کے اپنے مالک حقیقی سے جا ملے۔ اختر مدھوپوری کی طبیعت میں شوخی اور فکر میں رعنائی تھی۔ حق گوئی اور بیباکی ان کی ذات کا غالب عنصر تھا جس کی وجہ سے وہ سچ کے برملا اظہار سے کبھی نہیں چوکتے تھے۔ دوران تعلیم ہی ان کا ادبی ذوق و شوق پروان چڑھنے لگا تھا جس کو شعراء کی صحبتوں اور مدھوپور کی پر کیف و پر بہار فضا نے مرور وقت کے ساتھ اور گہرا کر دیا تھا۔

Scanned with OKEN Scanner

فنون لطیفہ میں ہر فن کی اپنی امتیازی خصوصیات ہوتی ہیں جن کی وجہ سے وہ دوسرے تمام فنون سے ممتاز ہوتا ہے۔ شاعری جو لطیف انسانی جذبات و احساسات کی اظہاریہ ہے اور جس کو صدیوں سے کسی قوم کی تہذیبی ارتقاء کا ایک پیمانہ گردانا گیا ہے، اس کی بھی اپنی امتیازی خصوصیات ہیں۔ ان میں ایک اہم خصوصیت اس کا الہامی ہونا ہے۔ اردو کے عظیم شاعر اسد اللہ خاں غالبؔ شاعری کی اسی خصوصیت کو بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں:

آتے ہیں غیب سے یہ مضامیں خیال میں
غالب صریر خامہ، نوائے سروش ہے

لیکن شعر و شاعری میں صرف مضامین ہی اہم نہیں ہوتے بلکہ اس میں الفاظ کا دروبست اور انداز بیان بھی مساوی اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ شاعری الفاظ کے توسط سے وجود میں آتی ہے اس لئے اگر خیالات بلند و بالا ہوں مگر اس کو پیش کرنے والے الفاظ سبک و شیرین نہ ہوں یا ان کو سلیقے سے استعمال نہ کیا ہو تو اعلیٰ خیالات بھی وہ لطف و تاثیر پیدا نہیں کر پاتے جو دل کو چھو سکیں۔ شعر و سخن کے اسی اہم نکتہ کو بیاں کرتے ہوئے اردو کے نامور شاعر خواجہ حیدر علی آتشؔ نے، جو اپنی شاعری میں زبان کا حسن اور رعنائی کی وجہ سے جانے جاتے ہیں، کہتے ہیں:

بندش الفاظ جڑنے سے نگوں کے کم نہیں
شاعری بھی کام ہے، آتش مرصع ساز کا

شاعری کی شعریات میں ان دو نکات کا اہم کردار ہے۔ اگر کوئی شاعر و سخنور ان نکات کی روشنی میں اپنے فن کا اعتراف کرا پانے میں کامیاب ہو جائے تو وہ اپنی شاعری میں حیات جاوداں پا سکتا ہے۔ ایک کامل شاعر کی طرح اخترؔ مدھوپوری نے بھی تمام اصناف شعر و سخن میں طبع آزمائی کی اور اپنی جدت طراز خلاقانہ ذہن و دماغ سے کام لے کر شعر و سخن کے بہترین نمونے پیش کئے ہیں۔ ان کے اثاثۂ شاعری میں حمد و نعت، منقبت، غزل، نظم، رباعی، قطعہ وغیرہ سبھی شامل ہیں اور سبھی اصناف شاعری کو انہوں نے سلیقہ مندی اور فنی مہارت کے ساتھ برتا ہے۔ لیکن ان کا اصل میدان، غزل گوئی ہے۔ اردو شاعری کی آبرو، غزل اپنے اندر بے انتہار عنائی، دلکشی اور تاثیر رکھتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ زمانے کے نامساعد حالات اور تنقید کے تیر و نشتر کے باوجود آج بھی غزل پوری شان و شوکت کے ساتھ عصری حسیت کی معیت میں آگے بڑھنے میں ہمہ تن مصروف ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ عوام میں اردو کی مقبولیت بڑھانے میں غزل کے ایجاز و اختصار، رمز و ایما، بلاغت و غنائیت اور دریا کو کوزے میں سمیٹنے کی صفت کا ہی سب سے بڑا کردار ہے۔ بقول رشید احمد صدیقی:

"غزل اردو شاعری کی آبرو ہے۔ ہماری تہذیب غزل میں اور غزل ہماری تہذیب میں ڈھلی ہے اور دونوں کو سمت و رفتار ایک دوسرے سے حاصل ہوئی ہے۔" (1)

غزل کی شدید رمزیت، داخلیت، ماورائیت اور کلیت اسے خاص بناتی ہے۔ غزل کے ہر شعر کے اختصار میں وہ جامعیت ہوتی ہے جو قاری کے لیے مختلف جہان معانی وا کرتی ہے۔ غزل میں بظاہر اجمال و اختصار ہوتا ہے لیکن اس میں پنہا معانی ہمہ گیر ہوتے ہیں۔ جس طرح دیگر اصناف میں تفصیل یا صراحت کامیابی کی شرط ہے، اسی طرح غزل میں اجمال اور کلیت کامیابی کی اولین شرط ہے۔ اسی بات کو وزیر آغا یوں کہتے ہیں:

Scanned with OKEN Scanner

''غزل کے شعر میں بات اشارے کنائے سے آگے نہیں جاتی۔اس میں تخیل اور تجزیئے کا وہ عمل مفقود ہے جو نظم میں ابھرتا ہے۔ یہ غزل کا نقص نہیں بلکہ اس کے مزاج کی ایک کیفیت ہے اور اسی میں غزل کا سارا حسن پوشیدہ ہے۔ ایمائیت اور رمزیت کا یہ عمل خود کو ہزار روابط اور تشبیہات واستعارات میں اجاگر کرتا ہے۔'' (2)

غزل میں تعمیم کا پہلو آپ بیتی کو جگ بیتی بنا دیتا ہے جس سے ہر شخص اپنی استعداد کے مطابق شاعر کی روداد کو اپنی روداد سمجھ کر اس سے لطف اندوز ہوتا ہے۔ غزل کے دو مصرعوں میں کسی واقعہ کی پوری تفصیل کی گنجائش نہیں ہوتی ہے اس لئے غزل کا شاعر مختلف طریقوں سے اس واقعے کی شدت کو قاری تک منتقل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ وزیر آغا کے بقول:

''غزل بت پرستی کی ایک صورت بھی ہے اور بت شکنی کا ایک عمل بھی۔ اس میں جز کا تحرک بھی ہے اور کل کا تھپک کر سلا دینے والا ہاتھ بھی۔ لیکن دلچسپ بات یہ ہے کہ غزل میں ان دونوں پہلوؤں کا بیک وقت وجود ضروری ہے۔ جہاں ایسا نہیں ہوتا اور وہ کسی ایک پلڑے کی طرف واضح طور پر جھک جاتی ہے تو اس سے غزل کا مزاج بری طرح مجروح ہوتا ہے۔ اردو غزل کے تدریجی ارتقا میں ایسے ادوار بھی آئے ہیں جن میں غزل 'توازن' کی اس صفت کو برقرار نہیں رکھ سکی اور اس لیے کبھی تو خالص بت پرستی اور کبھی خالص تخیل پسندی کی رو میں بہہ گئی۔ تاہم بحیثیت مجموعی اس نے اپنی بنیادی صفت سے انحراف نہیں کیا۔ اردو غزل کی کامیابی کی وجہ جواز یہی ہے۔'' (3)

ہیئت کے اعتبار سے غزل ایک پابند نظم ہے جس کے ہر شعر کا دوسرا مصرع ہم قافیہ اور اکثر ہم ردیف ہوتا ہے۔ غزل کا پہلا شعر مطلع کہلاتا ہے جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ اور مردف غزل کی صورت میں ہم ردیف بھی ہوتے ہیں۔ ایک سے زیادہ مطلع ہو تو دوسرے مطلع کو حسن مطلع کہا جاتا ہے۔ غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص شامل کرتا ہے مقطع کہلاتا ہے۔ غزل کے اشعار اور ہر شعر کے دونوں مصرعے ہم وزن بھی ہوتے ہیں۔ وزن طے کرنے کے لیے بحریں تخلیق کی گئی ہیں جن میں کچھ بڑی بحریں ہیں اور کچھ چھوٹی بحریں۔ مسعود حسین خان مطلع، ردیف، قافیہ، مقطع اور بحر کو ہیئت کے اعتبار سے غزل کے اجزائے ترکیبی مانتے ہیں۔ یوں تو غزل میں مقطع کا التزام ضروری نہیں ہے لیکن اس کے سرمایے میں بغیر مقطع کی غزلیں بہت کم ہیں۔ مطلع اور مقطع غزل کے لازمی عناصر میں شمار نہ ہونے کے باوجود اس قدر کثیر الاستعمال ہیں کہ ان کے بغیر غزل نامکمل سی محسوس ہونے لگتی ہے اور ان کے وجود سے غزل کی ہیئت کی شناخت میں آسانی ہو جاتی ہے۔

غزل کی ہیئت کو طے کرنے میں وزن اور قافیہ کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ بحر، قافیہ اور ردیف کے امتزاج سے غزل کی زمین تیار ہوتی ہے۔ بحر کے ساتھ قافیہ و ردیف کی نحوی مناسبت سے غزل کی زمین رواں و سبک ہوتی ہے۔ بحر، قافیہ اور ردیف سے غزل کا بنیادی تعلق ہوتا ہے کیونکہ بحر کے صوتی نظام میں ہی قافیہ و ردیف کے صوتی و نحوی تصرف سے غزل کے شعر کی تعمیر ہوتی ہے۔ کلام موزوں کے لیے وزن لازمی ہے اور وزن کی بنیاد ارکان ہیں۔ ارکان کے مناسب امتزاج سے بحر وجود میں آتی ہے۔ اردو شاعری میں بنیادی طور پر عربی ارکان اور ان کے مخصوص امتزاج سے بنی ہوئی بحریں

Scanned with OKEN Scanner

رائج ہیں۔ چونکہ یہ بحریں فارسی شاعری کے توسط سے اردو شاعری میں داخل ہوئیں اس لئے وہی بحریں اردو میں رائج ہیں۔ بحر کے ارکان پنج حرفی یا سات حرفی ہوتے ہیں جنہیں ارکان افاعیل کہتے ہیں۔

جس طرح بحر، قافیہ، مطلع اور مقطع غزل کی ہیئت کی تشکیل میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں اسی طرح سے غزل کے کچھ فنی ضروریات بھی ہیں۔ غزل کا ہر شعر موضوعی اعتبار سے مکمل وحدت کا متقاضی ہوتا ہے اور ایک غزل کے تمام اشعار خیال و موضوع کے لحاظ سے متنوع ہو سکتے ہیں۔ غزل کے اشعار کی یہی داخلی خصوصیت غزل کی شناخت کا اہم وسیلہ بنتی ہے۔ غزل کی تمام نازک خیالی اور فنی بلندی تغزل اور اعجاز و اختصار کی مرہون منت ہے جو غزل کی داخلی ہیئت اور شاعر کی فنی صلاحیتوں کے حسین امتزاج سے پیدا ہوتا ہے۔ اسی امتزاج سے شعر میں سادگی، اصلیت اور اثر آفرینی پیدا ہوتی ہے۔ اسی لیے ایس۔ ساجد بخاری لکھتے ہیں:

> "چونکہ غزل ہمارے جذبات و احساسات کی فطری غماز ہے اور مشرقی جذبات فطری طور پر موسیقیت کی گرفت میں ہوا کرتے ہیں۔ خوشیوں میں گنگنا اور غموں میں بین کرنا مشرقی مزاج کا فطری تقاضہ ہے لہٰذا اوزان و بحر سے پیدا شدہ غزل کی نغمگی جذبات کے اظہار میں انتہا درجہ کی اثر انگیزی پیدا کرتی ہے۔" (4)

غزل ہماری جمالیاتی حسیات کا لطیف ترین اظہاریہ اور ہمارے سماجی و ثقافتی سفر کا ماحصل ہے۔ غزل عربی قصیدہ کے بطن سے پیدا ہوئی۔ عربی قصیدے کے تشبیب کے اشعار عشقیہ مضامین اور غنائیت کی بنا پر بے حد پر کشش ہوتے تھے۔ جب قصیدہ ایران پہونچا تو فارسی قصیدے نے بھی اس کی تقلید کی۔ خصوصا قصیدے کی 'تشبیب یا نسیب' کے مضامین، ایرانیوں کے مزاج کے موافق ثابت ہوئے۔ سب سے پہلے فارسی کے مشہور شاعر رودکی نے ان موضوعات کو قصیدے سے الگ کر کے غزل کو ایک صنف سخن کی حیثیت دی اور اسے غزل کا نام دے کر ادب میں ایک نئی صنف کا آغاز کیا۔ جب اردو شاعری کا آغاز ہوا تو فارسی شاعری کی دیگر اصناف کے ساتھ غزل بھی پوری آب و تاب کے ساتھ اردو ادب میں داخل ہوئی۔ اس کی مسحور کن جذباتیت، داخلیت اور غنائیت نے اردو شعراء کو فورا اپنی جانب متوجہ کر لیا اور انہوں نے ابتدا ہی سے اسے ہاتھوں ہاتھ لیا۔ غزل کی تخلیق کے دوران، شاعر کو اگر کوئی وسیع خیال اس بات پر مجبور کر دے کہ اس زمین میں اسے ادا کیا جائے مگر دو مصرعوں کا ظرف اس خیال کی وسعت کے لیے تنگ ہو جائے تو شاعر متعدد اشعار میں تسلسل کے ساتھ اس وسیع خیال کو پھیلا کر 'قطعہ بند' کے نام سے شامل غزل کر سکتا ہے۔ ہندو پاک میں غزل کی روایت بہت مستحکم ہے۔ ابوالکلام قاسمی کے بقول:

> "برصغیر میں فارسی اور اردو غزل کی روایت کئی صدیوں کو محیط ہے۔ اس پورے عرصے میں زبان و بیان کے متنوع طریقہ کار کے ساتھ ساتھ، غزل کی شاعری میں فکری اور موضوعاتی تنوع کو بھی خاصا دخل رہا ہے۔ تاہم اس تنوع کو ہم کسی خاص مقام اور علاقے سے وابستگی کے نقطہ نظر سے نہیں دیکھ سکتے۔ غزل ایران میں بھی کہی گئی اور برصغیر کے دوسرے ادبی مراکز میں بھی۔ مگر فنی اور فکری اعتبار سے غزل کی پوری تاریخ میں ایک ایسا تسلسل ملتا ہے جس سے اس صنف سخن کی تہذیبی اور ثقافتی مرکزیت کا قائل ہونا پڑتا ہے۔" (5)

Scanned with OKEN Scanner

اختر مدھوپوری کی غزلیہ کائنات میں روایت سے جڑاؤ بھی ہے اور نئی راہوں کی تلاش بھی۔انہوں نے اپنے فکر و فن کے امتزاج سے نت نئے جہان معانی واکئے اور غزل کو تازگی بخشی۔ان کو مشرقی اقدار، اپنی مٹی کی خوشبو اور تہذیبی جڑوں سے بے حد لگاؤ تھا۔ان کے شعری نقوش میں عملی زندگی کے وہ صدہا تجربات اجاگر ہیں جن کو انہوں نے زندگی کے تلخ حقائق سے روبرو ہو کر حاصل کئے۔یہی وجہ ہے کہ ان کی غزلوں میں یاس و ناامیدی کے ساتھ عزم و حوصلہ بھی ہے۔ان کی حسیت محض اپنی ذات تک محدود نہیں ہے بلکہ اس میں ایک عالم شامل ہے۔یہ ممکن ہو سکا ہے ان کے تجربے، انوکھے لہجے اور نئے طریق اظہار کی بدولت جس میں ایک باشعور فنکار کے احساسات اور غور و فکر کا عکس واضح طور پر عیاں ہے۔ان کی غزلوں کے موضوعات عام طور پر معرفت و تصوف، حیات و کائنات اور اخلاقیات و فلسفہ پر محیط ہیں۔اختر مدھوپوری کی غزلوں میں احساسات، خیالات، معنی آفرینی اور طرز بیان کی تازگی قاری کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔ان کی شاعری کے مطالعہ سے بخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ وہ نہ صرف شاعرانہ تدبیر کاری سے باخبر ہیں بلکہ شاعری کی بھرپور تفہیم، تحسین اور جمالیاتی قدروں سے بھی واقفیت رکھتے ہیں۔ان کی غزلوں میں فحاشی یا سوقیانہ پن کا کوئی گزر نہیں ہے۔ان کی شعری بساط میں تہ دار اور باالواسطہ اسلوب کے بجائے متوازی بیانیہ اور بظاہر اکہرے اسلوب میں بھی اعلی درجہ کی شاعری کے عناصر موجود ہیں۔اختر مدھوپوری کا شعری مجموعہ ''کلیات اختر'' ہے۔اس کی پہلی غزل کے چند اشعار دیکھئے:

شعاع عقل کا جس سمت انعکاس گیا
ادھر کبھی نہ توہم زدہ قیاس گیا
فریب خوردہ ہے کس درجہ عہد نو کا بشر
بجھانے چاند کے جھرنوں پہ اپنی پیاس گیا
ورق ورق مجھے پڑھنا محال تھا اختر
جو آیا پڑھ کے فقط میرا اقتباس گیا

ان اشعار کو جز کی شکل میں نہیں، بلکہ بصورت کل پڑھئے، انسانی رویہ کا منظر نامہ سامنے رکھئے اور پھر دیکھئے کہ کس طرح یہ اشعار آفاقی ہو جاتے ہیں اور اختر مدھوپوری کی شاعری کی فکری و تخیلی پرتیں کھلتی ہیں۔چونکہ غزل زمز و ایما کا صنف ہے اور اس کا اعجاز بھی یہی ہے کہ چند لفظوں کے دروبست سے ایک وسیع خیال کو بیان کر دیا جائے، اس لئے غور و فکر اور عقل و خرد کا صحیح استعمال کامیابی و کامرانی سے ہمکنار کرتی ہے۔ان اشعار سے بخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ اختر مدھوپوری کی سب سے اہم خوبی سہل و رواں زبان اور محاوروں پر ان کی دسترس اور بندش کی چستی ہے۔ہاں یہ الگ بات ہے کہ اس خوبی کا استعمال رسمی مضامین، خیال بندی اور لسانی ہنر مندی تک محدود ہے۔نیز ان اشعار میں اس تخلیقی حدت کی بھی کمی نظر آتی ہے جو تجربے کی قلب ماہیت کر دے، اس وجہ سے اکثر تجربے محض سماجی یا واقعاتی حوالے بن کر رہ جاتے ہیں۔تاہم یہ بات بھی درست ہے کہ ان میں اختر مدھوپوری کی تخلیقی شخصیت کے نمایاں پہلو بھی دکھائی دیتے ہیں۔

غزل انتہائی ایمائی صنف شاعری ہے۔اشاریت کی بلاغت اور ابہام کی معنی خیزی غزل کا حسن ہے۔اس لئے چھوٹی بحر میں شعر کہنا اور اس کو خوش اسلوبی کے ساتھ نبھالینا کسی بھی شاعر کے لئے ایک آزمائش ہوتی ہے۔اگر وہ اس خاردار وادی سے صحیح سلامت گزر جانے میں کامیاب ہو جائے تو یہ اس کی

Scanned with OKEN Scanner

کامیابی کی ضامن ہے۔ میر و غالب اور دیگر اکابرین شعرا نے چھوٹی بحروں میں لازوال غزلیں کہی ہیں۔ اختر مدھوپوری نے بھی چھوٹی بحر میں اشعار کہے ہیں اور ایسے امکانات کو روشن کیا ہے جو مختلف احساسات کے حامل ہیں۔ ان احساسات میں واردات قلبی کا انداز بڑا دلنشیں ہے۔ دیکھئے چند اشعار:

مظلوموں کی آہ نہ لو تم
قہر و غضب للہ نہ لو تم
تیرہ شبی میں جی لو لیکن
قرض ضیائے ماہ نہ لو تم
غوطہ زنی سے باز نہ آؤ
جب تک دریا تھاہ نہ لو تم
چاروں جانب آگ لگی ہے
تنہا گھر کی راہ نہ لو تم
اختر مہر و ماہ کی صورت
کام کرو تنخواہ نہ لو تم

مذکورہ تمام اشعار میں فکری معنویت پوری شادابیت کے ساتھ اپنا برملا اظہار کر رہی ہے۔ غزل کے مضامین میں رنگا رنگی اور تنوع پیدا کرنے میں تخیل کی جدت کا بہت بڑا ہاتھ ہے۔ جدت تخیل شاعر کو نئے نئے مضامین کی تلاش میں سرگرداں رکھتی ہے اور نئے انداز بیان پیدا کرتی ہے۔ مذکورہ اشعار میں بھی مضامین کی رنگا رنگی اور جدت تخیل کو محسوس کیا جاسکتا ہے۔ پہلے شعر میں اس اسلامی عقیدہ کی گونج سنئے کہ مظلوم کی آہ سے عرش معلیٰ بھی ہل جاتا ہے اور ظالم پر اللہ تعالی کا قہر و غضب نازل ہوتا ہے۔ اس شعر میں جس طرح مظلوموں کی آہ کے ساتھ قہر و غضب کا استعمال کیا گیا ہے وہ لفظی تلازمات کے اہتمام کا ادراک کراتا ہے اور پورا شعر اپنے آپ میں ایک مکمل استعارہ بن جاتا ہے۔ دوسرے شعر میں بھی بشری انا کے اظہار کے لیے لفظی تلازمات کا اہتمام ملتا ہے اور تیرہ شبی کے ساتھ ضیائے ماہ کا تخلیقی استعمال اس کے معنوی وسعتوں کو وا کرتا ہے۔ تیسرے شعر میں ہمت مرداں اور عزم انساں کی گہرائی و گیرائی کا دلکش بیان تو ہمیں اپنی طرف کھینچتا ہی ہے نیز غوطہ زنی اور دریا جیسے لفظی و معنوی تلازمات کے اہتمام نے معانی کے حسن کو دوبالا کر دیا ہے جس کے ساتھ ایک متحرک، حسی پیکر بھی شامل ہو گیا ہے۔ چوتھے شعر کو موجودہ عہد کے نامساعد حالات، فرقہ وارانہ منافرت اور قومی بیگانگی کے پس منظر میں پڑھئے اور یہ محسوس کیجئے کہ کس طرح کوئی اعلی نمونہ فن، زمان و مکان کے حدود سے ماورا ہو کر عالمی و آفاقی بن جاتا ہے کہ جب کبھی اور جہاں کہیں بھی اس طرح کے حالات امن و شانتی کے لٹیروں کے ذریعہ پیدا کئے جائیں گے، یہ شعر اپنی معنویت دیتا رہیگا اور غزل کا مقطع Prevailed lethargy یعنی مروج فرض بیزاری کے پس منظر میں پڑھئے تو یہ تلقین کتنا اہم ہو جاتا ہے اور گو کہ اس میں اختر مدھوپوری نے خود اپنی ذات کو مخاطب کیا ہے لیکن یہ بات روز روشن کی طرح ظاہر ہے کہ یہ خطاب عام ہے جس پر عمل آرا ہو کر ہی کوئی قوم عروج و بلندی کے اعلیٰ مقام پر

Scanned with OKEN Scanner

فائز ہو سکتی ہے۔اس چھوٹی بحر میں بھی استعارہ سازی، لفظی و معنویاتی تلازمات کے استعمال اور متحرک حسی پیکروں کی تخلیق نے ان اشعار کو لازوال بنا دیا ہے۔کچھ اور غزلوں کے نمائندہ اشعار پیش ہیں:

تیرگی میں جدھر جاؤں
روشنی سا بکھر بکھر جاؤں

تو میرا آئینہ ہے سامنے آ
میں تیرا عکس ہوں نکھر جاؤں

جس پہ ہے آشیاں اسی پہ رہوں
میں بھلا کیوں شجر شجر جاؤں

میں ہوں آواز بازگشت اپنی
جس طرف چاہوں میں ادھر جاؤں

اب اسی میں ہے خیریت اخترؔ
میں خموشی سے اپنے گھر جاؤں

ان اشعار سے ظاہر ہے کہ ان میں نہ تو روایتی معشوق ہے نہ اس کا سراپا بلکہ زندگی کے گہرے تجربے ہیں۔ حقیقی زندگی کا زخم و درد ہے اور اس درد کا احساس ہے جو فرد اور معاشرے سے جڑا ہوا ہے۔ان اشعار میں اسلوب کی تازہ کاری، ندرت خیال اور پرواز تخیل نہایت خوبی سے ادا ہوئی ہے۔ان میں شاعری کی روایتی لفظیات سے استفادہ تو ملتا ہے لیکن شاعر کا انفرادی رنگ بھی نمایاں ہے۔اخترؔ مدھوپوری اردو غزل کے روایتی سرمایے میں عشق و محبت کے متعین رویوں، عشق حقیقی و عشق مجازی کو پیش کرنے کی ہنر مندی، لسانی سطح پر مناسبات لفظی کے اہتمام اور مخصوص موضوعات کی ترجمانی کے لیے متعین لفظیات سے پوری طرح واقف تھے۔ لیکن انہوں نے غزل کی روایت پر عمل کرتے ہوئے جدید تفکرات کو بھی گلے لگایا ہے جس سے ان کی غزلوں میں نئے رجحانات اور عصری مطابقت بھی داخل ہو گئی ہے۔

آپ بیتی کو کہانی لکھ دیا
آگ کو بھی ہم نے پانی لکھ دیا

زخم دل اپنا ہرا تھا اس لئے
ہم نے ہر موسم کو دھانی لکھ دیا

ہم نے ساون کی بھری برسات کو
ہجر کی ماری جوانی لکھ دیا

جس نے اختر اپنی کر لی ہے شناخت

Scanned with OKEN Scanner

وقت نے بھی اس کو گیانی لکھ دیا

ان اشعار میں روز مرہ کے عام انسانی معاملات کا خوبصورت اظہار ہے۔ان میں کوئی فلسفیانہ موشگافی نہیں ہے تاہم اظہار کا انداز اتنا توانا اور برجستہ ہے کہ بے ساختہ شاعر کو داد و تحسین دینے کو جی چاہتا ہے۔ان اشعار کی اشاریت ورمزیت،تاثیری کیفیت اور احساس جمال قاری کو متاثر کرتا ہے۔ان میں مقامی ماحول اور گنگا جمنی تہذیب کا جمالیاتی حسن بھی موجود ہے اور رمزیت،ایمائیت اور مشرقی طرز احساس بھی۔غزل کی ہیئت میں ردیف کے استعمال کا بنیادی مقصد، تمام اشعار کو ایک آہنگ کے تابع کرنا ہے تاکہ ردیف کے باعث غزل کے اشعار کی ریزہ خیالی زیادہ نمایاں نہ ہو اور غزل کے پس منظر کا حصہ معلوم ہو۔اس حوالے سے بھی اگر اختر مدھوپوری کی شاعری کا تجزیہ کیا جائے تو بھی وہ اپنے فن میں کھرے اترتے ہیں۔ان کی زیادہ تر غزلیں مردف ہیں۔کچھ اور اشعار ملاحظہ کیجیے:

حصار ذات سے باہر نکل پڑا ہوں میں
سمجھ میں آج یہ آیا بہت بڑا ہوں میں

سنا ہے وقت نے اک موڑ لے لیا ہے نیا
جہاں بھی لشکر حالات سے لڑا ہوں میں

میں برگ سبز تھا کب یوں ہی ٹوٹنے والا
کسی نے ضرب لگائی تو گر پڑا ہوں میں

منار نور کی مانند ہے وجود میرا
اندھیری راتوں میں جلتا ہوا کھڑا ہوں میں

سنبھل کے کام میں لانا خریدنے والے
لگے نہ ٹھیس کہ شیشے کا اک گھڑا ہوں میں

صبا صفت میری خصلت سرشت موم صفت
غلط مزاج کا اختر بہت کڑا ہوں میں

ان اشعار سے عیاں ہوتا ہے کہ اختر مدھوپوری نے محض مروجہ موضوعات کا ہی تتبع نہیں کیا ہے بلکہ اپنے مشاہدے سے نئے امکانات کی طرف بھی قدم بڑھایا ہے۔یہ روش ایک صحت منداور پر عزم ذہنیت کی دلیل ہے جس سے اختر مدھوپوری نے اردو غزل میں اعلیٰ ذوق کی بنیادوں کو مستحکم کیا ہے۔ان کی غزلوں میں علامتوں کا بھی خوبصورت استعمال ہوا ہے جس کو انہوں نے مختلف پیکروں میں کہیں ایک ساتھ اور کہیں علاحدہ علاحدہ بھی فنکارانہ ڈھنگ سے پیش کیا ہے۔ان اشعار میں صرف جذبات وتاثرات ہی نہیں ہیں بلکہ نظریاتی رموز و نکات بھی ہیں، نیز جہاں ان میں اسرار ازل کی گرہ کشائی ہے وہیں ہلکی پھلکی فلسفیانہ موشگافیاں بھی ہیں۔ان کی غزلوں میں لفظی توازن، تلازمات کا باہمی ربط اور ڈکشن کا پورا ایک نظام ملتا ہے جو کسی بھی تخلیق کار کی کامیابی کی اولین شرط ہے۔اسی بات کو بیان کرتے ہوئے حامدی کاشمیری لکھتے ہیں:

Scanned with OKEN Scanner

"کسی فن پارہ کی بلند رتبگی کا تعین اس کی زبان کے تخلیقی امکانات سے کیا جاتا ہے لیکن زبان کی تخلیقی برتاو کی شناخت آسان نہیں۔ تاہم لفظ کے ابہام، اسراریت، اختصار اور تحرک سے اسے پہچانا جاتا ہے۔ کولرج نے لکھا ہے کہ اصل میں زبان کا بہترین حصہ صحیح معنی میں بذات خود ذہن کے عمل پر غور کرنے سے وجود میں آتا ہے۔ یہ شعوری طور پر اندرونی عوامل اور تخیل کے عمل و نتائج کو مستقل علامات کے ذریعے تصرف میں لانے سے تشکیل پاتا ہے۔ اس لئے سب سے پہلا مسئلہ یہ ہے کہ فنکار اپنے داخلی تجربات کو جن کا مستند اور معتبر ہونا شرط پیشین ہے، مناسب و موزوں لفظوں کی گرفت میں لے آئے۔ داخلی تجربہ ایسے لفظ، علامت اور پیکر کی تلاش کرتا ہے جو اس کے لئے ناگزیر ہے۔ شاعر اگر وسیع ذخیرہ الفاظ پر قادر نہ ہو یا ناگزیر لفظ اور مماثل لفظ میں فرق کرنے کا اہل نہ ہو، تو تخلیقی زبان پیدا ہونے سے پہلے ہی معرض ہلاکت میں پڑ جاتی ہے۔ اردو شاعری زبان کے اس غیر تخلیقی انداز کی مثالوں سے بھری پڑی ہے۔" (6)

اختر مدھوپوری نے خود کو ان خامیوں سے بچاتے ہوئے، وقت اور غزل کے تقاضوں کو پوری اہلیت کے ساتھ اپنے فن میں ادا کیا ہے۔ مجموعی طور پر کہا جاسکتا ہے شاعری میں نئی تعبیری جہتوں کی تخلیق اختر مدھوپوری کا نصب العین تھا اور اس منصب کی ادائیگی میں ان کی طبیعت و مزاج نے ان کا بھرپور ساتھ دیا۔ گو کہ یہ آواز اب ہمیشہ کے لئے خاموش ہو چکی ہے لیکن جب بھی جھارکھنڈ کے شعرا کا تذکرہ کیا جائے تو اختر مدھوپوری کا نام ادب و احترام کے ساتھ لیا جائے گا۔

حوالجات و مآخذ:

(1) اردو غزل اور ہندوستانی ذہن و تہذیب، گوپی چند نارنگ، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، سال اشاعت 2002، صفحہ 409۔
(2) اردو شاعری کا مزاج، وزیر آغا، ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ، سال اشاعت 1974، صفحہ 239۔
(3) اردو شاعری کا مزاج، وزیر آغا، ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ، سال اشاعت 1974، صفحہ 260۔
(4) آزاد غزل کا تحقیقی اور تنقیدی جائزہ، ایس ساجد بخاری، ایم۔ آر۔ آفسیٹ پرنٹرز، نئی دہلی، سال اشاعت 2006، صفحہ 25۔
(5) شاعری کی تنقید، ابوالکلام قاسمی، ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ، سال اشاعت 2001، صفحہ 88۔
(6) جدید شعری منظر نامہ، حامدی کاشمیری، ادارۂ ادب، شالیمار، سری نگر، سال اشاعت 1990، صفحہ 13۔
(7) کلیات اختر، ترتیب انعام الحق انعام، لاڈلی ڈجیٹلس، کلٹی، ضلع بردوان، مغربی بنگال، سال اشاعت 2013۔

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

تانیثی تنقید: نصف آبادی کے ادبی مطالبات

ڈاکٹر نصرت جبین،

شعبۂ اُردو مرکزی جامعہ کشمیر، گاندربل۔۱۹۱۲۰۱

تلخیص: تانیثیت بیسویں کے مختلف تنقیدی اور ادبی نظریات کے درمیان ایک اہم نظریہ واقع ہوا ہے۔تانیثی تنقید نے نہ صرف خواتین قلم کاروں کے حوصلے کو مہمیز کیا ہے بلکہ ادب شناسی کے ضمن میں ایک نیا طور بھی سامنے لایا ہے۔ زیر نظر مقالے میں تانیثی تنقید کے تناظر میں اُردو زبان اور اس کے شعری منظر نامے سے بھی عملی تنقید کی مثالیں پیش کی گئیں۔ خواتین کے ساتھ سماجی، اقتصادی اور سیاسی سطح پر ہی امتیازی سلوک روا نہیں رکھا جاتا بلکہ لسانی سطح پر بھی اُن کے ساتھ بھید بھاؤ کو راہ دی گئی۔ اُردو زبان کی لسانی تاریخ اس بات کی غماز ہے کہ اس میں بھی طبقۂ اُناث کے تئیں غیر ذمہ دارانہ رویہ اپنایا گیا ہے جس پر بحث و تمحیص قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ اس طرح یہ مقالہ اپنی سرشت میں تانیثی تنقید پر ایک اطلاقی نوعیت کی تحریر ہے جس میں اشعار کے حوالے سے اُن کے انسلاک کو سمجھانے کی سعی کی گئی ہے۔ اس مقالے میں اُردو کے معتبر و معروف شعرا میر تقی میر، مرزا غالب، امام بخش ناسخ، احمد فراز، حبیب جالب، فرید پربتی وغیرہ کے کلام کی مثالوں کو پیش کر کے ایک معروضی طریقہ کار اختیار کیا گیا ہے۔ اپنے مشتملات کے اعتبار سے یہ مقالہ بہت ہی اہمیت کا حامل ہے۔ ادارہ ''تاریخِ ادب اُردو'' کو یہ مقالہ شائع کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے اور امید کی جا رہی ہے کہ یہ مقالہ سنجیدہ قارئین سے مناسب انداز میں داد و تحسین وصول کرنے میں کامیاب ہوگا۔

کلیدی الفاظ: تانیثیت، تانیثی تنقید، نسوانیت، مرد حاوی معاشرہ، طبقاتی تقسیم، تہذیبی تغیر، ثقافتی بوقلمونی، ادبی معاشرہ۔

(نوٹ: یہ مقالہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے میں تانیثیت کے نظری مباحث اٹھانے کی کوشش کی گئی ہے جبکہ دوسرا حصہ اس کے اطلاق پر مبنی ہے جس میں اُردو زبان اور شاعری کو معرضِ بحث میں لایا گیا ہے۔)

بیسویں صدی کے ربع آخر میں عالمگیریت اور سائنسی ایجادات کے نتیجے میں جو معاشرتی نظام وضع ہوا اس نے زندگی اور متعلقات زندگی کو قابل لحاظ حد تک متاثر کیا۔ ادبی اور ثقافتی سطح پر اس تبدیلی کو مابعد جدیدیت سے یاد کیا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ ما

Scanned with OKEN Scanner

بعد جدیدیت گزشتہ ادبی اور تنقیدی رجحانات اور تحریکات کی طرح یک رخی نہیں ہے۔ بلکہ یہ اپنی سرشت میں کثیر الجہت اور متنوع ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مابعد جدیدیت کو سمجھنے میں اکثر لوگوں کو دشواری کا سامنا ہے کیونکہ وہ مابعد جدیدیت کو ترقی پسند تحریک، سرسید تحریک اور حلقۂ اربابِ ذوق کی طرح سمجھنا اور سمجھانا چاہتے ہیں۔ اس ضمن میں عرض ہے کہ مابعد جدیدیت میں کوئی بھی نظریہ آخری اور اہم نہیں ہے بلکہ کوئی بھی نظریہ رد بھی ہو سکتا ہے اور اسے قبولیت بھی حاصل ہو سکتی ہے غرض مابعد جدیدت ہر طرح کی جبریت کے خلاف ہے۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ مابعد جدیدیت نے نظریات کے رد و قبول کے لیے کشادگی کا ماحول تیار کیا ہے۔ اسی کشادگی، وسعت اور تکثیری مزاج کی حامل مابعد جدیدیت میں مختلف نظریات پنپنے لگے جن میں تانیثیت بھی ایک اہم نظریہ ہے۔ دیکھا جائے تو اردو ادب میں تانیثی مباحث بھی اس دور میں منصہ شہود پر آئے جب مابعد جدیدیت کا سورج اردو کی ادبی اور ثقافتی افق پر طلوع ہوا۔ اس تناظر میں دوسرے نظریات کے ساتھ ساتھ تانیثیت اور تانیثی تنقید ادب شناسی کے ایک جاندار رویے کے بطور سامنے آئے۔

تانیثیت اپنی سرشت میں مرد حاوی معاشرے میں طبقۂ نسواں کی ذہنی بیداری اور اپنے حقوق کے بارے میں آگہی کا نام ہے۔ یوں تو معاشرتی سطح پر خواتین کا شکوہ یہ ہے کہ انہیں زندگی کے ہر محاذ پر نظر انداز کیا جاتا ہے، ان کی حصہ داری جتنی ہر سطح پر ہونی چاہے تھی اتنی نہیں ہے۔ بلکہ بعض مقامات پر انہیں سرے سے ہی نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ انہی شکایات کے ازالہ کے لیے اور اپنے داخلی وجود کو عملی سطح پر منوانے کے لیے عالمی سطح پر بھی خواتین کی کئی تحریکیں سامنے آئیں۔ جن کا پرزور اصرار اس بات پر تھا کہ خواتین کو زندگی کے ہر شعبے میں اپنا جایز حق دیا جانا چاہیے اس طرح حقوق کی حصولیابی کے لیے خواتین مفکرین نے احتجاج اور مزاحمت کے راستے پر چلنے کا ڈھول ڈالا۔ بحیثیت مجموعی تانیثیت کے علمبرداروں کا دعویٰ ہے کہ وہ عورت کو معاشی، سیاسی، ادبی اور ثقافتی سطح پر مرکز میں لانا چاہتے ہیں۔ اس تناظر میں جب ہم تانیثی تنقید کی بات کرتے ہیں تو وہ ہماری روایتی تنقید کو یہ کہہ کر مسترد کرتی ہے کہ اس (روایتی تنقید) نے زکوری نقطۂ ہائے نظر کے مطابق ادبی متون کی تشریح و توضیح کا کام انجام دیا ہے جس کی وجہ سے نسوانی آوازیں ادبی متون میں دب چکی ہیں۔ ویسے بھی خواتین اس کرۂ ارض پر نصف آبادی کے نام سے بھی معنون ہیں۔ اس لیے خواتین کے نقطۂ نظر سے ادب کو جانچنے اور پرکھنے کا رجحان جائز بھی معلوم ہوتا ہے اور مناسب بھی کیونکہ عہدِ وسطیٰ سے لے کر تاحال ادب کو یک طرفہ تنقید یعنی زکُوری نظام کا حامل تصور کیا جاتا ہے۔ مابعد جدید تھیوری کے تحت تانیثی تنقید سابقہ متون کو از سرِ نو تفہیم و

Scanned with OKEN Scanner

توضیح کے لیے اصرار کرتی ہے جن میں وہ اپنے جذبات واحساسات، تجربات ومشاہدات اور تصورات و تفکرات کے اظہار کو راہ دے سکیں۔ پروفیسر انور پاشا نے زکُوری نظام کے حاوی پہلو پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھا ہے کہ :

> ''تانیثی مفکرین مروجہ ادب اور ادبی معیار واقدار اور اُن سے وابستہ تصورات وافکار یا زبان واسلوب کو اس لیے خارج کرتی ہیں اور انھیں تسلیم کرنے سے انکار کرتی ہیں کہ اس ادب میں نہ تو ان کی شرکت ہے اور نہ ہی اس میں ان کی ویسی ترجمانی ہے، جس کی وہ حق دار ہیں۔ بلکہ ان کا الزام ہے کہ اس میں ان کی شبیہ کو مسخ کر کے پیش کیا گیا ہے۔ اس لیے مرد اساس نظام کا پروردہ ادب بنیادی طور پر عورت مخالف ہے۔ لہٰذا متبادل ادب کی تخلیق اور متبادل تنقیدی پیمانے اور زاویے کی تشکیل ہی حقیقی تانیثی ادب کی تخلیق و تنقید کا واحد راستہ ہے۔ لیکن بالآخر سب سے اہم سوال یہی پیدا ہوتا ہے کہ کیا ایک ایسے انسانیت اساس نظام کی تشکیل ممکن نہیں جس کا ادب تمام صنفی تعصبات وامتیازات سے پاک ہو اور جو مرد اساس نظام کے جبر اور شدت پسندی سے آزاد ہو۔ اگر ایسا ہو سکا تو یقینا وہ نظام اور اس کا ادب مثالی نظام اور ادب ہو گا''۔ [1]

اردو ادب کے ابتدائی دور میں شعوری طور پر تانیثی فکر ناپید تھی۔ ہمارے یہاں ادب میں فکری سطح پر یہ اِن معنوں میں کبھی نہیں برتی گئی جس طرح مغربی ادب میں اس تحریک نے اپنے پنجے گاڑھے۔ اردو ادب کی تاریخ میں خواتین کے موضوعات، مجبوریوں اور مسائل کو موضوع بنانے والے مرد لکھاری ہی تھے۔

ہندوستان میں انگریزوں کی آمد اور جدید علوم سے اردو داں طبقے کی واقفیت نے اردو میں بھی نئے علوم اور نظریات کو راہ دینے میں مدد کی۔ نتیجے کے طور پر سر سید احمد خان کے پروردہ شیخ محمد عبداللہ المعروف بہ پاپا میاں کی خواتین کے تئیں تعلیمی خدمات سے ہم اچھی طرح واقف ہیں۔ مولانا الطاف حسین حالی، ڈپٹی نذیر احمد، راشد الخیری، مرزا محمد ہادی رسوا اور سجاد حیدر یلدرم کی خواتین کے تئیں علمی اور ادبی خدمات اردو ادب میں لائقِ تحسین ہیں۔ اردو ادب میں خواتین کی فکری اور تخلیقی آزادی کا دور اٹھارویں صدی کے اواخر اور بیسویں صدی کے اوائل سے شروع ہوتا ہے۔ رسالہ ''تہذیب نسواں'' سے شروعات کر کے آج اس قبیل کے ادب میں وہ تمام اوصاف و خصوصیات موجود ہیں جو کسی بھی ترقی یافتہ ادب یا اعلیٰ ادب تخلیق کرنے والے مرد تخلیق کاروں کے یہاں ہوتا

Scanned with OKEN Scanner

ہے۔خواتین تخلیق کار عورتوں کے مسائل کے ساتھ ساتھ دیگر سماجی، سیاسی، اقتصادی، مذہبی موضوعات اور عالمی امور پر ادبِ عالیہ تخلیق کر رہی ہیں۔خواتین قلم کاروں کا یہ قافلہ کامیابی کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے آج خواتین کے ادب کو کسی بھی صورت میں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ہے۔ مگر تنقیدی نکتۂ نگاہ سے پرکھنے کے لیے خواتین کا تحریر کردہ ادب ایک سوالیہ نشان بنا ہوا ہے۔پروفیسر انور پاشا مزید لکھتے ہیں:

> ''ادب، تاریخ، تنقید، علوم، سائنس و ٹیکنالوجی، کلچر، سیاست اور اقتصادیات ہوں یا تعلیمی نصابات اور تحقیقی و فکری ادارے؛ یہ سب ہی ہمیشہ مردوں ہی کی گرفت میں رہے ہیں..... وہ جن تخلیقات اور متون کو عالم گیر اور شاہکار بتاتے ہیں ادھوری ہیں کیونکہ اس میں خواتین کہیں نظر ہی نہیں آتی ہیں''۔۲؎

تانیثی تنقید خواتین کی تخلیقات اور ادبی معیارات کو پرکھنے کے لیے ان تمام مروجہ اصول و ضوابط کو رد کرتی ہے جو ادبی دنیا میں مرد اساس معاشرے کے قائم کردہ ہیں۔تانیثی ناقدین کے مطابق ہماری اردو زبان کی جتنی بھی لغات تحریر کی گئی ہیں وہ عورتوں کے تئیں غیر جانبدار نہیں ہیں۔ کسی بھی معاشرے میں جو زبان مروج ہے وہ مرد اساس اور عورت کی شبیہ کو بگاڑ کر پیش کرتی ہے۔اردو زبان کی لغات میں لفظ عورت اور متعلقاتِ عورت سے وابستہ الفاظ کے جو معنی لکھے گئے ہیں وہ سراسر ناانصافی اور مرد اساس ذہنیت کی نمائندگی کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔جب بھی کسی مرد کو کم عقل نااہل یا بزدل ہونے کا طعنہ دینا ہو اسے عورت سے تشبیہ دی جاتی ہے۔علامات، محاورات اور ضرب الامثال صنفی جانبداری کے مظہر ہیں۔چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

(۱) گھوڑا اور عورت ران تلے: دونوں جب تک قابو میں رہیں اپنے ہیں۔۳؎

(۲) بزدلی عورت کا دوسرا نام ہے۔۴؎

(۳) زنانہ لفظ صفت کے اعتبار سے ان معنوں کا حامل ہے:

نامرد، ڈھیلا، سست، زن صفت، بزدل ۵؎

(۴) عورت اور جوتے دونوں برابر۔

Scanned with OKEN Scanner

(۵)عورت کی ذات بے وفا ہوتی ہے۔ عورت سے وفا نہیں ہوتی۔

(۶)عورت کی عقل گدی کے پیچھے۔ عورت بے وقوف ہوتی ہے۔

(۷) عورت کی ناک نہ ہوتی تو گوکھاتی۔ عورت ناقص العقل ہوتی ہے۔۶؎

اردو کی معروف تانیثی تخلیق کار زاہدہ حنا نے عورت کے خلاف مروّج رویوں پر احتجاج کرتے ہوئے لکھا ہے کہ :

"زبان کو دنیا بھر میں عورت کے خلاف ایک ہتھیار کے طور پر استعمال کیا گیا۔
شاعری، ادب، گالیوں، محاوروں اور ضرب الامثال کے وسیلے سے عورت کا ناقص
العقل ہونا اور اس کے عیاری و مکاری کے قصے نسل در نسل دہرائے گئے۔ یہاں تک
کہ وہ صرف مردوں کے ہی نہیں بلکہ عورتوں کے ذہن میں بھی راسخ ہو گئے اور خود
انہوں نے بھی اپنے آپ کو مردوں کی نسبت کم عقل، بزدل اور کم تر سمجھنا شروع
کر دیا۔ اور یہ عمل ابھی جاری ہے. . . . . زبان کے زخم سے عورت
آج بھی گھائل ہے"۔۷؎

سماج اور معاشرہ مردوں کے حوالے سے جانے اور سمجھے جاتے ہیں سو سائٹی بنیادی طور پر مردانہ ہے اور تمام زمانہ کیفیات کو اسی دائرے میں دیکھا جاتا ہے۔ ہر صحیح اور غلط کو مرد کی سوچ کے دائرے میں ہی جانچا اور پرکھا جاتا ہے۔ ہمارے معاشرے میں تکثیریت نہیں ہے صرف مرد کی وحدانیت ہے مابعد جدیدیت اسی تکثیریت پر ہی زور دیتی ہے۔ عورتوں کے بارے میں جتنے بھی تصورات اور مفروضات قائم کیے گئے ہیں وہ مردوں کے بنائے ہوئے ہیں خواتین کے تخلیق کیے گئے ادب کے ساتھ بھی یہی صورت حال ہے۔ ہماری ادبی تنقید مجموعی طور پر مردانہ تجربات اور محسوسات پر مشتمل ہے۔ خواتین کے احساسات اور اقدار کا اس میں کوئی وجود ہی نہیں ہے۔ خواتین کا موقف یہ ہے کہ ادب میں مردانہ قدریں آفاقی اور حتمی بنادی گئی ہیں جب کہ "عورت اساس" قدریں دور دور تک کہیں دکھائی ہی نہیں دیتی ہیں۔ اس لیے اکثر کہا جاتا ہے کہ :

(۱)مروجہ ادب میں عورت کی پیش کش غیر متوازن اور امتیازی نوعیت کی حامل ہے؛

(۲)عورت کے ذریعہ تخلیق کردہ ادب کے تئیں مرد ناقدین اور قارئین کا رویہ متعصبانہ ہے؛

Scanned with OKEN Scanner

(۳)مروجہ تنقیدی زاویئے اور نظریات صنفی جانبداری(Gender Bias) پر مبنی ہیں؛

(۴)مروجہ ادبی ڈکشن، زبان واسلوب، استعارات، علامات، محاورات اور ضرب الامثال صنفی جانبداری کے مظہر ہیں۔

ضمناً یہاں بتاتی چلوں کہ بالی ووڈ کے گیتوں اور نغموں میں اکثر خواتین کے کردار کو فرسودہ اور بے ہودہ(Stereotype) یا صرف جنسی آلۂ کار بنا کر پیش کیا جاتا ہے۔ خواتین پر ایسے گیت نغمائے جاتے ہیں جن کی زبان بدلنے کی ضرورت ہے چند مثالیں میں یہاں پیش کرتی ہوں:

ایک مشہور گانے کے بول ہیں۔

(۱)تو چیز بڑی ہے مست مست

(۲) گرم چائے کی پیالی ہو

عورت کوئی چیز نہیں ہے وہ ایک جیتا جاگتا انسانی وجود ہے۔ افسوس ہے کہ جسم کو شئے میں بدل دیا جاتا ہے عورت کو محض ایک تجارتی آلہ سمجھا جاتا ہے اور یہ بات بھلادی جاتی ہے کہ وہ جسم کے علاوہ روح اور شعور بھی رکھتی ہے۔ واقع یہ ہے کہ :

> ''خواتین کو بنیادی طور پر مجبور اور رومانوی مزاج قرار دیا جاتا ہے اور بہت ہی کم
> حقیقت پسند، فعال یا فیصلہ کن حیثیت رکھنے والی دکھائی جاتی ہیں. . . . . خواتین کا
> حق صرف یہ کہ وہ فیشن ماڈل یا تفریحی شعبوں میں نمایاں ہوں. . . . .
> مصنوعات کی تشہیری مہم میں خواتین کو نیم عریاں کر کے شکار پھانسنے والے
> ''چارے'' کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے اور ان کی جنسی کشش اور جسمانی نمائش کا
> استحصال کیا جاتا ہے''۔۸۔

اردو شاعری میں معشوق یا عورت کے لیے استعمال کیے گئے سارے صفات، استعارات، تشبیہات مرد کے ذہن کے اختراع اور اس کے عورتوں کے تئیں قیاسات اور فرضی تصورات پر مبنی ہیں۔ مثلاً ظالم، سنگ دل، ہر جائی، بے وفا، بے مروت، بت، قاتل،

Scanned with OKEN Scanner

پتھر کے صنم وغیرہ وغیرہ۔اسی طرح وہ عورت کے جسمانی خدوخال کی تعریف اپنے جمالیاتی ذوق کے اظہار اور تسکین کے لیے کرتا ہے۔چند مثالیں پیش خدمت ہیں:

(۱) پرستش کی یاں تک کہ اے بت تجھے

نظر میں سبھوں کی خدا کر چلے (میر تقی میر)

(۲) تہہ شمشیر قاتل کس قدر بشاش تھا ناسخ

کہ عالم ہر دہانِ زخم پر ہے روئے خنداں کا (امام بخش ناسخ)

(۳) کی مرے قتل کے بعد اُس نے جفا سے توبہ

ہائے اُس زُودِ پشیماں کا پشیماں ہونا مرزا غالبؔ

(۴) سُنا ہے اُس کے لبوں سے گلاب جلتے ہیں

سو ہم بہار پہ الزام دھر کے دیکھتے ہیں

سُنا ہے اُس کی سیاہ چشمگی قیامت ہے

سو اُس کو سُرمہ فروش آہ بھر کے دیکھتے ہیں

سُنا ہے آئینہ تمثال ہے جبین اُس کی

جو سادہ دل ہیں اُسے بن سنور کے دیکھتے ہیں

سُنا ہے اُس کے جسم کی تراش ایسی ہے

کہ پھول اپنی قبائیں کتر کے دیکھتے ہیں احمد فرازؔ

Scanned with OKEN Scanner

اس کے برعکس عاشق یا مرد کے لیے جو صفات استعمال کی گئی ہیں وہ کچھ اس طرح ہیں: وعدہ وفا کرنے والا، پرستش کرنے والا، عاجز و انکسار، گداز قلب، انتظار کرنے والا وغیرہ وغیرہ۔ مرد کے لیے یہ القابات حقیقی، مثبت، توصیفی اور قابلِ ستائش معلوم ہوتے ہیں۔ اُردو شاعری میں اس کی مثالیں جستہ جستہ نظر آتی ہیں۔ مثال کے طور پر

(۱) جبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی

حقِ بندگی ہم ادا کر چلے میر تقی میرؔ

(۲) تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا

تیرے سامنے آسماں اور بھی ہیں علامہ اقبالؔ

(۳) نگہ بلند، سخن دلنواز، جاں پُرسوز

یہی ہے رختِ سفر میرِ کارواں کے لیے علامہ اقبال

(۴) واقف میں ہر اک خواب کی تعبیر سے ہوں

میں حُسن ہوں اور حُسن کی جاگیر سے ہوں

کہتے ہیں مجھے یوسفِ ثانی اے دوست

کنعاں سے نہیں وادیٔ کشمیر سے ہوں فریدؔ پربتی

(۵) دیپ جس کا محلات ہی میں جلے

چند لوگوں کی خوشیوں کو لے کر جلے

وہ جو سائے میں ہر مصلحت کے پلے

ایسے دستور کو، صبحِ بے نور کو

میں نہیں مانتا، میں نہیں جانتا حبیب جالب

Scanned with OKEN Scanner

مرد اور عورت کے حوالے سے ہماری مردوں کی شاعری کی یہ دو متضاد تصویریں ہیں۔اس تناظر میں جب تانیثی ناقدین یا عورت کے شعور نے ہوش کے ناخن لیے تو اپنی شبیہ کو درست کرنے کے لیے میدانِ عمل میں اُتر آئیں۔پروفیسر عتیق اللہ یوں رقم طراز ہیں:

> ''تانیثی نقادوں نے پرانے بھرم توڑ دیے اور یہ بتایا کہ دراصل عورت کے تعلق سے جو تصورات ہم تک پہنچے ہیں وہ تمام مرد اساس معاشرے کا ایک یقینی نتیجہ ہیں۔ان کی تشکیل کے پسِ پشت وہ تذکیری رویہ بر سر کار رہا ہے جس نے ہمیشہ ایک کو دوسرے پر فوقیت دی ہے خواہ اس فوقیت کی بنیاد کتنی ہی غیر منطقی، غیر عقلی، رسمیاتی اور مفروضاتی ہی کیوں نہ ہو۔یہی نہیں بلکہ اس نے ہمیشہ کچھ نئے جواز بھی فراہم کیے ہیں''۔۹؎

مذکورہ مباحث کی روشنی میں ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ ہمارے ادب میں عورت کا کردار ایک نئی تفہیم و تعبیر چاہتا ہے۔اب عورت کے تئیں حسن کے معیارات بدل چکے ہیں۔گلاب سی رنگہت، سرو قد اور ہرنی جیسی چال ڈھال کی دوڑ سے عورت بہت آگے نکل چکی ہے۔ظاہری اوصاف کے ساتھ ساتھ قابلیت، ذہانت، خود اعتمادی، علم و آگاہی اور بہادری کو بھی اگر عورت کا حسن مانا جاتا تو بہت بہتر ہوتا۔اسی لیے تانیثی تنقید کے علمبرداروں کا توقف یہی ہے کہ مروجہ ادبی اور تنقیدی زاویوں کے برعکس ادب کے لیے نئے تنقیدی اصول و ضوابط اور نئی شعریات مرتب کرنے کی اشد ضرورت ہے۔میں اس صورتِ حال کی تبدیلی کے لیے علامہ اقبال کے اس شعر کو بطورِ جواز پیش کر کے اپنی بات ختم کرنا چاہتی ہوں ؎

سکوں محال ہے قدرت کے کارخانے میں
ثبات ایک تغیر کو ہے زمانے میں

حوالہ جات:

۱۔ مضمون: تانیثیت اور ادب، انور پاشا، مرتب: انور پاشا، عرشیہ پبلیکیشنز، دہلی، ۲۰۱۴ء، ص: ۱۲۶

۲۔ فیمنسٹ ادب کا مسئلہ از ریاض صدیقی مشمولہ تانیثیت اور ادب، مرتب: انور پاشا، عرشیہ پبلی کیشنز دہلی ۲۰۱۴، ص:

Scanned with OKEN Scanner

۳۔فیروزالغات،ازمولوی فیروزالدین، کتابی دنیا،دہلی،۱۹۹۷ءص: ۹۰۶

,Hamlet, Shakespare, Act-1, Scene-II.4

۵۔فرہنگ آصفیہ، ترقی اُردو بورڈ،دہلی، جلد دوم، ص: ۴۱۳

۶۔نوراللغات،انجمنِ ترقی اُردو ہند،دہلی،۱۹۵۷ء، ص: ۵۲۹

۷۔زبان زخم، مشمولہ: عورت زندگی کا زنداں،از زاہدہ حنا، تخلیق کار پبلیشرز،دہلی،۲۰۰۶، ص: ۲۶۳

۸۔ایضاً، ص: ۱۳۲

۹۔تانیثیت تنقیدی تھیوری ازپروفیسر عتیق اللہ، مشمولہ بیسویں صدی میں خواتین اردو ادب، مرتب پروفیسر عتیق اللہ، طبع دوم،ساہتیہ اکادمی،دہلی،۲۰۱۸، ص: ۹۶

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

ڈاکٹر جمیل جالبی بطور محقق و مدوِن

ڈاکٹر عظمت رباب

ایسوسی ایٹ پروفیسر اردو

لاہور کالج برائے خواتین یونیورسٹی لاہور

تلخیص: جمیل جالبی کا نام اردو تنقید، تحقیق، تدوین اور تراجم میں بنیادی حوالے کی حیثیت رکھتا ہے۔ انھوں نے اردو ادب کی مختلف جہات کو اپنی تنقیدی و تحقیقی بصیرت کی مدد سے پیش کیا ہے۔ تنقید ہو یا تحقیق، تراجم ہوں یا تدوین ان کا نام ایک معتبر حوالے کی حیثیت رکھتا ہے۔ وہ ادب کی قدآور شخصیت ہیں ۔اس مقالے میں ان کی ترتیب وتدوعین کو مختلف مثالوں کی مدد سے پیش کیا گیا ہے۔ ایک محقق کو جس جانفشانی اور عرق ریزی سے کام لینا پڑتا ہے اس کا عملی مظاہرہ ہمیں جمیل جالبی کی مرتبہ و مدونہ کتب میں واضح دکھائی دیتا ہے۔ اس مقالے میں ڈاکٹر جمیل جالبی کی بطور مرتب و مدون خصوصیات بیان کی گئی ہیں اور ان کے طریق تدوین کو مفصل بیان کیا گیا ہے۔

کلیدی الفاظ: ڈاکٹر جمیل جالبی، تنقید، تحقیق، تراجم، ترتیب، تدوین، مرتبہ نسخے، تدوین کا طریق کار، تدوین کی روایت میں جمیل جالبی کا کردار

اردو ادب میں محمد جمیل خاں جمیل جالبی کا نام کئی حوالوں سے معتبر و معروف ہے۔ سکالرز اور طالب علمانہ حوالے سے ان کی تاریخ ادبِ اردو اور ارسطو سے ایلیٹ تک کو نظر انداز کر کے آگے نہیں بڑھا جا سکتا۔ اس سے کچھ آگے جایا جائے تو تنقیدی نظریہ سازی اور تدوینِ متن کے حوالے سے ان کا کام دکھائی دیتا ہے۔ تنقید اور تحقیق کے جس امتزاج کو ''تحقید'' سے موسوم کرنے کی جو تجویز انھوں نے دی تھی اس کا عملی مظاہرہ ان کی ہر تصنیف میں نظر آتا ہے۔ تاریخِ ادبِ اردو میں جس طرح انھوں نے جو حوالہ جات استعمال کیے ہیں وہ بیشتر مخطوطوں اور بنیادی مآخذ سے تعلق رکھتے ہیں ۔اسی طرح ان کی مرتبہ کتابوں دیوانِ حسن شوقی، دیوانِ نصرتی اور مثنوی نظامی شامل ہیں ۔ان کے مخطوطوں تک رسائی اور دکنی ادب سے واقفیت ان کا ایک اور علمی و ادبی کارنامہ ہے۔ ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔

ا۔ دیوانِ حسن شوقی

ڈاکٹر جمیل جالبی نے حسن شوقی کے دیوان کو مرتب کیا جو انجمن ترقی اردو پاکستان کراچی سے ۱۹۷۱ء میں شائع ہوا۔ اس کے مقدمے میں ڈاکٹر جمیل جالبی نے بتایا ہے کہ اس سے قبل حسن شوقی کا کتنا کام منظر عام پر آچکا تھا۔ ان کی فراہم کردہ تفصیلات کے مطابق ۱۹۲۹ء میں مولوی عبدالحق نے رسالہ ''اردو'' میں پہلی بار حسن شوقی کا تعارف کرایا۔ اس کے بعد ۱۹۵۴ء میں سخاوت مرزا نے رسالہ '' اردو'' کراچی میں حسن شوقی کی تین غزلیں اور ۱۹۶۵ء میں حسینی شاہد نے پانچ غزلیں شائع کیں۔ ان چند غزلیات کے علاوہ حسن شوقی کا کلام پہلی بار جمیل جالبی کے مرتبہ دیوانِ حسن شوقی کے ذریعے سامنے آیا۔

Scanned with OKEN Scanner

مقدمے میں ڈاکٹر جمیل جالبی نے بہمنی سلطنت کے زوال کو مختصر آبیان کیا ہے۔اس حوالے سے لکھتے ہیں کہ نظام شاہی، احمد شاہی اور برید شاہی سلطنتیں زوال آمادہ ہوئیں تو شوقی نظام شاہی سے عادل شاہی سلطنت میں چلاآیا۔

دیوان حسن شوقی دو مثنویوں ''فتح نامہ نظام شاہ''، ''میز بانی نامہ'' اور غزلیات پر مشتمل ہے۔ فتح نامہ نظام شاہ کو جمیل جالبی نے دو نسخوں نسخہ اول اور نسخہ ثانی کی مدد سے مدون کیا جو موجودہ شکل میں چھ سو بیس(۶۲۰) اشعار پر مشتمل ہے۔ یہ مثنوی دکن کی مشہور جنگ تالیکوٹ ۹۷۲ھ (۱۵۶۴ء) کی فتح پر حسن شوقی نے تحریر کی تھی جس میں اپنے مربی حسین نظام شاہ کو فاتح تالیکوٹ قرار دیا۔ یہ جنگ وجیا نگر کے راجہ رام راج اور ابراہیم قطب شاہ، علی عادل شاہ اول، حسین نظام شاہ، برید شاہ کی متحدہ افواج کے درمیان ہوئی جس میں راجہ رام راج کو شکست ہوئی اور وجیا نگر سلطنت ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ختم ہو گئی۔

''میز بانی نامہ'' میں سلطان محمد عادل شاہ(۱۰۳۷ھ۔۱۰۶۸ھ) کی شادی کو موضوع سخن بنایا ہے جو نواب مظفر خان کی لڑکی سے ہوئی تھی۔ ڈاکٹر جمیل جالبی لکھتے ہیں کہ مولوی عبدالحق نے نہ معلوم کس بناپر اس شادی کا رشتہ مصطفی خان وزیر اعظم کی بیٹی سے ملادیا ہے۔ یہ شادی جس کا میز بانی نامہ حسن شوقی نے مرتب کیا ہے مصطفی خان کی بیٹی سے نہیں بلکہ نواب مظفر خان کی بیٹی سے شادی کا میز بانی نامہ ہے ۔ میز بانی نامہ دو سو چودہ(۲۱۴)اشعار پر مشتمل ہے اور اسے چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

مقدمے میں حسن شوقی کی غزلوں کے موضوعات اور فنی محاسن بھی بیان کیے گئے ہیں۔

عادل شاہی دور کا سب سے اہم اور نمائندہ شاعر حسن شوقی ہے، شوقی نے دکنی زبان کو فارسی کے قریب کرنے کی کامیاب کوشش کی، ڈاکٹر جمیل جالبی نے درست کہا ہے کہ

''حسن شوقی کی غزلیں اسی روایت کا حصہ ہیں جس کے فراز پر ولی دکنی کی غزل کھڑی ہے۔''(۱)

گو شوقی کی بہت کم غزلیں محققین کو دستیاب ہوئی ہیں اور جو کچھ ملا ہے اس میں بھی کچھ حصہ کرم خوردہ ہے لیکن اس کے باوجود بھی ڈاکٹر جمیل جالبی جیسے ماہر محقق اور استاد نے انتہائی عرق ریزی کے بعد اس کا بڑا حصہ محفوظ کیا ہے۔

۲۔دیوانِ نصرتی

بیجاپور کے ملک الشعرا ملا نصرتی کا کلام ''دیوانِ نصرتی'' ڈاکٹر جمیل جالبی نے مرتب کیا ہے۔ یہ دیوان قوسین لاہور سے ۱۹۷۲ء میں شائع ہوا۔ دیوانِ نصرتی کے مقدمے میں جمیل جالبی نے بہمنی سلطنت کے زوال اور گولکنڈہ اور بیجاپور کی ریاستوں کی علم پروری اور ادب وفن کی سرپرستی کو بیان کیا ہے۔ ملک الشعرا ملا نصرتی کے بارے میں جمیل جالبی مقدمے میں لکھتے ہیں کہ اس نے تین بادشاہوں محمد عادل شاہ ثانی شاہی اور سکندر عادل شاہ کا دورِ حکومت دیکھا۔ محمد عادل شاہ کے دورِ حکومت میں اس نے قصیدہ چرخیہ لکھا۔ محمد عادل شاہ کے بیٹے علی عادل شاہ ثانی شاہی کے دورِ حکومت میں نصرتی کی تخلیقی قوتیں اپنے کمال پر تھیں۔ جس میں اس نے متعدد غزلوں، قصائد اور رباعیات کے علاوہ اپنی مشہور عشقیہ مثنوی ''گلشنِ عشق'' اور رزمیہ مثنوی ''علی نامہ'' لکھیں۔ سکندر عادل شاہ کے دور میں نصرتی نے ''تاریخِ سکندری'' لکھی۔

Scanned with OKEN Scanner

گلشنِ عشق اور علی نامہ شائع ہو چکے ہیں جبکہ تاریخ سکندری اور دیگر کلام جو نایاب تھا وہ جمیل جالبی نے ترتیب دیا۔اس کی اہمیت مقدمے میں یوں بیان کرتے ہیں:

''جیسے دیوانِ حسن شوقی ادبِ اردو کے دورِ قدیم اور قبل ولی کی روایت کے مطالعے کے لیے غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔اسی طرح ملا نصرتی کا یہ غیر مطبوعہ و نایاب کلام بھی غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔''(۲)

مقدمے کے تیسرے حصے میں نصرتی کی تین تصانیف گلشن عشق (۱۰۶۸ھ) ، علی نامہ (۱۰۷۶ھ) اور دیوانِ نصرتی کے موضوعات اور اسالیب کو مختصر آبیان کیا ہے۔کلام کی خصوصیات میں اہم نکتہ یہ ہے کہ انھوں نے نصرتی کی قصیدہ گوئی کی خصوصیات بھی بیان کی ہیں۔اس حوالے سے لکھتے ہیں:

''اردو قصائد کے ذکر میں جہاں ہم سودا اور ذوق کا اب تک نام لیتے آئے ہیں وہاں ہمیں دورِ قدیم اور قبل ولی کے مولانا نصرتی کا نام ان کے ساتھ ہی نہیں بلکہ ان دونوں سے پہلے لینا چاہیے۔ ''(۳)

نصرتی کی غزلیات کا اہم موضوع عورت ہے۔رباعیات میں سے کچھ حمد و نعت اور کچھ ناصحانہ و عاشقانہ موضوعات کے بارے میں ہیں۔

ڈاکٹر جمیل جالبی نے دیوان نصرتی کے متن میں سب سے پہلے مثنوی ''تاریخ سکندری'' (۱۰۸۳ھ) کا متن درج کیا ہے۔اس کے بعد قصائد درج کیے گئے ہیں۔ مخمسات میں دو مخمس درج کی گئی ہیں۔اس کے بعد ہجو ہے اور پھر ۲۳ غزلیات ہیں۔ غزلیات کے بعد ۲۸ رباعیات، ۳ قطعات اور ایک غزل فارسی ہے۔آخر میں صفحہ نمبر ۸۱ سے ۹۳ تک فرہنگ دیوان نصرتی دی گئی ہے۔

۳۔ مثنوی نظامی دکنی المعروف بہ کدم رائو پدم رائو

فخر دین نظامی کی مثنوی کدم رائو پدم رائو کو ڈاکٹر جمیل جالبی نے ترتیب دیا ہے۔ یہ انجمن ترقی اردو کراچی سے ۱۹۷۳ء میں شائع ہوئی۔ یہ مثنوی نویں صدی ہجری میں لکھی گئی تھی۔ اس مثنوی کو جمیل جالبی نے اردو کی پہلی تصنیف قرار دیا ہے۔ مقدمے کی ابتدا میں ڈاکٹر جمیل جالبی نے ''تاریخ ادب اردو'' کے دوران پیش آنے والی مشکلات اور تحقیقی کاوش کا ذکر بھی کیا ہے۔

''اس تمام عرصے میں میری یہ کوشش رہی کہ نویں اور دسویں صدی ہجری کی وہ تمام تصانیف جو خطی شکل میں طاقِ نسیاں پر دھری تھیں ان کا مطالعہ اسی نقطہ نظر سے کیا جائے اور دیکھا جائے کہ ان تصانیف کی لسانی، تہذیبی و ادبی اہمیت کیا ہے۔ ''(۴)

ڈاکٹر جمیل جالبی نے مثنوی کدم رائو پدم رائو کے املا کی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اس نسخہ کا رسم الخط نسخ ہے لیکن یہ نسخ اتنا مشکل ہے کہ اسے پڑھنا اتنا ہی دشوار ہے جتنا عہدِ قدیم کے کسی رسم الخط کو پڑھ کر مفید مطلب باتیں اخذ کرنا۔ مولوی عبدالحق مرحوم کی یہ بڑی خواہش تھی کہ یہ مثنوی کسی طرح پڑھ لی جائے اور پھر شائع کر دی جائے۔انھوں نے برصغیر پاک و ہند کے ماہرینِ فن کے پاس اس کے عکس روانہ کیے۔ قاضی احمد میاں اختر جوناگڑھی کو اس کام پر مامور کیا لیکن ان کی موت کی وجہ سے یہ کام ادھورا رہ گیا۔ جمیل جالبی ۱۹۶۷ء میں اس مخطوطے سے متعارف ہوئے اور اسے پڑھنے کی کوشش کرتے رہے:

Scanned with OKEN Scanner

''ڈیڑھ دوسال کی محنت و کوشش اور لغات کے ساتھ سر کھپانے کے بعد میں اس قابل ہو گیا کہ کسی حد تک میں اسے پڑھ سکوں۔ مجھے اس کا بھی اندازہ ہوا کہ کاتب مختلف حروف اور ان کے جوڑ کی مختلف شکلیں کس طرح لکھتا ہے۔''(۵)

ڈاکٹر جمیل جالبی نے دوسال کی محنت کے بعد اس مخطوطے کی پہلی نقل اور پھر دوسری اور تیسری نقل تیار کی اور افسر صدیقی اور مشفق خواجہ کو دکھائی اور اس کے بعد اسے اشاعت کے عمل سے گزارا۔ انھوں نے تاریخی واقعات اور شواہد کی بنا پر یہ ثابت کیا ہے کہ یہ مثنوی احمد شاہ ولی بہمنی کے دورِ حکومت (۸۲۵ھ۔۸۳۹ھ) میں لکھی گئی۔

۱۴۲۱ء۔۱۴۳۵ء

مسعود سعد سلمان کے دیوانِ ہندوی، شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر کے کلام کا منتخب حصہ گرو گرنتھ، امیر خسرو، باجن کی فارسی تصنیف ''خزائن رحمت اللہ''، خواجہ بندہ نواز گیسو دراز کے بڑے صاحبزادے سید محمد اکبر حسینی کا تین صفحات پر مشتمل ایک رسالہ اور گیسو دراز سے منسوب ''معراج العاشقین'' کے تاریخی حقائق کے حوالے سے کدم رائو پدم رائو کو اردو کی پہلی تصنیف قرار دیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

''اس جائزہ کے بعد اب لے دے کر ''مثنوی کدم رائو پدم رائو'' رہ جاتی ہے جسے اردو زبان کی پہلی تصنیف ہونے کا شرف حاصل ہے اور جب تک کوئی اور تصنیف سامنے نہ آجائے اولیت کے تختِ سلطنت پر ''کدم رائو پدم رائو'' کی حکمرانی رہے گی۔''(۶)

مقدمے میں ڈاکٹر جمیل جالبی نے مثنوی کے لسانی مطالعہ پر تفصیل سے بحث کی ہے۔ مثنوی کا خلاصہ بھی مقدمے میں دے دیا ہے۔ اس کے املا کا طریق کار بھی مقدمے میں درج کر دیا ہے۔ متن کی پیش کش کا طریق کار یہ اختیار کیا گیا ہے کہ صفحے کے دائیں طرف اصل متن کا عکس دیا گیا ہے بائیں طرف اسے خط نستعلیق میں جدید املا کے مطابق اشعار کی صورت میں لکھا گیا ہے۔ مخطوطہ میں ایک سطر میں شعر اس طرح درج کیا گیا ہے کہ وہ شعری تصنیف کے بجائے نثری تصنیف معلوم ہوتی ہے۔ جمیل جالبی نے اسے دو کالم میں یوں درج کیا ہے کہ یہ مثنوی کی صورت میں معلوم ہوتے ہیں۔

متون کا تعارف و خصوصیات:

ڈاکٹر جمیل جالبی کے مرتب کیے ہوئے متون اردو ادب میں اہم مقام رکھتے ہیں۔ انھوں نے دکن کے ان متون کو مرتب کیا ہے جن کے بغیر اردو ادب کی تاریخ نامکمل ہے۔ دیوانِ حسن شوقی، دیوانِ نصرتی اور مثنوی کدم رائو پدم رائو کی اشاعت سے نہ صرف دکنیات کے ذخیرے میں اضافہ ہوا ہے بلکہ دکنی زبان، محاورات و ضرب الامثال، املا اور صرف و نحو کے بارے میں بھی معلومات ملتی ہیں۔ اس طرح لسانیات میں بھی ایک گراں قدر اضافہ ہے۔

جمیل جالبی نے جن متون کی تدوین کی ہے ان کا تعارف و اہمیت انھوں نے مقدمے میں درج کی ہے۔ دیوانِ حسن شوقی کے مقدمے کی ابتدا میں لکھتے ہیں

''اب سے تقریباً چالیس سال پہلے جولائی ۱۹۲۹ء میں مولوی عبدالحق مرحوم نے رسالہ ''اردو'' میں پہلی بار ایک قدیم شاعر کا تعارف شائع کیا اور اس کے ادبی کارناموں پر روشنی ڈال کر اس کی دو مثنویوں اور تین غزلوں سے اردو داں طبقے کو روشناس کرایا۔ شاعر کا نام حسن شوقی تھا۔۔۔ ۱۹۵۴ء میں سخاوت مرزا نے رسالہ اردو کراچی میں حسن شوقی کی تین غزلیں اور دریافت کیں اور ۱۹۶۵ء میں حسینی شاہد نے پانچ غزلیں اور شائع کیں۔''(۷)

Scanned with OKEN Scanner

اس کے بعد لسانی مطالعہ، بیاضوں کا تعارف، املا کے بارے میں، ترتیب کے بارے میں عنوانات قائم کر کے اہم ضروری معلومات مقدمے میں درج کر دی ہیں۔

''دیوانِ نصرتی'' کے مقدمے میں گولکنڈہ اور بیجاپور ریاستوں کی علم پروری اور ادب و فن کی سرپرستی کو بیان کر کے نصرتی کے بیجاپور سے تعلق کو بیان کیا ہے۔اس تعارف کے بعد لکھتے ہیں:

''گلشن عشق'' اور ''علی نامہ'' شائع ہو چکے ہیں لیکن تاریخ سکندری اور بقیہ کلام اب تک نایاب تھا۔ ''تاریخ ادب اردو'' پر تن تنہا کام کرتے ہوئے جب میں سینکڑوں بیاضوں اور مخطوطات کے جنگل سے گزرا تو مجھے اکثر ملا نصرتی کا کلام بھی ملتا رہا جسے میں دوسرے شعرا کے نایاب کلام کی طرح جمع کرتا رہا۔تاریخ ادب اردو میں نصرتی پر لکھتے ہوئے میں نے محسوس کیا کہ ریزہ ریزہ کر کے میرے پاس نصرتی کا اتنا کلام جمع ہو گیا ہے کہ اب نصرتی پر لکھنا اور اس کے بارے میں رائے قائم کرنا آسان ہے۔ نصرتی کا یہی وہ نادر و نایاب کلام ہے جسے ترتیب دے کر اب ''دیوان نصرتی'' کے نام سے شائع کیا جا رہا ہے۔ جیسے دیوانِ حسن شوقی ادب اردو کے دورِ قدیم اور قبل ولی کی روایت کے مطالعے کے لیے غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔اسی طرح ملا نصرتی کا یہ غیر مطبوعہ و نایاب کلام بھی غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔''(۸)

اس تعارف کے بعد مقدمے کے دوسرے حصے میں نصرتی کے حالات اس کے کلام سے مرتب کیے ہیں۔ مقدمہ کے تیسرے حصے میں نصرتی کی تین تصانیف کا تعارف، موضوعات اور اسالیب کو مختصر آبیان کیا ہے۔ مقدمے کے آخر میں نصرتی کی ادبی حیثیت اور اہم مقام کا ذکر کیا ہے۔ لکھتے ہیں:

''بحیثیت شاعر نصرتی قدیم اردو کے عظیم ترین شاعروں میں سے ایک ہے جس نے بزمیہ اور رزمیہ دونوں قسم کی طویل مثنیوں لکھ کر اپنی شاعرانہ عظمت کا لوہا منوایا ہے۔ قصیدے میں اس کا نام سودا اور ذوق کے ساتھ لیا جانا چاہیے۔''(۹)

''مثنوی نظامی دکنی'' کے مقدمے میں ڈاکٹر جمیل جالبی نے اس نسخے کی تاریخی اہمیت کا تعارف، رسم الخط کی مشکلات، زمانۂ تصنیف، نام و حالاتِ مصنف، اشعار کی تعداد، املا، لسانی مطالعہ، طریق کار کو تفصیل سے پیش کیا ہے۔ نویں دسویں صدی ہجری کی تصانیف کے تعارف اور ادب میں اس کے ارتقا اور تبدیلیوں کا ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

''دیوان حسن شوقی'' اسی سلسلے کی پہلی کڑی تھی۔ ''دیوانِ نصرتی'' دوسری کڑی اور مثنوی ''کدم رائو پدم رائو'' اسی سلسلے کی تیسری کڑی ہے۔۔اس مثنوی کو زمانی اعتبار سے ''دیوان حسن شوقی'' سے پہلے شائع ہونا چاہیے تھا لیکن یہ ایک ایسا مشکل کام تھا کہ صرف متن کی تیاری میں پانچ سال سے زیادہ کا عرصہ لگ گیا۔''(۱۰)

نسخوں کا تعارف:

مقدمہ میں نسخوں کا تعارف بھی پیش کیا گیا ہے۔انجمن ترقی اردو کی مخزونہ دو بیاضوں کا تعارف پیش کیا گیا ہے۔ جن کی مدد سے دیوانِ حسن شوقی کو مرتب کیا گیا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

بیاض نمبر ا مخزون انجمن ترقی اردو پاکستان کراچی جس میں فتح نامہ نظام شاہ (نسخہ اول) اور میز بانی نامہ ہے۔ ۲/۱ ۹اور ۲/۱ ۵ کی تقطیع پر لکھی گئی ہے۔ متن میں ۱۷ سطریں اور حاشیے پر ۳۴ سطریں ہیں۔ عنوانات فارسی میں ہیں اور سرخ روشنائی سے لکھے گئے ہیں۔ خط نستعلیق خوش نما ہے اس میں کل صفحات ۱۰۷ اور دس مثنویاں ہیں۔۔۔۔ فتح نامہ نظام شاہ اور میز بانی نامہ کا متن اسی نسخے سے لیا گیا ہے۔ کاتب کا نام اور سنِ کتابت درج نہیں ہے

۔

بیاض نمبر ۲ مخزون انجمن ترقی اردو پاکستان کراچی۔ اس بیاض میں فتح نامہ نظام شاہ کا نسخہ ثانی (ناقص) ملتا ہے۔ شروع کے صفحات دست برد زمانہ ہو گئے۔ کچھ ابتدائی صفحات آخر میں لگ گئے ہیں۔ یہ ۲/۱ ۸ × ۵ کی تقطیع پر لکھی گئی ہے۔ صفحات کی تعداد ۱۶۰ ہے۔ ہر صفحہ پر اوسطاً پندرہ سطریں ہیں۔ یہ بیاض بہت کرم خوردہ ہے۔ خط شکستہ ہے۔ جدولیں نہیں ہیں۔ کہیں افقی انداز سے لکھا گیا ہے اور کہیں آڑا ترچھا لکھا گیا ہے۔

ڈاکٹر جمیل جالبی نے دیوان نصرتی کے نسخے کا تعارف پیش نہیں کیا۔ مقدمے میں تاریخِ دکن، نصرتی کے حالات اور تصانیف کا تعارف ملتا ہے لیکن دیوانِ نصرتی کے نسخے کے بارے میں کوئی معلومات نہیں ملتیں۔ تاریخ سکندری کے متن کے حاشیے میں مولوی عبدالحق کا بیان درج کر دیا گیا ہے کہ تاریخ سکندری کا دنیا بھر میں صرف ایک ہی نسخہ ہے جو ان کے کتب خانہ میں ہے۔ یہ قول مولوی عبدالحق کی کس تحریر سے لیا گیا ہے اس کا تذکرہ بھی نہیں ہے۔

''مثنوی کدم رائو پدم رائو'' کا واحد نسخہ انجمن ترقی اردو کراچی کے کتب خانے میں محفوظ دنیا کا واحد معلوم نسخہ ہے جس کا سائز ۲×۷ اور ۱×۵ ہے۔ یہ واحد نسخہ بھی ناقص ہے۔ بیچ بیچ میں سے اکثر صفحات غائب ہیں اور آخر میں بھی مثنوی کے کم از کم دو تین صفحات کم ہیں۔ اسی وجہ سے کاتب کے نام اور سنہ کتابت کا بھی پتہ نہیں چلتا۔ اس مثنوی میں اشعار کی تعداد ۱۰۳۲ ہے اور ۱۰۳۲ واں شعر نامکمل ہے۔ اس کے بعد کے اشعار ضائع ہو گئے ہیں۔ ترقیمہ نہ ہونے کی وجہ سے کاتب کے نام کا پتا نہیں چلتا۔

داخلی شہادتوں کی مدد سے شعرا کے حالاتِ زندگی مرتب کیے ہیں:

ڈاکٹر جمیل جالبی نے جن شعرا کے دیوان مرتب کیے ہیں ان کے حالات انھوں نے شعرا کے کلام ہی سے اخذ کیے ہیں۔ دیوانِ حسن شوقی میں حسن شوقی کا نام، تخلص، فتح نامہ نظام شاہ کا پس منظر، جنگ کے واقعات کو دیوان ہی سے اخذ کیا ہے۔ شوقی کے حالات کسی قدیم تذکرے یا تاریخ میں نہیں ملتے۔ ان کے کلام ہی سے ڈاکٹر جمیل جالبی نے ان کے حالات زندگی ترتیب دیے ہیں۔ شوقی کے کلام ہی سے ان کا نام شیخ حسن اور تخلص شوقی اخذ کیا ہے اور حسن شوقی کی نظام شاہی دربار سے وابستگی کو بیان کیا ہے۔ ڈاکٹر جمیل جالبی نے حسن شوقی کا سن ولادت تقریباً ۹۴۸ھ اور وفات کا سال ۱۰۴۲ھ اور ۱۰۵۰ھ کے درمیان متعین کیا ہے۔

ڈاکٹر جمیل جالبی نے اپنے قیاس کی بنیاد پر قرار دیا ہے کہ جنگ ''تالی کوٹ'' کے وقت اس کی عمر قریب پچیس برس تھی۔ ڈاکٹر جمیل جالبی لکھتے ہیں:

''1041 ہجری میں حسن شوقی زندہ تھا۔ اگر جنگ تالی کوٹ کے وقت حسن شوقی کی عمر پچیس چھبیس سال مان لی جائے تو 1041 ہجری میں اس کی عمر 93، 94 بنتی ہے اور اس کی عمر تک کسی شخص کا زندہ رہ جانا اس دنیا میں کوئی عجیب و غریب واقعہ نہیں ہے''(۱۱)

Scanned with OKEN Scanner

اسی طرح مثنوی ''گلشن عشق'' سے نصرتی کا نام، حالات اور آباء واجداد کے بارے میں معلومات فراہم کی ہیں۔ اسی طرح مثنوی کدم رائو پدم رائو کے مطالعے سے فخر دین نظامی کے نام اور تخلص کے بارے میں معلومات اخذ کی ہیں۔

جمیل جالبی نے مثنوی ''گلشنِ عشق'' کے اشعار سے نصرتی کے حالات مرتب کیے ہیں۔ ان کے مطابق نصرتی کے آباء واجداد پیشہ ور سپاہی تھے۔ نصرتی کے سالِ وفات کے حوالے سے تین محققین کی آرا پیش کی ہیں۔

ا۔ ''تذکرہ شعرائے دکن'' میں عبدالجبار ملکاپوری نے نصرتی کا سالِ وفات ۱۰۹۵ھ لکھا ہے۔

۲۔ اردو مخطوطات کتب خانہ سالار جنگ میں نصیر الدین ہاشمی نے جو قطعہ تاریخ وفات دیا ہے اس سے ۱۰۸۵ھ سال وفات برآمد ہوتا ہے۔

۳۔ ''اردو شہ پارے'' میں پروفیسر محی الدین زور نے سال وفات ۱۰۸۱ھ دیا ہے۔

جمیل جالبی نے اس سلسلے میں یہ دلیل دی ہے کہ ''تاریخ سکندری'' کا سالِ تصنیف ۱۰۸۳ھ ہے اور اس وقت تک یقیناً نصرتی زندہ تھے۔ اس لیے نصرتی کا سالِ وفات ۱۰۸۵ھ صحیح معلوم ہوتا ہے۔

مخطوطہ کے مطالعہ اور اشعار کے حوالے سے جمیل جالبی نے یہ نتائج اخذ کیے ہیں کہ مثنوی کدم رائو پدم رائو کے مصنف کا نام فخر دین اور تخلص نظامی تھا۔ مثنوی میں کئی جگہ اس نے اپنا نام اور تخلص ساتھ ساتھ استعمال کیا ہے اور التزام یہ رکھا ہے کہ ایک شعر میں وہ خود کو اپنے پورے نام فخر دین سے مخاطب کرتا ہے اور ایک یا دو اشعار کے بعد وہ اپنا تخلص لاتا ہے۔

مخطوطوں کا تعارف اور تدوین کا طریق کار:

ڈاکٹر جمیل جالبی نے دیوانِ حسن شوقی کو انجمن ترقی اردو کی مخزونہ دو بیاضوں سے مرتب کیا ہے۔ بیاض نمبر ا کو انھوں نے نسخہ اول قرار دیا ہے۔ بیاض نمبر ۲ کو نسخہ ثانی کا نام دیا ہے۔ اس لے لیے انھوں نے درج ذیل طریق کار اختیار کیا ہے۔

ا۔ فتح نامہ کا مکمل متن نسخہ اول و ثانی کو ملا کر بنایا گیا ہے۔ جہاں نسخہ اول اور نسخہ ثانی دونوں میں اشعار مشترک تھے وہاں نسخہ اول کے اشعار متن میں لیے گئے ہیں اور اختلافات کو حاشیے میں ظاہر کر دیا ہے۔

۲۔ وہ اشعار جو صرف نسخہ ثانی میں تھے انھیں نسخہ اول میں موضوع کے تسلسل کے مطابق ملا دیا گیا ہے اور یہ عمل مثنوی کے صرف آخری حصہ میں کیا گیا ہے۔ یہ سلسلہ شعر نمبر ۴۴۸ سے شروع ہوتا ہے۔

۳۔ ان اشعار پر جو دونوں نسخوں میں الفاظ و ترتیب کے لحاظ سے قطعی ایک تھے '' صہ '' کا نشان بنا دیا ہے۔

۴۔ میزبانی نامہ کا چونکہ ایک ہی نسخہ تھا اس لیے اختلاف کا سوال پیدا نہیں ہوتا۔

۵۔ حسن شوقی کی وہ غزلیں جو سخاوت مرزا اور حسینی شاہد نے دریافت کی تھیں ان کا اختلاف حاشیے میں ظاہر کر دیا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

مثنوی نظامی دکنی اور دیوانِ نصرتی کا چونکہ ایک ایک نسخہ تھا اس لیے ان کے اختلافِ نسخ نہیں دیے گئے۔ان کے حواشی بھی مختصر ہیں۔دیوانِ حسن شوقی میں فتح نامہ نظام شاہ کا متن دو نسخوں کی مدد سے ترتیب دیا گیا ہے اس لیے ان کا اختلاف حواشی میں درج کیا گیا ہے

"تجے جوے دولت کوں جل تھل اہے

جوے اور جل تھل کے الفاظ کا اختلاف حاشیے میں درج کیا ہے

"نسخہ ثانی میں جوے کے بجائے شاہ اور جل تھل کے بجائے جلیل ملتا ہے۔"(۱۲)

بولا بھیجیا، شاہ دانا، دبیر

نسخہ ثانی پہلا مصرع یوں ہے "بولا بھیجیا شہ نے دانائو پیر

دیوان حسن شوقی کی غزلیات جن بیاضوں سے لی گئی ہے ان کے اختلاف بھی حواشی بھی درج کیے گئے ہیں۔کل ۳۰ غزلیات ہیں جو ردیف وار درج کی گئی ہیں۔پہلی غزل کا تعارف حاشیے میں یوں دیا ہے۔

"یہ غزل انجمن کی دو بیاضوں میں ملی۔ایک میں چھ اور دوسری میں سات شعر ہیں۔اسی غزل کو سخاوت مرزا نے کسی اور بیاض سے لے کر رسالہ اردو کراچی اپریل ۱۹۵۴ء میں اور دوسری دو نئی غزلوں کے ساتھ شائع کیا تھا۔اس غزل میں سات شعر ہیں۔ہم انجمن کی بیاض سے ۷ شعر والی غزل یہاں متن میں دے رہے ہیں اور اس کا مقابلہ رسالہ اردو اور دوسری بیاض کی غزل سے کر رہے ہیں۔"(۱۳)

اس غزل کے حاشیے کے طریق کی مثال درج ذیل ہے۔

متن میں غزل نمبر ا کا ایک شعر ہے

تجہ ناز کے بیداد تھی ویراں ہوا ہے کانورو

تجہ لب شکر کے قول تھی معمور بنگالا ہوا

اس کا حاشیہ یوں درج کیا گیا ہے

"کانورو کے بجائے رسالہ اردو میں "گانوار" کا لفظ ملتا ہے اور انجمن کی بیاض میں "گنہ ور" کا لفظ ملتا ہے۔"(۱۴)

اسی طرح غزل نمبر ۹ کا تعارف حاشیے میں یوں درج کیا ہے:

"قدیم اردو جلد اول مرتبہ مسعود حسین خاں میں اس غزل کے ۹ شعر ہیں۔انجمن کی ایک بیاض میں ۹ شعر ہیں اور دوسری بیاض میں ۱۱ شعر ہیں۔ہم نے اسی بیاض کی غزل کو متن بنایا ہے اور ذیل میں دونوں کا مقابلہ کر دیا ہے۔پہلے دو شعر انجمن کی دونوں بیاضوں میں ہیں۔قدیم اردو اول میں نہیں ہیں ۔"(۱۵)

Scanned with OKEN Scanner

غزل نمبر ۲۷ کا تعارف یوں دیا ہے:

''یہ غزل بھی دو بیاضوں میں ملتی ہے۔ دونوں میں ۶ شعر ہیں اور سوائے الفاظ کے اختلاف کے اشعار بھی اسی ترتیب سے ملتے ہیں۔ ''(۱۶)

دیوانِ نصرتی میں تاریخ سکندری کا ایک ہی نسخہ تھا اس لیے اختلاف نسخ تو حاشیے میں نہیں دیے گئے تاہم کتابت کی اغلاط کو حواشی میں درست کر دیا گیا ہے۔

کہ بولے یہ یک بول کا دہر کے (۱) آل

حاشیے میں حوالہ نمبر ا لکھ کر اس کے آگے یہ درج کیا ہے

''اصل میں ''کہ'' تحریر تھا۔'' (۱۷)

ص ۲۹ پر کاتب کی غلطی کی درستی یوں کی ہے

''مخطوطے میں ''آب'' لکھا ہے لیکن یہ سہو کتابت ہے کیوں کہ قافیہ ''باگ'' ہے (۱۸)

مثنوی نظامی دکنی میں متن کے اندر ہی قوسین لگا کر اس کی تصحیح یا وضاحت کر دی ہے۔ ان قوسین کی تقسیم یوں کی گئی ہے:

ا۔ جہاں مصرع کو وزن میں لانے کے لیے کسی لفظ یا حرف کا اضافہ کیا گیا ہے وہاں یہ بریکٹ استعمال کیا گیا ہے () مثلاً

جو مجہ انک دیسے سو مندان تجہ

جو مندا(ن) میں ہوئے بنداں تجہ

پرت پال سنسا(ر) کرتار ادھار

۲۔ جہاں مصرعے میں لفظ یا الفاظ زائد تھے وہاں ان زائد الفاظ کو اس بریکٹ میں دکھایا گیا ہے []

]رتن] گگن سمندر توں گنج تیتا دھرے

دھرتی جیوتی کر سمندر بھرے

۳۔ جہاں مصرع میں کاتب سے کوئی لفظ چھٹ گیا ہے اور کوشش کے باوجود اس لفظ کا اضافہ نہیں کیا جا سکا وہاں سوالیہ نشان بنا دیا گیا ہے؟

کہ بھیتر پھول پھل ہوئے تھی کانٹ کانٹ؟(۱۹)

۴۔ جہاں کرم خوردہ یا مشکوک ہونے کی وجہ سے لفظ نہیں پڑھا جا سکا وہاں نقطے لگا دیے گئے ہیں۔ مثلاً

ص ۷۷ پر ایک مصرع کی جگہ ۔۔۔۔۔۔ کا نشان لگا دیا گیا ہے اور اس پر لکھا ہے ''(۔۔۔۔۔ یہاں سے تسلسل قائم نہیں رہا) ج ج (۲۰)

Scanned with OKEN Scanner

یا مصرعے کے درمیان میں کوئی لفظ چھوٹ گیا ہے یا پڑھا نہیں جا سکا تو بھی نقطے لگا دیے گئے ہیں

کہ اس آس تھیں پھر بھی۔۔۔ شُکر کر

لسانی مطالعہ:

ڈاکٹر جمیل جالبی نے جن متون کو ترتیب دیا ہے وہ دکنی دور کے متون ہیں۔ اُس عہد کی زبان آج کی زبان سے بہت مختلف ہے۔ دکن کے ادبی مراکز گولکنڈہ اور بیجاپور تھے۔ قطب شاہی اور نظام شاہی علاقوں کی زبان و اسلوب پر فارسی کا اثر گہرا تھا جبکہ بیجاپور کی زبان و اسلوب پر سنسکرت اور مقامی زبانوں کا گہرا اثر تھا۔ اس دور کا املا کا طریق کار بھی ادبی و لسانی تاریخ میں اہمیت کا حامل ہے۔ اس لیے ڈاکٹر جمیل جالبی نے اسے جدید املا کے مطابق نہیں کیا ۔اس ضمن میں جمیل جالبی لکھتے ہیں:

''زیادہ تر الفاظ میں نے اصل املا کے مطابق رہنے دیے ہیں۔ صرف ہ اور ھ کو بدلا ہے تاکہ پڑھنے میں آسانی ہو اور شعر آسانی سے وزن میں پڑھا جا سکے۔ بعض لفظوں کو میں نے صرف الگ کر دیا ہے تاکہ لفظ کو پہچاننے میں آسانی ہو یا پھر میں نے ایسے الفاظ کا املا درست کیا ہے جو اس وقت بھی صحیح نہیں مانے جاتے ہوں گے جیسے غوص اعظم کو غوث اعظم کر دیا ہے حجرت کو ہجرت اور نصل کو نسل۔ '' (۲۱)

دکن کے یہ متون ادبی و لسانی نمونے ہیں۔ ان کی زبان، صرف و نحو، محاورات و ضرب الامثال، تذکیر و تانیث، روزمرہ محاورہ اور تلمیحات کا مطالعہ اردو لسانیات میں قدیم لسانی نمونے ہیں۔ ڈاکٹر جمیل جالبی نے ان متون کے لسانی مطالعے بھی تفصیل سے پیش کیے ہیں تاکہ اس دور کی لسانیات سے آگہی ہو سکے۔ دیوانِ حسن شوقی میں شوقی کے کلام کی صرفی و نحوی خصوصیات کو بیان کیا ہے۔ لازم و متعدی، علامتِ فاعل، تذکیر و تانیث، حرفِ ربط، سندھی اور قدیم دکنی کا فرق اور مماثلت کو مثالوں کے ذریعے درج کیا ہے۔ مثنوی نظامی دکنی (کدم رائو پدم رائو) کو جمیل جالبی نے اردو کا قدیم ترین ادبی و لسانی نمونہ قرار دیا ہے۔ انھوں نے ص ۳۵ تا ۶۰ مثنوی کا لسانی مطالعہ بہت تفصیل اور وضاحت کے ساتھ کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

''اس مثنوی میں جو زبان استعمال ہوئی ہے اس میں روزمرہ اور محاورے کی ایسی رچاوٹ ہے کہ اسے دیکھ کر کہا جا سکتا ہے کہ یہ مثنوی اس زبان کا پہلا نمونہ نہیں ہے بلکہ اس سے قدیم تر نمونے بھی ہوں گے جو یا تو ضائع ہو گئے یا ابھی تک ہماری نظروں سے اوجھل ہوں۔''(۲۲)

جمیل جالبی نے اس لسانی مطالعے میں درج ذیل عنوانات قائم کیے ہیں اور ان کی مثالیں دی ہیں

روزمرہ محاورہ، تلمیحات، مرہٹی زبان کے اثرات، پنجابی کا اثر، گجراتی اثرات، سرائیکی ہندی اثرات، اسم فاعل، لاحقے، سابقے، نون غنہ کا استعمال، جمع کی شکلیں، ضمیر، اسم ضمیر اور دوسری شکلیں، حرف کی چند مثالیں، فعل و متعلقاتِ فعل، مضارع و امر کی دوسری شکلیں، فعل جمع، مرکب افعال، ماضی مطلق، ''کر'' فعل کا استعمال، چند اور دلچسپ خصوصیات۔

گو شوقی کی بہت کم غزلیں محققین کو دستیاب ہوئی ہیں اور جو کچھ ملا ہے اس میں بھی کچھ حصہ کرم خوردہ ہے لیکن اس کے باوجود بھی ڈاکٹر جمیل جالبی جیسے ماہر محقق اور استاد نے انتہائی عرق ریزی کے بعد اس کا بڑا حصہ محفوظ کیا ہے۔ حسن شوقی کی غزل کے نمایاں اوصاف میں ایک اہم وصف

Scanned with OKEN Scanner

اس کے منفرد قافیہ کا استعمال ہے۔اس کی غیر مردف غزل میں منفرد قافیہ نے بھی اس کی غزل کو منفرد بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔اس غزل میں انہوں نے کھب کھب، غب غب، اب اب، دب دب، کب کب جیسے قافیے استعمال کیے ہیں اور لفظوں کے تکرار سے شعر میں ترنم پیدا کیا ہے

"کُھب کُھب رہی ہے من میں تری زلف کی کھب کھب

مج جیو کے گلے میں پڑیا ہے طوقِ غب غب

تپ تپ ہوا ہوں تب سیں تیرے وصال کارن

جپ جپ کیا ہوں جپنا ہر دم کتا ہوں اب اب" (۲۳)

مثنوی کدم رائو پدم رائو میں روز مرہ اور محاورہ کا ستعمال کثرت سے ہوا ہے۔مثال دے کر جمیل جالبی نے شعر کے آگے متعلقہ شعر نمبر بھی لکھ دیا ہے تا کہ متن میں اسے تلاش کرنے میں آسانی ہو۔شعر نمبر ۵۰۹ میں محاورے کی مثال یوں دی ہے

ٹھکائی کرنا:

کہیں بیس چھجے دیوں بار جگ

ٹھکائیں کروں جو کرے جگ ٹھگ (۲۴)

سب کو ایک لکڑی سے ہانکنا:

نہ سر پار کر دُود کون ہیں تاک

سبھی استریاں ایک لکڑی نہ ہاک (۲۵)

پانچوں انگلیاں کبھی ایک سی نہیں ہوتیں

نہو سی کدھیں پانچ انگل سمان (۲۶)

تلمیحات کا استعمال

بھلے تیں کہیا آج رامان منجہ

کیہا دیکھ توں کال ہنمان منجہ (۲۷)

پنجابی کا اثر

آکھے کدم رائو آکھے سنی بات دھن

Scanned with OKEN Scanner

بدل(بادل) پڑے کیوں نہ بجلی بدل سیس ٹوٹ (۲۸)

دکن کی زبان اور ذخیرہ الفاظ آج کے قاری کے لیے نامانوس ہے اس لیے اس ضرورت کو سمجھتے ہوئے جمیل جالبی نے متن کے آخر میں فرہنگ بھی دی ہے تاکہ متن کو پڑھنے کے لیے جس مشکل کا سامنا انھیں کرنا پڑا قارئین اس سے محفوظ رہیں۔ دیوانِ نصرتی اور مثنوی کدم رائو پدم رائو کے آخر میں بھی فرہنگ دی گئی ہے۔ دیوانِ نصرتی میں ص ۸۱ تا ص ۹۳ اور مثنوی نظامی دکنی میں ص ۲۴۲ سے ص ۲۶۵ فرہنگ دی گئی ہے۔

ڈاکٹر جمیل جالبی نے متن کی پیش کش میں ایک اور مفید کام یہ کیا ہے کہ ہر پانچ اشعار کے بعد شعر پر دو مصرعوں کے درمیان شعر نمبر درج کیا ہے۔ اس طرح اس مثنوی کے کل اشعار کی تعداد کا علم تو ہوتا ہی ہے اس کے ساتھ ساتھ کسی شعر کی تلاش میں آسانی رہتی ہے۔ مثلاً مقدمے میں جمیل جالبی نے اگر شعر نمبر ۱۴۲ کا حوالہ تلمیح کی مثال دیتے ہوئے دیا ہے تو اس شعر نمبر ۱۴۲ کو تلاش کرنا بہت آسان ہے جو کہ ۱۴۰ اور ۱۴۵ کے درمیان میں ہوگا۔

۱۔ ڈاکٹر جمیل جالبی (مرتب) ،دیوانِ حسن شوقی، کراچی: انجمن ترقی اردو پاکستان، ۱۹۷۱ء، مقدمہ

۲۔ ڈاکٹر جمیل جالبی (مرتب) دیوانِ نصرتی، لاہور: قوسین، ۱۹۷۲ء، ص ۲ مقدمہ

۳۔ ایضاً، ص ۱۴ مقدمہ

۴۔ ڈاکٹر جمیل جالبی (مرتب)، مثنوی نظامی دکنی المعروف بہ کدم راو پدم راو، کراچی: انجمن ترقی اردو پاکستان، ۱۹۷۳ء، ص ۹ مقدمہ

۵۔ ایضاً، ص ۱۱، ۱۰

۶۔ ایضاً، ص ۳۵

۷۔ دیوانِ حسن شوقی، ص ایک مقدمہ

۸۔ دیوانِ نصرتی، محولہ بالا، ص ۲ مقدمہ

۹۔ ایضاً، ص ۱۵

۱۰۔ مثنوی نظامی دکنی، محولہ بالا، ص ۱۰ مقدمہ

۱۱۔ دیوانِ حسن شوقی، مقدمہ

۱۲۔ دیوانِ حسن شوقی، ص ۹۳ حاشیہ

۱۳۔ ایضاً، ص ۱۴۰ حاشیہ

Scanned with OKEN Scanner

۱۴۔ایضاً، ص ۱۴۰ حاشیہ

۱۵۔ایضاً، ص ۱۴۸ حاشیہ

۱۶۔ایضاً، ص ۱۶۸ حاشیہ

۱۷۔دیوانِ نصرتی، محولہ بالا، ص ۱۹ حاشیہ

۱۸۔ایضاً، ص ۲۹

۱۹۔مثنوی نظامی دکنی، ص ۷۹

۲۰۔ایضاً، ص ۷۷

۲۱۔دیوانِ حسن شوقی، ص ۶۵ مقدمہ

۲۲۔مثنوی نظامی دکنی، ص ۳۶ مقدمہ

۲۳۔دیوانِ حسن شوقی، محولہ بالا

۲۴۔مثنوی نظامی دکنی، محولہ بالا، ص ۳۹

۲۵۔ایضاً، ص ۴۰

۲۶۔ایضاً، ص ۴۱

۲۷۔ایضاً، ص ۴۳

۲۸۔ایضاً، ص ۴۵

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

ٹوبہ ٹیک سنگھ کی کثرتِ تعبیر؛ابہام کی جمالیات

Dr. Muhammad Rashid Saeedi
Lecturer, Department Of Urdu,
The Islamia University Of Bahawalpur, Pakistan

Abstract: Saadat Hasan Manto holds a distinctive place in the tradition of short story writing, celebrated for his unconventional themes and innovative narrative techniques. Like all great writers, Manto infused his texts with layers of complexity and multidimensionality, deliberately avoiding simplicity and linearity. This richness in depth not only enhances the interpretive possibilities of his work but also invites critics from diverse intellectual perspectives to engage with his stories. These critics, through their varied analyses, derive meanings that resonate with their own critical frameworks, thereby enriching the discourse surrounding Manto's literary art. Despite his controversial reputation, Manto remains one of the most extensively critiqued and analyzed authors in Urdu literature.These critics function as interpreters of Manto's fictional universe, contributing significantly to the understanding of his artistic vision, worldview, and the philosophical underpinnings of his work. While some have hailed him as a progressive realist deeply rooted in social

Scanned with OKEN Scanner

realism, others have dismissed him as being indifferent to class consciousness and societal concerns. This divergence gives rise to a pivotal question: what interpretive methods and semantic frameworks have critics employed to extract meanings from Manto's stories?To explore this question, the present paper critically examines select interpretations of Manto's "Toba tek Singh" as a case study to analyze the hermeneutic and semantic strategies employed by critics. This comparative approach sheds light on the interpretive practices applied to Manto's literary oeuvre.

Keywords: Manto, Afsana, Partition, Interpretation, Semantics, Hermeneutics, Multiplicity of Meaning.

کسی بھی زبان کا ادب، اپنے زمانی دائرہ کے مزاج، مسائل اور امکانات کا امین ہوتا ہے۔اس بات کو یوں بھی کہا جاسکتا ہے کہ کسی بھی عہد کی فکریات (episteme) بہر صورت اس دور کی تخلیقات پر اثرانداز ہوتی ہے؛اور تخلیق اس سے کسی طور ماورا نہیں ہوسکتی۔اس نکتے سے فوری طور پر یہ اندیشہ جنم لیتا ہے کہ تخلیقی متن کی معنویت اس عہد کے بعد کیا ہوگی؟تو اس کا جواب کسی بھی متن کو تخلیقی اور ادبی تسلیم کرنے سے مل جاتا ہے۔ ادیب، یا یوں کہیں بڑا ادیب؛ کلی طور پر زمانے کے اثر کے تحت نہیں لکھتا، بلکہ فن کا پختہ اور متحرک شعور اسے وہ کرافٹ، اسلوب اور برتاؤ فراہم کرتا ہے کہ اس کی تخلیق، لمحہ موجود اور عہدِ آمدہ میں بھی بامعنی قرار پاتی ہے۔ [i] بڑا ادیب اپنے متن میں موضوع اور معانی کو واضح، یک رخا اور اکہرا رکھنے کی بجائے تہہ دار اور ہمہ گوں بناتا ہے۔اس عمل سے ادبی متن کی عمر اور اہمیت بڑھ جاتی ہے لیکن یہ گہرائی اور ہمہ گونی کثرتِ تعبیر کا راستہ بھی ہموار کر دیتی ہے۔اسی راستے سے ہمہ قسم کے ناقدین آتے ہیں اور فن پارے سے مطلوب و مقصود موجود معانی اخذ کر کے اپنے تئیں توقیر پاتے ہیں۔

ہمارے ہاں سعادت حسن منٹو کا معاملہ بھی کچھ ایسا ہی ہے۔ کسی نے سماجی حقیقیت نگاری کی بنیاد پر منٹو کو حقیقی ترقی پسند قرار دیا تو کسی نے اسے طبقاتی شعور اور معاشرتی دردمندی سے بے بہرہ سمجھا۔ سماج کو متعین اخلاقی اصولوں پر چلانے کے خواہش مند منٹو کو کبھی قبول نہ کر سکے اور اسے مریض اور فحش نگار ہی سمجھتے رہے۔ وقت بے رحم ہے اور فیصلہ کن بھی؛جب وقت کی روانی منٹو کی افسانوی دھار کو کند نہ کر سکی، گزرتے عہد کی گرد اس کی شبیہ کو دھندلا نہ سکی تو سرحد کی دونوں طرف منٹو کو تسلیم کرتے ہی بنی۔تاہم طرفین کی ضروریات اور ترجیحات کے مطابق مخصوص ''منٹو'' درکار

Scanned with OKEN Scanner

تھاجو متنوع، متضاداور متنازعہ تعبیرات کے ذریعے تشکیل دیا گیا۔ جنس اور تقسیم؛ منٹو کے دو بڑے موضوعات ہیں، ان سے متعلق ان کے درجنوں افسانے موجود ہیں، جن کی سینکڑوں تعبیرات، منٹو کے افسانوں کی تہہ داری، ناقدین کی ان سے دلچسپی، اور شرح و تعبیر کے ہمہ جہت حربوں کی موجودگی پر دال ہیں۔ اس صورت حال میں فی الوقت ہماری دلچسپی صرف دو سوالوں کے جوابات تلاش کرنے میں ہے۔ منٹو کے ناقدین کے ہاں کون سا طریق نقد یا تصورِ معنی یا تعبیری حربہ تھا، جس کی بنیاد پر انھوں نے منٹو کے افسانوں کی تعبیرات کیں؟ دوسرا یہ کہ ان تعبیرات سے منٹو کی افسانوی کائنات پر کیا اثر پڑا؟ ان سوالوں کے درست اور کامل جوابات کے لیے تمام منٹو تنقید کا محاسبہ ضروری ہے، تاہم یہاں ہم منٹو کا افسانہ ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' اور اس کی منتخب تعبیرات کا تجزیہ کر کے نتائج اخذ کرنے کی کوشش کریں گے۔

'' ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کے انتخاب کی کئی وجوہ ہیں۔ یہ منٹو کا معروف، مقبول اور متنازعہ افسانہ ہے، جو موضوع کی بنا پر عوام کو، کرافٹ اور فنی پختگی کی بنیاد پر ناقدین کو عزیز ہے۔ پھندنے (۱۹۵۴ء) میں شامل یہ افسانہ انھوں نے وائی ایم سی اے حال میں منعقدہ ایک تنقیدی نشست میں پیش کیا تھا ،پڑھتے وقت منٹو کا انداز رعونت سے بھرپور تھا، پڑھنے کے بعد منٹو تنقیدی آراء سنے بغیر فوراً اٹھ کر چلے گئے۔ ایک پاگل خانے اور اس میں موجود پاگلوں کی کیفیات پر مشتمل یہ افسانہ، اپنے اندر معانی کی کائنات لیے ہوئے ہے۔ دراصل منٹو اس افسانے کی تخلیق سے قبل دو مرتبہ پاگل خانے میں رہ چکے تھے ۔وجہ ان کی کثرت شراب نوشی بنی، کہ اسے ترک کرنے کے لیے جبراً یہ فیصلہ کیا گیا، اور یہ بھی ہے کہ اس دور میں ترکِ منشیات کے حوالے علیحدہ بحالیِ صحت کے مراکز نہیں ہوتے تھے، چنانچہ ایسے مریضوں کو باقاعدہ ذہنی مریضوں کے ساتھ ہی رکھا جاتا تھا۔ تیقن سے کہا جاتا ہے کہ ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' میں کمالِ فن کا مظاہرہ کرنے کے لیے منٹو کو پاگل خانے کا تجربہ اور مشاہدہ بہت کام آیا ہو گا۔ اپنے تخلیقی سیاق سے قطع نظر یہ افسانہ اپنے اندر ایک تہہ داری اور ایک خاص طرز کا ابہام رکھتا ہے؛ جس کے باعث معنی؛ یعنی مصنف کا نقطۂ نظر واضح، متعین اور ٹھوس ہونے کی بجائے تحلیل اور معلق ہو جاتا ہے ۔اسلوب اور بنت کی بنیاد پر، مصنف کے رکھے ہوئے شعوری رخنے نقاد کو یہ جواز فراہم کرتے ہیں کہ وہ واحد کی بجائے کثیر تعبیرات سامنے لا سکے۔

اس افسانے میں تقسیم ہند کے بعد کی صورتِ حال کو موضوع بنایا گیا ہے۔ تقسیم اور فسادات کے باعث طرفین سے ہندو، سکھ اور مسلمانوں نے ہجرت کر لی، تو سیمیناروں اور کانفرنسوں میں غور و خوض کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا کہ پاگل خانوں میں موجود وہ پاگل، جن کے رشتہ دار ہجرت کر چکے ہیں، کو ان کے متعلقہ ملک کے پاگل خانوں میں منتقل کر دیا جائے۔ اس منتقلی کے اعلان کے بعد پاگل خانوں میں موجود پاگلوں کی نفسیاتی کیفیات کو '' ٹوبہ ٹیک سنگھ'' میں کمال فن کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔ مختلف پاگلوں کے ہندوستان کی تقسیم اور تشکیل پاکستان کے حوالے سے محسوسات اور ان کا اظہار، اس افسانے میں ایک ایسی فضا تشکیل دیتے ہیں جو اس منظر نامے کا حقیقی اظہار یہ کہلانے کی حق دار ہے، اور دلچسپ بات یہ ہے کہ آج بھی افسانہ اپنی معنویت برقرار رکھے ہوئے ہے۔

'' ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کا مرکزی کردار بشن سنگھ ٹوبہ ٹیک سنگھ کا رہائشی ہے جو پندرہ سال سے پاگل خانے میں ہے، ہمیشہ کھڑا رہتا ہے، سوتا بھی کھڑے کھڑے ہے یا کبھی دیوار سے ٹیک لگا لیتا ہے۔ اتنے سالوں میں بڑی ہو جانے والی بیٹی کو پہچاننے سے قاصر ہے، تاہم ہر ماہ اپنے رشتہ داروں کی آمد سے پہلے نہا دھو کر تیار ہو جاتا ہے۔ اکثر لایعنی الفاظ دہراتا رہتا ہے۔ تقسیم کے بعد پاگلوں کی منتقلی کا سن کر فکر مند ہوتا ہے کہ پتہ نہیں اس کا علاقہ ٹوبہ ٹیک

Scanned with OKEN Scanner

سنگھ پاکستان میں ہو گا یا ہندوستان میں۔ منتقلی کے وقت جب اسے پتہ چلتا ہے کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ پاکستان میں ہے اور اسے ہندوستان لے جایا جا رہا ہے تو وہ بے چین ہو جاتا ہے اور بالآخر نو میسز لینڈ پر اوندھے منہ گر کر مر جاتا ہے۔[ii] افسانے میں میں فقط بشن سنگھ ہی نہیں، ہر کردار، اس کی کیفیت اور مکالمہ تفہیم و تعبیر کا متقاضی ہے ، راقم کی طرف سے افسانے کی تعبیر کرنے کی کی بجائے افسانے کے چند پہلو درج کیے جاتے ہیں، جن پر مختلف ناقدین کی تعبیری آراء کا جائزہ لیا جائے گا۔

ا۔ باقاعدگی سے زمیندار اخبار پڑھنے والے ایک پاگل سے جب کسی نے پوچھا کہ " مولبی ساب! یہ پاکستان کیا ہوتا ہے؟" تو اس نے بڑے غور و فکر کے بعد جواب دیا، " ہندوستان میں ایک ایسی جگہ ہے جہاں استرے بنتے ہیں؟"

۲۔ جھاڑو دیتے ہوئے ایک پاگل درخت پر چڑھ گیا اور وہیں ایک ٹہنی پر بیٹھ کر اس نے تقسیم کے نازک مسئلے پر دو گھنٹے تقریر کی، بعد ازاں اس نے یہ کہہ کر نیچے آنے سے انکار کر دیا کہ نہ وہ ہندوستان میں رہے گا نہ پاکستان میں، بلکہ وہ درخت پر ہی رہے۔ ڈرا دھمکا کر جب اسے نیچے اتارا گیا تو وہ بلا تفریق مذہب ساتھی پاگلوں سے گلے مل کر روتا رہا۔

۳۔ ایک دن نہاتے نہاتے ایک مسلمان پاگل نے، پاکستان زندہ باد، کا نعرہ اس زور سے بلند کیا کہ فرش پر پھسل کر گرا اور بے ہوش ہو گیا۔

۴۔ بعض پاگل ایسے بھی تھے جو پاگل نہیں تھے، ان میں اکثریت ایسے قاتلوں کی تھی جن کے رشتہ داروں نے افسروں کو دے دلا کر پاگل خانے میں بھجوا دیا تھا کہ وہ پھانسی کے پھندے سے بچ جائیں۔

۵۔ خود کو محمد علی جناح سمجھنے والے موٹے مسلمان اور خود کو ماسٹر تارا سنگھ سمجھنے والے ہندو کے درمیان جھگڑا ہوتا ہے، خونریزی کے خدشے کے پیشِ نظر انھیں الگ کر دیا جاتا ہے۔

۶۔ انھی پاگلوں میں ایک ایم ایس سی پاس مسلمان ریڈیو انجینئر بھی تھا، جس نے اس اپنے تمام کپڑے اتار کر ننگ دھڑنگ پھرنا شروع کر دیا۔

۷۔ ایک نوجوان ہندو وکیل جس کی محبت امرتسر تھی، جب اسے بتایا گیا کہ امرتسر ہندوستان کا حصہ بن گیا ہے تو وہ ہندو مسلم سبھی لیڈروں کو گالی دیتا تھا، لیکن جب منتقلی کی بات آئی تھی تو وہ پریشان ہو گیا کہ وہاں اس کی پریکٹس نہیں چلے گی۔

اسی طرح کرداروں کی کچھ اور کیفیات اور مکالمے جو افسانے کو ایک نامیاتی کل کی شکل دیتے ہیں۔ اور جن کی بنیاد پر توقع کی جاتے ہی کہ افسانے کی ہر ایک تعبیر میں ان جہات کو پیشِ نظر رکھا جائے گا، نہ کہ افسانے کے متن سے گریز کر کے کسی خیال کو سچ ثابت کیا جائے گا اور اسے افسانے کی (حقیقی) تفہیم و تعبیر کہا جائے گا۔ ذیل میں انھی نکاتِ کے پیشِ نظر "ٹوبہ ٹیک سنگھ" کی کچھ تعبیرات کا جائزہ لیا گیا ہے۔

بھارت سے متعلق وارث علوی فکشن کے معتبر نقادوں میں شمار ہوتے ہیں۔ ان کا طرزِ استدلال، اور طریقِ تعبیر کافی متاثر کن اور مستند سمجھا جاتا ہے۔ ان کی کتاب منٹو ایک مطالعہ میں ایک مضمون " ٹوبہ ٹیک سنگھ " موجود ہے جو اس افسانے کی باقاعدہ تفہیم، تنقید اور تعبیر پر مشتمل ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

اپنے مضمون کے آغاز میں وہ افسانے کو تہہ دار اور معنویت سے بھرپور قرار دیتے ہیں جس کی تعبیر کی طرف لوگوں نے توجہ نہیں دی۔ وارث علوی بھی افسانے کی تفہیم و تعبیر سے پیشتر اس کا سیاق فراہم کرتے ہیں، جس میں تقسیم اور ہجرت کو انسانوں کی ہیرا پھیری قرار دیتے ہیں جس سے لاکھوں لوگوں کی روح پر چرکے لگے، لوگ بے جڑ ہو گئے، اور انسانوں کے حصے میں تباہی اور رائیگانی آئی، جس کا بوجھ تاریخ نہیں اٹھاتی بلکہ ان '' فضولیات'' کا بوجھ ادب کو اٹھانا پڑتا ہے، اور منٹو نے ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کے بشن سنگھ کے ذریعے اس رائیگانی کا اظہار کیا ہے۔ وارث علوی نے ابتدا ہی میں افسانے میں موجود پاگل خانے کو علامت جان کر اس کی تعبیر کر دی اور آج تک اس کا ثبوت فراہم کرتے رہے، لکھتے ہیں:

"وجہ یہ ہے کہ ملک کے تقسیم ہوتے ہی بشن سنگھ جس پاگل خانے میں تھا، اس کے باہر بھی ایک بڑا پاگل خانہ کھل گیا تھا۔ اس پاگل خانے کی تعمیر ملک کے ہوش مند سیاستدانوں کے ہاتھوں ہوئی تھی۔ رات کے رات جغرافیہ بدل گیا، روابط اور وابستگیاں بدل گئیں۔ اور لوگ بہ تمام ہوش مندی ایک ملک سے دوسرے ملک ہجرت کرنے لگے۔ یہ ایک اجتماعی پاگل پن تھا، جس کی مضحکہ خیز صورتیں ابھی سامنے آنے ہی نہ پائی تھیں کہ جڑوں سے اکھڑنے کے کرب پر ہولناک فسادات کی تاریکیاں چھانے لگیں۔ [iii]"

باقاعدگی سے زمیندار اخبار پڑھنے والے پاگل سے جب کسی نے پوچھا کہ ' مولبی صاحب! یہ پاکستان کیا ہوتا ہے؟' تو اس نے بڑے غور و فکر کے بعد جواب دیا، ' ہندوستان میں ایک ایسی جگہ ہے جہاں استرے بنتے ہیں؟'۔ یا نہاتے نہاتے مسلمان پاگل کا زور سے نعرہ لگانا، پاکستان زندہ باد، اور غسل خانے میں گر جانا، افسانے کے قابل غور، لائق تعبیر جملے تھے، جن کی تعبیر وارث علوی نے کچھ یوں کی یہ لاہور کا یہ پاگل خانہ باہر کی دنیا کی علامت نہیں، بلکہ اس کا ہی روپ ہے۔ فرق کیفیت کا نہیں بلکہ کمیت کا ہے باہر بھی لوگ، سڑکوں اور بازاروں میں ایسی ہی حرکتیں کرتے ہیں جیسی کہ پاگل خانے میں۔ وارث علوی متن کو سیاق سے جوڑ کر ہی معنی اخذ کر رہے ہیں لیکن ''لاہور کا یہ پاگل خانہ'' کہنے کے کے بعد 'باہر' کے معنی ہندوستان کے نہیں رہتے، پاکستان کے ہو جاتے ہیں، جو استدلال کو معروضی کے بجائے موضوعی کر دیتے ہیں۔ منٹو کے افسانے میں معنی عمومی ہیں، تعبیر میں خصوصی معنی پہنانے میں بھی ہرج نہیں، لیکن پہلے سے متعین معنی کو افسانے میں سمونا تعبیریت کے اصولوں کی خلاف ورزی ہے۔ متعین معنی کی بنیاد دراصل ان ہندوستانی مسلمانوں کی ذہنیت ہے جنھوں نے تقسیم کے وقت پاکستان ہجرت کرنا مناسب نہیں سمجھا۔ وارث علوی کے بقول:

"لیکن حقیقت ہے مت سب کی ماری گئی تھی، بہ تمام ہوش مندی لوگ اپنے آبائی گھروں کو ترک کر رہے تھے، اپنی پشتوں کے وطن کو چھوڑ کر جا رہے تھے، گویا زمین کے ساتھ ان کا تعلق ہی نہیں رہا۔ [iv]"

جب ایک نقاد تعبیر کا ارادہ کر کے افسانے کا تجزیہ کرتا ہے تو اس سے افسانوی متن کی تعبیر کی توقع کی جاتی ہے، نہ کہ معنی کے تعین کی مسلسل کوشش۔ وارث علوی بشن سنگھ کی تمام ترکیفیات جنوں کی بنیاد اس کے زمین سے رشتے اور دھرتی سے تعلق کو قرار دیتے ہیں، جس سے جدا ہونے کا

Scanned with OKEN Scanner

احساس ہی اسے موت کے حوالے کر دیتا ہے۔ کھڑے ہوئے شخص کے گر کے مرنے پر وارث علوی کہتے ہیں کہ درخت کا ستعارہ مکمل ہو گیا۔ کوئی بڑا درخت گرتا اسی دھرتی پر ہے جس کی کوکھ سے اس کا بیج پھوٹا ہوتا ہے۔ بشن سنگھ کی موت واقعی ایک تحیر انگیز المیہ بن کر قاری کے سامنے آتی ہے، جو اس نوعیت کے کئی سوال کھڑے کر دیتی ہے، تاہم وارث علوی کو یہ نہیں بھولنا چاہیے تھا کہ پندرہ سال سے سیدھا کھڑا رہنے والا بشن سنگھ پاگل خانے میں پاگل ہو کر آیا تھا، نہ کہ وہ کوئی قاتل تھا جو پاگل خانے میں آنے کے بعد تقسیم ہند کا سن کر پاگل ہوا تھا۔ وارث علوی کا یہ مضمون دلچسپ ہے، پر لطف ہے۔ نثر لاجواب ہے، لیکن کسی نوعیت کے فنِ تعبیر (Hermeneutics) اور تصورِ معنی سے تہی۔ جس کی قدر کی جا سکتا سکتی، متاثر ہوا جا سکتا ہے لکن اسے معروضی کسی طور پر نہیں کہا جا سکتا۔

شافع قدوائی بنیادی طور پر ابلاغیات کے آدمی ہیں تاہم پاک و ہند میں ان کی شناخت، تنقید بالخصوص تھیوری اور اس کے اطلاقی شعور کے حوالے سے مسلمہ ہے۔ ان کا ایک مضمون ''نیشن بطور بیانیہ اور منٹو کا افسانوی متن'' کے عنوان سے منظر عام پر آیا۔ اس میں اگرچہ انھوں نے ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کی باقاعدہ تعبیر نہیں کی تاہم میں اس افسانے کا فیصلہ کن تعبیری تذکرہ لائق توجہ ہے، بالخصوص بھارتی نقاد کے طور یہ نقطۂ نظر کئی جہات کو واضح کرتا ہے۔ شافع قدوائی نے اپنے مضمون میں گائتری چکروتی سپیاوک، ہومی کے بھابھا اور ایڈورڈ سعید کے حوالوں سے ریاست و مملکت کے تصور پر بحث کی ہے اور نتیجتاً قومی مملکت (Nation State) کے تصور کو دور رس مخرب، اور مضر استعماری حربہ قرار دیا ہے؛ جس کا درست شعور اور احساس قومی مملکت کے مکین ادیبوں کی تخلیقات میں موجود ہوتا ہے۔ کسی بھی خطے کی تقسیم اور وہاں قومی مملکت کا قیام امن و خوش حالی، اور عوامی آرزؤں کی تکمیل کی بجائے جبر و تشدد اور مسلسل ناانصافی کا بنیادی ثابت ہوتا ہے۔ ہندوستان کی تقسیم اور قیام پاکستان کئی حوالے سے اسی شعور کی مثال کے طور پر انھوں نے منٹو کا افسانہ ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' پیش کیا ہے۔ شافع قدوائی بشن سنگھ کی کیفیت بارے لکھتے ہیں:

"۔۔۔ بشن سنگھ کے بظاہر بے معنی جملے اور اس کا ایک مقام پر مسلسل ثابت قدمی سے کھڑا رہنا اور تشخص کے نام پر ہر قسم کے تشدد کو روا رکھنے کی روش کی ہولناکی جو NO MANS LAND میں بشن سنگھ کی موت پر منتج ہوئی Nation State ، کے قیام کے وقت ہی اس کی اخلاقی شکست کا اشارہ بن جاتی ہے۔ [۷] "

اگرچہ اس مضمون کو ہم شافع قدوائی کے تصور نقد و تعبیر کی بنیاد کے طور پر نہیں پیش کر سکتے؛ کہ انھوں نے تعبیر سے پیشتر ہی قومی مملکت کے حوالے سے نقطۂ نظر واضح کر دیا تھا، لیکن اس نوع کے تعبیری جملوں سے کم از یہ واضح ہو جاتا ہے کہ بعض اوقات زمینی حقائق، ریاستی پالیسی اور روایتی تصورات ایک نقاد کو متن کی تعبیر کرنے کی بجائے متن کو متعین نظریے کا ثبوت بنانے پر مجبور کر دیتے ہیں۔

اسی سلسلے میں جگدیش چندر ودھاون کا مضمون '' ٹوبہ ٹیک سنگھ'' بھی اپنی نوعیت کا شاندار مضمون ہے، جس میں توازن دیکھنے کو ملتا ہے۔ اس مضمون میں افسانے کے فنی و فکری ہر پہلو کو جانچنے کی کوشش کی گئی ہے۔ فن کے حوالے سے جگدیش چندر ودھاون افسانے کے پلاٹ، اور بالخصوص برتاؤ کی تعریف کرتے ہیں کہ افسانے میں ایک جگہ بھی تشبیہ و استعارہ استعمال نہیں ہوا، مشکل تراکیب بھی دیکھنے کو نہیں ملتیں، تاہم کرداروں کے منہ

Scanned with OKEN Scanner

سے ملنے والے بظاہر بے معنی،اس قدر جاندار، لیکن حقیقتاً با معنی بلکہ کثیر المعنی ہیں کہ اس میں سے بہت کچھ بر آمد ہوتا ہے۔ مضمون نگار کے بقول منٹو نے اس افسانے میں نہ جذباتیت کا مظاہرہ کیا ہے،نہ جانبداری کا، بلکہ تقسیم ہند سے متعلق اپنا موقف نہایت فنکارانہ اور ماہرانہ طریقے سے پیش کر دیا ہے، لکھتے ہیں:

"اس کا بنیادی خیال کا تھیم یہ ہے کہ عام آدمی ، خواہ وہ پاگل ہی کیوں نہ تھا، ملک کے بٹوارے اور ہجرت کے حق میں نہیں تھا۔ وہ اس دھرتی کو چھوڑنا نہیں چاہتا تھا جہاں اس کی نمود اور نمو ہوئی تھی۔ جہاں اس کے آباء واجداد صدیوں سے پر امن زندگی بسر کرتے چلے آرہے تھے ، لیکن سیاسی شاطروں نے ، مذہبی جنون کا سہارا لے کر بٹوارے اوقر ہجرت کو ایک ٹھوس دلخراش حقیقیت بنا دیا۔[vi]"

درج بالا اقتباس میں موجود چند الفاظ کو پڑھ کر یہ گمان گزرتا ہے کہ مضمون نگار جانبداری کا مظاہرہ کر رہے ہیں، کیونکہ تقسیم بر صغیر میں فسادات، مجاہدین آزادی اور تحریکِ آزادی میں حصہ لینے والے لاکھوں لوگوں کو کس طرح نظر انداز کیا جا سکتا ہے ؟تاہم اس وقت یہ نکتہ کسی نہ کسی طور سچ بھی نظر آتا ہے جب بات عام آدمی کی آتی ہے، کہ عام آدمی کو نہ ہی سیاست سے سروکار ہوتا ہے کہ نہ آزادریاست سے، بلکہ اس کے نزدیک تو وطن کا تصور اسی مخصوص علاقے تک محدود ہوتا ہے، جہاں اس کا جنم ہوتا ہے، وہ پرورش پاتا ہے۔

اس مضمون میں دو اور بھی قابل توجہ نکات موجود ہیں،ایک تو مضمون نگار کی تعبیری غلطی؛ کہ ان کے نزدیک بشن سنگھ پاگل نہیں تھا، شاید اس کا تعلق ان قاتلوں سے ہو سکتا ہے، جن کے رشتہ دار انھیں پھانسی سے بچانے کے لیے پاگل خانے میں چھوڑ گئے تھے۔ یہ بات قرین قیاس نہیں ، کیونکہ بشن سنگھ کا پندرہ سال سے پاگل خانے میں ہونا، بیٹی کو بھی نہ پہچاننا اور طویل عرصہ کھڑے رہنا اس کے پاگل پن پر ہی دال ہیں۔ دوسرا؛ بشن سنگھ کا یہ بات پتہ چلنے کے بعد کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ پاکستان میں ہے، ہندوستان جانے سے انکار کر دینا اور نو میز لینڈ پر گر کر مر جانا، اس کا تقسیم یا تشکیلِ پاکستان سے انکار نہیں بلکہ نئے ملک بننے کے بعد لوگوں کے اپنی جنم بھومی سے دور ہونے پر صدائے احتجاج ہے۔ [vii] اگرچہ مضمون میں اس موقف کی مکمل وضاحت موجود نہیں ہے۔ اور اگر اس بات کو بھی منٹو کے موقف پر محمول کریں تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ منٹو انتظامی بنیادوں پر نئے ملک کی تشکیل کے حق میں ہوں گے لیکن فسادات اور جبری ہجرت کو برا سمجھتے ہوں گے، تاہم بات کا کوئی اشارہ افسانے کے متن میں شامل نہیں ہے۔

کوثر مظہری کی کتاب ارتسام میں ان کے مضمون ''ٹوبہ ٹیک سنگھ کے نقاد'' اپنی نوعیت کے لحاظ سے منفرد مضمون ہے کہ یہ افسانے کے ساتھ اس کی تنقید کو بھی موضوع بناتا ہے۔ اس مضمون میں بھی جگدیش چندر ودھاون، وارث علوی و دیگر ناقدین کی مذکورہ افسانے پر تنقید کو زیرِ بحث لایا گیا ہے، نیز نقد الانتقاد کے ساتھ اپنی تعبیری رائے کا بھی اظہار کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر خالد اشرف کا حوالہ دینے کے بعد لکھتے ہیں کہ پاگلوں کی کئی اقسام ہوتی ہیں، ان میں سے زیادہ تر مکمل پاگل نہیں ہوتے، بلکہ Mal-adjusted ہوتے ہیں۔ جو کہ ہر فرد ایک خاص حد تک ہوتا ہے، یعنی اگر یہ کچھ جہات میں پاگل ہوتے بھی ہیں تو کچھ ایسی جہات بھی ہوتی ہیں جن کے حوالے سے انھیں کسی حد تک شعور ہوتا ہے۔ ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کے کردار اگرچہ لایعنی گفتگو

Scanned with OKEN Scanner

کرتے ہیں، غور کرنے ان میں ایک طرح کی معنویت بلکہ باقاعدہ نکتۂ نظر سامنے آتا ہے۔ مظہری صاحب نے اگرچہ کئی مضامین و کتب کو موضوع بنایا ہے لیکن تمام مضمون پڑھنے کے بعد ادراک ہوتا ہے کہ نا انھوں نے کوئی واضح نتیجہ بر آمد کیا ہے، نا ہی کوئی واضح تعبیر سامنے لا سکے ہیں۔

جب کوثر مظہری ذاتی نوعیت کی تفہیم و تعبیر کی کوشش کرتے ہیں تو اس طرح کی چند باتیں سامنے آتی ہیں۔ لکھتے ہیں کہ بشن سنگھ دال (Signifier) اور مدلول (Signified) دونوں شکلوں میں ہمارے سامنے آ کھڑا ہوتا ہے۔ کسی بھی فنکار کے لیے یہ آسان نہیں ہوتا کہ وہ دال اور مدلول دونوں کو ایک ہی کردار کے طور پر پیش کر سکے۔ [viii] یہ بات پڑھنے کے بعد قاری کی دلچسپی بڑھتی ہے کہ شاید مضمون نگار ساختیاتی یا پس ساختیاتی تناظر میں افسانے کی پڑھت سامنے لائے گا، لیکن حیرت ہوتی ہے کہ یہ فقرے لکھنے کے بعد اگلے پیرا گراف میں نئی بات شروع ہو جاتی ہے۔ دراصل ہمارے ناقدین کی اکثریت ایسی اصطلاحات کا استعمال فقط علمیت کے اظہار یا منہ کا ذائقہ بدلنے کے لیے استعمال کرتی ہے؛ اگر وہ کسی نظام فکر کا باقاعدہ اطلاق کرتے تو صورتِ حال مختلف ہوتی۔ اسی طرح فاضل مضمون نگار کا ایک اور جملہ قاری کو حیرانی سے دوچار کرتا ہے:

> "بشن سنگھ چیخ مار کر اپنے جسمانی وجود کے ساتھ زمین پر گرتا ہے تو ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے چمکتے ہوئے تہذیبی نشان پر نحوست کے گہرے بادل چھا گئے ہوں۔ بشن سنگھ جو پندرہ سال سے چپ ہے اسے اپنے تبادلے پر اتنی شدید تکلیف ہوئی کہ وہ اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے۔ کیا منٹو کو اپنے اس کردار پر دکھ نہیں ہوا ہو گا؟ [ix]"

درج بالا اقتباس میں چمکتے ہوئے تہذیبی نشان یا نحوست کے گہرے بادلوں سے کیا مراد ہے؟ اس کا نہ مضمون میں کوئی سروغ ملتا ہے نہ افسانے میں۔ یعنی کوثر مظہری کا مضمون اگرچہ دیگر ناقدین کے مضامین سے افسانے کے حوالے سے چند نئے گوشے یکجا کرتا نظر آتا ہے، تاہم اس میں ہمیں کسی خاص تصورِ معنی و تعبیر کا سراغ نہیں ملتا۔

فتح محمد ملک پاکستان میں بطور اقبال شناس، ادبی ناقد اور دانش ور کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں۔ ان کی کتاب سعادت حسن منٹو؛ ایک نئی تعبیر میں ایک مضمون "ٹوبہ ٹیک سنگھ؛ ایک نئی تعبیر" کے عنوان سے موجود ہے۔ اس کا مطالعہ جہاں پروفیسر فتح محمد ملک کا تصور نقد واضح کرتا ہے وہیں عمومی پاکستانی ناقدین کا موقف بھی سامنے آتا ہے۔ فتح محمد ملک اپنے مضمون کو کئی حوالوں سے مزین کرنے بعد ٹوبہ ٹیک سنگھ کی تعبیرات کے حوالے سے اپنے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہیں کہ ترقی پسندوں اور وطن پرستوں نے منٹو کے اس افسانے کی تہہ دار پرتوں کی حامل معنویت کو نظر انداز کیا اور من چاہی تعبیرات کر کے گمراہ کن پراپیگنڈا کیا۔ لکھتے ہیں:

> "سعادت حسن منٹو عمر بھر اپنے فن کو کسی سیاسی آئیڈیالوجی کی تبلیغ یا تشہیر کا ذریعہ بنانے سے گریزاں رہے۔ انھیں کسی خاص سیاسی مکتب فکر کا پراپیگنڈا کرنا کبھی گوارا نہ ہوا۔ وہ ہمیشہ ادب میں نظریاتی آمریت سے بغاوت کے راستے پر گامزن رہے۔ اپنے بیشتر معاصرین کے برعکس وہ عمر بھر

Scanned with OKEN Scanner

نظریات کے بجائے تجربات اور رسمیات کے بجائے مشاہدات سے پھوٹنے والی دانش کے موتی رولنے
میں منہمک رہے۔[x]"

فتح محمد ملک مضمون کے آغاز ہی میں مارکسی مفکر طارق علی کی کتاب The Clash Of Fundamentalism کا اقتباس درج کرکے ان پر نکتۂ اعتراض اٹھاتے ہیں کہ طارق علی نے ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' میں پاگل خانے کی صورتِ حال کو نئی جنم لینے والی ریاست کے جنون سے تعبیر کرکے تخلیقی سیاق سے عدم آگہی اور افسانے کے متن سے ناانصافی کا ثبوت دیا ہے؛ تقسیم کے وقت کے فسادات اور خوں ریزی کسی طرح کی نسل کشی کے بجائے، مذہبی جنون کی کارستانی تھی، جس کے پیچھے اکسانا اور مذموم مقاصد حاصل کرنا تھا۔اس کے بعد انھوں نے وارث علوی کے مضمون سے اقتباسات پیش کیے اور حیرانی اور افسوس کا اظہار کیا کہ نئی ریاست کو پاگل پن قرار دینا کسی طور قرین انصاف نہیں۔لکھتے ہیں:

"برٹش انڈیا کی سامراجی وحدت کے ٹوٹنے اور اسکے اندر سے دو قوموں کی آزاد قومی ریاستوں کا قیام نویدِ مسرت ہے۔یہ قومیں اپنی اپنی اکثریت کے جن جغرافیائی خطوں میں آباد تھیں وہی خطے استعماری چنگل سے آزاد ہو گئے تھے۔اس پہ رونے دھونے اور فساد برپا کرنے کی ضرورت تو صرف استعمار پرستوں کو پیش آنا چاہیے تھی۔آزادی اور خود مختاری کے شائقین کے لیے پاکستان کا قیام فخر و مسرت کا مقام ہے۔[xi]"

فتح محمد ملک کے ان نکات سے شائبہ ہوتا ہے کہ افسانے کی تعبیر میں متن ہی کو بنیاد سمجھتے ہیں تاہم کچھ مواقع پر سیاق سے رجوع کو بھی ضروری سمجھتے ہیں (اور شاید وہ سیاق جو ان کے نزدیک درست ہو) ۔ان کے تصورِ معنی و تعبیر کو سمجھنے کے لیے مضمون کے ان حصوں کو جاچنا ضروری ہے جس میں خالصتاً تعبیر کی گئی ہے۔

پاگل خانے کے ایک پاگل کا خود کو قائداعظم محمد علی جناح اور دوسرے کا خود کو ماسٹر تارا سنگھ سمجھ کر خونریزی پر اتر آنا، جس کے اندیشے میں دونوں کو الگ الگ کر دیا گیا۔۔خود کو خدا سمجھنے والے پاگل کا یہ کہنا کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ نہ پاکستان میں ہے نہ ہندوستان میں کیونکہ ابھی تک اس نے اس بات کا حکم ہی نہیں دیا، جواباً بشن سنگھ کا اسے فقط مسلمانوں کے خدا قرار دے کر اس سے گلو خلاصی کرانا کہ وہ سکھوں کی بات ہی نہیں سنتا، ''اوپڑدی گڑ گڑدی انیکس دی، بے دھیانا دی، منگ دی دال آف واہے گروجی دا خالصہ اینڈ واہے گروجی کی فتح۔'' ان دو حصوں کو درج کرنے کے بعد جہاں قاری کی توقع ہوتی ہے کہ صاحبِ مضمون ان کی تفہیم و تعبیر کرے گا وہیں فتح محمد ملک نے اقبال کے جناح کو لکھے خط کا حوالہ دے کر یہ ثابت کیا انھی واقعات ہی سے واضح ہو جاتا ہے کہ برصغیر میں امن و آشتی کی فضا پیدا کرنے کے لیے مسلمانوں کی جداگانہ، آزاد مملکتوں کا قیام ضروری تھا۔ان کے نزدیک پاکستان کی تحریک اور پاکستان کا قیام، تاریخی شعور اور تہذیبی وابستگی کی دین ہے۔تاریخ و تہذیب کی انقلابی قوتوں سے آگہی کے بغیر نہ تو پاکستان کا تصور سمجھ میں آسکتا ہے، نہ تحریک اور نہ تشکیل پاکستان۔پاگل خانے کے وہ مکین جن کو ان کے لواحقین نے پھانسی سے بچانے کے لیے پاگل خانے میں بھرتی کرایا تھا، جو حقیقتاً پاگل نہیں تھے، وہ سمجھتے تھے کہ پاکستان کہاں ہے اور کیا ہے۔عقل و خرد سے عاری اور حافظہ و تخیل سے محروم پاگلوں کی سمجھ میں پاکستان کیونکر

Scanned with OKEN Scanner

سمجھ میں آسکتا ہے؟ وہ بشن سنگھ کے نو میز لینڈ پر مر جانے کو وحشیانہ عمل قرار دیتے ہیں کہ اس جیسے پاگل ہی خواب و خیال پر کھیت کھلیان کو ترجیح دیتے ہیں ۔فتح محمد ملک کا مضمون ایسے کئی نادر الفاظ و تراکیب کا مجموعہ ہے جو بذاتہٖ قابل تعبیر ہیں۔ فتح محمد ملک کے مطابق پاکستان کی تشکیل نے منٹو کی فکری دنیا کو یکسر منقلب کر کے رکھ دیا اور اس نے پاکستان آنے کے بعد دنیا کو ایک نئے زاویہ نظر سے دیکھنا شروع کر دیا، اور یقیناً ان کے نزدیک وہ زاویہ نظر یہی ہے جس سے فتح محمد ملک افسانے کو دیکھ رہے ہیں۔ مضمون نگار ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کی تعبیر کے حوالے سے اپنا فیصلہ کن جملہ لکھ کر اپنا تصورِ نقد واضح کرتے ہیں:

"منٹو کی زیرِ نظر کہانی کی فقط ایک ہی تعبیر ممکن ہے اور وہ یہ ہے کہ پاکستان کا تصور، پاکستان کی تحریک، اور پاکستان کا قیام بشن سنگھ جیسے پاگلوں کی سمجھ میں نہیں آسکتا کیوں کہ یہ ایک فوق التہذیب تصور ہے اور یہ لوگ تو منجملہ نباتات و جمادات ہیں۔[xii]"

فتح محمد ملک کی اس ''نئی تعبیر'' کو اور بہت کچھ کہا جاسکتا ہے لیکن تنقید یا تعبیر ہر گز نہیں۔ دراصل کسی بھی متن کی تعبیر متن سے انحراف کی بنیاد پر نہیں کی جاسکتی۔ فتح محمد ملک کے اس مضمون میں متن میں موجود گرہوں کو کھولنے کی بجائے، متن سے باہر موجود متعین معانی کو لا کر نافذ کرنے کی کوشش کی ہے، جو افسانے اور اس کے نظام معانی سے زیادتی کے مترادف ہے۔

معاصر ادبی منظر نامے کا ایک بڑا حوالہ، فکشن نگار اور فکشن شناس محمد حمید شاہد کی کتاب میں بھی '' ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کی تعبیرات کی تنقید کے حوالے سے ایک مضمون موجود ہے، جو یقیناً فتح محمد ملک کے مضمون کے بعد لکھا گیا ہوا گا۔ اس کا جائزہ لینا اس لیے ضروری اور دل چسپی کا حامل ہے کہ ایک فکشن نگار کس طور فکشن کی تفہیم و تعبیر کا روادار ہو سکتا ہے۔ اپنے مضمون کے آغاز میں انھوں نے پہلے شمیم حنفی کی منٹو کے افسانوں نے حوالے سے رائے درج کی ہے کہ منٹو اندرونی، بے دریغ اور ناقابل فہم طاقت سے مالا مال افسانہ نگار ہے، جس کی تفہیم کے لیے اس کے افسانوں کی تاریخیت، سیاسی و سماجی سیاق پر اصرار سے زیادہ منٹو کی تخلیقی سطح کی تعبیر کی ضرورت ہے۔ یعنی یہ بات درج کرنے کے بات محمد حمید شاہد اس بات کا ادراک کرتے ہیں کہ منٹو کے ان افسانوں کی بھی سیاسی سیاق کے پیشِ نظر تعبیر کی جاتی ہے جن کا بنیادی سروکار انسانی نفسیات کی اتھل پتھل اور خالص انسانی جذبوں کو نشان زد کرنا ہوتا ہے، اس کے ساتھ ہی مضمون نگار یہ بھی کہتے ہیں کہ اس اتھل پتھل کا سبب سیاسی اکھاڑ پچھاڑ ہی ہوا کرتی ہے۔ یعنی مضمون نگار کہ ان آخری نکتے سے یہ نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ منٹو کی سیاسی تعبیر ہی درست تعبیر ہے، تاہم اس کے ساتھ انھوں نے عمومی سیاسی سیاق کی حامل تعبیرات کے متوازی ایک نئی منفرد تعبیر کی راہ بھی ہموار کر لی۔[xiii]

مضمون جب آگے بڑھتا ہے تو ادراک ہوتا ہے محمد شاہد حمید فتح محمد ملک کی تعبیر کے دفاع کی تیاری میں تھے، جس کا انھوں نے ذرا آگے چل کر اعتراف بھی کیا، لکھتے ہیں:

Scanned with OKEN Scanner

"منٹو کی پچاسویں برسی کی تقریب میں گفتگو کرتے ہوئے منشا یاد نے یہ خدشہ ظاہر کیا کہ ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کی یہ تعبیر شاید مشکل سے ہضم ہو پائے۔ کچھ ایسا ہی خدشہ ڈاکٹر نجیبہ عارف نے بھی ظاہر کیا تھا، تاہم میں ان لوگوں میں سے تھا جنھوں نے تعبیر کو رد نہیں کیا، لائق اعتنا جانا تھا۔[xiv] "

مضمون نگار اپنی اس رائے کی بنیاد یہ بتاتے ہیں کہ مذکورہ تعبیر متن سے اس قدر قریب ہو گئی ہے کہ میں نے اسے لائق اعتنا جانا، اگر فتح محمد ملک کی تعبیر سے ایک دو جملے نکال لیے جائیں تو وہ تعبیر ایسی ہے کہ جس پر دل ٹھکتا ہے۔ محمد حمید شاہد فتح محمد ملک کی آراء درج کرنے کے بعد ان ہی کی طرح یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں، کہ '' ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کا موضوع برطانوی ہند کی تقسیم نہیں، نا ہی یہ فسادات کے پس منظر میں تحریر کیا گیا افسانہ ہے؛ بلکہ آغاز میں طارق علی گرفت اس تعبیر کی معنویت بڑھاتی ہے، کہ طارق علی نے اسے تقسیمِ ہند اور نسل کشی کے فسادات کا افسانہ کہا تھا۔ فتح محمد ملک نے تو یہ ثابت کیا ہے برصغیر کی تقسیم برطانوی سامراج ٹوٹنے کا نتیجہ ہے جو دو آزاد قومی مملکتوں کی نوید لے کر آیا۔ اس لیے پاگل خانے کی اندر کی صورتِ حال کو پاگل خانے کے باہر کی صورتِ حال پر منطبق کرنا مناسب نہیں، اور افسانے کا موضوع حافظے کی گمشدگی اور تخیل کی موت ہے۔

محمد حمید شاہد کا مذکورہ بالا مضمون اردو تنقید کا ایک نیا چہرہ سامنے لاتا ہے، جہاں متن کی تعبیر کے بجائے تعبیرات کا محاسبہ کر کے پسندیدہ تعبیر کو سچ ثابت کرنا ہوتا ہے، جس کے لیے کسی نظام فکر سے جڑت کی بجائے، کسی فرد سے قلبی جڑت اور رواں اسلوب کی ضرورت پڑتی ہے۔

یہاں ایم خالد فیاض کے ایک اہم مضمون '' ٹوبہ ٹیک سنگھ ۔۔۔ نئی تعبیر (ایک محاکمہ)'' کو نظر انداز کرنا ناانصافی ہو گی، جو خالصتاً فتح محمد ملک کے مضمون کے جواب میں لکھا گیا ہے۔ منفرد ادبی مجلہ تناظر کے نوجوان مدیر، ایم خالد فیاض، اردو ادب کے استاد، محقق اور صائب الرائے نقاد کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں۔ انھوں نے اپنے مضمون میں نہ فقط فتح محمد ملک کے مضمون کا محاکمہ کیا، بلکہ ان کی پوری کتاب کو ہدفِ احتساب بنایا۔ فتح محمد ملک کے مضمون میں افسانے کی واحد تعبیر پر اصرار سے نقاد اور قاری کی حق تلفی تھی جو اس مضمون کی بنیاد بنی، لکھتے ہیں:

"سعادت حسن منٹو؛ ایک نئی تعبیر کا موضوع منٹو کی پاکستانیت ہے، اگر یوں کہاں جائے تو زیادہ بہتر ہو گا کہ منٹو کی پاکستانیت تلاش کرنے کی سر توڑ کوشش ہے۔ اور یہ بھی یاد رہے کہ ملک صاحب کی پاکستانیت، نظریاتی بنیادوں پر استوار ہوتی ہے۔ نظریہ پاکستان پر صدقِ دل سے ایمان لانا، کشمیر کے حوالے سے پاکستانی بیوروکریسی کی حمایت کرنا اور بس۔[xv]"

ایم خالد فیاض نے واضح کیا ہے کہ فتح محمد ملک کا مارکسی نقادوں پر تقسیم کی مخالفت کرنے کی وجہ سے، اُن کی تعبیر کی بجائے وارث علوی کو بنیاد بنانا، لیکن علوی صاحب ایسے مارکسیت گریز نقاد کے ہاں بھی اسی نکتہ نظر کی تلاش کے بعد اسے یکسر نظر انداز کرنا فہم سے بالاتر ہے۔ خالد فیاض نے ثابت کر دکھایا کہ مارکسیت پسندوں کے علاوہ وارث علوی، ممتاز شیریں اور وزیر آغا تک کے ہاں افسانے کی ایک ہی تعبیر، جس میں افسانے کے اندر، تقسیم کے حوالے تشکیک پائی جاتی ہے، کا اظہار دراصل افسانے کی حقیقی تعبیر ہی ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

فتح محمد ملک کے نزدیک، اردو ناقدین کے ہاں منٹو کی تقسیم مخالف رویے کی بازیافت دراصل منٹو کے قبل از تقسیم افسانوں کی وجہ سے بنے امیج کی بنیاد پر ہے۔ لیکن ایم خالد فیاض نے منٹو کے تشکیل پاکستان کے بعد لکھے گئے افسانوں کی بنیاد پر ثابت کیا کہ ایسا نہیں، بلکہ منٹو تقسیم، اور تقسیم کے بعد سامنے آنے والی انسانیت کے زوال کی صورتِ حال کے حوالے سے شاکی رہے۔ اس کے لیے انھوں نے ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کے علاوہ ''سڑک کنارے''، ''دیکھ کبیر ارویا''، ''خدا کی قسم'' ''نمرود کی خدائی'' اور ''یزید'' ایسے افسانوں کے متن کو بنیاد بنایا ہے۔ ایم خالد فیاض کے مضمون سے فتح محمد ملک کا ایسا تصور ابھرتا ہے جو ایب کی آزاد حیثیت کا قائل ہی نہیں مخالف ہے، جس کے نزدیک ریاست کی تشکیل کے بعد ادیبوں کی ذمہ داری فقط ریاست کی نظریاتی بنیادوں کی حفاظت اور تشکیلی ریاستی ایجنڈے کی تشکیل و ترویج ہی ہے، اسی طرح ناقدین کا کام بھی انھی مقدس معانی کو آشکار کرنا ہے اور بس۔

ڈاکٹر خالد محمود سنجرانی گورنمنٹ کالج لاہور کے شعبہ اردو سے متعلق ایک محقق اور نقاد ہیں، جنھوں نے نفسیاتی نظریات بالخصوص تحلیل نفسی کے ادب پاروں پر اطلاق سے شہرت اور اعتبار حاصل کیا۔ ان کا انگارے (مدیر: ڈاکٹر سید عامر سہیل) میں شامل مضمون '' تنقیدی محدودات اور ٹوبہ ٹیک سنگھ'' اس حوالے سے لائق توجہ ہے کہ اس میں افسانے کی تعبیر نفسیاتی پیمانوں پر کر کے کچھ نئے پہلو سامنے لانے کی کوشش کی گئی ہے۔ تاہم مضمون کے آغاز ہی میں انھوں نے اس بات کا واشگاف انداز میں اعتراف کیا ہے کہ ہر تنقیدی دبستان کی کچھ حدود و قیود حدوود ہوتی ہیں جن کی بنیاد پر وہ حقیقت کو بحیثیت کل کی بجائے، حقیقت کو الگ الگ زاویوں سے دکھانے کی کوشش کرتی ہیں۔ تحلیلِ نفسی بھی حقیقت کا ایک ہی رخ پیش کر سکتی ہے، مکمل حقیقت نہیں۔

ڈاکٹر خالد محمود سنجرانی کے بقول خالص تحلیلِ نفسی کے پیمانوں پر افسانے کو جانچنے سے، بشن سنگھ، جس میں بلاہتی انشقاق (Catatonic Schizophrenia) کی سی علامات واضح دکھائی دیتی ہیں؛ کا ہندوستان جانے سے انکار اور اپنی جنم بھومی ٹوبہ ٹیک سنگھ سے محبت، دراصل ماں سے محبت اور سخت گیر باپ سے نفرت کی علامت بن کر سامنے آتی ہے؛ اور اس تعبیری نکتے کی بنیاد خالق متن یعنی سعادت حسن منٹو کے بچپن میں پوشیدہ ہے کہ ان کی ماں کا شفیق امیج ماں سے منٹو کی محبت سبب بن گیا جب کہ سخت گیر باپ سے منٹو کی نفرت گہری ہوتی گئی جس کا اظہار بشن سنگھ کے ہندوستان جانے پر سامنے آتا ہے۔ [[xvi] بظاہر دیکھا جائے تو اس نوع کا کوئی اشارہ کوئی واضح علامت قاری کے سامنے نہیں آتی، لیکن نفسیاتی تنقیدی حربوں میں مصنف کے فن کو نظر انداز کر کے اس کی ذات کی گہرائیوں میں تخلیق کا جواز ڈھونڈ کر ایسے معانی برآمد کیے جاتے ہیں۔ یعنی متن میں موجود واضح اور ٹھوس عوامل کو نظر انداز کر کے اس نظام عمل تک رسائی کی کوشش کی جاتی ہے جو مصنف کی باطنی دنیا میں تلاطم ریز رہتا ہے۔ لکھتے ہیں:

> "تحلیل نفسی کو پاگلوں کے سیاسی عوامل کی نسبت منٹ کے بچپن اور لڑکپن کے ان تجربات سے سروکار ہو گا جو اس افسانے کی فضا کے پس پردہ کارفرما رہے۔ [xvii]"

Scanned with OKEN Scanner

ڈاکٹر خالد محمود سنجرانی نفسیاتی تنقید کے محدودات واضح کرنے کے بعد کہتے ہیں کہ ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کا بنیادی موضوع تقسیم کے وقت مہاجرین کے لیے پاکستان اور ہندوستان کی الگ الگ وجود کو فوری طور تسلیم کرنے کے حوالے سے ذہنی الجھن کا ظہار ہے۔تاہم یہ الجھن اور کش مکش خود منٹو در پیش تھی، جو ہجرت کرنے کے بعد میں تشخص اور قبولیت کی الجھن سے نہ نمٹ سکا۔تاہم باریک سیاسی نکات پر فیصلہ کن رائے دینے کی بجائے اپنے تہہ دار ارفسانوی متن میں منٹو نے اپنے نکتۂ نظر کو پیش کرنے کے لیے فہیم اور ذکی لوگوں کی بجائے مخبوط الحواس پاگلوں کی موضوع بنیایا جو اپنے بڑی سادی سے موٹے موٹے نتائج اخذ کیے بیٹھے تھے۔یعنی دیکھا جائے تو اپنے مضمون میں ڈاکٹر خالد محمود شیرانی نے ایک دلچسپ نکتی ضرور دی اہے تاہم متن میں موجود ابہام کے حوالے سے کوئی فیصلہ کن رویہ اختیار نہیں کیا۔بلکہ تعبیرات کے حوالے یہ ضرور واضح کیا ہے مختلف نظریات کی بنیاد پر کی جانے والی تعبیرات درست معنی کو سامنے لانے کی نجائے الجھاؤ پیدا کریں گی لہٰذا نفسیاتی، مارکسی، ساختیاتی اور دیگر تنقیدی دبستانوں کے امتزاج سے کی جانے والی تعبیر ہی افسانے کا درست سامنے لا پائے گی۔

پرویز انجم منٹو شناسی میں منفرد مقام کے حامل محقق اور نقاد تسلیم کیے جاتے ہیں۔ان کی کتاب سعادت حسن مر گیا، منٹو نہیں مر امیں شامل مضمون '' سرزمین پنجاب کا قد آور افسانہ، ٹوبہ ٹیک سنگھ'' اپنی حیثیت میں اس طرح دلچسپ ہے کہ اس میں افسانے کو ایک اور زاویے سے دیکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کو سیاق اور سیاسی و تاریخی تناظر میں دیکھنے والے ناقدین کو بالعموم دو حصوں میں منقسم کی جاسکتا ہے؛ایک تقسیم کو روا اور وقت کی ضرورت سمجھنے والے ناقدین اور دوسرے تقسیم کو سب سے بڑا سانحہ سمجھنے والے۔اگرچہ ہر دو تقسیم کے وقت ہونے والے بے پناہ خوں ریزی کو انسانیت کا بہت بڑا المیہ سمجھتے ہیں۔ان دو کے علاوہ وہ چند جن کے تناظرات مختلف ہیں۔پرویز انجم اگرچہ ایک طرح سے تاریخی سیاق ہی کو پیشِ نظر رکھتے ہیں، تاہم جو چیز ان کے ہاں نئی ہے، وہ ہے قوم پرستی۔جیسا کہ مضمون کے عنوان سے ظاہر ہے '' سرزمین پنجاب کا قد آور افسانہ، ٹوبہ ٹیک سنگھ '' ، کہ صاحبِ مضمون ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کی عظمت کو پنجاب سے منسوب کر دیکھتے ہیں، اسی طرح وہ افسانے میں موجود عوامل، گرہوں اور الجھنوں کو بھی پنجابی نسل پرستی ہی کی بنیاد پر تعبیر کرتے ہیں۔ مضمون کے آغاز ہی میں رقم طراز ہیں:

"پنجاب ۔۔۔ مشرقی پنجاب ، مغربی پنجاب ۔۔۔ ہندوستانی پنجاب ، پاکستانی پنجاب ۔۔۔۔ ہریانہ پنجاب ، خالصہ پنجاب ۔۔۔ سرائیکی پنجاب ، وسطی پنجاب ۔۔۔ دیس پنجاب ۔۔۔ پنجابی عوام الناس کا سماج، تقسیم در تقسیم ۔۔۔[xviii]"

ٹوبہ ٹیک سنگھ کا علاقہ قصبہ جھنے اور ساندل بار کے بیچ واقعہ ہے۔پرویز انجم نے اس قصبے وجہ تسمیہ بتائی کہ یہ ٹیک سنگھ نامی ایک بابا کی وجہ سے علاقے کا یہ نام پرا جو بلا تخصیص ہندو اور مسلمان، مسافروں کی تواضع پانی اور بھنے ہوئے چنوں سے کرتا تھا، مضمون نگار کے مطابق پورے پنجاب پر فرنگی تسلط کے باوجود اس علاقے کے لوگوں نے غلامی کو کبھی قبول نہ کیا تھا، کہ بھگت سنگھ اور جگا بھی اسی علاقے سے تھے۔ منٹو کے اس افسانے میں ٹوبہ ٹیک سنگھ کی ترکیب؛ قوت، جرأت اور بغاوت کی علامت کے طور پر استعمال ہوئی ہے۔ [xix] نہ جانے اس نوع کی معلومات کا افسانے کی تفہیم و تعبیر سے کیا

Scanned with OKEN Scanner

تعلق ہے اور اس تعبیر کے یہ معانی پیش کرنے کے پیچھے مضمون نگار کی کیا منطق رہی ہو گی، تاہم یہ بات واضح ہے کہ اس نوع کی باتیں تنقید و تعبیر کو معروضی کے بجائے موضوعی بناتی ہیں۔

پرویز انجم بشن سنگھ کی نو میمز لینڈ ہر وفات کا ذکر کر کے بتاتے ہیں، منٹو جب شراب چھوڑنے کی غرض سے پاگل خانے مین تھے تو ان پر عجیب و غریب کیفیت اور نیم بے ہوشی کا عالم طاری رہتا اور وہ اس عالم میں تقسیم کے معاملے پر سوچتے ہوئے خود کو نو میمز لینڈ پر محسوس کرت تھے، جس کا اظہار منٹو نے افسانے میں کیا۔ بشن سنگھ " ونڈ" کے خلاف تھا، جو دھرتی سے محبت کرنے والے فرد کو اس کی جڑوں سے اکھاڑ کر دور پھینکنا چاہتی تھی۔ اپنی مٹی، سے محبت کو چھوڑ کر ایک سیاسی تشکیل، ایک قومی مملکت میں جانا ایک بے عقل مگر مٹی سے محبت کرنے والے فرد کے لیے کسی طور قابل قبول نہ تھا، اور مضمون نگار کے نزدیک یہی دراصل منٹو کی سوچ تھی۔ لکھتے ہیں:

"آزادی کی تعبیر نے فرد کی نفسیاتی کیفیت درہم بر ہم کر دی اور تقسیم کے بعد معاشی و سماجی، نفسیاتی و سیاسی، جنس ور عقائد کی بنیاد پر جاری تقسیم نے ذہنی پاگل پن پیدا کر دیا تھا۔ یہاں تو بہ ٹیک سنگھ آزادی کے خلاف نہیں، تقسیم کے خلاف ضرور ہے، جو فرد سے اس کی شناخت چھین لیتی ہے۔ "

[xx]

متذکرہ بالا مضمون کو کسی بھی طور پر ایک مکمل مضمون اور اور معتبر تعبیر نہیں کہا جاسکتا۔ جونکتہ مضمون کے آغاز میں اٹھا کر بات شروع کی گئی ہے، آگے چل کر اسے ثابت کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی گئی۔ افسانے میں کئی ایسی جہات، علامتیں اور گرہیں موجود ہیں جن پر بات ہو سکتی تھی، لیکن ان سب کو نظر انداز کر کے صرف بشن سنگھ کی کیفیت اور موت سے معنی اخذ کرنے کی کوشش کی گئی ہے، جو پہلے سے متعین اور طے شدہ ہیں، جن کے شواہد متن سے برآمد ہونے کے بجائے درآمدی محسوس ہوتے ہیں۔

ن۔م۔ دانش کا مضمون " منٹو ٹوبہ ٹیک سنگھ اور شناخت کا بحران" میں منٹو اور ٹوبہ ٹیک سنگھ کو تنقیدی تھیوری کے مختلف تناظرات کے تحت سمجھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ مضمون کی ابتدا میں منٹو اور فحش نگاری کے مسئلے پر چند باتیں کرنے کے بعد مابعد نو آبادیاتی تنقید، نو آبادیات میں نو آبادکاروں کے ہتھکنڈے اور ان کے نو آبادیاتی باشندوں پر اثرات کو مفصل انداز میں بیان کیا گیا ہے۔ مضمون نگار کے مطابق منٹو چونکہ نو آبادیاتی دور سے متعلق افسانہ نگار ہیں، اس لیے نو آبادیاتی اثرات کے صرفِ نظر کر کے ان کے افسانوں کی تفہیم فقط فسانہ ہی قرار پائے گی۔ برطانوی استعمار کاروں نے ہم برصغیر کے لوگوں کو the other قرار دے کر حاشیائی قرار دے دیا۔ جب کہ منٹو کا خاصہ یہ ہے کہ وہ پورے حاشیائی طبقے میں سے بھی مزید حاشیائی (other) کردار منتخب کر کے ان پر افسانے بُنتے ہیں۔[xxi] چاہے یہ کردار ادنی، بدکار، بے ایمان کا ہو، طوائف کا یا پھر پاگل کا، منٹو انھیں حاشیے سے مرکز میں لانے کی اپنے طور سعی ضرور کرتے ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

مضمون میں بات نو آبادیات سے شروع ہوتی ہے، ایڈورڈ سعید، فرانز فینون اور گائتری چکرورتی سے ہوتی ہوئی ساختیات اور پھر ایک دم دریدا کی رد تشکیل تک پہنچ جاتی ہے۔ اس کے بعد فوکو کی کتاب ''دیوانگی کی تاریخ'' پر پہنچ کر عقل، منطق، معقول اور غیر معقول کی بحث چھیڑنے کے بعد ایک ہی صفحے پر ڈیکارٹ، ہیوم اور کانٹ ایسے کئی فلسفوں تک چلے جاتے ہیں لیکن اس دوران میں مضمون کے عنوان، یعنی ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' پر بات نہیں پہنچتی۔ گنجلک نظری حصہ گزر جانے کے بعد جب افسانے پر بات آتی ہے تو وہ باریک بینی سے، نکات اور کلیدی الفاظ میں منقسم کر کے افسانے کی تفہیم و تعبیر کی کوشش کرتے ہیں۔

"ماہر نفسیات آر۔ڈی لینگ کے مطابق شیزوفرینک Schizophrenic کی بظاہر نا قابلِ فہم اور خود متناقض زبان اکثر twisted سچائی کا gnomic اظہار ہے جس کو مریض ویسے بیان کرنے کے قابل نہیں ہوتا۔ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں معاشرے کی اسی twisted سچائی کا بیان ہے ۔" اوپڑ دی گڑ گڑ دی اینکس دی بے دھیانا دی منگ دی دال آف دی پاکستان اینڈ ہندوستاب آف دیٔ در فٹے منہ "اتنی بے معنی نہیں۔ یہاں کوئی بات سمجھ میں آئے نہ آئے مگر اتنی بات صاف ہے بشن سنگھ پاکستان اور ہندوستان دونوں کو در فٹے منہ کہہ رہے ہیں۔[xxii]"

ن۔م دانش نے مذکورہ افسانے کو بین المتونیت کے تناظر میں دیکھا، افسانے کے مرکزی اور ذیلی موضوعات کو بھی گرفت میں لینے کی کوشش کی۔ ان کے نزدیک تعبیرات کے ذریعے منٹو کی قبل از تقسیم تشکیل پانے والی تصویر کو مسخ کرنے کی کوشش بھی اتنی ہی غلط ہے جتنی منٹو کے پاکستان کے منتخب کرنے کے فیصلے کو غلط ثابت کرنے کی کوشش۔ تاہم مضمون نگار نے اس مضمون میں اپنی طرف سے بھی فیصلہ سنا دیا ہے۔

ن۔م دانش کے مطابق منٹو کے حاشیائی طبقے کو حاشیے پر ہی کھڑے ہو دیکھا، نہ کہ کسی مرکز کے تحت۔ کیونکہ تقسیم کے بعد فریقین نے خود مرکز مان لیا اور ایک دوسرے کو اپنا حریف، ان کے نزدیک ہر وہ فرد جو مرکز میں نہیں معقل نہیں، تاہم منٹو نے پاگل خانے کے منظر سے یہ دکھایا کہ پاگل خانہ تو ہا گل خانے کے باہر بھی ہے، اور یہ اس نے پاگلوں ہی کے ذریعے دکھایا ہے۔

"ٹوبہ ٹیک سنگھ کو مرکز سے بیان کیا ہی نہیں جا سکتا تھا۔ مرکز ''طاقت ور'' اور ''معقول'' لوگوں کی آماجگاہ ہے۔ جہاں ہندو، سکھ، گاندھی، جناح، پاکستان، ہندوستان، زندہ باد، مردہ باد اور بے گناہ انسانوں کے خون اور عورتوں کی عصمت دری کا کھیل کھیلا جا رہا ہے۔ اور وہاں معقول وہی ہے جو کسی ایک طرف ہے۔ بصورتِ دیگر وہ دونوں کا ہدف ہے۔ [xxiii]"

Scanned with OKEN Scanner

درج بالا مضمون کے جائزے سے یہ بات واضح ہوئی کہ اس میں جدید تھیوری کو بطور تعبیری حربے کے برتا گیا ہے، لیکن یہ بات بھی عیاں ہے کہ پورے مضمون میں تھیوری کے ضمن میں آنے والے کسی ایک نظریے کو بطور تناظر نبھایا نہیں گیا۔ کسی ایک کا اطلاق بھی مبسوط طور پر مکمل نہیں ہو پایا۔ تاہم اس مضمون میں حتیٰ المقدور کوشش کی گئی ہے کہ تعصب اور جانبداری سے بچا جائے، اور مضمون نگار اس میں کافی حد تک کامیاب بھی ہوئے ہیں۔

درج بالا سبھی تعبیرات کا مختصر محاکمہ کیا جائے تو ایک بات واضح ہوتی ہے کہ ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' ایک ایسا گتھا ہوا اور گندھا ہوا متن ہے جس کے بنیادی اجزا میں اس کا تاریخی و سیاسی سیاق شامل ہے؛ جسے کوشش کے باوجود نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن تاریخ اور سیاسی سیاق کے دو بڑے ورژن موجود ہیں، جو سرحد کے دونوں اطراف مقبول بھی ہیں، جنھیں شاید بطور شہری اور محبِ وطن نظر انداز کرنا معبرین کے لیے ممکن نہ تھا، اس کے لیے اکثر معبرین نے اپنے تنقیدی منصب کی قربانی دینا گوارا کر لی۔ ایک مسئلہ یہ بھی سامنے آیا کہ افسانے کی تعبیر منٹو کا نکتۂ نظر تلاش کرنے کے لیے کی گئی، بشن سنگھ کو بطور ایک افسانوی کردار کے دیکھا ہی نہیں گیا، بلکہ اسے منٹو کی فکر کا مظہر اور فکری نتیجہ سمجھ کر جانچا گیا۔ کردار صورتِ حال سے جڑا ہوتا ہے اور بعض اوقات مصنف کی ادعائی گرفت سے آزاد بھی ہو جاتا ہے۔ اگرچہ بشن سنگھ، جو ایک مخبوط الحواس سہی، تاہم ایک عام ہندوستانی کا استعارہ ہے، اور وہ کسی طور تقسیم اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والی صورتِ حال سے مطمئن نہیں، کے ساتھ منٹو سمجھ کر ہی کیوں رویہ رکھا جاتا ہے۔ افسانے میں ابہام کچھ ایسی جمالیاتی صورت میں موجود ہے، کہ وہ کثرتِ تعبیر کی ہر ممکنہ توجیہہ پیش کر رہا ہے۔ مذکورہ سبھی تعبیرات نے اسی ابہام کی جمالیات ہی کی بنیاد پر متنوع معانی برآمد کیے۔ لیکن جہاں تک کسی باقاعدہ تنقیدی نظام فکر کی تقلید اور اس کے اطلاق کی بات ہے، وہ کسی نقاد کے ہاں نظر نہیں آیا، کجا اس کے اطلاق کی درستی کا جائزہ لیا جاتا۔

حوالہ جات:

- افضال حسین، قاضی، ''منٹو کی نئی قرأت کی ضرورت'' مشمولہ سعادت حسن منٹو ایک صدی بعد، مرتب: پروفیسر قاضی افضال حسین، علی گڑھ: سنٹر آف ایڈوانس سٹڈی، شعبۂ اردو، علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی، ۲۰۱۳ء، ص ۷
- منٹو، سعادت حسن، پھندنے، نئی دہلی: ساقی بک ڈپو، ۱۹۹۱ء۔ ص ۲۰
- وارث علوی، منٹو ایک مطالعہ، نئی دہلی: وجے پبلشرز، ۱۹۹۷ء، ص ۲۰۲
- وارث علوی، منٹو ایک مطالعہ، ص ۲۰۶
- شافع قدوائی، ''نیشن بطور بیانیہ اور منٹو کا افسانوی متن'' مشمولہ سعادت حسن منٹو ایک صدی بعد، مرتب: پروفیسر قاضی افضال حسین، علی گڑھ: سنٹر آف ایڈوانس سٹڈی، شعبۂ اردو، علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی، ۲۰۱۳ء، ص ۶۶
- جگدیش چندر ودھاون، ''ٹوبہ ٹیک سنگھ''، مشمولہ، ٹوبہ ٹیک سنگھ کا منٹو، مرتبہ: ڈاکٹر طاہر عباس، لاہور: عکس پبلی کیشنز، ۲۰۱۹ء، ص ۵۴
- ایضاً ص ۵۶

Scanned with OKEN Scanner

- کوثر مظہری، ''ٹوبہ ٹیک سنگھ کے نقاد''، مشمولہ ارتسام، چندن بارہ بہار: مظہر فاؤنڈیشن، ۲۰۱۷ء، ص۳۹۹
- ایضاً ص۴۰۰
- فتح محمد ملک، سعادت حسن منٹو؛ایک نئی تعبیر، لاہور: سنگ میل پبلی کیشنز، ۲۰۰۴ء ص۷۶
- ایضاً، ص۴۷
- ایضاً، ص۸۷
- محمد حمید شاہد، ''ٹوبہ ٹیک سنگھ؛ کچھ نئی پرانی تعبیریں'' مشمولہ سعادت حسن منٹو جادوئی حقیقت نگاری اور آج کا افسانہ، کراچی: شہرزاد پبلی کیشنز، ۲۰۱۳، ص۱۱۳
- ایضاً ص۱۱۷
- ایم خالد فیاض، '' ٹوبہ ٹیک سنگھ۔۔۔ نئی تعبیر (ایک محاکمہ)'' مشمولہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کا منٹو،، ص۱۹
- خالد محمود سنجرانی، '' تنقیدی محدودات اور ٹوبہ ٹیک سنگھ''، مشمولہ انگارے، کتابی سلسلہ ۲۵، سعادت حسن منٹو نمبر، ملتان: عاتکہ پرنٹنگ پریس، جنوری ۲۰۰۵ء، ص۱۰۳
- ایضاً ص۱۰۶
- پرویز انجم، '' سرزمین پنجاب کا قدآور افسانہ، ٹوبہ ٹیک سنگھ'' مشمولہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کا منٹو، ص۴۴
- ص۴۶
- ص۵۲
- ن۔م۔دانش، '' منٹو ٹوبہ ٹیک سنگھ اور شناخت کا بحران'' مشمولہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کا منٹو، ص۱۵۱، ۱۵۲
- ایضاً، ص۱۶۰، ۱۶۱
- ایضاً، ص۱۷۸

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

معاصر اسلامی دنیااور تصوّف: مابعد نوآبادیاتی تناظر میں

ڈاکٹر الطاف انجم

اسسٹنٹ پروفیسر اردو

کشمیر یونیورسٹی، سرینگر

تلخیص: یہ مقالہ دو حصوں پر مشتمل ہے جس کے پہلے حصہ میں عالمِ اسلام کی خونین صورتِ حال کااِجمالی خاکہ کھینچا جائے گا جب کہ دوسرے حصہ میں معاصر اسلامی دنیا میں تصوّف کے پھیلاؤ کے محرکات اور اس کے اثرات پر بحث ہو گی۔ بظاہر یہ دونوں ایک دوسرے کے لیے ضروری متصور کی جارہی ہیں بلکہ ایک دوسرے کی ترقی اور توسیع کے لیے اہم سمجھے جاتے ہیں جب کہ ایسا نہیں ہے۔ زیرِ نظر مقالے میں معاصر اسلامی دنیا کی ناگفتہ بہ صورتِ حال اور تصوّف کے پردے میں اسلام دشمن سرگرمیوں کے عروج کے جملہ ابعاد کااحاطہ کرنے کوشش کی گئی ہے۔

کلیدی لفظیات: اسلامی اقدار، تصوف، مشرقیت، اسلام دشمنی، مغربیت، اطلاعاتی تکنالوجی، تہذیب وثقافت، نوآبادیات، عالمگیریت، فنافی الذات، فنافی الشیخ۔

عصرِ حاضر کا مسلمان اغیار کی فتنہ سامانیوں اور اپنی ناعاقبت اندیشی کی وجہ سے اس قدر مقہور و مظلوم ہے کہ عالمی سطح پر اُس کی بربادی کے چرچے ہر قصر وایوان کے مستقل موضوعات بن چکے ہیں۔ عالمی سطح پر اسلام دشمن طاقتوں نے اپنی قیامت زدہ چالوں سے کم و بیش ہر اسلامی ملک کو زِیر کر رکھا ہے۔ مابعد نوآبادیات کا ہر طالبِ علم اس بات سے بہ خوبی واقف ہے کہ سامراجی طاقتیں تیسری دنیااور بالخصوص ترقی پذیر ممالک کو اپنی نوآبادیات بنانے میں کوئی بھی دقیقہ فرو گزاشت نہیں کرتیں بلکہ ذرائع ابلاغ کے مختلف اور متنوع وسائل کو کام میں لاکر ہر دم اُنہیں رام کرنے کی کوششیں جاری و ساری ہیں۔ اطلاعاتی تکنالوجی کی بے حد وحساب ترقی اگرچہ طلسم نہ سہی لیکن ہوش رُبا ضرور ہے جس نے ایک طرف مسلمانوں کی پستی میں قابلِ لحاظ حد تک اضافہ کیا ہے تو دوسری جانب اسلام دشمن طاقتوں نے اس کے استعمال سے اسلام اور مسلمان کی ایک ایسی ہیبت ناک تصویر پیش کی جو کسی بھی سادہ لوح انسان کو ڈرانے اور دھمکانے کے لیے کافی ہے۔ اس پر طرہ یہ کہ کہیں کہیں پر مسلمان بہک کر اپنے دشمن کی صفوں کو مضبوط کرنے کے لیے مہرے کا کام کرتا ہے اور اس طرح وہ بذاتِ خود اغیار کے حلقۂ دام میں آکر اُن کے عزائم کی تکمیل کر رہا ہے۔ ہم اگر اپنے پڑوس تک ہی نظر دوڑائیں تو پاکستان کی مثال ہم سب کے لیے چشم کشا ہے جہاں پچھلی دہائی میں ''ضربِ عضب'' کے نام پر کلمہ خواں مسلمانوں نے دوسرے کلمہ خواں مسلمانوں کو تہہ و تیغ

Scanned with OKEN Scanner

کر کے اپنے ہاتھ لہو سے دھو دیے ہیں اور یہ سلسلہ کسی نہ کسی نام پر تا حال جاری ہے۔ اب یہاں پر اہلِ نظر حضرات مخمصے کا شکار اس لیے ہیں کہ مارنے والا اللہ اکبر کہہ کر تیر و تفنگ کی مشق کرتے ہوئے غازی کا لقب حاصل کرتا ہے اور مرنے والا کلمۂ حق لاالٰہ الااللہ محمد رسول اللہ ﷺ ادا کر کے جامِ شہادت نوش کرتا ہے۔ غرض کہنے کا مطلب یہ ہے کہ قاتل کو غازی اور اس کے مقتول کو شہید کا درجہ دینے والوں نے اسلام کے کس پیغام کو سمجھا ہے اور وہ کس اسلام کی تتبع میں اپنی صبح کو شام کرتے ہیں۔ افغانستان کی صورتِ حال بھی پاکستان سے مختلف نہیں ہے۔ یہاں روسی اور امریکی سامراجی طاقتوں نے بالترتیب جو خون کا رقص گزشتہ نصف صدی سے جاری رکھا ہوا تھا اور جس کی نذر لاکھوں معصوم اور نہتے انسان ہو چکے ہیں۔ یہ سب عالمی جمہوری اداروں کی غیر جمہوری، غیر قانونی اور غیر انسانی کارستانیاں اور نارسائیاں ہیں۔ جو حضرات عالمی سیاسیات سے معمولی دلچسپی بھی رکھتے ہوں اُن کو یہ معلوم ہو گا کہ لیبیا شمالی افریقہ کا ایک ایسا متمول ملک رہا ہے "جہاں بجلی مفت تھی، تعلیم مفت تھی، اور طبّی سہولیات مفت تھیں، جہاں عوام کو سود سے پاک قرض دیا جاتا تھا، جہاں کار کی خریداری پر حکومت ۵۰ فیصد کی رعایت دیتی تھی، جہاں بے روزگاروں کو بھتہ ملتا تھا،" امریکہ اور اس کے حلیف ممالک نے کرنل قدافی کی سربراہی والی سرکار کے خلاف درپردہ سازشیں رچائیں، عوامی سطح پر بغاوت کی علم بلند کرائی گئی اور بالآخر قدافی کی موت اور جمہوریت کے نام پر ملک کا سیاسی نقشہ تبدیل کر دیا گیا اس طرح نتیجے کے طور پر یہ ملک آج خانہ جنگی کی وجہ سے کسمپرسی کی حالت میں ترقی یافتہ ممالک کے سامنے کشکول لے کر کھڑا نظر آتا ہے۔ اسی طرح مصر میں ڈاکٹر محمد مرسی کی سربراہی والی اخوان المسلمین کی جمہوری حکومت کی بیخ کنی کی گئی اور ڈرامائی انداز میں عبدالفتح السیسی کو تخت نشین کر دیا گیا، شام میں جہاں ایک طرف شیعہ نواز مسلح تنظیم حزب اللہ اور ایران و روس کی پشت پناہی والا بشار الاسد کا غیر اخلاقی اور غیر جمہوری آمرانہ اور جابرانہ طرزِ حکومت کے تحت معصوم و مظلوم رعایا کے نفس پر گراں بار ہوتا جا رہا تھا وہیں دوسری جانب اسلامی نظامِ حکومت (خلافت) کی تشکیل و تنظیم کے حامی متحارب گروہ ایسی مذموم حرکتوں کے مرتکب ہو رہے تھے جن سے انسانیت کا سر شرم سے جھک جاتا ہے، اب سالِ گزشتہ (۲۰۲۴ء) کے اختتام کے ساتھ ہی بشارالاسد کے اقتدار کا سورج بھی لبِ بام آگیا اور وہ جان کی امان کے لیے سرزمین روس کو سُدھارے۔ عراق میں عوامی تباہی کے ہتھیار (Weapons of Mass Destruction) کے منظّم اور بدنام ڈرامے کے نتیجے میں تقریباً تین لاکھ بے گناہ شہریوں کو جرمِ بے گناہی میں موت کی آغوش میں سلایا گیا اور بعد ازاں شیعہ اور سُنی مسالک کی دیوار کھڑا کر کے غیر مختتم خانہ جنگی اور آپسی دشمنیوں کو جنم دے کر نورالمالکی کی کٹھ پُتلی سرکار کو استحکام بخشنے کی ناکام کوششیں کی گئیں، اب نہ صرف عالمِ عرب بلکہ شمالی افریقہ کے لیبیا میں جہاں عوام کو دولتِ اسلامیہ فی العراق و شام (داعش) کی غیر اسلامی اور مذموم حرکات، یمن میں حوثی باغیوں کی غیر معمولی قوتِ مزاحمت اور سعودی عرب اور اُس کے اتحادی طاقتوں کے پُر عزم خلائی حملے، ترکی میں حالیہ انتخاب میں رجب طیب اردگان کی اسلام پسند جماعت کے مقابلے میں کُرد نواز سیکولر گروہ کی قابلِ لحاظ کامیابی، جزیرہ ئ عرب میں ایران کی مبینہ دہشت گردی اور فتنہ پروری کی سازشیں؛ یہ اور اس طرح کی بہت سی مثالیں سامنے ہیں جہاں ہم یوروپ اور امریکہ کی بالواسطہ اور بلاواسطہ شر انگیزی اور مسلم دشمن کارروائیوں کو محسوس اور غیر محسوس طریقے سے دیکھ سکتے ہیں۔ واقع یہ ہے کہ چی گویرا، یاسر عرفات، نیلسن منڈیلا، مارٹن لوتھر کنگ، جیسے راہ نما دنیا کو روز روز نصیب نہیں ہوتے بلکہ یہ دیدہ ور بڑی مشکل سے چمن میں پیدا ہوتے ہیں جب کہ سامراجی طاقتوں کے خاکوں میں رنگ بھرنے کے لیے ہر دور میں عبدالفتاح السیسی، نورالمالکی، حامد کرزئی کے روپ میں لوگ

Scanned with OKEN Scanner

سامنے آتے رہتے ہیں۔ غرض عصرِ حاضر کا سیاسی ڈسکورس اسلامی ممالک کی تنزلی، یہودی اور عیسائی گروہوں کی ریشہ دوانیوں، مسلمانوں کی آپسی چپقلش اور خانہ جنگی، غیر اسلامی نظام کی توسیع، اسلحہ کی دوڑ میں ایک دوسرے سے سبقت جیسے بیانیات (Narratives) سے عبارت ہے۔

معزز قارئینِ کرام؛ آیئے اس طولانی تمہید کے بعد اِن مسائل کو ذہن میں رکھتے ہوئے نظریہ تصوف کا یک تجزیاتی مطالعہ پیش کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ کل حالیہ برسوں میں اہلِ قلم نے تصوّف کی مختلف صورتوں اور اس کی ابتدا کے بارے میں سیر حاصل بحث کی ہے لیکن میں یہ دیکھنے کی کوشش کر رہا ہوں کہ عالمِ اسلام کی ناگفتہ بہہ صورتِ حال کو سدھارنے اور بھٹکے ہوئے مسلمانوں کو راہِ راست پر لانے میں تصوّف کے موئدین اور پیروکار اپنا وہ مخصوص کردار ادا کیوں نہیں کرتے ہیں جس کے لیے اُن کے چرچے ہر مذہبی، نیم مذہبی اور غیر مذہبی مجالس میں ہوتے ہیں۔ اگرچہ یہ صوفی حضرات بنی اُمیہ کے دور سے اسلامی اقدار و روایات کی شکست وریخت کے چشم دید گواہ رہے ہیں تو اُن کی موجودگی میں خلافت کے بجائے طوائف الملوکیت کا بازار ہی کیوں گرم ہوتا رہا؟ اسلامی نظامِ حکومت کے استحکام کے لیے صوفیوں کا تاریخ میں کیا کوئی قابلِ ذکر کردار بھی رہا ہے یا وہ صرف کشفِ قبور، تصوّرِ شیخ، فنافی الذات، فنافی الشیخ، فنافی اللہ، ذکرِ دائمی، مناقشہ، مراقبہ، مجاہدہ جیسے تصورات اور حرکات تک ہی خود کو محدود رکھنے میں عافیت سمجھتے رہے ہیں۔ اسی طرح سماع کی محفلیں پانچ ستارہ ہوٹلوں میں منعقد کی جاتی ہیں، دھمال ڈالے جارہے ہیں، قونیہ سے لے کر نیویارک تک، بیروت سے لے کر قاہرہ تک اور استنبول سے لے کر دہلی تک سفید رنگ کے مخصوص ملبوسات میں رقصِ رومی کے محیر العقول مناظر پیش کیے جاتے ہیں۔ مجھے ذاتی طور پر نومبر ۲۰۱۴ء میں استنبول (ترکی) جانے کا موقع ملا۔ اس علمی سیاحت کے دوران ایک دن میں نے قونیہ کا رختِ سفر باندھا۔ قونیہ ساری دنیا میں رومی اور اس کے مرشد شمس تبریزی کی آخری آرامگاہ کے طور پر مشہور ہے۔ اِن دونوں صوفیوں کے مزارات پر فاتحہ خوانی کے دوران میں نے ارد گرد کے ماحول کا بھی حتی المقدور جائزہ لیا۔ اس جائزہ کے دوران جو کچھ میرے حیطیہ ئ ادراک میں آیا، اُس نے مجھے شرعی اعتبار سے بہت مایوس کیا۔ مزارِ رومی سے ملحق بازار میں رومی کے مجسمے مختلف انداز میں دکانوں کی زینت بنے ہوئے ہیں اور جو خریداروں کے لیے خصوصی دلچسپی کا مرکز بھی ہیں۔ یہ وہی مجسمہ سازی ہے جو بتانِ آذری کی یاد تازہ کرتے ہیں اور جنہوں نے احکامِ الٰہی کو للکارتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے غیض وغضب کو دعوت دی تھی ؎

مسلم نے بھی تعمیر کیا اپنا حرم اور
تہذیب کے آذر نے ترشوائے صنم اور

اس کے ساتھ ہی قونیہ میں رومی کے نام پر بین الاقوامی مراکز قائم کیے گئے ہیں جہاں رقصِ رومی کی مجالس منعقد کی جاتی ہیں اور محافلِ سماع کا اہتمام پابندی کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ مولانا جلال الدین رومی کو ترکی اور بالخصوص قونیہ میں ''میولانا'' کے نام سے پکارا جاتا ہے جہاں اِس نام سے ایک شاندار بین الاقوامی نوعیت کی یونیورسٹی بھی قائم ہے جہاں رومی کی تعلیمات کی طرف کم ہی توجہ دی جاتی ہے اور دوسرے جدید علوم کی درس و تدریس کا نہایت ہی موثر انتظام ہے۔ مختصر یہ کہ قونیہ میں رومی کا مزار مختلف غیر شرعی رقص و سرود اور سماع کی محافل کا گہوارہ بنا ہوا ہے جس نے نہ صرف گرد و پیش کے ماحول کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے بلکہ سیاح بھی منفی اثرات کے ساتھ وہاں سے نکلتے ہیں۔ اس طرح قونیہ کے شہر کے یہ مناظر

Scanned with OKEN Scanner

دیکھ کر کسی بھی باغیرت مسلمان کا اضطراب وانتشار میں مبتلا ہونا طے ہے۔ غرض رقص، سرود، دھمال اور سماع کی مجالس کا انعقاد اپنی سرشت میں غیر شرعی ہے ہی اور اِن میں مخلوط مرد وزن کی موجودگی اُس پر مستزاد ہے۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ اس طرح کی حرکتیں عصرِ حاضر کے صوفیوں کے محبوب اور مشتاق مشغلے ہیں۔ کیا دورِ حاضر کے صوفیوں کو عالمِ اسلام کی خون ریز صورتِ حال کی طرف ایک لمحہ بھی توجہ کرنے کی فرصت نہیں؟ کیا اُن کو اِٹلی کے ساحل پر شام کے تارکینِ وطن کا وہ کریہہ المنظر واقعہ بھی نہیں جھنجھوڑتا ہے جس میں کشتی اُلٹنے سے تین سالہ ایلان الکردی نے اوندھے منہ گر کر اپنی جان بے کسی اور مجبوری کے عالم میں جانِ آفرین کے حوالے کر دی۔ ۲ ستمبر ۲۰۱۵ء کو پیش آئے اس واقعہ نے عالمی سطح کے حکمرانوں، رضار کار تنظیموں اور اہلِ دل حضرات کو ششدر کر دیا لیکن صرف صوفیا ہیں جن کو یہ واقعہ متاثر نہ کر سکا۔ حالیہ مہینوں میں اسرائیل نے مغربی ممالک کی سرپرستی میں جس طرح فلسطین کے لاکھوں گھروں کو نیست ونابود کر کے لاکھوں نفوس پر مشتمل آبادی کو بے کسی اور بسی کی مثال بنا دیا اُس کا نظارہ تا حال چشمِ فلک نے نہیں دیکھا ہوگا۔ اِن عالمی مسائل اور حادثات کو نو آبادیاتی صحافت نے مسلمانوں کی دہشت گردی سے موسوم کر دیا ہے اور ہمارے علما وائمہ دین کی صوفیانہ تعبیر و تفسیر میں مصروفِ عمل ہیں۔ اگر تصوّف یہی ہے تو اسلام کو ہر گز اس کی ضرورت نہیں ہے اور اس طرح کے مخربِ اخلاق مناظر اور حرکات کا کسی اِزم، دین، نظام یا عقیدہ سے تعلق ہو تو ہو لیکن یہ کسی بھی صورت میں اُس اسلام سے منسلک نہیں ہو سکتا ہے جس کے مکمل ہونے کی بشارت نبی برحق حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجتہ الوداع کے موقع پر قرآن پاک کی آیت الیوم اکملت لکم دینکم (ترجمہ: آج میں نے تمہارا دین تمہارے لیے مکمل کر دیا) فرما کر دی تھی۔ اگر تصوّف واقعی اسلام کے لیے کسی بھی صورت میں فائدہ مند ہوتا تو قرآن مجید اور احادیثِ مبارکہ کیوں کر اِس کے مباحث سے خالی ہوتے؟ کیا ربِ ذوالجلال (جلہ شانہ) اِن کو اسلام کا حصہ نہیں بناتے؟ اسلامی تعلیمات کی معمولی سوجھ بوجھ رکھنے والا ہر انسان جانتا ہے کہ جہاں قرآنِ پاک میں چیونٹی، مکھی اور مکڑی جیسے حشرات الارض جانداروں کا ذکرِ جمیل موجود ہے لیکن تصوّف کے بارے میں کوئی تاکید یا اطلاع نہیں ہے۔ جس طرح دورِ حاضر میں مختلف مسلم دانشورانِ کرام بالخصوص تصوف کے ماہرین نے لفظ ''احسان'' کے توسط سے ''تصوّف'' کو قرآن وحدیث سے جوڑا، تو اُن سے پوچھا جا سکتا ہے کہ اگر ''احسان'' کے حوالے سے ''تصوّف'' کو اسلامی نظریہ تصور کیا جائے تو پھر اس طرح بہت سے غیر ضروری تصورات کو اسلام کا جزو بنانے میں کیا حرج ہے؟ بہر حال تصوّف کو کتنا بھی اسلامی قرار دیا جائے، یہ بات تو طے ہے کہ خود حضورِ اقدس محمد مصطفےٰ ﷺ اور ان کے صحابہ کبار کے دور میں نہ تو تصوّف تھا اور نہ اُس سے ملتی جلتی کوئی چیز تھی۔ عہد حاضر کے ایک اسلامی اسکالر راشد شاز نے لکھا ہے کہ:

> ''محمد رسول اللہ ﷺ صوفی نہیں تھے اور نہ ہی انہوں نے متصوفین کا کوئی گروہ تشکیل دینے کی کوشش کی۔ صدرِ اول میں کسی ایسے حلقۂ باصفا کا سراغ نہیں ملتا جس نے وہی سے ماورا معانیٔ وحی کی دریافت کی کوشش کی ہو، یا جس نے اوراد و وظائف کے ذریعے عملی زندگی کا کوئی دستور العمل مرتب کیا ہو۔ دین کا متصوفانہ تصور اسلام میں ایک اجنبی پودا ہے جو غلو فی الدین کے راستے داخل ہوا اور جس نے آگے چل کر دینِ مبین کی شکل ہی بدل

Scanned with OKEN Scanner

ڈالی۔سچ تو یہ ہے کہ اسلام میں تصوّف کی پیدائش ایک بڑی جسارت سے عبارت ہے جو شقی
القلبی کے بغیر انجام پاسکتا تھااور نہ ہی شاطرانہ گوسفندی کے بغیر اس کی تعمیر ممکن تھی۔''[۱]

جیسا کہ بعض دانشوروں نے اکیسویں صدی میں تصوّف کے بے حد وحساب پھیلاؤ کو نوآبادیاتی نظام کی کوئی سازش ہونے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ایک اہم بات کی طرف ہم سب کی توجہ مبذول کرائی ہے۔میں یہاں پر غیر شعوری طور پر اُن کی تائید میں عرض کرنا چاہوں گا کہ دنیا کے مختلف ممالک میں رومی کے نام پر کئی بین الاقوامی نوعیت کے مراکز قائم کیے جاچکے ہیں جہاں غیر اسلامی نوعیت کی حرکات کو پذیرائی عطا کر کے اُنہیں اسلام کے متبادل کے طور پر پیش کیا جارہا ہے۔اسی طرح استنبول، انقرہ اور دنیا کے بیشتر شہروں میں بدیع الزماں سعید نورسی کے نام پر نہایت ہی تزک واحتشام کے ساتھ متواتر بین الاقوامی سمینار اور مجالس منعقد کی جاتی ہیں جہاں اُن کے ''رسالۂ نور'' کا زور وشور سے پرچار تو کیا جاتا ہے لیکن اِس کے ماننے والوں کی ظاہری وضع قطع اور نشست وبرخاست کے آداب سے کم سے کم دینِ محمدی ﷺ کی تتبع کا کوئی گمان نہیں گزرتا۔راقم کو ایک بار اُن کی نشست میں بیٹھنے کا موقع ملا جہاں شرکائے مجلس مغربی طرز کے سوٹ بوٹ اور ٹائی میں ملبوس تھے اور وہ ترکی زبان میں ''رسالۂ نور'' کی تعلیمات بیان کرتے،اس مجلس کے ایک متہم پروفیسر فرئیس کایا نے مجھے ''رسالۂ نور'' کی ایک جلد مع انگریزی ترجمہ تھمائی جس کا میں نے اس دوران مطالعہ کیا۔اِن مجالس سے اسلام کو کوئی فائدہ پہنچے یا نہیں البتہ یہ بات طے ہے کہ ایک مخصوص طبقے کے لوگوں کو کئی اعتبار سے مالی اور دوسری نوعیت کے فائدے ضرور پہنچ رہے ہیں۔یہ مخصوص طبقہ اپنے وضع کردہ منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے کیا کیا حربے اختیار کر رہے ہیں اُن کا اندازہ درج ذیل اقتباس سے لگایا جاسکتا ہے جس میں ایک قطب الاقطاب اپنے حواریوں کو خطاب کرتے ہوئے کہتا ہے

''ہم نے خود کو اولیا اللہ کی فہرست میں شامل کرلیا اور اپنے اکابرین کی قبروں کو فیوض و
برکات کے کارخانے قرار دے کر انہیں فتوحات ونذرانے کا ذریعہ بنایا۔دیکھتے دیکھتے قرآن
کی اکتشافی تحریک قبّوں اور قبرستانوں کی تہذیب بن گئی۔دنیا کی کسی بھی تنظیم کے پاس اتنے
بڑے پیمانے پر ایسے کارگر تنظیمی دفاتر نہیں ہیں جن پر معاشی طور پر خود کفالت بلکہ مرفہ
الحالی کا دور دورہ ہو۔بلکہ میں تو یہ کہتا ہوں کہ مجموعی آمدنی اور assests کی شکل میں جو
کچھ ہم درویشوں کے پاس ہے اس کا مقابلہ دنیا کی امیر ترین حکومتیں، نامی گرامی سرمایہ دار
اور Billionaire Club کے اراکین بھی نہیں کر سکتے۔''[۲]

مذکورہ اقتباس ہم طالبانِ علم وادب کے لیے کئی اعتبار سے چشم کشا ہے۔مجھے ذاتی طور پر تصوّف یا صوفیہ سے کوئی دل چسپی ہے اور نہ ہی تعلق،البتہ ہم عصر دنیا میں جس نوعیت کا شور وغوغا تصوف کے نام پر برپا کیا جارہا ہے وہ ایک سنجیدہ اور ذی ہوش مسلمان کے لیے پریشان کن ہے۔اکثر صوفیا کی مجالس میں صوفیائے کرام سے منسوب نیم حقیقی اور غیر شرعی واقعات بیان کر کے حاضرینِ مجلس کو اللہ تعالیٰ جلہ شانہ کے مقابلے میں اُن کی مخلوق کے گھڑے

Scanned with OKEN Scanner

ہوئے قصے سنائے جاتے ہیں۔ یہاں پر میں صرف ایک قصہ کو اختصار کے ساتھ بیان کرنے کی کوشش کروں گا۔ ایک حکایت میں آیا ہے کہ ابوالحسن قرقانی(۹۷۱ءتا۱۰۳۰ء) ایک دن اپنے مریدوں کے ساتھ سرمستی میں محو تھے کہ نِدا آئی:

"کیا میں تمہارے چاہنے والوں کو بتادوں کہ تم اپنے عشق میں گرفتار ہو کر شریعت کو بھول گئے ہو تاکہ وہ تم پر پتھر برسائیں۔"

حضرت نے فوراً ہی جواب دیا:

"اے غفور الرحیم، تم سے بے حساب رحم و کرم پانے والوں کو کیا میں بتادوں کہ تمہارا ارادہ کیا ہے تاکہ پھر کبھی تمہاری عبادت میں سر نہ جھکائیں"۔[۳]

اس نوعیت کی بیسیوں حکایتیں عوام و خواص کے حلقوں میں مقبول ہیں جنہوں نے دینِ اسلام کے ایک نئے ایڈیشن کو متہم بالشان انداز میں پیش کیا اور اس طرح قرآنی الفاظ اور تراکیب کو صوفیائے کرام نے مخصوص معانی و مطالب پہنائے جس کا رفتہ رفتہ یہ اثر ہوا کہ قرآن پاک پر دبیز پردے ڈال کر اُسے صرف صوفیا کی جاگیر قرار دیا۔ آج کے پُر انتشار معاشرے میں ضرورت اس بات کی ہے کہ ایک انسان کو یہ سمجھایا جائے کہ معبودِ برحق اللہ جلہ شانہ اور اُن کے رسول حضرتِ محمد مصطفےٰ احمد مجتبیٰ ﷺ اُن سے اتنے ہی نزدیک ہیں جتنے صوفیا یا دوسری مخلوقات ہیں۔ اسی طرح وہ قرآنِ پاک اور احادیثِ مبارکہ کا متن جس ذہن، ذوق، ظرف اور عقیدے کے ساتھ پڑھیں گے، اُن کے لیے وہ ہدایت، نجات اور کامیابی و کامرانی کا ذریعہ ہوگا۔

اسلام کی اشاعت اور ترسیل کے کام میں صوفیائے کرام کے خدمات ہماری اسلامی تاریخ کا ایک مستقل باب بن چکا ہے۔ اس ضمن میں یہ دیکھنے کی ضرورت ہے کہ آیا بزرگانِ دین اور اولیائے کرام کو ہی صوفیا کے نام سے یاد کیا جاتا ہے یا صوفیا اولالذکر سے مختلف کوئی گروہ ہے۔ میں اپنے اس مقالے کا اختتام مسجدِ نبوی ﷺ کے خطیب شیخ ابو بکر الجزائری کے اس قول پر کرتا ہوں کہ:

"تصوّف یا تو عین اسلام ہے یا غیر اسلام..... عین اسلام ہے تو ہمارے لیے اسلام ہی کافی ہے۔ غیر اسلام ہے تو اس کی ضرورت نہیں۔[۴]"

اس بات سے ہم سب تقریباً متفق ہیں کہ ہمارے اپنے علمی ذخائر اور روایات نوآبادیاتی دور میں اس طرح پیش کیے گئے گویا کہ وہ کوئی اہم چیز نہ ہو کر متعفن زدہ اور حقیر بن کر رہ گئے ہیں۔ مذکورہ بالا سطور میں تصوف کے جس پہلو پر خامہ فرسائی کی گئی ہے وہ تصوف کے اُس گہرے رنگ سے قریب قریب خالی نظر آتا ہے جو ہمارے اسلاف کے پاکیزہ اور تطہیری اوصاف سے معرضِ وجود میں آچکا تھا۔ غور کرنے پر ہر ایک قاری اسی نتیجے پر پہنچتا ہے کہ جس طرح نوآبادیاتی عہد میں ہمارے علوم اور فنون کو بہ چشمِ کم دیکھا گیا ہے اور اُن کو مسخ کرنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی ہے عین اسی طرح تصوف کے میدان میں بھی نئی بدعات کو مغربی علما نے رواج دیا۔ جنہوں نے روح کی تطہیر کے بجائے ظاہری عوامل پر زور دینا شروع کر دیا۔ اس طرح حالیہ دہائیوں میں تصوف وہ اصلی صورت بگڑی ہوئی معلوم ہوتی ہے جس کی آبیاری محی الدین ابنِ عربی، مولانا جلال الدین رومی، حضرت جنید بغدادی، حضرت رابعہ

Scanned with OKEN Scanner

بصری، شیخ علی ہجویری جیسے اکابرین نے اپنے اپنے طور پر کی ہے۔ غرض تصوف میں داخلی میلانات کے بجائے خارجی عوامل کے اظہار کو تقویت ملتی گئی جس کا بنیادی مقصد اس کو اپنی روح سے عاری کرنا سمجھا جارہا ہے۔

حوالہ جات:

۱۔ راشد شاز، ادراکِ زوالِ اُمت، ملی پبلی کیشنز، نئی دہلی، 2005ء، ص۔ ۳۱۴

۲۔ راشد شاز، لستم پوخ، ملی پبلی کیشنز، نئی دہلی، 2013ء، ص۔ ۰۲۲

۳۔ بحوالہ تصوّف بہ یک نظر، از قدیر زماں، فورم فار ماڈرن تھاٹ اینڈ لٹریچر، حیدر آباد، 2006ء، ص۔ ۷۲۔ ۸۲

۴۔ ایضاً۔ پچھلا سرورق

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

راجندر سنگھ بیدی کی افسانہ نگاری کا سرسری جائزہ

ڈاکٹر محمد اقبال، آئی۔ جرمن
اسسٹنٹ پروفیسر، صدر شعبہ اردو
بی۔ شنکرانند آرٹس اینڈ کامرس ڈگری کالج
کڈچی، تعلقہ رائے باغ، ضلع بیلگاوی

تلخیص: راجندر سنگھ بیدی نفسیات اور جذبات نگاری کے نہایت عمدہ فکشن نگار تھے، ناول نگاری اور ڈرامہ نویسی میں بھی ان کی خدمات لائق ستائش ہیں لیکن راجندر سنگھ بیدی افسانہ نگاری کے بادشاہ تھے اسی وجہ سے انھیں نہ صرف صف اول کا افسانہ نگار تسلیم کیا گیا بلکہ انھیں منشی پریم چند کا ہم پلہ بھی قرار دیا گیا۔ اس مختصر مقالے میں راجندر سنگھ بیدی کا مختصر تعارف اور افسانہ نگاری کا سرسری جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

کلیدی الفاظ: راجندر سنگھ بیدی منشی پریم چند کے ہم پلہ افسانہ نگار

راجندر سنگھ بیدی کی پیدائش 1 ستمبر 1915ء کو سیالکوٹ میں ہوئی اور 11 نومبر 1984ء کو 69 سال کی عمر میں اُن کا انتقال ہو گیا۔ راجندر سنگھ پیشے سے ڈرامانگار، فلم ہدایت کار، منظر نویس اور مصنف تھے۔ اردو زبان وادب ان کا شوق بھی تھا اور روزی روٹی کا ذریعہ بھی۔ راجندر سنگھ بیدی کا پہلا افسانہ ' مہارانی کا تحفہ ' لاہور کے ادبی دنیا میں شائع ہوا تھا جسے سال کا بہترین افسانہ قرار دیا گیا تھا۔ راجندر سنگھ بیدی کو 1965 میں ساہتیہ اکیڈمی ایوارڈ سے نوازا گیا اور انہیں ادب اور تعلیم کے زمرے میں پدم شری اعزاز بھی حاصل ہوا۔ راجندر سنگھ بیدی کا ناول ' ایک چادر میلی سی ' 1962 میں شائع ہوا اور بہت مقبول ہوا، اس پر فلم بھی بنی اور اس کا انگریزی، ہندی، کشمیری اور بنگالی میں ترجمہ بھی ہوا۔ راجندر سنگھ بیدی نے ڈرامانگاری میں بھی نام کمایا۔ ڈراموں کا مجموعہ 'بے جان چیزیں' لاہور سے 1943 میں شائع ہوا اور 'سات کھیل' 1946 میں لاہور سے ہی شائع ہوا۔ راجندر سنگھ بیدی کا اصل میدان افسانہ نگاری تھا۔ اس میدان میں انہوں نے اپنی گراں قدر خدمات انجام دی اور نہایت بلند مقام حاصل کیا۔ راجندر سنگھ بیدی کے افسانوی مجموعوں کی تفصیل اس طرح ہے۔

- افسانوی مجموعہ ' دانہ ودام' 1936 میں لاہور سے شائع ہوا۔
- افسانوی مجموعہ 'گرہن' 1942 میں لاہور سے شائع ہوا۔
- افسانوی مجموعہ ' کوکھ جلی' 1949 ممبئی سے شائع ہوا۔
- افسانوی مجموعہ ' اپنے دکھ مجھے دے دو' 1965 دہلی سے شائع ہوا ۔
- افسانوی مجموعہ ' ہاتھ ہمارے قلم ہوئے' 1974ء میں دہلی سے شائع ہوا۔

Scanned with OKEN Scanner

- آخری افسانوی مجموعہ 'مکتی بودھ 1982'ء میں دہلی سے شائع ہوا۔ جس میں مضامین اور خاکے بھی شامل ہیں۔

راجندر سنگھ بیدی کے افسانوں میں حقیقت نگاری کا عکس ملتا ہے۔ راجندر سنگھ بیدی نے زندگی کے چھوٹے بڑے حقائق کو نہایت موثر انداز میں پیش کیا ہے۔ افسانہ حقیقت نہیں ہوتا ہے لیکن کئی حقیقوں پر سے پردہ اٹھاتا ہے۔ خود اپنی افسانہ نگاری کے متعلق راجندر سنگھ بیدی نے تحریر کیا ہے:

"جب کوئی واقعہ، مشاہدے میں آتا ہے تو میں اسے من و عن بیان کر دینے کی کوشش نہیں کرتا، بلکہ حقیقت اور تخیل کے امتزاج سے جو چیز پیدا ہوتی ہے، اسے احاطہ تحریر میں لانے کی سعی کرتا ہوں۔ میرے خیال میں اظہار حقیقت کے لیے ایک رومانی نقطہ نظر کی ضرورت ہے۔ بلکہ مشاہدے کے بعد پیش کرنے کے انداز کے متعلق سوچنا، بجائے خود کسی حد تک رومانی طرز عمل ہے اور اس اعتبار ہے، مطلق حقیقت نگاری بحیثیت فن غیر موزوں ہے۔"

(راجندر سنگھ بیدی (ایک سماجی و تہذیبی مطالعہ) ڈاکٹر سید محمود کاظمی۔ 2011۔ مطبع عفیف آفسٹ پرنٹرس دہلی۔ صفحہ نمبر (4

☆ راجندر سنگھ بیدی کی افسانہ نگاری:

راجندر سنگھ بیدی کی افسانہ نگاری میں وہ تمام لوازمات شامل ہیں جو ایک بلند پایہ افسانہ نگار کے افسانوں میں ہوتے ہیں۔ راجندر سنگھ بیدی کے پہلے افسانوی مجموعہ ' دانہ ودام' میں جو افسانے شامل ہیں ان کے عنوانات اس طرح ہیں۔

(۱) بھولا (۲) ہمدوش (۳) من کی من میں (٤) گرم کوٹ (٥) چھوکری کی لوٹ (٦) پان شاپ (۷) منگل اشٹکا (۸) کوارنٹین (۹) تلادان (۱۰) دس منٹ بارش میں (۱۱) حیاتین 'ب' (۱۲) لچھمن (۱۳) ردعمل

(۱٤) موت کا راز

راجندر سنگھ بیدی کا افسانہ 'گرم کوٹ' بہت مقبول ہوا یہ قربانیاں دینے والے میاں بیوی کی پر اثر کہانی ہے۔ اک شخص جسے گرم کوٹ کی سخت ضرورت ہوتی ہے وہ پرانے کوٹ سے ہی کام چلاتا ہے اور اسے پیوند لگا لگا کر استعمال کرتے رہتا ہے۔ ایک روز بازار جاتا ہے تو اسے لگتا ہے کہ دس کا نوٹ جیب سے گر گیا ہے مگر نوٹ جیب سے کھسک کر دوسری طرف چلا جاتا ہے اور اسے مل جاتا ہے، اگلی بار وہ اپنی بیوی کو دس کا نوٹ دے کر سامان لانے کے لئے بازار بھیجتا ہے لیکن اس کی بیوی سامان لانے کی بجائے اپنے شوہر کے لئے کوٹ کا نیا کپڑا خرید کر لاتی ہے۔ راجندر سنگھ بیدی نے اس افسانے کا اختتام اس طرح کیا ہے:

" شمی اندر آتے ہوئے بولی" میں نے دو روپے کھیمو سے ادھار لے کر خرچ کر ڈالے ہیں۔"

"کوئی بات نہیں" میں نے کہا۔ پھر بچے، پوپی منا اور میں تینوں شمی کے آگے پیچھے گھومنے لگے۔ مگر شمی کے ہاتھ میں ایک بنڈل کے سوا کچھ نہ تھا۔ اس نے میز پر بنڈل کھولا۔ وہ میرے کوٹ کے لئے بہت نفیس ورسٹڈ تھا۔

پیچھے سے منی نے کہا" بی بی، میرے گلاب جامن"

شمی نے زور سے ایک چپت اس کے منہ پر لگا دی! "

(افسانوی مجموعہ ' دانہ ودام'۔ راجندر سنگھ بیدی مکتبہ جامعہ لمیٹڈ نئی دہلی۔ صفحہ نمبر 69)

Scanned with OKEN Scanner

راجندر سنگھ بیدی نے منشی پریم چند، سعادت حسن منٹو اور کرشن چندر کے مقابلے میں افسانہ نگاری کے لئے کم وقت دیا لیکن معیار کے معاملے میں وہ ان تینوں سے کم نظر نہیں آتے۔ راجندر سنگھ بیدی کا تعلق فلمی دنیا سے زیادہ رہا انہوں نے فلمی دنیا میں بہت نام کمایا اور انعامات بھی حاصل کیے۔ فلمیں فکشن کا ہی حصہ ہوتی ہیں اس حساب سے یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ اردو زبان میں افسانوی ادب راجندر سنگھ بیدی کا اوڑھنا بچھونا رہا۔' گرہن' راجندر سنگھ کا دوسرا افسانوی مجموعہ ہے۔ اس مجموعے میں چودہ (14) افسانے شامل ہیں، یہ افسانے زندگی کی چھوٹی بڑی خوشیوں کو موضوعات بنا کر تخلیق کئے گئے ہیں۔ راجندر سنگھ بیدی کے تیسرے افسانوی مجموعے کا نام' کوکھ جلی' ہے۔ اس افسانوی مجموعے میں جملہ تیرہ (13) افسانے شامل ہیں۔ یہ افسانوی مجموعہ 1949ء میں شائع ہو کر مقبول عام ہوا۔ راجندر سنگھ بیدی کے افسانوی مجموعہ' اپنے دکھ مجھے دے دو' 1965ء میں شائع ہوا تھا اس مجموعے میں بھی جملہ دس (10) افسانے شامل ہیں۔ افسانوی مجموعہ' ہاتھ ہمارے قلم ہوئے' 1974ء میں شائع ہوا۔ اس مجموعے میں راجندر سنگھ بیدی کے دس (10) افسانے شامل ہیں۔ راجندر سنگھ بیدی کی ایک کتاب' مکتی بودھ' ہے جس میں مضامین اور خاکوں کے ساتھ (5) افسانے بھی شامل ہیں۔ راجندر سنگھ بیدی کے افسانوی مجموعوں میں (60) سے زائد افسانے ملتے ہیں اور کچھ افسانے ایسے بھی ہیں جو مجموعوں میں شامل نہیں ہیں۔ راجندر سنگھ بیدی کے افسانے فن افسانہ کی کسوٹی پر پورے اترتے ہیں۔ ان کی افسانہ نگاری کے تعلق سے پروفیسر آل احمد سرور نے ایک جگہ تحریر کیا ہے:

> "بیدی کہانی لکھتے ہیں۔ نہ سیاست بگھارتے ہیں نہ فلسفہ چھانٹتے ہیں، نہ شاعری کرتے ہیں، نہ موری کے کرے گنتے ہیں۔ عام زندگی، عام لوگ، عام رشتے ان کے افسانوں کے موضوع ہیں مگر ان میں وہ ایسی طاقت اور توانائی، زندگی اور تابندگی، معنویت اور انفرادیت بھر دیتے ہیں کہ ذہن میں روشنی ہو جاتی ہے۔ ان کے یہاں اسطور سازی اور جنس کی واقعی اہمیت ہے مگر اس سے زیادہ اہمیت زندگی کے وژن کی ہے۔"
>
> (اردو نثر کا تنقیدی مطالعہ۔ سنبل نگار۔ 2001- مطبع ایم کے آفسٹ پرنٹرس، دہلی صفحہ نمبر 170)

راجندر سنگھ بیدی کی زبان کے بارے میں کچھ تنقید نگاروں کا کہنا ہے کہ پنجابیت کی آمیزش کی وجہ سے ان کی نثر ناہموار اور کھردری ہو گئی ہے، مگر حقیقت یہ ہے کہ راجندر سنگھ بیدی نے جب مکالموں میں پنجابی کردار افسانوں میں پیش کئے تب پنجابی مکالموں میں در آئی اور یہ عیب کی بجائے ہنر ثابت ہوا۔ کیوں کہ مکالمہ نگاری کا یہی تقاضہ ہوتا ہے۔ راجندر سنگھ بیدی نے اکثر افسانوں میں الفاظ کا نہایت عمدگی سے استعمال کیا ہے۔ 'گرہن' راجندر سنگھ بیدی کی ایک ایسی کہانی ہے جس میں پہلی بار ہندو دھرم کے تناظر میں افسانے کا پلاٹ تیار کیا گیا۔ راجندر سنگھ بیدی نے افسانے کے موضوع کے اعتبار سے استعارات اور اشارات و علامات استعمال کئے ہیں۔

افسانہ 'لاجونتی' محبت کی دلکش کہانی ہے۔ لاجونتی افسانے کا مرکزی کردار ہے۔ لاجونتی، سندر لال سے دل و جان سے محبت کرتی ہے اور سندر لال بھی لاجونتی کو بے حد چاہتا ہے لیکن پاکستان بننے کے بعد کچھ مسلمان لاجونتی کو پاکستان لے کر چلے جاتے ہیں پھر بعد میں مہاجرین کی ادلا بدلی میں لاجونتی واپس سندر لال کے پاس آجاتی ہے۔ افسانہ' اپنے دکھ مجھے دے دو' ایک ایسی عورت کی کہانی ہے جو اپنے شوہر کے سارے دکھ درد اپنے نام کر لیتی ہے اور اس کے بدلے میں کچھ نہیں لیتی، یہ ایک عورت کے ایثار و بے لوث محبت کی سبق آموز داستان ہے۔ اس افسانے کو راجندر سنگھ بیدی نے اس طرح انجام تک پہنچایا ہے:

Scanned with OKEN Scanner

"کچھ دیر بعد مدن کے ہوش ٹھکانے آئے اور وہ وہ بولا" میں سمجھ گیا اندو" پھر روتے ہوئے مدن اور اندو ایک دوسرے سے لپٹ گئے۔ اندو نے مدن کا ہاتھ پکڑا اور اسے ایسی دنیاؤں میں لے گئی جہاں انسان مر کر ہی پہنچ سکتا ہے۔"

(افسانہ " اپنے دکھ مجھے دے دو")

افسانہ ' کوارنٹین' ایک جان لیوا وبا کی داستان ہے۔ ایک خطرناک بیماری سارے علاقے میں پھیل جاتی ہے اور لوگ لگاتار مرتے رہتے ہیں ۔ایسے حالات میں ڈاکٹرس کی خدمات قابل ستائش نظر آتی ہے۔ یہ افسانہ حال ہی میں پھیلی وبا کورونا کا بھی بہترین عکاس ہے۔ افسانہ " ایک باپ بکاؤ ہے" میں ایک باپ کو بیچنے کا واقعہ ہے۔ اخبار میں ایک اشتہار ہوتا ہے جس میں ایک باپ کو بیچنے کی خبر ہوتی ہے۔ اشتہار پڑھنے کے بعد کچھ لوگ اسے خریدنے پہنچتے ہیں مگر اس باپ کے عیب جاننے کے بعد وہ وارادہ بدل دیتے ہیں۔ افسانہ ' گھر میں بازار' عورتوں کے مسائل کی داستان بیان کرتا ہے۔ شادی سے پہلے لڑکی ضرورت کے مطابق اپنے باپ کی جیب سے روپے نکال کر اپنی ضرورتیں پوری کر لیتی ہے مگر شادی کے بعد وہ اپنے شوہر سے خرچ کرنے کے لئے روپے لینے میں شرماتی ہے۔ افسانہ ' دس منٹ بارش میں' برسات میں بھیگی ہوئی ایک غریب و بے بس عورت کی کہانی ہے جسے اس کا شوہر چھوڑ چکا ہے۔ افسانہ 'پان شاپ' اپنی پسندیدہ چیزوں کو پان شاپ پر گروی رکھ کر قرض لینے کی کہانی ہے۔ فوٹو اسٹوڈیو اور جاپانی گفٹ شاپ کے مالک ہمیشہ پان شاپ کے مالک کی برائیاں کرتے رہتے ہیں مگر ایک وقت ایسا آتا ہے کہ انھیں بھی قرض لینے کے لئے پان شاپ پر ہی جانا پڑتا ہے۔ افسانہ ' آلو' ایک انتہائی غریب آدمی لکھی سنگھ کی کہانی ہے۔ یہ کہانی درشاتی ہے کہ پیٹ کی آگ کس طرح انسان کو اپنا نقطہء نظر تبدیل کرنے پر مجبور کرتی ہے۔ افسانہ ' دوسرا کنارہ 'تین مزدور پیشہ بھائیوں کی جد وجہد کا قصہ ہے۔ ان تینوں بھائیوں کا باپ اپنے بیٹوں کی نفسیات کو سمجھ نہیں پاتا ہے۔ افسانہ 'منگل اشٹکا' ایک برہمچاری کا قصّہ ہے جو اپنے برہمچریہ پر ناز کرتا ہے مگر اسے اس کی تنہائی کا دکھ بھی پریشان کرتا رہتا ہے۔ افسانہ 'مقدس جھوٹ 'ایک بچے کے جذبات واحساسات کی کہانی ہے۔ ایک بچہ اپنے ہی گھر میں چوری کر کے پکڑا جاتا ہے، جس کے بعد اس کی ماں اس کی خوب پٹائی کرتی ہے جس کی وجہ سے بچہ بیمار ہو جاتا ہے۔ افسانہ 'لمس' راجندر سنگھ بیدی کا ایک ایسا افسانہ ہے جو طبقاتی کشمکش پر مبنی ہے۔ افسانہ ' لچھمن 'ایک کنوارے انسان کے جذباتی استحصال کی داستان ہے۔ راجندر سنگھ بیدی کا افسانہ ' مکتی بودھ' ایک ایسے آدمی کا قصہ ہے جو فلموں میں پلے بیک سنگر بنا چاہتا ہے جس کے لئے وہ ہر ممکن کوشش کرتا ہے مگر ناکام رہتا ہے۔

راجندر سنگھ بیدی کے افسانوں میں روس کے افسانہ نگار چیخوف کا رنگ ملتا ہے۔ جن میں عام واقعات کو نہایت موثر انداز سے پیش کیا گیا ہے۔

راجندر سنگھ بیدی کے اکثر افسانوں کے کردار متوسط طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ راجندر سنگھ نے پنجاب کے لوگوں کی جتنی سچی اور اچھی تصویر کشی کی ہے وہ کسی اور کے پاس نہیں ہے۔ راجندر سنگھ بیدی کے اکثر افسانوں میں ایسے کردار ملتے ہیں جن کے دلوں میں خواہشات جنم لیتے ہیں مگر وہ پورے نہیں ہو پاتے۔ راجندر سنگھ بیدی کے افسانوں میں سادگی ملتی ہے، ان کی یہ خوبی انہیں منشی پریم چند سے قریب کرتی ہے۔ راجندر سنگھ بیدی کے افسانوں میں سادگی کے ساتھ ساتھ علامت نگاری اور استعاراتی پہلو بھی ملتے ہیں۔ راجندر سنگھ بیدی نے اپنے افسانوں میں بچوں کی نفسیات کو بھی عمدگی سے برتا ہے۔ بھولا، تلادان اور چھوکری کی لوٹ اس کی بہترین مثالیں ہیں۔ راجندر سنگھ بیدی نے منشی پریم چند کی طرح دیہاتوں کی منظر کشی بھی نہایت عمدہ کی ہے۔ فسادات کے موضوع پر راجندر سنگھ بیدی منٹو کے اسلوب تک تو نہیں پہنچ سکے مگر اس موضوع پر ان کے فکر کی گہرائی افسانہ 'لاجونتی' میں پڑھنے کے بعد دل میں اتر جاتی ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

راجندر سنگھ بیدی نے عام انسانوں کی زندگی کے دکھوں کو افسانوی رنگ میں ڈھالا ہے اور غریب مجبور بے سہارا و غم زدہ مرد و خواتین کے کردار بڑے موثر انداز سے اپنے افسانوں میں پیش کئے ہیں۔ مختار احمد نے ایک جگہ تحریر کیا ہے:

" غربت، تنگدستی، مجبوری اور لاچاری کی زندگی گزارنے والوں کے حالات کو بیدی نے بخوبی قلم بند کرنے کی کوشش کی ہے، کچلے ہوئے ہزاروں لوگوں کی ازدواجی زندگی کے متعلق بیدی نے متعدد افسانے تخلیق کئے ہیں جن میں " گرہن " ،"لاجونتی" ،"اپنے دکھ مجھے دے دو" ،"صرف ایک سگریٹ"، " رحمان کے جوتے" اور " گرم کوٹ" وغیرہ شامل ہیں۔ اگرچہ ان افسانوں کا پس منظر عورت اور مرد کے باہمی تعلقات اور کشمکش جیسے حالات کو وضع کرنے کا ہے، لیکن ان میں کہیں نہ کہیں زندگی کی سچائی بھی ہے۔"

(عکس ادب (اردو) سہ ماہی اورنگ آباد، اکتوبر تا دسمبر۔2015۔ شمارہ 13 صفحہ نمبر 49)

راجندر سنگھ بیدی جدید افسانہ نگاروں کے علم برداروں میں شامل ہیں اور نمایاں ہیں۔ حالاں کہ افسانے کی ابتداء بیسویں صدی کے ابتدا سے ہوئی جو اردو ادب کے جدید دور میں شامل ہے لیکن جب افسانے کی ابتدا ہوئی اکثر افسانے نئے پن سے عاری نظر آتے ہیں کیوں کہ ان میں سماجی معنویت کی جانب توجہ نہیں دی گئی، راشد الخیری ہو یا نیاز فتح پوری ان کے یہاں افسانوں میں رومانی رنگ ملتا ہے۔ دراصل منشی پریم چند ہی وہ افسانہ نگار تھے جھنوں نے سماجی معنویت کو اپنے افسانوں میں مرکزی حیثیت دی۔ ڈاکٹر عبدالرشید منہاس نے ایک جگہ تحریر کیا ہے:

" پریم چند کے بعد کہانی میں ایک نیا موڑ آتا ہے، اردو افسانہ حقیقت نگاری کے رجحان سے روشناس ہو جاتا ہے اور اس طرح اردو افسانے کے باب میں ایک اضافہ بھی ہوتا ہے پھر اس کے بعد جتنے بھی افسانہ نگار منظر عام پر آئے چاہے وہ سدرشن ہوں، کرشن چندر ہوں، بیدی ہوں، عصمت چغتائی ہوں یا سعادت حسن منٹو ان کے ہاں کہانی ایک نئے رنگ و آہنگ میں داخل ہوتی ہے۔"

(عکس ادب (اردو) سہ ماہی اورنگ آباد، جولائی تا ستمبر 2016۔ شمارہ نمبر 16۔ صفحہ نمبر 57)

افسانہ نگاری میں زبان و بیان کافی اہمیت کی حامل ہیں، مشکل اور غیر مستعمل الفاظ افسانے کو کمروز کر سکتے ہیں یا رفتار کو دھیما کر سکتے ہیں، آسان اور عام فہم الفاظ افسانوں کو مقبول بنانے میں اہم حصہ دار ہوتے ہیں۔ راجندر سنگھ بیدی کے افسانوں میں زبان و بیاں کے تعلق سے سنبل نگار نے ایک جگہ تحریر کیا ہے:

"بیدی کی زبان تو دراصل مشکل فارسی آمیزہ زبان ہے جس سے ان کی افسانہ نگاری کا آغاز ہوا لیکن فلم کی دنیا میں قدم رکھنے کے ساتھ ہی انھوں نے سمجھ لیا کہ یہاں یہ زبان چلنے والی نہیں۔ انھوں نے نامانوس ثقیل الفاظ کو ترک کر دیا۔ ہندی الفاظ کو فارسی الفاظ کے ساتھ اس طرح شیر و شکر کر دیا کہ زبان میں ایک طرح کا لوچ اور ایک طرح کی رعنائی پیدا ہو گئی۔ تشبیہوں، استعاروں، پر لطف مختصر فقروں سے انھوں نے اپنی زبان میں دلکشی پیدا کی۔ انھیں زبان پر دسترس حاصل ہے اس کے باوجود بعض جگہ زبان ناہموار ہو جاتی ہے۔"

(اردو نثر کا تنقیدی مطالعہ۔ سبل نگار۔ 2001۔ مطبع ایم کے آفسٹ پرنٹرس نئی دہلی۔ صفحہ نمبر 173)

تلخیص (Summery) :

Scanned with OKEN Scanner

راجندر سنگھ بیدی نے جس دور میں افسانے تخلیق کئے وہ افسانہ نگاری کے لئے سنہری دور تھا۔ افسانے تخلیق کرنے والوں سے زیادہ افسانوں کے قاری موجود تھے۔ بلند معیار کے متعدد افسانہ نگار ادب کے آسمان پر ستاروں کی طرح جگمگا رہے تھے۔ راجندر سنگھ بیدی 1915ء میں پیدا ہوئے جدید افسانے کا آغاز بھی کم و بیش یہیں ہوا۔ راجندر سنگھ بیدی کی عمر کے ساتھ ساتھ افسانے کا فن بھی پروان چڑھتا رہا۔ جب راجندر سنگھ بیدی جوان ہوئے اور افسانے تخلیق کرنے لگے تو افسانے کا فن بھی اپنے عنفوان شباب پر تھا۔ راجندر سنگھ بیدی کو افسانہ نگاری کے لئے نہایت سازگار ماحول ملا۔ را جندر سنگھ بیدی نے اردو زبان وادب کی خدمات کو اپنے شوق کے ساتھ ساتھ روزی کا ذریعہ بھی بنا دیا۔ راجندر سنگھ بیدی نے فلمی دنیا میں بھی اردو زبان وادب کے معیار کو قائم رکھا۔ انھوں نے کئی فلموں کے لئے مکالمے تحریر کئے۔ منظر نویس بھی رہے اور فلم کے لئے ہدایت کاری بھی کی۔ ڈرامے بھی تخلیق کئے اور ناول بھی تخلیق کیا اور ساتھ ہی افسانے بھی تخلیق کرتے رہے۔

راجندر سنگھ بیدی نے پچاس سے زائد برسوں تک اردو زبان وادب کی خدمت کی جس کے عوض انھیں، ساہتیہ اکادمی ایوارڈ برائے' ایک چادر میلی سی'، افسانہ' مہارانی کا تحفہ' کے لئے ادبی دنیا (لاہور) سال کا بہترین افسانہ کا انعام، فلم 'ستیہ کام' میں بہترین مکالمہ نگاری کا فلم فیئر ایوارڈ، فلم' مدھومتی' کے لئے بہترین مکالمہ نگاری کا فلم فیئر ایوارڈ اور ادب و تعلیم کے لئے پدم شری ایوارڈ سے نوازا گیا۔ راجندر سنگھ بیدی نے (63) افسانے ایسے تخلیق کئے جو افسانوی مجموعوں کی صورت میں موجود ہیں اور (7) افسانے ایسے بھی تخلیق کئے جو ان افسانوی مجموعوں میں نہیں ہیں۔ راجندر سنگھ بیدی کی تخلیقات کو اختصار کے ساتھ اس طرح تحریر میں لایا گیا ہے۔

❖ **افسانوی مجموعے**

- **"دانہ ودام"۔1936ء(لاہور)**
- **" گرہن"۔1942(لاہور)**
- **"کوکھ جلی۔ 1949" (ممبئی)**
- **" اپنے دکھ مجھے دے دو" ۔1965۔(دہلی)**
- **"ہاتھ ہمارے قلم ہوئے۔1974۔(دہلی)**
- **" مکتی بودھ" ۔1982(دہلی)**

❖ **ڈراموں کے مجموعے**

- "بے جان چیزیں"۔1943(لاہور)
- " سات کھیل"۔1946 (لاہور)

❖ ناول:

- "ایک چادر میلی سی"

❖ فلم اسکرپٹ

- "دستک"۔1971،(دہلی) دیوناگری رسم الخط میں

Scanned with OKEN Scanner

راجندر سنگھ بیدی کے افسانوں میں سادگی کے ساتھ نفسیاتی عمل اور جذبات نگاری ملتی ہے۔ تشبیہات، استعارات اور علامات سے نہایت چابکدستی سے راجندر سنگھ بیدی نے کام لیا ہے۔ رابندر سنگھ بیدی کے افسانوں میں زندگی کے چھوٹے بڑے واقعات کو نہایت موثر انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ راجندر سنگھ بیدی کے اکثر کردار متوسط طبقے کے ہیں۔ عام انسانوں کے دکھوں، غموں، مجبوریوں اور لاچاریوں کو راجندر سنگھ بیدی نے افسانوی شکل وصورت عطا کی ہے۔ اور اس کام میں انھوں نے اچھی مہارت دکھائی ہے۔ راجندر سنگھ بیدی، منشی پریم چند اور سعادت حسن منٹو کی طرح بہترین حقیقت نگار تھے۔ ان کے افسانوں میں حقیقت نگاری کے حوالے سے سنبل نگار نے اپنی تصنیف میں ایک جگہ تحریر کیا ہے:

"حقیقت نگاری بیدی کے افسانوں کی نہایت نمایاں خصوصیت ہے۔ چیخوف کا فن انھیں اس لیے عزیز ہے کہ " اس کے یہاں افسانہ کہنے کی کوشش کہیں دکھائی نہیں دیتی۔ وہ زندگی کی باتیں کرتا ہے اور زندگی کا ایک ٹکڑا یوں آپ کے سامنے رکھتا ہے کہ میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے۔

(اردو نثر کا تنقیدی مطالعہ۔ سنبل نگار۔ 2001۔ مطبع: ایم کے آفیسٹ پرنٹرس، دہلی، صفحہ نمبر 171)

راجندر سنگھ بیدی کو اردو افسانے کا چیخوف تسلیم کیا گیا ہے۔ عام انسانوں کی زندگی کا قریب سے راجندر سنگھ بیدی نے نہایت باریکی سے مشاہدہ کیا ہے اس کا اندازہ ہمیں ان کے افسانے پڑھ کر ہو جاتا ہے۔

راجندر سنگھ بیدی کا افسانہ ' بھولا' بچوں کی نفسیات، جذبات اور معصومیت کی پیش کش کی عمدہ مثال ہے۔ افسانہ ' بھولا' راجندر سنگھ بیدی کے شاہکار افسانوں میں شامل ہے۔ اس افسانے میں ایک چھوٹے بچے کی محبت اور دردمندی کو نہایت موثر انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ اس افسانے میں 'بھولا' ایک معصوم بچے کا کردار ہے جسے مرکزیت دی گئی ہے، ایک بوڑھے کا کردار ہے جو بھولا کا دادا ہے، ایک اور کردار ہے بوڑھے کی بہو کا جس کا شوہر یعنی بھولا کا باپ اور بوڑھے کا بیٹا انتقال کر چکا ہے۔ بوڑھا روشن خیال ہے وہ اپنی بہو کو منحوس نہیں سمجھتا اور اپنی بیٹی کی طرح اسے گھر میں ساتھ ہی رکھتا ہے۔ ایک اور کردار بھولا کے ماما کا ہے۔ بھولا اپنی ماں کا چہیتا ہے۔ بھولا کو کہانیاں سننے کا شوق ہے۔ راکھی کا تہوار نزدیک ہوتا ہے بھولا کی ماں مایا اپنے بھائی کے لئے مکھن جمع کرتی ہے۔ بھولا اپنے دادا کو کہانی سنانے کے لئے ضد کرتا ہے۔ دادا اپنے پوتے کی بات ٹالنے کے لئے کہتے ہیں کہ دن میں کہانی سنانے پر مسافر اپنا راستہ بھول جاتے ہیں۔ یہ بات بھولا کے دل میں گھر کر جاتی ہے، جب اس کے ماما کافی دیر کے بعد بھی گھر نہیں آتے تو وہ ماما کی تلاش میں نکل جاتا ہے اس کے غائب ہو جانے سے گھر کے تمام لوگ فکر مند ہو جاتے ہیں۔ تھوڑی دیر بعد بھولا ماما کو لیے گھر پہنچ جاتا ہے اور افسانہ یہیں ختم ہو جاتا ہے۔ افسانے میں کوئی خاص تجسس اور نقطہ عروج نہیں ہے لیکن اپنی سادگی، جذبات نگاری اور زبان و بیان سے افسانہ شاہکار بن گیا ہے اور یہی راجندر سنگھ بیدی کا کمال ہے۔

کتابیات

1) مکتی بودھ۔ رابندر سنگھ بیدی۔ 2011
2) اردو نثر کا تنقیدی مطالعہ۔ سنبل نگار۔ 2001
3) عکس ادب (اردو) سہ ماہی، اورنگ آباد۔ جولائی تا ستمبر 2016
4) جدید اردو افسانہ (تنقید) ۔ شہزاد منظر۔ 1982

Scanned with OKEN Scanner

5) اردوافسانہ۔پروفیسر ابن کنول۔2011
6) دانہ ودام(افسانوی مجموعہ) - راجندر سنگھ بیدی۔1936ء
7) گرہن(افسانوی مجموعہ) راجندر سنگھ بیدی۔1912ء
8) کوکھ جلی(افسانوی مجموعہ) راجندر سنگھ بیدی۔1949
9) اپنے دکھ مجھے دے دو(افسانوی مجموعہ) راجندر سنگھ بیدی راجندر سنگھ بیدی۔ 1965
10) ہاتھ ہمارے قلم ہوئے(افسانوی مجموعہ) راجندر سنگھ بیدی۔1974
11) پرواز ادب،فروری تا جولائی 1981
12) راجندر سنگھ بیدی شخصیت و فن۔جگدیش چندر 1992ء
13) راجندر سنگھ بیدی ایک سماجی و تہذیبی مطالعہ ۔ڈاکٹر سید محمود کاظمی۔راجندر سنگھ بیدی۔وارث علوی۔1989

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

پروفیسر عبدالقادر فاروقی کی ادبی واصلاحی تحریریں

ڈاکٹر سید علیم اللہ حسینی
صدر شعبۂ اُردو، انجمن ڈگری کالج بیجاپور

تلخیص: بہمنی سلطنت کے بعد دکن میں جو آزاد ریاستیں وجود میں آئی تھیں ان میں گولکنڈہ کی قطب شاہی اور بیجاپور کی عادل شاہی حکومت کو کافی اہمیت حاصل ہے۔ اہمیت ان معنوں میں کہ ہر دور یاستوں میں بیک وقت دکنی زبان وادب کے فروح میں نمایاں حصہ لیا ہے۔ اس زبان کے فروغ کے لیے بادشاہوں نے نہ صرف سرپرستی کی بلکہ خود بھی شعر وادب کے خالق رہے ہیں۔ گولکنڈہ میں قلی قطب شاہ اور بیجاپور میں علی عادل شاہ ثانی کو صاحب دیوان ہونے کا مرتبہ حاصل ہے۔ چونکہ ہم یہاں بیجاپور سے متعلق علمی، ادبی اور مذہبی خدمات کا جائزہ ڈاکٹر عبدالقادر فاروقی کی تحریروں کے آئینے میں لے رہے ہیں اس لیے گولکنڈہ کی علمی وادبی خدمات کو زیر بحث لانا نہیں چاہتے۔ اہل بیجاپور یہاں کی علمی وادبی اور تاریخی اہمیت سے بہت زیادہ واقف ہیں۔ دکنی زبان وادب کا نہ صرف مرکز رہا ہے بلکہ بیجاپور دکن میں مسلمانوں کی مذہبی اور رواداری کے لحاظ سے بھی کافی اہمیت کا حامل رہا ہے۔ یہاں کے علم وادب سے متعلق بے شمار مضامین لکھے جاچکے ہیں۔ دکنی زبان کے ساتھ یہاں کی شاعری کا جائزہ لیں تو معلوم ہوتا ہے کہ یہاں کا ماحول ادبی ہوتے ہوئے بھی مذہبی اور اخلاقی روایات کا پاسدار اور امین رہا ہے۔ اورنگ زیب عالمگیر کی قلمرو میں شامل ہونے کے بعد بیجاپور کی علمی محفلیں یقیناً اجڑ چکی تھیں لیکن مذہب اور اخلاق بیجاپور کی عوام کے دلوں کی دھڑکن بن کر زندہ تابندہ رہا ہے۔ بیجاپور زمانے کے نشیب وفراز سے مسلسل دوچار رہا۔ علمی محفلیں ماند پڑ گئیں کسی حد تک لوگوں میں مایوسی اور نامرادی کے اثرات بھی مرتب ہوئے لیکن انگریزوں کے قلمرو میں شامل ہونے کے بعد اور پھر پڑوسی ریاست حیدرآباد دکن کی علمی وادبی اثرات سے یہاں دوبارہ زندگی کے آثار نمودار ہونے لگے۔ آزادی کے بعد بیجاپور نے جیسے ایک طویل انگڑائی لے کر اپنی زندگی کا ثبوت دینے کے لیے اُٹھ کھڑا ہوا۔ بیجاپور میں اردو کے سرکاری مدارس کے ساتھ ساتھ کالجوں کا قیام بھی یہاں کی اردو عوام کے لیے نعمت سے کم نہیں تھا۔ بیجاپور میں سمی کیاب کالج اور انجمن سائنس، آرٹس اور کامرس کالج نے اعلیٰ تعلیم کے حصول کے متوالوں کے لیے نئی روشنی فراہم کی۔ خصوصاً انجمن سائنس، آرٹس، اور کامرس کالج نے طلباء کی علمی صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے، علمی ذوق پیدا کرنے کے لیے قابل ترین اساتذہ کا تقرر بھی عمل میں لایا۔

کلیدی الفاظ: پروفیسر، عبدالقادر، فاروقی، کی، ادبی واصلاحی، تحریریں، صوفیانہ شاعری، ادبی واصلاحی تحریریں، علم ومذہبی روایتوں کا امین، مقیق، ذہنی و فکری سفر، بیجاپور کے سپوت کی فکر، ہمہ ذہت شخصیت

سرزمین بیجاپور کی مشہور ومعاروف شخصیت جنہوں نے ادبی میدان میں شہرت حاصل کی میری مراد پروفیسر عبدالقادر فاروقی سے ہے۔ جن کا تعلق انجمن آرٹس، سائنس اور کامرس کالج سے ہے یہاں کے تمام اساتذہ کا تذکرہ مقصود نہیں ہے۔ ہمارے پیش نظر عبدالقادر کی تصانیف کا مطالعہ ان کی فکر اور بہ حیثیت استاد طلباء کی رہنمائی کی نشاندہی کرتا ہے۔ پروفیسر عبدالقادر دفاروقی کالج ہذا کے صدر شعبہ اردو وفارسی اور عربی کی صدارت پر فائز تھے۔ ۲۹۹۱ء میں وہ امریکہ منتقل ہوئے، یہاں وہ نامساعد حالات سے دوچار بھی ہوئے لیکن انھوں نے ہمت نہیں ہاری بلکہ گرم دم جستجو کے سہارے

Scanned with OKEN Scanner

اپنے وجود کو برقرار رکھنے کا حوصلہ بھی پایااور سلیقہ بھی،جو علمی پیاس بیجاپور کے دورانِ ملازمت تشنگی کا شدید احساس دلاتی رہی تھی وہ امریکہ پہنچ کر سیراب بھی ہوتی نظر آتی ہے۔ان کا تحقیقی مقالہ ''اردو شاعری اور تصوف،تاریخی و تنقیدی جائزہ'' کا مطالعہ ہمیں احساس دلاتا ہے کہ بیجاپور کی کھوئی ہو ئی علمی وادبی روایات کا امین بن کر عنوان پر دنیا کے مختلف مذاہب میں اس کی حیثیت اور حقیقت کو تسلیم کرنااور اردو زبان کے شعراء کی اور خاص طور پر غزلوں میں متصوفانہ شاعری کی کھوج کرنا جوئے شیر لانے کے برابر ہے تصوف اور اس عہد کے مزاج اور مذاق کو سمجھنے کے لیے انھوں نے نہ صرف اسلامیات کا مطالعہ کیا بلکہ قرآن مجید کا بھی مختلف عنوانات کے تحت بغور مطالعہ کیا ہے اور یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ دنیا کے تمام مذاہب میں تصوف کو مختلف ناموں کے سہارے اہمیت حاصل ہے بلکہ ان تمام مذاہب میں زندگی اور روح کے لیے ایک اطمینان اور سکون کا ذریعہ بھی فراہم کرتا ہے۔سماج اور عبدالقادر فاروقی نے تفصیل سے کی ہے۔عبدالقادر فاروقی لکھتے ہیں:

''کبیر کی زبان میں صوفیانہ لذت گونگے کا ذائقہ ہے جس کو بیان کرنے کے بجائے وہ صرف اشاروں سے ظاہر کرتا ہے۔گونگے آدمی کو مانند صوفی صرف اشارہ کر دیتا ہے۔یہی اشارے شاعری ہے جو تصوف کی زبان کہلاتی ہے۔''

(ص:18)

عبدالقادر فاروقی مزید لکھتے ہیں کہ:

''اردو شاعری میں تصوف کی روایات بہت قدیم ہے اس میں شنکر آچاریہ کے ویدانتی تصوف اور اسلامی تصوف کے نظریات اور عقائد کی گہری چھاپ ملتی ہے۔''

(ص: 8)

عبدالقادر فاروقی نے ایک اہم بات اپنے مقالے میں بیان کی ہے:

''اردو کے بہت سے شعراء متصوفانہ شاعری کرتے رہے ہیں لیکن وہ تمام کے تمام صوفی نہیں تھے چونکہ برصغیر میں تصوف کا چلن تمام تھا اس لیے ان کی شاعری میں متصوفانہ اثرات داخل ہو گئے تھے۔''

چنانچہ وہ لکھتے ہیں:

''تصوف کی فلسفیانہ بنیادوں کو سمجھے بغیر ہماری شاعری کے سماجی مفہوم تک رسائی ممکن نہیں،غرض تصوف نے اردو شاعری کا ذہنی پس منظر بنانے میں کافی حصہ لیا ہے اور تصوف کی اصطلاحیں اس کی قدریں اور تصورات تیزی سے اردو شاعری میں منتقل ہونے لگیں۔حتیٰ کہ وہ لوگ بھی جو صوفی نہیں تھے برائے شعر گفتن خوب است کہہ کر تصوف کو اختیار کرنے لگے۔اشعار میں فیشن کے طور پر داخل ہو گیا تھا۔''

(ص:9)

اس مقالے میں صوفیانہ شاعری کی دکنی زبان سے لیکر اقبال اور جگر مرادآبادی تک کے شعرا کا کلام انھوں نے نہ صرف جائزہ لیا بلکہ مناسب اشعار بھی بڑے سلیقے سے پیش کرتے رہے ہیں وہ تمام اشعار عنوانات کے تحت زیر بحث آئے ہیں۔خاص طور پر غالب کے اس شعر کو اہمیت دیتے ہیں۔ مثلاً:

جب کہ تجھ بن کچھ نہیں موجود
پھر یہ ہنگامہ اے خدا کیا ہے
نہ تھا کچھ تو خدا تھا

Scanned with OKEN Scanner

کچھ نہ ہوتا تو خدا ہوتا
ڈبو یا مجھ کو ہو نے نے
نہ ہوتا میں تو کیا ہوتا
عشرتِ قطرہ ہے دریا میں فنا ہو جاتا
درد کا حد سے گزرنا دوا ہوجانا

اسی طرح ڈاکٹر فاروقی نے بہت سے شعراء کے کلام کو یکجا کر دیا ہے۔ یقیناشاعری میں تصوف کی تلاش کرنے والے تحقیقی طلباء کے لیے ایک نعمت سے کم نہیں۔

ڈاکٹر عبدالقادر فاروقی کی دیگر کتابوں میں مضامین فاروقی مینارادب، اعجاز اور خون جلتارہا کے اہم مضامین کا مجموعہ ہے۔ ان کی کتابوں کے تمام مضامین نیویارک امریکہ کے تمام اخبارات جن میں خاص طور پر ''آزاد عام''، ایشاء، ماہنامہ انکشاف قابل ذکر ہیں۔ ان کے تقریباً تمام مضامین کا تعلق قرآن فہمی اور عظمت مصطفی کی تعبیر و تشریح سے متعلق تفصیلات فراہم کرتے ہیں اس کے علاوہ اخلاقیات اور کردار سازی کے متعلق بھی ان کے مضامین قابل مطالعہ ہیں۔ ان کے مضامین کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایک علمی و مذہبی گھرانے کے چشم وچراغ ہیں۔ ان کے مضامین میں یوں توہر مضمون معلومات فراہم کرتا ہے لیکن خاص طور پر کچھ ایسے مضامین ہیں جو مسلمانوں کی زندگی کے لیے رہنمائی کا کام کرتی ہیں۔ مسلمانوں کی اخلاق سازی، گھریلو زندگی، آپسی رشتہ داری، احکام الٰہی سے وفاداری، والدین اور قرابت داروں کے ساتھ حسن سلوک جیسے موضوعات مسلمانوں کی زندگی کو سہارا دینے کی کوشش کرتے نظر آتے ہیں۔ خاص طور پر یہ مضامین ''عظمت والدین، قرآن عظیم''، ''اولاد نعمت'' اور ''امانت الٰہی'' آدمی انسان اور مذہب، عالم عابد اور عارف، علم اور اخلاق، عورت اور خوبصورتی، عورت اور تعلیم، عورت اور لباس، عورت کیا ہے، انسان کی مہلک بیماری کینہ اور حسد موجودہ مسلم معاشرے کے لیے توشنی فراہم کرتے ہیں۔ ہم جس معاشرے میں جی رہے ہیں اس معاشرے میں والدین کا جو مقام اور مرتبہ فراہم کیا ہے وہ انتہائی قابل افسوس ہے۔ پروفیسر فاروقی نے قرآن مجید کے مختلف حوالوں سے اپنے قاری کے لیے یہ احساس دلانے کی کوشش کی ہے کہ والدین کے ساتھ کسی طرح کا سلوک روا رکھا جائے۔ آج کل اولاد اپنے ضعیف والدین کو اپنی زندگی کے لیے بوجھ سمجھتی ہے اس ضمن میں قرآن مجید سے بہت سی آیتیں ثبوت کے طور پر فراہم کی ہیں۔ مثلاً سورہئ بقر کی آیت نمبر 215 کا حوالہ دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ والدین کے ساتھ کس طرح کا رویہ اختیار کرنا چاہیے اس ضمن میں ڈاکٹر فاروقی نے سورہئ احقاق کی آیت نمبر 15، 16، سورہئ بقر کی آیت نمبر 185، سورہئ بنی اسرائیل کی آیت نمبر 23، 24، سورہئ انعام کی آیت نمبر 151، سورہئ نساء کی آیت نمبر 36، سورہئ بقر کی آیت نمبر 85، سورہئ نساء کی آیت نمبر 25 کے حوالوں کے ذریعہ سے والدین کی عظمت اور اہمیت کا احساس دلایا ہے۔ اسی طرح عورت کی اہمیت اور اس کے مساویانہ حقوق کے تعلق سے بہت سی آیتوں کے حوالے بھی فراہم کیے ہیں۔ ان کے تمام مضامین کے مطالعے سے ان کی دینی اور مذہبی فکر کے ساتھ ساتھ مسلم معاشرے کے تئیں ان کی ذمہ داری کا احساس بھی معلوم ہوتا ہے۔ موجودہ عہد میں بہت کم ایسے اساتذہ ہیں جو مسلم معاشرے کی بیماریوں کی نشاندہی کر کے اس کا علاج بھی فراہم کرتے ہیں۔ یقیناڈاکٹر عبدالقادر فاروقی کا یہ علمی کام لائق تحسین ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

ان کے ادبی مضامین کا مجموعہ مینارادب خالص ادبی مضامین پر مشتمل ہے۔ یہ مضامین بھی نیویارک کے اردو اخبارات میں شائع ہوتے رہے ہیں۔ان میں خاص طور پر اردو ٹائمز عبدالقادر فاروقی نہ صرف قرآن فہمی اور مسلم معاشرے کی صحیح تعمیر و تشکیل پر زور دیتے ہیں بلکہ اردو ادب کے جوہر شناسی کے ذریعہ ایسی شخصیتوں پر قلم اُٹھاتے ہیں جو ان کی فکر سے مماثلت رکھتے ہیں مثلاً سر سید احمد خان، ڈپٹی نذیر احمد، مولانا ابوالکلام آزاد، مولانا شبلی نعمانی وغیرہ جیسے علماء ادب کا بڑے ادب و احترام سے تذکرہ بھی کرتے ہیں۔ اس طویل مضمون کے مطالعے سے اتنا تو معلوم ہو سکتا ہے کہ ڈاکٹر عبدالقادر فاروقی کا ذہنی و فکری سفر صالح بنیادوں پر جاری رہا، یقیناڈاکٹر فاروقی نے اپنی کتابوں میں صالح جذبات کی نشاندہی کی ہے۔

فاروقی بیجاپور کی قدیم علمی اور مذہبی روایتوں کے امین بن کر اُبھرے ہیں۔ طلبا اور محققین کا یہ فرض ہے کہ بیجاپور کے سپوت کی فکر کو اپنی تحقیق کا مرکز بنائیں اور اپنے حلقہ احباب کے علاوہ کرناٹک میں ان کے اس کام کی پذیرائی کے لیے جامع کوشش کرتے رہیں۔

بہر حال فاروقی ایک ہمہ جہت شخصیت کا نام ہے، ان کے حالات زندگی اور بے شمار عوامی خدمات کو چند سطور یا چند صفحات میں مقید کرنا نہ صرف مشکل ہے بلکہ ناممکن ہے، فاروقی ایک ایسی شخصیت کا نام ہے جن پر طویل ترین تصنیف تیار کی جاسکتی ہے۔ خداوندے قدوس اس قابلہ قدر متحرک رہنے والی شخصیت کو ہمیشہ صحت کامل عطا فرمائیں اور ہمارے درمیان رہ کر مسلسل خدمت خلق کرنے کی سعادت نصیب فرمائیں۔ بقول شاعر:

مدتوں کی پیکرِ خاموشیوں کو توڑ کر
ذہن کے زنداں سے نکلا ہے کوئی خیال
چھین لو اب وقت کے اندھے مورخ سے قلم
ایک نئی تاریخ لکھنے آگیا ہے فاروقی

کتابیات:

1) اعجاز — پروفیسر ڈاکٹر عبدالقادر فاروقی
2) ڈاکٹر عبدالقادر فاروقی حیات وجہات — سلطان اختر سولاپور
3) اُردو شاعری اور تصوف — پروفیسر ڈاکٹر عبدالقادر فاروقی
4) عبدالقادر فاروقی منفرد و فنکار و دانشور — نثار احمد صدیقی
5) امریکہ میں گلزار اردو ادب — پروفیسر ڈاکٹر عبدالقادر فاروقی

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

غبار خاطر ایک مطالعہ

ڈاکٹر نازیہ چنے گاؤں
شعبۂ اُردو انجمن ڈگری کالج وجئے پور

تلخیص: مولانا آزاد کے خطوط کے کئی مجموعے شائع ہو چکے ہیں جن میں مکاتیب ابوالکلام آزاد، نقش آزاد، برکات آزاد، کاروان خیال اور غبار خاطر خاص طور پر قابل ذکر ہیں لیکن ان میں سب سے زیادہ شہرت غیار خاطر کے حصے میں آئی۔

غبار خاطر مولانا آزاد کے ان خطوط کا مجموعہ ہے جو 1942ء اور 1945ء کے درمیان زمانہ اسیری میں لکھے گئے مولانا آزاد کی زندگی کا بڑا حصّہ قید و بند میں گزرا مگر اس بار قلعہ احمد نگر کی یہ اسیری ہر بار سے زیادہ سخت تھی کیونکہ اس بار نہ کسی سے ملاقات کی اجازت تھی نہ کسی سے خط و کتابت کرنے کی اس لیے مولانا آزاد نے دل کا غبار نکالنے کا یک راستہ ڈھونڈ نکالا اپنے ایک قدیم دوست مولانا حبیب الرحمن خان شیروانی کے نام خط لکھ کر رکھتے رہے جیل سے رہا ہوئے تو یہ خطوط غبارِ خاطر کے نام سے چھپوا کر انہیں بھیج دئے گئے۔ یہ خطوط ہیں یا انشائیے سوال بار بار دہرایا گیا ہے اور واقعی یہ فیصلہ کرنا دشوار ہے کہ ان خطوط کو کس خانے میں رکھا جائے غبار خاطر میں بعض خطوط ایسے ہیں جو کسی سنجیدہ موضوع پر سنجیدہ انداز میں لکھے گئے۔ جیسے موسیقی اور باغبانی پر کیونکہ مولانا آزاد حسن پرست تھے پھولوں سے انہیں بے حد پیار تھا غبار خاطر کا ایک خط اس چمن کے بارے میں ہے جو انہوں نے قلعے میں راستہ کر لیا تھا موسیقی سے انہیں خاص شغف تھا۔ ایسے ماحول کے پروردہ تھے جہاں موسیقی کا گزر نہ تھا مگر انہوں نے ستار بجانے کی مشق کی ایک زمانے میں ان کا معمول رہا کہ رات کو ستار لے کر تاج محل چلے جاتے اور چھت پر جمنا کے رُخ بیٹھ جاتے پھر جوں ہی چاندنی پھیلنے لگتی ستار پر کوئی گیت چھیڑ دیتے مولانا کو موسیقی سے روحانی لگاؤ تھا۔

کلیدی الفاظ : غبار خاطر، ایک، مطالعہ، انشائیہ کا انداز، مکتوب الیہ، غبار خاطر کی اہمیت، فلسفیانہ افکار، فارسی آمیز علمی زبان

مولانا ابوالکلام آزاد اپنے عہد کے ایک ممتاز نثر نگار تھے انہوں نے اُردو ادب کے مختلف موضوعات پر تبع آزمائی کی ہے وہ صاحب طرز ادیب ہیں اور اُردو نثر میں وہ طرز نو کے بانی ہیں۔

غبار خاطر کے ایک خط میں لکھتے ہیں :

ایک عظیم دانشور، مفکر عالم، صاحب طرز ادیب، بے باک صحافی، مذہبی رہنما کی حیثیت سے مولانا آزاد کی شخصیت مستحکم ہے ان کی تحریروں سے ان کی شخصیت کے مختلف رنگ جلوہ گر ہیں۔ بقول اجمل خاں:

"مولانا آزاد کی زندگی مختلف حیثیتوں میں بٹی ہوئی ہے وہ ایک ہی زندگی اور ایک ہی وقت میں مصنف بھی ہیں مقرر بھی ہیں مفکر بھی ہیں فلسفی بھی ہیں اور ادیب بھی ہیں مدبر بھی ہیں اور ساتھ ہی سیاسی جدوجہد کے میدان کے سپہ سالار بھی ہیں۔"

"میں زندگی میں ہر چیز کے بغیر خوش رہ سکتا ہوں لیکن موسیقی کے بغیر نہیں رہ سکتا آواز خوش میرے لئے زندگی کا سہارا خواہشوں کا مدار اور غم دل کی ساری بیماریوں کا علاج ہے۔"

Scanned with OKEN Scanner

یہاں انشائیہ کا انداز غالب ہے اس لیے بعض اہل نظر نے یہ خیال ظاہر کیا کہ مولانا آزاد نے مضمون لکھے انشائیے تحریر کیے اور انہیں خط کی شکل دینے کے لیے ہر خط کے شروع میں صدیق مگر لقب ٹانک دیا آخر میں دستخط فرمادیتے ابوالکلام اور یہ خط بن گئے۔

اس دعوے کے ثبوت میں ایک دلیل یہ بھی دی جاسکتی ہے کہ خط وہ ہوتا ہے جس میں خط لکھنے والا بھی نظر آئے اور وہ بھی جسے خط لکھا جارہا ہے غالب کے خط پڑھیں تو مکتوب الیہ بھی صاف نظر آتا ہے کبھی اسے گدگدایا جارہا کبھی سوال وجواب ہورہے ہیں کہیں اس کے مسائل پر اظہار خیال ہورہا ہے مولانا آزاد کے خط ایک طرفہ ہیں۔ مطلب یہ کہ بس وہ اپنی بات کہے جارہے ہیں۔

ان خامیوں کے باوجود غبار خاطر کو خطوط کا مجموعہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کیونکہ بیشتر جگہ خط نگاری کی ہی فضا قائم رہی ہے۔ غالب کے خط پڑھیے تو محسوس ہوتا ہے کہ ایک ایک کرکے مکتوب نگار کے چہرے سے نقاب اترتے جارہے ہیں مگر مولانا آزاد اپنی شخصیت کو پردوں میں چھپاتے چلے جاتے ہیں البتہ ایک خط ایسا بھی ہے جس میں مولانا آزاد ہمیں اپنے غم میں شریک کرلیتے ہیں ان کی بیگم زلیخا سخت بیمار ہیں اخبار میں ان کی بیماری کی خبریں چھپ رہی ہیں مولانا آزاد کو بے چینی سے اخبار کا انتظار رہتا ہے۔ جیلر ہر روز اخبار لے کر سیدھا ان کے کمرے میں آتا ہے جیسے ہی اس کے دفتر سے نکلنے کی آہٹ سنائی دیتی ہے ان کا دل دھڑکنے لگتا ہے کہ خدا جانے آج اخبار میں زلیخا کے بارے میں کیا چھپا ہوگا لیکن وہ کسی طرح ظاہر نہیں ہونے دینا چاہتے کہ ان کا صبر و سکون برباد ہوچکا ہے لکھتے ہیں:

''میرے صوفے کی پیٹھ دروازے کی طرف تھی اس لیے جب تک آدمی اندر آکر کھڑا نہ ہوجاتا میرا چہرا نہیں دیکھ سکتا جب جیلر آتا تھا میں حسب معمول مسکراتے ہوئے اشارہ کرتا تھا کہ اخبار ٹیبل پر رکھ دے اور پھر لکھنے میں مشغول ہوجاتا گویا اخبار دیکھنے کی کوئی جلدی نہیں میں اعتراف کرتا ہوں کہ ساری ظاہر داریاں دکھاوے کا ایک پارٹ تھیں جس سے دماغ کا ایک مفروزانہ احساس کھیلتا رہتا تھا اور اس لئے کھیلتا رہتا تھا کہ کہیں اس کے دامن صبر و قرار پر بے حالی اور پریشاں خاطری کا کوئی دھبہ نہ لگ جائے۔''

اور مولانا آزاد نے یہ دھبہ اس دن بھی نہ لگنے دیا جس دن زلیخا کی موت کی خبر اخبار میں شائع ہوئی انسانی کمزوری کا یہ اعتراف ہمیں مولانا آزاد کے کتنا نزدیک کردیتا ہے اور ہم ان سے کیسی اپنایت محسوس کرنے لگتے ہیں شخصیت کا اظہار مکاتیب میں بہر حال ہوتے رہتا ہے۔

مولانا آزاد کی زندگی کے بارے میں بہت سی ایسی باتیں ہیں کہ ان خطوط میں نہ لکھی جاتیں تو شاید کسی طرح ہم تک نہ پہنچتیں ایک خط سے معلوم ہوتا ہے کہ مولانا آزاد کا خاندان ایسا قدامت پرست تھا کہ باہر کی ہوا کا وہاں گزر بھی نہ تھا لکھتے ہیں:

''میری تعلیم ایسے ماحول میں ہوئی جو چاروں طرف سے قدامت پرستی اور تقلید کی چار دیواری میں گھرا ہوا تھا اور باہر کی مخالف ہواؤں کا وہاں تج گزر ہی نہ تھا۔ مگر وہ تقلید کی اس چار دیواری سے نکلے اور انھوں نے اپنا راستہ الگ بتایا۔''

انفرادیت مولانا آزاد کے مزاج میں داخل تھی روش عام سے ہٹ کر چلنا ساری زندگی ان کا معمول رہا ایک خط میں لکھتے ہیں:

''زندگی کی بہت سی باتوں کی طرح اس معاملہ میں بھی ساری دنیا سے الٹی ہی چال میرے حصے میں آئی دنیا کے لئے سونے کا وقت سب سے بہتر ہوا وہی میرے لیے بیداری کی اصل پونجی ہوتی وہ یعنی دنیا جب جاگتی ہے تو میں سوتے رہتا ہوں جب سو جاتی ہے تو میں اُٹھ بیٹھتا ہوں ایک بڑا فائدہ اس عادت سے یہ ہوا کہ میری تنہائی میں اب کوئی خلل نہیں ڈال سکتا۔''

اور حقیقتاً اُن کا یہی مزاج تھا لوگ جیل خانے میں قید تنہائی کو ایک اذیت ناک سزا خیال کرتے ہیں مولانا آزاد اس تنہائی کو انعام سمجھتے تھے صبح سویرے اُٹھنا نازک اور ناگوار ہوتا ہے مولانا آزاد رات کے پچھلے پہر کو بیدار ہوجایا کرتے تھے۔

Scanned with OKEN Scanner

غبار خاطر کی ایک اہمیت یہ بھی ہے کہ یہ ابوالکلام آزاد کی زندگی کے بعض گوشوں پر روشنی ڈالتی ہے غبار خاطر کے مکالمے سے مولانا آزاد کے خیالات، افکار رجحانات اور دلچسپی کا حال معلوم ہوتا ہے۔ غبار خاطر کا مطالعہ کیجئے تو یہ دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ انہیں اُردو فارسی اور عربی کے کتنے شعر یاد تھے جس شخص نے ایسا ذہن پایا ہو وہ اپنی صلاحیت پر ناز کرے اور اس کے مزاج میں انانیت پیدا ہو جائے تو یہ کوئی حیرت کی بات نہیں جیل میں طبعی معائنے کا ذکر کرتے ہوئے ایک خط میں لکھتے ہیں:

''سرجن ہر شخص کا سینہ ٹھوک بجا کے دیکھتا رہا کہ کیا آواز نکلتی ہے معلوم نہیں پھیپھڑوں کی حالت معلوم کرنی چاہتا یا دلوں کی چھونے بھی معائنے کی درخواست کی میں نے کہا میرا سینہ دیکھنا بے سود ہے اگر دماغ کے دیکھنے کا کوئی آلہ ساتھ ہے تو کام میں لا دیتے۔''

فکر و فلسفہ ایک موج تہہ نشین کی طرح غبار خاطر کے ہر صفحے پر کار فرما ہے اور یہی مولانا کا مزاج ہے ہر وقت سوچنا اور مسلسل سوچنا۔ ساری زندگی مولانا آزاد کی عادت رہی غبار خاطر کے بعض خطوں پر تو فلسفہ پوری طرح حاوی ہے اور بعض خطوں میں اس کی ہلکی لہریں نظر آتی ہیں ایک خط میں خوشی کا فلسفہ پیش کیا گیا ہے۔ مولانا آزاد فرماتے ہیں:

''اصل خوشی کی نہیں دماغ کی خوشی ہے قید و بند میں بھی برقرار رہتی ہے کیونکہ قید خانے کی چار دیواری کے اندر بھی سورج ہر روز چمکتا ہے اور چاندنی راتوں نے کبھی قیدی اور غیر قیدی میں امتیاز نہیں کیا۔''

غبار خاطر مولانا ابوالکلام آزاد کے فلسفیانہ افکار سے لبریز ہے۔ غبار خاطر میں ہمیں کوئی ایک اسٹائل نہیں ملتا بلکہ مکتوبات کے موضوعات جدا جدا ہونے کی بنا پر طرز نگارش بھی جدا جدا اختیار کی ہے یہی وجہ ہے کہ ہماری ملاقات کہیں آسان اور عام فہم نثر سے ہوتی ہے تو کہیں شاعرانہ چاشنی کچھ اور ہی لطف دے جاتی ہے اور کہیں فارسی آمیز علمی زبان ہماری فہم و لیاقت کا امتحان لیتی نظر آتی ہے۔

مولانا ابوالکلام آزاد نے غبار خاطر کے کئی خطوط میں عام فہم زبان استعمال کی ہے مولانا اس زبان پر پوری قدرت رکھتے ہیں ایک اور خط کا اقتباس ملاحظہ ہو:

''لوگ ہمیشہ اس کھوج میں لگے رہتے ہیں کہ زندگی کو بڑے بڑے کاموں کے لیے کام میں لائیں لیکن یہ نہیں جانتے کہ یہاں ایک سب سے بڑا کام خود زندگی ہوتی یعنی زندگی کو ہنسی خوشی کاٹ دینا یہاں اس سے زیادہ سہل کام کوئی نہ ہوا کہ مر جایئے اور اس سے زیادہ مشکل کام کوئی نہ ہوا کہ زندہ رہے جس نے یہ مشکل حل کر لی اس نے زندگی کا سب سے بڑا کام انجام دے دیا۔''

غبار خاطر کی دلکشی کا اصل راز اس کی طرز تحریر ہے تخلیق نثر کا یہ شاہکار صدیوں تک ناقدان ادب کو ہمیشہ اپنی جانب متوجہ کرتا رہے گا۔

کتابیات:

	کتاب کا نام	مصنف
۱)	غبارِ خاطر	مولانا ابوالکلام آزاد
۲)	غبار خاطر کی وضاحتی فرہنگ	محمد آدم
۳)	خطوط آزاد	مولانا ابوالکلام آزاد
۴)	ابوالکلام آزاد کا اسلوب نگارش	عبدالمغنی

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

فنِ افسانہ نگاری اور ممتاز شیریں کی انفرادیت

ڈاکٹر محمد طالب

اے146 فلور کر سچن کالونی

پٹیل چیسٹ، دہلی یونیورسٹی دہلی۔

تلخیص: ممتاز شیریں اردو ادب کی ایک اہم شخصیت ہیں، جنہوں نے افسانہ نگاری میں اپنی انفرادیت اور فنی مہارت کی وجہ سے نمایاں مقام حاصل کیا۔ان کی افسانہ نگاری نہ صرف تخلیقی سطح پر بلند ہے بلکہ وہ اپنے افسانوں سماجی، نفسیاتی اور تہذیبی پہلوؤں کو بھی عمدگی سے اجاگر کرتے ہیں۔اُن کے افسانے عموماً زندگی کے گہرے مسائل، انسانی رشتوں کی پیچیدگیوں اور عورت کے نفسیاتی و سماجی مسائل پر مبنی ہوتے ہیں۔ان کے افسانوں میں نسوانی جذبات کی عکاسی انتہائی حقیقت پسندانہ انداز میں کی گئی ہے۔اسلوب سادہ، دلکش اور روانی سے بھرپور ہے، جس کی وجہ سے قاری ان کے افسانوں میں کھو جاتا ہے۔زبان میں ادبی چاشنی اور جذبات کی شدت دونوں موجود ہیں۔

کلیدی الفاظ۔ معروف، تخلیقات، طبقات، پیچیدگی، نفسیات، ہمدردی، اہمیت، جذبات، شناخت، میلان، آئینہ، عمدہ، قابلیت، منفرد، ثقافت، مسائل،

ممتاز شیریں کو اردو ادب میں نمایاں مقام حاصل ہے وہ بہ ایک وقت افسانہ نگار، تنقید نوس، مترجم، اور مدیر تھیں انہوں نے اردو افسانہ نگاری اور تنقید نگاری میں اپنی منفرد شناخت قائم کی ان کی پیدائش ۱۲ سے ستمبر ۱۹۲٤ کو میسور صوبہ کرناٹک میں ہوئی. ممتاز شیریں بچپن ہی سے غیر معمولی ذہانت کی مالک تھی جس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ انہوں نے ۱۳ برس کی عمر میں دسویں کا امتحان اول درجے میں پاس کیا۔اعلی تعلیم مہارانی کالج بنگلور سے حاصل کی ۱۹۶۱ میں ان کی شادی صمد شاہین سے ہوئی۔شادی کے بعد بھی اعلی تعلیم کا سلسلہ جاری رکھا۔یہ عبارت ان کی تعلیمی قابلیت ذہانت اور ادبی خدمات کو نمایاں کرتی ہے۔ممتاز شیریں ایک معروف افسانہ نگار تھی جنہوں نے اپنی تخلیقات کے ذریعے اردو ادب میں اہم مقام حاصل کیا، ان کا اسلوب بیان اپنے عہد کے افسانہ نگاروں سے منفرد ہے وہ اپنے افسانوں میں عموما انسانی جذبات سماجی کشمکش حقیقت نگاری اور ازدواجی زندگی کے مسائل جیسے موضوعات پر لکھتی ہیں۔ان کے افسانوں میں انسانی جذبات سماجی مسائل اور عورت کے کردار کو اہمیت دی جاتی ہے وہ نہ صرف فنی اعتبار سے عمدہ ہوتے ہیں بلکہ ان میں گہرے سماجی اور نفسیاتی پہلو بھی ہوتے ہیں۔اس کے علاوہ ان کے افسانوں میں معاشرتی حقیقتوں اور انسانی رویوں کا تجزیہ بھی دیکھنے کو ملتا ہے جس سے قاری کی زندگی کی پیچیدگیوں پر غور کرنے پر مجبور ہوتا ہے اور وہ اس کو نئے زاویوں سے سوچنے پر امادہ ہوتا ہے ممتاز شیری کی ادبی خدمات پر پروفیسر وہاب شرف نے لکھا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

"ممتاز شیری اردو ادب کا ایک بہت ممتاز نام ہے اور آج بھی ان کا نام احترام سے لیا جاتا ہے ان کا پہلا افسانہ انگڑائی ہے جو ۱۹۴۴ میں شاقی دہلی میں چھپا۔"

ممتاز شیرین نے اپنے افسانوں میں خواتین کے مسائل کو کافی اہمیت دی ہے وہ عورتوں مختلف حالات اور تجربات کو بڑی گہری حساسیت کے ساتھ پیش کرتی ہیں۔ جہاں عورت کے اندرونی کشمکش سماجی دباؤ اور ان کی آزادی کی جدوجہد کو دکھاتی ہیں تو وہیں ان کے جذباتی نفساتی حالات کو بھی اجاگر کرتی ہیں۔ افسانوں میں بہت سی سماجی، ثقافتی اور نفسیاتی جہتوں کی عکاسی کی گئی ہے۔ افسانوں کے مرکزی موضوعات انسان کی داخلی کشمکش، سماجی حقیقتیں، عورتوں کے مسائل اور ان کی مشکلات ہیں۔ ان کے افسانوں میں افکار و نظریات درج ذیل پہلوؤں کی صورت میں دیکھنے کو ملتے ہیں:

۱. عورت کا مقام اور مسائل: ممتاز شیریں نے اپنے افسانوں میں عورتوں کی زندگی کی مختلف جہتوں کو بہت خوبصورتی سے پیش کیا ہے۔ وہ عورت کے حقوق، اس کی جدوجہد اور سماج میں اس کے مقام کو اجاگر کرتی ہیں۔ ان کی کہانیوں میں عورت کو اپنی شناخت اور آزادی کی تلاش میں دکھایا گیا ہے۔ اور ان کی زندگی کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا جاتا ہے۔ وہ سماجی روایات، ازدواجی تعلقات، اور عورت کی ذاتی آزادی کی بات کرتی ہیں۔

۲ . نفسیاتی کشمکش: ممتاز شیریں کے افسانوں میں کرداروں کی داخلی کشمکش کو خاص طور پر پیش کیا گیا ہے۔ ان کے کردار اکثر اپنی ذات یا اپنے سماجی ماحول کے ساتھ توازن پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں، جو کہ انسانی فطرت اور نفسیات کو عیاں کرتا ہے۔

۳ . سماجی حقیقتیں: ان کے افسانے سماج کی تلخ حقیقتوں پر روشنی ڈالتے ہیں۔ وہ طبقاتی تفریق، معاشرتی نابرابری، اور انسانی جذبات کے پیچیدہ پہلوؤں کو اجاگر کرتی ہیں۔

٤ . خودشناسی اور آزادی: ممتاز شیریں کے افسانوں میں خودشناسی اور آزادی کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ہے۔ ان کے کردار اپنے مسائل اور سماجی دباؤ کے باوجود اپنی آزادی کی تلاش میں رہتے ہیں۔

٥ . دوسروں کی مدد اور ہمدردی: ان کے افسانوں میں انسانیت کے لیے ہمدردی، دوسروں کے لیے قربانی اور اجتماعی ذمہ داری جیسے افکار بھی ملتے ہیں۔ وہ انسانوں کی مدد اور ہمدردی کی اہمیت پر زور دیتی ہیں۔

٦ سماجی حقیقت پسندی: ممتاز شیریں اپنے افسانوں میں سماجی حقیقت پسندی کو اہمیت دیتی ہیں، اور ان کے افسانوں میں معاشرتی ناانصافی، غربت، اور محروم طبقات کی حالت کی عکاسی ہوتی ہے۔

مجموعی طور پر، ممتاز شیریں کے افسانے نہ صرف جمالیاتی اعتبار سے اہم ہیں بلکہ ان میں معاشرتی اور نفسیاتی گہرائی بھی موجود ہے جو قارئین کو مختلف سطحوں پر سوچنے کی دعوت دیتی ہے۔ ممتاز شیریں کے افسانے صرف تفریح فراہم نہیں کرتے ہیں بلکہ اس میں نئے خیالات اور نظریات کی جڑیں بھی گہری کرتے ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

غرض یہ کہ ممتاز شیری کے افسانوں میں عورتوں کے مسائل اہم اور مرکزی موضوع کے طور پر ہمارے سامنے آتے ہیں ان کے افسانے نہ صرف خواتین کی زندگی کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کرتے ہیں بلکہ اس بات پر بھی زور دیتے ہیں کہ سماج میں عورت کو درپیش آنے والے مسائل کو حل کرنے کی ضرورت ہے ان کے یہاں عورت کے جذبات حقوق آزادی اور جدوجہد کی حقیقت پسندانہ انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ وہ ایک نہایت ذہین اور بے باک خاتون تھیں۔ ان کے افسانوں میں تانیثیت کی احتجاج کی کئی صورتیں ابھر کر ہمارے سامنے آتی ہیں۔ ممتاز شیریں کے تمام افسانوں میں کہیں نہ کہیں خواتین کے مسائل دیکھنے کو ملتے ہیں لیکن افسانہ،، انگڑائی،، آہستہ، اور دیپک راگ، ایسے بے باک افسانے ہیں جس میں تانیثی فکر کو محض نسانی لہجے میں پیش کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ عورتوں کے نفسیاتی کائنات اور جنسی مسائل کو بڑے موثر انداز میں بیان کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ عورتوں کی حالت زار کو بھی اجاگر کرتی ہیں۔ جہاں وہ نہ صرف سماجی اور ثقافتی دباؤ کا شکار ہوتی ہیں بلکہ اپنے ذاتی حقوق کے لیے بھی جدوجہد کرتی ہیں ان کے افسانوں میں عورتوں کے آزادی تعلیم اور معاشرتی حیثیت پر زور دیا گیا ہے وہ عورتوں کی نفسیات اور جذبات کی پیچیدگیوں کو حقیقت پسندانہ انداز میں پیش کرتی ہیں انہوں نے عورتوں کی تعلیم مسئلے پر وار کیا ہے جب مذہب کے ٹھیکے داروں نے عورتوں کی تعلیم پر پابندی عائد کر دی تھی اس ماحول میں ممتاز شیریں نے خود اعلی تعلیم حاصل کی اور، آئینہ، جیسا افسانہ لکھا جس کی اشاعت کے فورا بعد مسلم معاشرے میں ایک بھوچال آگیا تھا۔

> ”اناتم مصیبت زدہ تھی مگر دنیا کو تم سے ہمدردی نہ تھی امی ابا کو بھی نہیں۔ کہنے گوان کے گھر میں تم اتنا کام کرتی تھی آخر کیوں؟ اگر تمہارے چہرے پر تمہارے دلی دکھ کا ذرا بھی اظہار ہوتا تو شاید لوگوں کو تم سے ہمدردی ہوتی۔ مگر تم یوں دکھائی دیتی تھی گویا تم میں جذبات ہی نہیں ایک پتھر کی مورت سی۔۔۔۔۔،،
>
> اپنی نگریہ ممتاز شیری مکتب جدید لاہور صفحہ ۲۲

ویسے تو ان کا پہلا افسانہ، انگڑائی، ہے جس کو شائع ہونے کے بعد عوام میں کافی مقبولیت حاصل ہوئی اس کہانی میں انہوں نے نفسیات کے ایسے پہلو اجاگر کیے ہیں جو ہم جنس سے متعلق ہیں۔ ہم جنسی موضوعات پر لکھا گیا افسانہ، انگڑائی، ان کے بہترین افسانوں میں سے ایک ہے ویسے تو اردو ادب میں میلان اور ہم جنسی موضوع پر بہت سے افسانے لکھے گئے لیکن ممتاز شیریں یہ افسانہ اس لیے منفرد ہے کہ ان کا بنیادی موضوع ہی میلان اور ہم جنس ہے جبکہ دوسرے افسانہ نگاروں کے یہاں میلان اور ہم جنس کی صورت میں جسمانی گناہ دیکھنے کو ملتا ہے لیکن شیری کے افسانے میں یہ میلان محض جذباتی لگاؤ تک ہی دیکھنے کو ملتا ہے اس بیماری میں مبتلا یا تو گھر کی چار دیواری میں قید شادی شدہ عورتیں ہوتی ہیں یا وہ عورتیں جن ہیں جن کے شوہر ان کے فرائض انجام نہیں دیتے ایک اور صورت ہوتی ہے وہ لڑکیاں جو پردے کے سخت ماحول میں پرورش پاتی ہیں یا پھر وہ لڑکیاں جو جوان ہونے کے بعد پہلی بار ان کے اندر جنسی خواہشات پیدا ہوتی ہے لیکن ان کی یہ خواہش سماج اور غیرت کے نام پر کچل دی جاتی ہے اس کہانی کا مرکزی کردار گلنار ہے جو چھوٹی عمر میں انتہائی ذہین شوخ اور چنچل ہے اس کی معصوم محبت کا باب اپنی ہی ہم جنس ٹیچر مس فنانس کے ساتھ کھل جاتا ہے لیکن اس کی تشنگی پوری نہیں ہوتی۔ بعد میں ایک متحرک کن محبت کا روپ سامنے آتا ہے گلنار کی شادی جلد ہی پرویز نامی نوجوان سے شادی ہونے کے بعد اس کی محبت میں مبتلا ہو جاتی

Scanned with OKEN Scanner

ہے یہی انقلابی اور نازک تبدیلی ہی افسانہ، انگڑائی، کا اہم موڑ ہوتی ہے گلنار اپنی ٹیچر فنانس سے کس حد تک محبت کرتی ہے شیری افسانہ، انگڑائی، میں لکھتی ہیں۔

"میں پہلے تو اس کے سامنے یوں ہی شرمایا کرتی تھی جب وہ کہیں نکلتی تو میں بھاگ کر کہیں جا چھپتی وہ میری طرف دیکھتی تو دونوں ہاتھوں سے منہ چھپاتی گو دل یہی چاہتا ہے وہ یوں ہی دیکھتی رہیں عجیب لڑکی تھی کچھ سال پہلے رفتہ رفتہ میں ان سے کھل کر باتیں کرنے لگی تھی پھر بھی جب کبھی ان سے اچانک مڈ بھیڑ ہو جاتی تو میری بدحواسی نہ پوچھیے وہ دن بھی کیا دن تھے ان کا گھنٹہ نہ ہوتا وہ دن کس قدر منحوص دکھائی دیتا تھا۔ ہاں میں ان پر مرتی تھی انہیں دیوانگی کی حد تک چاہتی تھی اور لڑکیاں کیسے مجھے تنگ کرتی تھیں،، افسانہ انگڑائی ممتاز شیری مشمولہ بعد رفت کا ممتاشیری صفحہ ۵۹

ممتاز شیری کہ اکثر افسانوں خوشگوار ازدواجی زندگی کی کہانی دیکھنے کو ملتی ہے یا یوں کہہ سکتے ہیں کہ ازدواجی زندگی اور نفسیات اور جنسی معاملات ان کا پسندیدہ موضوع ہے۔ اس کے علاوہ ان کی بہت سی کہانیاں ہیں جو سیاسی سماجی اور طبقاتی فرق کی جھلکیاں دیکھنے کو ملتی ہیں۔ مثلاً، شکست، اور، رانی، جیسے افسانوں میں یہ مسائل دیکھے جا سکتے ہیں۔ افسانہ، اندھرے میں چراغ، میں ہسپتالوں میں مریضوں کے ساتھ طبقاتی سلوک ہوتا ہے اس درد کو بہترین نہایت بہترین انداز میں بیان کیا ہے مثال کے طور پر وہ افسانے میں لکھتی ہیں۔

"یہ المیہ میں نے اپنی انکھوں سے دیکھا ہے جب میں خود ماں بنی تھی ہسپتال میں ایک مستقل وارڈ میں بھی ایک دوسری ماں نے زندگی کی تخلیق نہیں کی تھی بلکہ ایک مردہ بچے کو جنم دیا تھا اور خود موت سے ہم کنار ہو گئی تھی۔،،

اس طرح وہ ہسپتالوں میں کس طرح سے ڈاکٹروں کی لاپرواہی کی وجہ سے عورتیں دم توڑ دیتی ہیں اس پر سوالیہ نشان قائم کرتی ہیں جبکہ ایک خواتین درد زہ کی تخلیق کو کس طرح برداشت کرتی ہے ایک عورت ہی جان سکتی ہے۔

ممتاز شیریں کے افسانوں میں رومانیت ایک اہم عنصر ہے، جسے وہ سماجی حقیقتوں اور انسانی جذبات کی گہری پیچیدگیوں کے ساتھ پیش کرتی ہیں۔ ان کے افسانوں میں رومانوی تعلقات صرف محض محبت یا جذباتی تعلقات تک محدود نہیں ہوتے، بلکہ وہ انسانی فطرت، ذاتی خواہشات، اور سماجی دباؤ کے درمیان موجود تضاد کو بھی ظاہر کرتے ہیں۔

رومانیت کا عنصر ان کے افسانوں میں ایک نظریہ کے طور پر بھی موجود ہے، جہاں افراد کی داخلی جدوجہد اور محبت کی تلاش ایک اہم موضوع بن کر ابھرتی ہے۔ ممتاز شیریں نے عورت کی محبت، خواہشات، اور اس کی نفسیات کو بہت ہی حساس انداز میں بیان کیا ہے۔ ان کے کردار نہ صرف رومانیت

Scanned with OKEN Scanner

سے جڑے ہوتے ہیں، بلکہ ان کے رومانوی تعلقات سماجی قید، طبقاتی فرق، اور ثقافتی معیارات کے اندر بھی پروان چڑھتے ہیں۔ مثال کے طور پر، ممتاز شیریں کے کچھ افسانوں میں محبت کا اظہار صرف دو افراد کے درمیان نہیں ہوتا، بلکہ یہ ایک وسیع تر سماجی پس منظر میں ہوتا ہے، جہاں محبت کو ایک معاشرتی تحریک کے طور پر دیکھا جاسکتا ہے۔ وہ رومانیت کو معاشرتی دباؤ کے خلاف آزادی کی علامت کے طور پر پیش کرتی ہیں، جس میں فرد اپنی محبت اور ذاتی خواہشات کو سامنے رکھ کر سماجی روایات کے ساتھ ٹکراجاتا ہے۔ یوں ممتاز شیریں کے افسانوں میں رومانیت ایک نفسیاتی اور سماجی موضوع بن کر ابھرتی ہے جو انسان کے اندرونی اور بیرونی دنیا کے درمیان تعلقات پیدا کرتی ہیں۔ ممتاز شیریں کے افسانوں میں حقیقت نگاری ایک نمایاں پہلو ہے، جو ان کی تحریروں کی خصوصیت ہے۔ ان کے افسانے حقیقت کی گہرائیوں میں جاکر سماجی مسائل، فرد کی نفسیات اور انسانی جذبات کو بڑی حقیقت پسندی سے بیان کرتے ہیں۔ وہ عام زندگی کے معمولات اور معاشرتی حالات کو اپنی تحریروں میں پیش کرتی ہیں، اور ان میں کوئی مصنوعیت یا آرائشی انداز نہیں ہوتا۔ ان کی حقیقت نگاری میں معاشرتی حقیقتوں کو بغیر کسی آرائش کے پیش کیا جاتا ہے، جس میں معاشرتی و طبقاتی فرق، خواتین کی مشکلات، اور فرد کی داخلی کشمکش کو تفصیل سے بیان کیا جاتا ہے۔ ان کے افسانے عام لوگوں کی زندگیوں، ان کے دکھ درد، اور ان کی ذاتی جدوجہد کو اہمیت دیتے ہیں، جس سے ان کی تحریروں میں ایک سچی اور حقیقی دنیا کی جھلک ملتی ہے۔ اس حقیقت نگاری کے ساتھ ہی سماجی تنقید بھی پائی جاتی ہے جو معاشرتی دباؤ روایات اور جبر کی حقیقتوں کو سامنے لاتی ہیں وہ عورتوں کی حالت ان کے حقوق اور ان کے مسائل کو حیثیت کے ساتھ پیش کرتی ہیں ان کی تحریروں میں انسان کی زندگی کی سچائیاں کھل کر سامنے آتی ہیں ان کا مقصد صرف کہانی سنانا نہیں بلکہ انسانی حقیقت اور سماجی پیچیدگیوں کو کاری کے سامنے لانا ہوتا ہے وہ ان لوگوں کی کہانی بیان کرتی ہیں جو سماج میں نظر انداز کیے جاتے ہیں یا جن کی آواز دبادی جاتی ہے مثال کے طور پر عورتیں اور معاشرتی طور پر کمزور طبقہ ہوتا ہے۔ اس طرح ممتاز شیریں کے افسانوں میں حقیقت نگاری صرف کرداروں کی حیثیت نہیں بلکہ ان کے اس پاس کے سماجی ثقافتی اور نفسیاتی حقیقتوں کی عکاسی دیکھنے کو ملتی ہے جو ان کی تحریروں کو خاص گہرائی اور سچائی عطا کرتی ہے ممتاز شیریں کے افسانوں کی حقیقت نگاری اس بات کی غمازی کرتی ہے کہ وہ صرف تخیل کی دنیا میں نہیں بلکہ حقیقی دنیا کے مسائل اور معاشرتی حقیقتوں کو دیکھنے کی کوشش کرتی ہیں، اور ان کی تحریروں میں انسان کی زندگی کی سچائیاں کھل کر سامنے آتی ہیں۔

ممتاز شیریں اردو ادب کی ایک اہم افسانہ نگار ہیں جن کے افسانے انسانی اقدار و افکار کی عکاسی کرتے ہیں۔ ان کی تحریریں معاشرتی مسائل، انسانی جذبات، اور اخلاقی پہلوؤں کو گہرائی سے اجاگر کرتی ہیں۔ ممتاز شیریں کے افسانے نہ صرف فکری و جذباتی پہلوؤں پر مبنی ہوتے ہیں بلکہ وہ معاشرتی ناہمواریوں اور طبقاتی تقسیم کو بھی پیش کرتی ہیں۔

ان کے افسانوں میں انسانی قدریں جیسے محبت، قربانی، ہمدردی، اور انصاف نمایاں ہیں۔ وہ کرداروں کے ذریعے انسانی نفسیات کی گہرائیوں میں جھانکتی ہیں اور ان کی تحریریں قارئین کو خود احتسابی کی دعوت دیتی ہیں۔ ان کے افسانے جدید دور کے مسائل، خاص طور پر عورت کے حقوق، سماجی آزادی، اور شناخت کی تلاش پر روشنی ڈالتے ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

ممتاز شیریں کا اسلوب سادہ مگر دلکش ہے، جو قاری کو اپنی گرفت میں لے لیتا ہے۔ان کی کہانیاں ایک منفرد فلسفیانہ رنگ رکھتی ہیں جو انسانی افکار کو مہمیز دیتی ہیں۔یوں،ان کے افسانے اردو ادب میں ایک نمایاں مقام رکھتے ہیں اور انسانی اقدار کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ان کے افسانوں میں فطرت کی عکاسی ویخاص اہمیت رکھتی ہے، جو ان کی تخلیقی صلاحیتوں اور گہرے مشاہدے کا مظہر ہے۔ان کے افسانوں میں فطرت محض پس منظر کے طور پر استعمال نہیں ہوتی بلکہ وہ کہانی کے موضوع اور کرداروں کے جذبات کو اجاگر کرنے کا ذریعہ بنتی ہے۔۔ ممتاز شیریں نے فطرت کے مختلف عناصر جیسے موسم، درخت، پھول، چاندنی، اور سمندر کو اپنی کہانیوں میں نہایت مہارت سے استعمال کیا ہے۔یہ عناصر کرداروں کے احساسات، داخلی کشمکش، اور کہانی کے موڈ کو بیان کرنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔مثال کے طور پر، کسی غمگیں منظر میں بادلوں کی گرج یا بارش کے ذریعے ماحول کو زیادہ اثر انگیز بنایا جاتا ہے، جبکہ خوشی یا سکون کے لمحات کو چاندنی رات یا کھلتے پھولوں سے جوڑا جاتا ہے۔

فطرت کی یہ عکاسی ان کے افسانوں میں علامتی انداز بھی اختیار کرتی ہے، جو کہانی کے موضوع کو مزید گہرائی فراہم کرتی ہے۔یوں ممتاز شیریں کی تحریروں میں فطرت نہ صرف جمالیاتی پہلو کو بڑھاتی ہے بلکہ انسانی جذبات اور زندگی کی حقیقتوں کو بھی منفرد انداز میں پیش کرتی ہے۔ان کے افسانوں میں عورت کا کردار مرکزی حیثیت رکھتا ہے وہ اپنے افسانوں میں عورت کے حقوق ازادی اور خود مختاری کے حوالے سے گہرے سوال اٹھاتی ہیں وہ عورت کے سماجی اور گھریلو زندگی کی پیچیدیوں کو پیش کرتے ہوئے ان کے حقوق کی پامالی اور ان کی حق میں آواز بلند کرتی ہیں ان کے کردار اکثر معاصرتی روایتی اور مردانہ تسلط کے خلاف جدوجہد کرتے ہوئے نظر اتے ہیں ان کی نسوانی کرداروں کی بنیاد محض مشاہدے پر نہیں رکھی ہے بلکہ انہوں نے اپنے اوپر گزرے سچے واقعات کو کہانی میں بنا کر پیش کیا ہے۔ جس سے ایک عورت کی شدید احساسات اور جذبات سامنے آتے ہیں ہندوستان میں بہت سی ایسی عورتوں کا کردار سامنے اتا ہے جو گہوارے سے ڈولی اور ڈولی سے جنازے تک کا سفر بڑی تیزی سے طے کرتی ہیں تہذیب شرم ولحاظ اور پردے کے علاوہ شوہر پرستی کے عناصر اس طرح گرفت کرتے ہیں کہ وہ آگے نہیں نکل پاتے ان کے سامنے کچھ مسائل اور مصائب تو قدرتی ہوتے ہیں اور کچھ مردانہ سماج کے پیدا کیے ہوئے ہیں اور کچھ اپنی معصومیت مظلومیت اور گہرے محبت میں سرشار ہو کر رنج کو خوشی میں بدلنے کی کوشش کرتی ہے۔ان کا ایک افسانہ دیپک راگ جس میں تانیثیت اور نسائی احتجاج کی ایک مدہم سی آواز سنائی دیتی ہے اس میں انہوں نے عورت اور مرد کے مختلف رشتوں کو افسانوی انداز میں پیش کیا ہے جہاں ایک طرف ممتاز، عزیز، زبیری اور جارج جیسے متضاد مرد کردار سامنے آتے ہیں تو دوسری جانب دور تھی کملا، چمپا، جمیلہ، کسم، برملا، جیسی لڑکیوں کے کردار دیکھنے کو ملتے ہیں۔جو ایک دوسرے سے گہری مطابقت رکھتے ہیں۔یہ سبھی کردار جنسی رشتوں کی معلومات فراہم کرتے ہیں ممتاز شیری نے ان رشتوں میں محض جنسی لذت ہی نہیں بلکہ فکر وزدان تجربے زبان کہ ایسے نمونے دیکھنے کو ملتے ہیں جو افسانوں کو پر اثر بناتے ہیں مثلا۔

”تم سمجھتے ہو کہ ایسے ادمیوں کو سچی مسرت ملتی ہے ایک عارضی لذت وسعت مسرت اور سچی دلی بسرت
میں بہت فرق اور پھر وہ کبھی مطمئن نہیں ہوتے ایک گناہ سے دوسرے گناہ کی طرف بڑھتے چلے جاتے
ہیں لیکن ان کی پیاس ابھی نہیں بجتی تشنگی بڑھتی چلی جاتی ہے اور یہ تشنگی ان کی روح پر چھا جاتی ہے،،
ممتاز شیری اپنی نگریہ سے مخ ملیار تک ڈاکٹر علی احمد فاطمی صفحہ نمبر ۲۱۱

Scanned with OKEN Scanner

جنسی معاملات کے ساتھ سماجی ناانصافیوں پر بھی کافی زور دیا ہے ان کی کہانیوں میں معاشرتی غریبی طبقاتی فرق اور سماجی ناانصافیوں کے خلاف ایک آواز بلند کی ہے ان کے کردار اکثر سماجی غیر مساوات کا سامنا کرتے ہیں۔ان کی تحریریں اس بات کی گواہی دیتی ہیں کہ معاشرتی تبدیلی کی ضرورت ہے تاکہ ہر فرد کو برابری اور عزت مل سکے۔ان کے افسانوں میں رومانیت ایک اہم انصر ہے جسے وہ سماجی حقیقتوں اور انسانی جذبات کی گہری پیچیدگیوں کے ساتھ پیش کرتی ہیں ان کے افسانوں میں رومانی تعلقات صرف محبت یا جذباتی تعلقات تک محدود نہیں ہوتے بلکہ وہ انسانی فطرت ذاتی خواہشات اور سماجی دباؤ کے درمیان موجود تقاضوں کو بھی ظاہر کرتے ہیں رومانیت کا عنصر ان کے افسانوں میں ایک نظریہ کے طور پر موجود ہے جہاں افراد کی داخلی جدوجہد اور محبت کی تلاش ایک اہم موضوع ہے ممتاز شیری نے عورت کی محبت خواہشات اور اس کی نفسیات کو بہت ہی حساس انداز میں اجاگر کیا ہے ان کے کردار نہ صرف رومان سے جڑے ہوتے ہیں بلکہ ان کی رومانوی تعلقات سماجی طبقاتی فرق اور ثقافتی معیارات کے اندر بھی پروان چڑھتے ہیں افسانہ، دیپک راگ، میں ایک شادی شدہ عورت کے حسن وجمال کو نہایت خوبصورت انداز میں پیش کیا ہے مثلا

> ''شادی شدہ کو فسانہ تو اور بھی اسان ہے اور شادی شدہ عورتیں تو سماجی طور پر اور بھی زیادہ کشش انگیز ہوتی ہیں صحت منداور نارمل جنسی زندگی ان کے چہروں میں میں بھی نکھار پیدا کر دیتی ہے وہ زیادہ کشش کی حامل بھی ہوتی ہیں اور انہیں فسانہ بھی اسان ہوتا ہے ایک تو یہ کہ جنسی زندگی کی ادھی ہوتی ہیں پھر انہیں ایسے شوہر ملے ہوں اور یہ تشنہ ہوں تو کیا کہنے۔اور سب سے بڑی بات یہ کہ انہیں بچے کا ڈر نہیں ہوتا۔'' ۲۰ ویں صدی میں خواتین اردو ادب مرتبہ پروفیسر عتیق اللہ ۲۷۷

مندرجہ بالا اقتباس میں ممتاز شیری نے عورتوں کی نفسیات اور گہرے جنسی مسائل کو بغیر ہچکچاہٹ کے اپنے افسانوں میں لکھا ہے جو صداقت پر مبنی ہے ایک لڑکی کی شادی سے قبل جنسی تعلقات قائم کرنے پر بہت سوچتی ہے یہ بھی ہوتا ہے کہ وہ اپنے خاندان کی بدنامی کا باعث نہ بنے۔ لیکن شادی شدہ عورتیں ان تمام مسائل سے بری ہوتی ہیں۔اس کے علاوہ انہوں نے کچی عمر کی لڑکیوں کے حسن واور جنسی مسائل کو بھی اپنے افسانوں میں دکھایا ہے جو پہلی بار بالغ ہونے پر جنسی خواہشات محسوس کرتی ہیں۔

> ''اس عمر کی لڑکیوں کی اٹھان عجیب ہوتی ہے اس عمر کی لڑکیاں پکا نرم پھل نہیں ہوتی بلکہ چٹپٹی ترش کچی کیری سی اور اور زیادہ کچی کیری کو دیکھ کر رال ٹپک پڑتی ہے نا؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس عمر میں ان کی جنسی حس ابھی ابھی جاگی ہوتی ہے اور جنس سے متعلق ان کا جذبہ تجسس اس قدر بڑا ہوتا ہے۔۔۔

یہاں ان کا مقصد محض لذت پسندی پیدا کرنا نہیں ہے بلکہ وہ ان سوالات پر غور وفکر کرنے کی دعوت دیتی ہیں۔وہ زندگی کے اکثر ان پہلوؤں پر کھل کر بات کرتی ہیں جو مندرجہ والا اقتباس میں پیش کیے گئے ہیں اس سے ممتاز سیری کی ذہانت کا پورا ثبوت دیکھنے کو ملتا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

ان کے افسانوں میں محبت کا اظہار صرف دو افراد کے درمیان نہیں ہوتا بلکہ ایک وسیع تر سماجی پس منظر میں ہوتا ہے وہ رومانیت کو معاشری معاشرتی دباؤ کے خلاف ازادی کے علامت کے طور پر پیش کرتی ہیں جس میں فرد اپنی محبت اور ذاتی خواہشات کو سامنے رکھ کر سماجی دباؤ کے ساتھ ٹکرا جاتا ہے اس طرح ان کے افسانوں میں رومانیت۔ نفسیاتی اور سماجی موضوع بن کر سامنے اتی ہیں جو انسان کے اندرونی اور بیرونی دنیا کے درمیان تعلق پیدا کرتی ہے ممتاز شیری کے یہاں مغربیت کا پہلو ایک پیچیدہ اور متوازن انداز میں موجود ہے جہاں وہ مغربی خیالات اور روایات کو نہ صرف تنقید اور اس سے متاثر ہو کر ان کی معاصرتی انداز میں پیش کرتی ہیں ان کے افسانوں میں مغربیت کا جو پہلو نظر اتا ہے وہ عموما فرد کی ازادی ہے خود مختاری اور جدیدیت کا تصور سے جڑا ہوتا ہے تاہم ممتاز شیری کے اس مغربیت کو ایک فریم ورک کے طور پر استعمال کرتے ہیں جس میں وہ مغربی روایات اور سماجی خیالات کے درمیان توازن پیدا کرنے کی کوشش کرتی ہیں انہوں نے مغربی معاشرتی رجحانات کو اپنے افسانوں میں اس طرح پیش کیا ہے کہ وہ ان کے اثرات کا جائزہ لیتی ہیں خاص طور پر عورتوں کی آزادی اور ان کے حقوق کے حوالے سے مغربیت کے اثرات میں فرد کی ذاتی ازادی ازواجی زندگی میں تعلقات میں تبدیلیاں اور معاشرتی کردار کی تقسیم جیسے موضوعات شامل ہیں جس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ وہ مغربیت کو مکمل طور پر بغیر کسی تنقیدی ذات کے قبول نہیں کرتی بلکہ اس کے اثرات نتائج پر سوال اٹھاتی ہیں یہ مغربیت کا اثر ایک طرف کرداروں کی ازادی اور ترقی کے مواقف فراہم کرتا ہے تو دوسری طرف مشرقی روایات اور مذہبی اقدار کے تحفظ کے لیے کشمکش پیدا کرتا ہے جس سے ان کے افسانوں میں ایک پیچیدہ سماجی ثقافتی منظر نامہ سامنے اتا ہے۔

ممتاز شیریں نے اپنے افسانوں، تنقید اور مضامین کے ذریعے اردو ادب کو نہ صرف نیا رنگ دیا بلکہ اسے ایک فکری اور تخلیقی وسعت بھی عطا کی۔ ان کا تعلق اس عہد سے ہے جب اردو ادب میں ترقی پسند تحریک اپنے عروج پر تھی۔ ممتاز شیریں نے اس تحریک سے متاثر ہو کر نہ صرف سماجی مسائل پر قلم اٹھایا بلکہ انسانی نفسیات اور عورت کے داخلی جذبات کو بھی اپنے افسانوں کا موضوع بنایا۔ ان کے افسانے جدید اردو ادب کی ایک قیمتی میراث ہیں جو آج بھی قاری کو اپنی گہرائی اور اثر پذیری سے متاثر کرتے ہیں۔

ممتاز شیریں ۲۰ ویں صدی کے ابتدائی نصف میں منظر عام پر آئیں۔ ان کی شخصیت نہایت منفرد تھی، کیونکہ انہوں نے ادب کے مختلف پہلوؤں پر کام کیا، جن میں افسانہ نگاری، تنقید، ترجمہ اور صحافت شامل ہیں۔ ان کی ادبی خدمات کا مرکز انسان اور اس کے معاشرتی و نفسیاتی مسائل تھے۔ انہوں نے اپنے افسانوں میں زندگی کے ان پہلوؤں کو اجاگر کیا جنہیں عام طور پر نظر انداز کیا جاتا تھا، خاص طور پر عورت کے مسائل اور اس کے داخلی احساسات۔ دیکھنے کو ملتا ہے۔

ممتاز شیریں کے افسانے موضوعاتی تنوع کے حامل ہیں۔ ان کے افسانوں میں انسانی رشتوں کی پیچیدگی، عورت کے حقوق، سماجی ناانصافی، طبقاتی فرق، اور انسانی نفسیات کو انتہائی گہرائی سے بیان کیا گیا ہے۔ ان کے افسانے صرف کہانیوں تک محدود نہیں بلکہ ان میں فکر اور فلسفہ بھی شامل ہوتا ہے جو قاری کو سوچنے پر مجبور کرتا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

ممتاز شیریں کے افسانوں میں عورت کے مسائل ایک نمایاں موضوع ہیں۔انہوں نے عورت کے جذبات،خواہشات اور خوابوں کو اس طرح بیان کیا کہ قاری عورت کے داخلی احساسات کو بہتر طریقے سے سمجھ سکے۔ان کے افسانے "تقدیر"،"شیشہ اور شعلہ"،اور "ایک رات" میں عورت کے جذباتی اور نفسیاتی پہلوؤں کو بہت عمدگی سے پیش کیا گیا ہے۔

ممتاز شیریں نے اپنے افسانوں میں طبقاتی تقسیم اور سماجی ناانصافی کے موضوع کو بھی اجاگر کیا۔ان کے افسانے اس بات کی عکاسی کرتے ہیں کہ کس طرح امیر اور غریب کے درمیان موجود خلیج انسانی زندگی کو متاثر کرتی ہے۔ان کی کہانیوں میں غریب طبقے کے دکھ،ان کے خواب اور ان کی جدوجہد کو انتہائی ہمدردی کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔

انسانی نفسیات اور رشتوں کی پیچیدگی ممتاز شیریں کے افسانوں کا ایک اور اہم موضوع ہے۔ان کے افسانے انسانی جذبات اور تعلقات کے ان پہلوؤں کو بیان کرتے ہیں جو عام طور پر پوشیدہ رہتے ہیں۔ان کی کہانیاں انسانی کرداروں کی نفسیاتی گہرائی کو سمجھنے کا ایک ذریعہ فراہم کرتی ہیں۔

ممتاز شیریں کا اسلوب ان کے افسانوں کو ایک منفرد پہچان دیتا ہے۔ان کے افسانوں کی زبان سادہ مگر پُراثر ہوتی ہے۔وہ غیر ضروری طوالت سے گریز کرتے ہوئے کہانی کے اصل نقطے پر زور دیتی ہیں۔ان کے جملے مختصر مگر بامعنی ہوتے ہیں جو قاری کے ذہن پر گہرا اثر چھوڑتے ہیں۔ان کے افسانوں میں منظر نگاری اور مکالمہ نگاری کا استعمال انتہائی مؤثر ہوتا ہے،جو کہانی کو زندہ کر دیتا ہے۔ممتاز شیریں کی منظر نگاری ان کے افسانوں کا ایک خاص پہلو ہے۔وہ نہایت مہارت سے ماحول کو بیان کرتی ہیں،جس سے قاری کو ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے وہ خود کہانی کا حصہ ہو۔

ان کے افسانوں میں کرداروں کا نفسیاتی تجزیہ اس قدر گہرا اور مؤثر ہوتا ہے کہ قاری کرداروں کے ساتھ جذباتی طور پر جڑ جاتا ہے

ممتاز شیریں نے اپنے افسانوں میں علامتی انداز میں زندگی کے مسائل کو پیش کیا۔ان کی کہانیاں بظاہر سادہ لگتی ہیں لیکن ان کے اندر گہرے مفاہیم پوشیدہ ہوتے ہی ممتاز شیریں کے افسانے اردو ادب کے لئے ایک قیمتی سرمایہ ہیں۔انہوں نے اپنے افسانوں میں نہ صرف سماجی مسائل کو اجاگر کیا بلکہ انسانی جذبات اور نفسیات کو بھی موضوع بنایا۔ان کے افسانے آج بھی قاری کو اپنی گہرائی اور معنویت سے متاثر کرتے ہیں۔ان کی کہانیاں اس بات کا ثبوت ہیں کہ ادب صرف تفریح کا ذریعہ نہیں بلکہ ایک فکری اور تخلیقی عمل بھی ہے جو انسان کو سوچنے پر مجبور کرتا ہے۔

ممتاز شیریں اردو افسانہ نگاری کی ایک منفرد اور معتبر آواز ہیں۔ان کے افسانے نہ صرف ادبی لحاظ سے اعلیٰ معیار کے حامل ہیں بلکہ ان میں زندگی کی حقیقتوں اور انسانی جذبات کی گہری عکاسی بھی ملتی ہے۔ان کی تخلیقات اردو ادب میں ہمیشہ زندہ رہیں گی اور آنے والی نسلوں کو زندگی اور ادب کے نئے پہلوؤں سے روشناس کراتی رہیں گی۔۔ممتاز شیریں اردو ادب کی ایک نمایاں افسانہ نگار ہیں جنہوں نے اپنے افسانوں میں گہرے جمالیاتی اور فلسفیانہ پہلوؤں کو اجاگر کیا ہے۔ان کے افسانے انسانی زندگی،جذبات،اور نفسیات کے پیچیدہ پہلوؤں کو نہایت باریکی دیکھنے کو ملتی ہے۔ممتاز شیریں کے کام میں جمالیات اور فلسفہ کا امتزاج ان کی تخلیقی گہرائی کو ظاہر کرتا ہے۔

جمالیات:

Scanned with OKEN Scanner

ممتاز شیریں کے افسانے خوبصورتی اور فن کی حساسیت سے بھرپور ہیں۔ان کے افسانوں میں فطرت،انسانی جذبات،اور زندگی کے تجربات کو انتہائی خوبصورتی سے پیش کیا گیا ہے۔ان کے اسلوب میں نزاکت،لطافت،اور منظر کشی کا عنصر نمایاں ہے۔وہ زندگی کے عام اور معمولی واقعات کو بھی اس انداز سے پیش کرتی ہیں کہ ان میں ایک گہری خوبصورتی اور معنویت نظر آتی ہے۔

ان کے افسانوں میں انسانی زندگی کے گہرے سوالات اور وجودی مسائل کو موضوع بنایا گیا ہے۔وہ انسان کے باطن،اس کی خواہشات، محرومیوں،اور داخلی کشمکش کو نہایت گہرائی سے بیان کرتی ہیں۔ان کے افسانوں میں عشق،موت،وقت،اور انسانی رشتوں کی نوعیت جیسے موضوعات کو فلسفیانہ انداز میں پیش کیا گیا ہے۔

ا. نسائی شعور: ممتاز شیریں کے افسانوں میں خواتین کے مسائل،ان کی داخلی دنیا،اور سماجی رکاوٹوں کو خاص اہمیت دی گئی ہے۔

۲ .نفسیاتی تجزیہ: ان کے کرداروں کے جذبات اور رویوں کا تجزیہ گہرائی سے کیا گیا ہے،جو قارئین کو کرداروں کی اندرونی دنیا سے روشناس کراتا ہے۔

۳ .علامت نگاری: ان کے افسانے علامتی اور استعاراتی انداز میں لکھے گئے ہیں،جو کہ قاری کو مختلف سطحوں پر سوچنے پر مجبور کرتے ہیں۔

٤ .سماجی حقیقت نگاری: وہ اپنے افسانوں میں معاشرتی حقائق اور تضادات کو خوبصورتی اور حقیقت پسندی کے ساتھ بیان کرتی ہیں۔

٥ .وجودیت: ان کے افسانوں میں انسانی وجود، مقصدیت اور خودی جیسے موضوعات کو خاص اہمیت دی گئی ہے۔وہ اس بات کا جائزہ لیتی ہیں کہ انسان کس طرح اپنے حالات اور محدودات میں اپنی شناخت قائم کرتا ہے۔

٦ معاشرتی تضادات: ممتاز شیریں کے افسانے اکثر معاشرتی تضادات،طبقاتی فرق،اور سماجی ناہمواریوں کو اجاگر کرتے ہیں۔وہ فلسفیانہ انداز میں ان مسائل کا تجزیہ کرتی ہیں۔

۷ .محبت اور تنہائی: محبت کے پیچیدہ جذبات اور تنہائی کے فلسفیانہ پہلو ان کے کئی افسانوں کا مرکزی موضوع ہیں۔وہ انسانی تعلقات کی گہرائی اور پیچیدگی کو بیان کرتی ہیں۔

۸ .وقت اور تبدیلی: ان کے افسانوں میں وقت کی گزرتی ہوئی نوعیت اور انسان پر اس کے اثرات کو فلسفیانہ انداز میں پیش کیا گیا ہے۔

ممتاز شیریں کی تحریریں اس بات کا ثبوت ہیں کہ وہ ایک حساس اور گہری سوچ رکھنے والی ادیبہ تھیں،جو اپنے قارئین کو نہ صرف تفریح فراہم کرتی ہیں بلکہ انہیں زندگی کے پیچیدہ سوالات پر غور کرنے کی دعوت بھی دیتی ہیں۔

ممتاز شیریں کی زبان سادہ مگر دلکش ہے۔ان کے اسلوب میں روانی، تخلیقی توانائی،اور فطری اظہار نمایاں ہے۔وہ علامتی انداز اور استعاروں کا بھی خوبصورت استعمال کرتی ہیں۔ان کے افسانے سماج کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہیں،خاص طور پر ان مسائل پر جو خواتین اور پسماندہ طبقات سے

Scanned with OKEN Scanner

متعلق ہیں۔ان کے ہاں عورت کے حقوق اور اس کی خود مختاری کا پیغام واضح طور پر نظر آتا ہے۔ فطرت اور ماحول کی خوبصورت عکاسی ملتی ہے، جو ان کی تحریروں کو زیادہ مؤثر اور دلکش بناتی ہے ان کے کردار جاندار اور حقیقت پسندانہ ہیں۔ وہ کرداروں کے جذبات اور ان کی داخلی کشمکش کو اتنے موثر انداز میں پیش کرتی ہیں کہ قاری ان سے جذباتی طور پر جڑ جاتا ہے۔ علامتی انداز کو اپنایا، جو ان کے افسانوں کو گہرائی اور فکری وسعت بخشتا ہے۔ ان کی کہانیوں میں چھپے ہوئے معنی اور گہرے پیغامات قاری کو سوچنے پر مجبور کرتے ہیں۔

مجموعی طور پر ممتاز شیریں کے افسانے اردو ادب کا ایک اہم حصہ ہیں، جو نہ صرف ادبی جمالیات کے حوالے سے اہم ہیں بلکہ انسانی نفسیات اور سماجی شعور کو سمجھنے کے لیے بھی ایک قیمتی سرمایہ ہیں۔

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

اردو کی شعری اصناف کا تحلیل نفسی کے تناظر میں مطالعہ

Dr. Alisha Khanam

Assistant Professor

Delhi School of Journalism, University of Delhi -110007

تلخیص :اردو شاعری اپنی گہری معنویت اور جذباتی تاثرات کے ذریعے انسانی زندگی کے مختلف پلہوؤں کو اجاگر کرتی ہے۔اس میں انسانی جذبات اور نفسیات کی عکاسی نہایت خوبصورتی سے کی جاتی ہے۔اردو شاعری کی مختلف اصناف، جیسے غزل، نظم، مثنوی، قصیدہ اور مرثیہ،انسانی جذبات اور نفسیات کی عکاسی کا مؤثر ذریعہ ہیں۔یہ مضمون تحلیل نفسی کے اصولوں کو مد نظر رکھتے ہوئے ان اصناف کی نفسیاتی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔اس کے ذریعے انسانی شعور، لا شعور اور تحت الشعور، اجتماعی شعور کی عکاسی بھی ہوتی ہے۔ہر صنف میں موجود جذباتی شدت اور موضوعاتی تنوع انسانی ذہن کے مختلف پہلوؤں، مثلاً خواہشات، اخلاقی اصولوں اور ذہنی کشمکش، کو سمجھنے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔

اردو شاعری انسانی جذبات اور نفسیات کی آمیزش کا فقدان ہے کہ کس طرح شاعری فرد کی داخلی کیفیتوں کو واضح کرتی ہے۔ مثلاً غزل میں ہجر و وصال کے جذبات، قصیدے میں انا اور فخر کا اظہار، مرثیے میں غم اور جذباتی تطہیر، نفسیاتی (Catharsis) ، مثنوی میں کرداروں کی نفسیاتی پیچیدگیاں، اور نظم میں جدید انسانی شعور کی ترجمانی وغیرہ۔ لہذا یہ کہنا غلط نہیں کہ شعری اصناف نفسیاتی پلہوؤں اور انسانی تجربات کی ترجمانی کا مظہر ہیں۔ نفسیات اور ادب کے باہمی تعلق کی بنیاد پر اس مطالعے میں بابائے نفسیات سگمنڈ فرائیڈ کے نظریات کی زمیں پر اردو کی شعری اصناف سخن کے خیلوں کو یکجا کرنے کی کوشش ہے۔ مثال کے طور پر غزل میں محبت، اداسی اور تنہائی کے موضوعات انسان کے اندرونی جذباتی تنازعات کو واضح کرتے ہیں۔اسی طرح مرثیہ اجتماعی غم اور سوگ کے ذریعے جذباتی تطہیر کا ذریعہ بنتا ہے، جبکہ نظم فرد و نئی نسل افکار و نظریات، فکری الجھنوں اور جذباتی دباؤ کو نمایاں کرتی ہے۔

اردو شاعری کے نفسیاتی تجزیے میں اجتماعی نفسیات کو بھی مد نظر رکھا گیا ہے، جہاں شاعری قومی شعور، آزادی، انقلاب، اور سماجی تبدیلیوں کی عکاسی کرتی ہے۔ مختلف ادوار کی شاعری نے انسان کے خارجی حالات اور داخلی جذبات کو اس طرح پیش کیا ہے کہ وہ ادب کے ذریعے انسانی تجربات کی تفہیم کا اہم ذریعہ بن گئی ہے۔اس مضمون میں یہ بھی واضح کیا گیا ہے کہ کس طرح اردو شاعری انسانی احساسات کو محض بیان ہی نہیں کرتی بلکہ قارئین کو ان جذبات کو محسوس کرنے پر مجبور بھی کرتی ہے۔اردو شاعری کے اس مطالعے سے یہ واضح ہوتا ہے کہ شاعری محض ایک تخلیقی عمل نہیں بلکہ انسانی جذبات اور نفسیات کو سمجھنے کا ایک جامع ذریعہ ہے۔ یہ مضمون ان تمام اصناف کے تاریخی اور ادبی پس منظر کے ساتھ ان میں موجود تلاطم کے نمونوں کا تجزیہ پیش

Scanned with OKEN Scanner

کرتا ہے، تاکہ ان کے نفسیاتی پہلوؤں کو بہتر طور پر سمجھا جاسکے۔ یہ مطالعہ ظاہر کرتا ہے کہ اردو کی شعری اصناف نہ صرف ادبی حسن کا مظہر ہیں بلکہ انسانی ذہن کی گہرائیوں کو سمجھنے کا ایک منفرد ذریعہ بھی ہیں۔

کلیدی الفاظ: اردو شاعری، نظم، غزل، نظم، مثنوی، قصیدہ، مرثیہ، اصناف سخن، انسانی شعور، لاشعور، اجتماعی، شعور، تحلیل نفسی، انسانی جذبات، نفسیات، سگمنڈ فرائیڈ، تحت الشعور، محبت، اداسی، تنہائی، داخلی کشمکش، الجھاو، امرد پرستی، جنسیت، محرومی، کرب، تلاطم، شدت،

دنیا میں موجود تمام زبانیں اور ادب خواہ مغربی ہو یا مشرقی سبھی کی تاریخ شاعری پر مبنی ہے، دنیا کے تمام ادبیات کا وجود شعری ہئیت پر عمل میں آیا جس کی شہادت ادب کے تاریخی گوشوں میں پنہاں ہے۔ اردو شاعری اپنی خوبصورتی، گہرائی اور متنوع موضوعات کی وجہ سے دنیا بھر میں منفرد حیثیت رکھتی ہے۔ یہ نہ صرف زبان کے حسن کا مظہر ہے بلکہ انسانی جذبات، نفسیات اور شعور کو بھی عمیق طور پر واضح کرتی ہے۔ اردو شاعری کی مختلف اصناف، جیسے غزل، نظم، مثنوی، قصیدہ اور مرثیہ، ہر ایک اپنی جگہ ایک منفرد دنیا کی عکاسی کرتیں ہیں۔ جو فرد کی داخلی اور اجتماعی نفسیات کو سمجھنے کے لیے ایک موثر ذریعہ فراہم کرتیں ہیں۔ یہ مضمون اردو شاعری کی مختلف اصناف کو نفسیاتی اصولوں کی روشنی میں سمجھنے اور ان کے ذریعے انسانی شعور اور لا شعور کی عکاسی کو واضح کرنے کی کوشش ہے علاوہ ازیں تخلیق کار کے ذہنی گوشوں تک رسائی کر اس کے جذبات احساسات و ناآسودہ خواہشات اور خیالات سے آشنا کرنے کی بھی کوشش ہے۔ کیونکہ شاعری ذہنی گوشوں کی اپج ہے جو شاعر کے اپنے جذبات واحساسات اور ناآسودہ خواہشات کی تکمیل کا آئینہ ہے جس میں قاری اپنے وجود کو دیکھتا ہے۔ اردو شاعری کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ یہ فرد کے اندرونی جذبات اور بیرونی حالات کے امتزاج کو اس طرح پیش کرتی ہے کہ قاری نہ صرف ان جذبات کو محسوس کرتا ہے بلکہ ان کا گہرائی سے تجربہ بھی کرتا ہے۔

ادب انسان کے ذہنی رجحانات کا سرچشمہ ہے خواہ وہ نثر ہو یا نظم، نفسیات اور ادب کے درمیان تعلق کو سمجھنے کے لیے اردو شاعری ایک بہترین ذریعہ ثابت ہوتی ہے۔ شاعری انسان کے شعور، لاشعور اور اجتماعی شعور کی عکاسی کرتی ہے۔ شاعری میں اپنے خیالات، احساسات و جذبات کا تانا بانا بننا بہت دلچسپ عمل ہے۔ چونکہ شاعری کا دامن جتنا وسیع ہے اتنا ہی رنگین بھی ہے۔

شاعری ایک تخلیقی عمل ے جو انسانی جذبات، خیالات اور تجربات کو زبان و بیان کے ذریعے پیش کرتا ہے۔ شاعر کی داخلی دنیا اور نفسیاتی کیفیات شاعری کے متن میں منعکس ہوتی ہیں، بابائے نفسیات سگمنڈ فرائیڈ کے نظریات کے مطابق شاعر کی تخلیقی قوت کا تعلق شعور، لاشعور اور تحت الشعور سے ہوتا ہے۔ شاعر لاشعوری خیالات کو شعری شکل میں پیش کرتا ہے، جو بعض اوقات ان کے دبے ہوئے جذبات یا ناقابل اظہار خیالات کی ترجمانی کرتے ہیں۔ شاعر کی شخصیت کا نفسیاتی تجزیہ اس کے متن کے ذریعے اس کی نفسیاتی کیفیت کو سمجھنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ انہی جذبات، خیالات اور نفسیاتی کیفیات کی گہرائی کو سمجھنے کا ایک سائنسی طریقہ تحلیل نفسی (Psychoanalysis) ہے۔

تحلیل نفسی سے مراد " ذہن انسانی کا تجزیہ " ۔ نفسیات کے اس نظریہ کا وجود ادب کے کسی صیغیہ کے مرہون منت عمل میں نہیں آیا بلکہ یہ اصطلاح طبعی مشقوں کے نتیجے کے طور پر ظاہر ہوئی۔

Scanned with OKEN Scanner

جس کے مطالعہ ومشاہدہ سے انسانی نفسیات کو بہتر طور پر سمجھا جا سکتا ہے اور انسانی شخصیت کے پوشیدہ و پیچیدہ رازوں سے پردہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ تحلیل نفسی انسان کے داخلی و خارجی محرکات اور اعصبیاتی اختلال کی آئینہ دار ہے۔ جس میں انسانی ذہن کے پیچ و خم کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ جس کا اظہار شارب ردولوی ان لفظوں میں کرتے ہیں۔

" .... تحلیل نفسی انسانی شخصیت کو متحرک اور موثر انداز میں دیکھتی ہے جو اندرونی طور پر ایک میدان جنگ کا نقشہ رکھتی ہے جس میں بیجان اور ضبط و نظم خواہش اور روایات میں سخت کشمکش ہوا کرتی ہے۔ یہ نظریہ یقینی طور پر داخلی تحریکات کی جانچ پڑتال کرتا ہے۔ تحلیل نفسی انسان کی خارجی باتوں سے گزر کر اس کے باطن تک پہنچنے کی کوشش کرتی ہے اور معاشرتی پردوں کے پیچھے انسان کی شخصیت کی تہہ میں حقیقتوں کی جستجو کرتی ہے ...۱

چنانچہ تحلیل نفسی کا عمل انسانی احساس وجذبات اور تجربات کی عکاسی میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے اور اس اعتبار سے تحلیل نفسی ادب، خصوصاً شاعری کو سمجھنے کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ تحلیل نفسی کے نقطہ نظر سے شاعری سے شاعر کی شخصیت اور اس کی ذاتی زندگی کو علیحدہ نہیں رکھا جا سکتا ہے۔ غالباً شاعری کے وہ جوہر جو شاعر پیش کرتا ہے وہ سبھی اس کی شخصیت کی گہرائی میں ہی مضمر ہوتے ہیں دوسرے الفاظ میں اس بات کی تصدیق ہوتی ہے کہ تمام ادبی کاوشیں شاعر کے قلبی محرکات کا آئینہ ہوتیں ہیں جو شعوری اور لاشعوری کیفیت سے دوچار ہوتا ہے۔ تحلیل نفسی کے ذریعے جب ماہرین نے انسانی فطرت کے عمیق گوشوں کا مشاہدہ کیا جس سے مختلف حقائق سامنے آئے اور ان سبھی میں سب سے اہم جنسی نظریہ ہے جو اردو شاعری کے تمام تر اصناف سخن میں جابجا نظر آتا ہے اور دنیا کے تمام مشہور و معروف شعراء کی یہاں ملتا ہے۔

بمطابق ریاض احمد:

"... تحلیل نفسی میں جب کسی انسانی فعل کی تہہ میں جنسی اثرات کی تلاش کی جاتی ہے تو اس سے مقصد صرف ان جذبات کی عریانی ہی نہیں ہوتی بلکہ ارتفاع کے اس عمل کی توضیح مقصود ہوتی ہے جس کے ماتحت وہ بنیادی اور خالص جنسی تاثرات ایک اتنی بلند اور ارفع صورت میں ظہور پذیر ہوتے ہیں۔ تاہم اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ شاعری اپنی تمام تر نزاکتوں اور بلندی کے باوجود زیادہ تر ایک جنسی اظہار ہی کی صورت ہے۔ "..۲

فرائیڈ کا نظریہ تحلیل نفسی (Psycho- Analysis) جنسی خواہشات کی تکمیل، ناآسودہ خواہشات کے ذہنی خلل اور معالجہ پر مبنی ہے۔ اس ضمن میں ڈاکٹر دیویندر اسر اپنی تخلیق " ادب اور نفسیات" میں لکھتے ہیں کہ :

".....جنسی جذبہ فطری ہے اور خواہش وصل بھی فطری ہے.... جنسی جذبہ صرف انسانی نسل کی افزائش اور بقا کے لیے ہی لازمی نہیں بلکہ ادب اور فکر کی انسپریشن بھی جنسی جذبہ ہے، دنیا کے ادب اور فن کے بیشتر اور بہترین حصے کا موضوع جنس ہی ہے۔ "۳

اردو شاعری میں جنس کی تسکین کے علاوہ دیگر رجحانات بھی نمایاں طور پر نظر آتے ہیں۔ جیسے احساس برتری (Superiority Complex) , احساس کمتری (Inferiority Complex) , احساس جرم (Guilt Feeling) انا نیت (Egoism), بے حسی (Insensibility), الجھاؤ، (Complexes) شکستہ شخصیت، (Schizophrenia) انتقام، (vengeance) پیچیدگی

Scanned with OKEN Scanner

،(Complication)اور تجربہ (abstraction) وغیرہ ایسی دیگر نفسیاتی علامتیں ہیں جو شاعری میں دیگر رجحانات کی نشان دہی کرتیں ہیں۔

مثال کے طور پر اصطلاح احساس برتری پر غالب کا یہ شعر :

الجھتے ہو تم اگر دیکھتے ہو آئینہ

خو تم سے شہر میں ہوں اک دو تو کیوں کر ہو

''..... تحلیل نفسی انسان کی انفرادی زندگی کے مدفون حالات اور complexes کی تلاش کا نام ہے...'' ۴

لفظ Complexesایک نفسیاتی اصطلاح کا نام ہے جس کے متبادل کے طور پر اردو میں **الجھاؤ** کی علامت استعمال کی جاتی ہے۔ نفسیات میں complexانسان کی اس کیفیت کا نام ہے جس میں فرد کے لاشعور میں پوشیدہ دبی ہوئی خواہشات و خیالات متحرک ہو کر انسانی شعور اور اس کی خصیت کو متاثر کرتے ہیں۔اس کا اثر انسانی افعال ورویوں پر بھی ہوتا ہے۔فرائیڈ نے دیگر الجھاؤ کے نئے نظریات بھی پیش کیے جن میں اوڈی پس، الیکٹرا، سادیت، مسوکیست اور نرگیسیت خصوصیت کے حامل ہیں۔ جب ان الجھاؤ میں شدت پیدا ہو جاتی ہے تو یہ عارضہ کی شکل اختیار کر کے ذہنی و عصبی امراض کے طور پر سامنے آتے ہیں۔ جس کا طریقہ معالجہ تحلیل نفسی ہے۔انسان کے ذہنی عارضہ کے اجزا ذہن کے لاشعور میں ہوتے ہیں۔ سید اقبال امر وہوی لاشعور کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ :

''..... لاشعور ایسا حصہ ہے جہاں مواد داخل ہو جاتا ہے تو اس کا واپس شعور میں آنا مشکل ہے۔ یہ ایک ایسا کمرہ ہے جس میں جانے کا راستہ تو ہے لیکن باہر آنے کا راستہ پر تالا پڑا ہوا ہے۔ لیکن لاشعور کے مواد کو کرید کرید کر شعور میں لانے کی کوشش کی جاتی ہے اور اس عمل کو تحلیل نفسی کہا جاتا ہے ....

سیگمنڈ فرائیڈ کے مطابق انسانی شعور تین حصوں پر انحصار کرتا ہے مثلاً۔ ذہن شعور Conscious Mind ذہن تحت الشعور Sub Conscious Mind , ذہن لاشعورUnConscious Mind۔یہ تینوں حصے شاعر کی تخلیقی عمل میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں اور شاعری کو انسانی جذبات اور نفسیات کا ایک منفرد آئینہ بناتے ہیں۔

ذہن شعور Conscious Mind:

ذہن انسانی Conscious Mind شعور کے اس طبقہ کا نام ہے جو انسانی ذہن کے فوری تجربات، مشاہدات، جذبات و خیالات، خواہشات اور تصاویر کا احاطہ کرتا ہے جس میں ادراک، حافظہ، حس، جذبہ فکر اعمال وافعال وغیرہ شامل ہیں۔ جس کی نسبت سے انسان کو تمام محرکات کا علم ہوتا ہے۔ انسانی ذہن کے شعوری خیالات کسی ایک کیفیت و حالت میں قائم و دائم نہیں رہتے ان میں تغیرات کا سلسلہ مسلسل جاری رہتا ہے نتیجتاً بہ یک وقت بہت سے خیالات شعور سے گزرتے ہیں۔ لہذا شعور چند خیالات کو ہی قبولیت دیتا ہے، چونکہ ایک وقت میں ان گنت خیالات شعور پر حاوی ہونے کی کوشش کرتے ہیں لیکن انسان کی شعوری کیفیت سبھی خیالات کا بوجھ بیک وقت اٹھانے پر قادر نہیں۔ غالبا یہ کہا جاسکتا ہے کہ ذہن کا وہ حصہ جو خارجی دنیا سے موافقت رکھتا ہے شعور کہلاتا ہے جو ہمارے احساس وجذبات، خیالات وخواہشات اور افعال کو مربوط شکل میں پیش کرتا ہے۔ شعوری حالت و کیفیت کے دھارے جہاں ملتے ہیں۔ شعور کے متعلق ساجدہ زیدی رقمطراز ہیں کہ :

Scanned with OKEN Scanner

''.... فرائڈ کے نظریہ کے مطابق انسانی ذہن کی شعوری سطح وہ ہوتی ہے جس سے فرد و اقفف ہوتا ہے جو اس کے حافظے اور ادراک کے دائرہ میں رہتی ہے اور جس کی طرف وہ اپنے ہر شعوری عمل کے سلسلہ میں رجوع کرتا ہے۔ انسانی ذہن کی شعوری سطح منطقی فکر کی حامل ہوتی ہے .... شعوری ذہن اور ماحول میں عمل اور رد عمل کا ایک لامتناہی سلسلہ چلتا رہتا ہے ....''۶

Sub Conscious Mindذہن تحت الشعور

ذہن تحت الشعور کو قبل شعور سے بھی موسوم کیا جاتا ہے جس کے لئے انگریزی میں "Pre-conscious" کی اصطلاح کا بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ انسانی ذہن کا وہ طبقہ ہے جو شعور اور لاشعور کے درمیان حائل ہوتا ہے، جو دونوں طبقات کے درمیان ربط وضبط اور آہنگ برقرار رکھنے کی سعی مشکور میں مصروف رہتا ہے اور بہ حیثیت دربان اپنا فریضہ انجام دیتا ہے۔ تحت الشعور شعوری صفت کا حامل تو نہیں لیکن اس حصہ کو شعور کے قریب تر گردانا جاتا ہے۔ یہاں وہ خواہشات، تجربات اور واقعات کی یادیں ملتی ہیں جو کبھی گزشتہ وقت میں شعور کا حصہ تھیں لیکن اب شعوری سطح سے ان کے عکس دھندلے ہو گئے ہیں مگر پوری طرح شعور نے انہیں فراموش نہیں کیا ہے لہذا معمولی کوشش سے انہیں شعوری سطح پر دوبارہ لایا جاسکتا ہے۔ تحت الشعور کا مواد ایسی یادداشت کے اجزاء ہوتے ہیں جنہیں شعوری ذہن بھولا بھی نہ ہو اور وہ اس کو اچھی طرح یاد بھی نہ ہو۔ لہذا یہ کہا جاسکتا ہے کہ انسان کے گذشتہ تجربات اور ہیجان کے مسکن کو تحت الشعور کہتے ہیں۔ تحت الشعور کے حوالے سے سید اقبال امروہوی لکھتے ہیں:

'' یہ شعور کی وہ شکل ہے جس میں آنے والے تجربات جب شعور کی حدود سے باہر جاتے ہیں تو تحت الشعور میں داخل ہو جاتے ہیں۔ ہر تجربہ شعور سے ہٹتا نہیں ہے بلکہ تحت الشعور میں چلا جاتا ہے۔ تحت الشعور کی حدود شعور کی حدود سے بالکل ملی ہوتی ہیں اس لئے تحت الشعور میں جو کچھ ہوتا ہے وہ شعور کے بہت قریب ہوتا ہے.... ... تحت الشعور جے کچھ مصنفین نے قبل شعور Pre-conscious بھی کہا ہے ہمارے تجربے اور نفس کا وہ حصہ ہے جس کے واقعات کا علم ہمیں ارادی یا اختیاری توجہ سے ہوسکتا ہے.....''۷

مثلاً: ہم کسی کتاب کے مطالعہ میں مصروف ہیں یکایک کسی جملے یاالفاظ کی موافقت سے ہمیں کسی دوسری کتاب کا خاکہ یاواقعہ یاد آجاتا ہے جس کا بھی گذشتہ وقت میں مطالعہ کیا تھا۔یعنی اس مطالعہ کی یاداشت پہلے ہی سے ہمارے ذہن میں موجود تھی جو غیر معمولی سی کوشش سے شعوری سطح پر آگئی۔ان سبھی سرگرمیوں کے ساتھ تحت الشعور یہ بھی فریضہ انجام دیتا ہے کہ وہ لاشعور میں موجود منہ زور دبی ہوئی ناآسودہ خواہشات کو شعور میں آنے سے روکتا ہے۔اس ضمن میں ڈاکٹر شارب ردولوی لکھتے ہیں:

'' قبل شعور کا ایک بہت ہی اہم کام یہ ہے کہ وہ شعور اور لاشعور کے درمیان واقع ہوا ہے۔ لاشعوری خیالات جب شعور میں آنے کی کوشش کرتے ہیں تو انہیں قبل شعور کے خانے سے گزرنا پڑتا ہے۔ یہ ان لاشعوری خیالات کو روکتا ہے اور وہ خیالات جو شعور میں جانے کے لائق نہیں ہیں انہیں شعور میں واپس ڈھکیل دیتا ہے۔ دوسری قسم کے خیالات کو وہ قبل شعور میں خود اس وقت تک رکھتا ہے جب تک شعور ان کا متحمل نہ ہو جائے ۔ اس لئے نفسیات میں قبل شعور کو بھی کافی اہمیت ہے....''۸

Scanned with OKEN Scanner

تحت الشعور، شعور کی دھندلی کیفیت کا نام ہے جو شعور کے لیے بے حد اہم ہے اور اس کو مواد فراہم کرتا ہے۔

UnConscious Mind ذہن لاشعور

انسانی ذہن کے تینوں طبقات میں سب سے قوی حصہ لاشعوری ذہن ہے۔ یہ شعوری ذہن کا متضاد بھی ہے جس میں انسان کے جذبات، خواہشات، خیالات، خوف، تصورات اور تجربات کی بھولی بسری اور ناآسودہ دبی کچلی یادداشت کے نقوش پوشیدہ ہوتے ہیں۔ جس کا علم انسانی شعور کو بالکل نہیں ہوتا چونکہ یہاں ایسی خواہشات کی یادیں پناہ ڈھنڈتی ہیں جو سماج، مذہب، تہذیب و اخلاقی اقدار کے خوف کے باعث پایہ تکمیل تک نہیں پہنچ پاتی ہیں پھر یہ لاشعور کا حصہ بن جاتی ہیں۔ ڈاکٹر شارب ردولوی لاشعور Unconscious mind کی تعریف میں لکھتے ہیں کہ :

'' لاشعور کی عام طور پر یہ تعریف کی گئی ہے کہ ذہن کے پیچھے ایک پوری دنیا خیالات، جذبات ، خوف، ہجانات اور بہت سے احساسات کی آباد ہے جو ہماری خارجی دنیا سے جس کو شعور کہتے ہیں کہیں زیادہ بڑی اور طاقت ور ہے ..... لاشعور ہمارے تجربات کا وہ حصہ ہے جس کا علم لاکھ توجہ کے باوجود بھی ہمیں نہیں ہوتا اور یہ ماضی کے ان افعال سے متعلق ہے جن کو ہم کسی وجہ سے دبانا چاہتے ہیں. یعنی وہ تمام باتیں جنہیں وقتی طور پر عقل قبول نہیں کرتی یا کسی وجہ سے جن کا اظہار نہیں ہو سکتا وہ لاشعور کا حصہ بن جاتی ہیں..... لاشعور انسانی نفس کا وہ حصہ ہے جو ہمیشہ خوشگوار اور دبائے ہوئے خیالات سے پر رہتا ہے ....'' ۹

لاشعوری ذہن ایسی یادوں کا بھی مرکز ہوتا ہے جنھیں فرد خود اپنے حافظہ میں محفوظ رکھنا چاہتا ہے۔ روزمرہ کے طرز عمل میں انسان کا سابقہ ایسے تلخ تجربات، واقعات یا حقائق سے پڑتا ہے جس کے دقیق جز کو بھی وہ اپنے ذہن کے کسی گوشہ میں موجود نہیں رہنے دینا چاہتا بلکہ اس حادثے کو پوری طرح فراموش کر اپنے ذہن کو اس کی گرفت سے آزاد کرنے کی سعی کرتا ہے۔ وقت کے ساتھ یہ حادثہ اس کے شعور سے محو تو ہو جاتا ہے لیکن اس کی یاداشت لاشعور کی اندھیری تہوں میں چھپ جاتی ہے اور کسی نہ کسی حالت میں انسان کی شخصیت، رویے اور کردار کو متاثر کر اپنے وجود کا اظہار کرتی ہے۔ لاشعور کی قوت عملی اتنی شدید ہوتی ہے کہ یہ انسانی کردار و شخصیت، اذہان، شعور کو بے حد متاثر کرتی ہے۔

جن خواہشات کو آسودگی خاطر میسر نہیں آتی وہ لاشعور کی زیست میں مضمر ہو جاتی ہیں۔ یہ ذہنی سطح ہمیشہ ناخوشگوار احساس و جذبات اور دبی ہوئی خواہشات اور تجربات سے آباد رہتی ہے لہذا لاشعور کی دیگر عملی سرگرمیوں کے حوالے سے حزب اللہ رقم طراز ہیں:

'' ..... لاشعور مکمل طور پر اخلاق سے بے تعلق ہوتا ہے اس میں ایسا مواد جمع ہوتا ہے جسے اخلاق کی ہوا نہیں لگی ....'' ۱۰

انسانی نفس صرف شعور (conscious) تحت الشعور (sub-conscious) لاشعور (unconscious) پر ہی مشتمل نہیں ہے بلکہ اس کے تعین میں دیگر اور قوتیں بھی اپنا کردار ادا کرتی ہیں۔ فرائیڈ ان قوتوں کے تعلق سے ان کی مزید تشریح کے طور پر (Id) , (Ego) (super Ego) کا نظریہ پیش کرتا ہے۔ یہ تینوں قوتیں آپس میں بہت کی انفرادی جبلتوں کے ساتھ مل کر انسان کے بیشتر عمل اور رد عمل کے پس پردہ اپنے عملی فرائض انجام دیتی ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

فرائیڈ کے تحلیل نفسی کے نظریے کے تحت، لاشعور میں موجود دبے ہوئے خیالات اور جذبات خوابوں، لغزشِ زبان، یا تخلیقی عمل کے ذریعے ظاہر ہوتے ہیں۔ شاعری انسانی ذہن کے ان تینوں حصوں کی عکاسی کا ایک بہترین ذریعہ ہے، جہاں شعور کے ذریعے شاعر اپنے جذبات کو ظاہر کرتا ہے، تحت الشعور ماضی کی یادداشتوں اور داخلی کیفیتوں کو تخلیقی زبان فراہم کرتا ہے، اور لاشعور جذبات اور خیالات کی گہرائیوں کو علامتوں اور استعاروں کے ذریعے نمایاں کرتا ہے۔ اس طرح، تحلیل نفسی انسانی ذہن اور شاعری کے تخلیقی عمل کے درمیان ایک گہرا تعلق واضح کرتی ہے، جو ادب کو جذباتی اور نفسیاتی گہرائی فراہم کرتا ہے۔

غزل اور تحلیل نفسی:

غزل اردو شاعری کی مقبول ترین صنف ہے۔ جس کے لغوی معنی ہیں حسن و عشق کی باتیں کرنا۔ غزل کو شاعری میں اولیت اور برتری حاصل ہے۔ غالباً اس صنف نے اپنے اندر تمام ادوار کے سماجی و تہذیبی عوامل اور عناصر کو سمویا ہوا ہے۔ جہاں عشق غزل کا ایک بنیادی عنصر رہا وہیں حسن نے اہم محرک کا فریضہ انجام دیا۔ اردو غزل کا آغاز فارسی شاعری کے زیر اثر وجود میں آیا موضوع کے اعتبار سے غزل کا دامن اتنا وسیع رہا جس میں حسن عشق کے ساتھ ساتھ سیاسی سماجی، معاشی، مذہبی، اخلاقی سبھی کو اپنے بطن میں مضمر کر لیا۔ غزل کے حوالے سے **خواجہ الطاف حسین حالیؔ** "**مقدمہ شعر و شاعری**" میں رقم طراز ہیں کہ :

''..... غزل کی اصلی وضع جیسا کہ لفظ غزل سے پایا جاتا ہے محض عشقیہ مضامین کے لیے ہوئی تھی۔ مگر ایک مدت کے بعد وہ اپنی اصلیت پر قائم نہیں رہی۔ ایران میں اکثر اور ہندوستان میں چند شاعر ایسے بھی ہوئے جنہوں نے غزل میں عشق مضامین کے ساتھ تصوف اور اخلاق و مواعظ کی بھی شامل کرلیا ہے..... غزل کی اصطلاح تمام اصناف سخن میں سب سے زیادہ اہم اور ضروری ہے قوم کے لکھے پڑھے اور ان پڑھ سب غزل سے مانوس ہیں۔'' ۱۱

غزل اردو ادب کی وہ صنف سخن ہے جس میں شاعر اپنے احساس و جذبات اور خواہشات کی ترجمانی موثر انداز میں چند لفظوں میں اشعار کی مدد سے کرتا ہے۔ جیسا کے ہم جانتے ہیں کے غزل اور اس کا ہر شعر مختلف اور جداگانہ نوعیت کا حامل ہوتا ہے۔ اگرچہ غزل کا نفسیاتی نقطہ نظر سے مطالعہ کیا جائے تو یہ واضح ہوگا کہ غزل کا ہر شعر انسان کی مختلف کیفیات کی ترجمانی کرتا ہے۔ تخلیق کار کی تخلیق کما حقہ اس کی شخصیت، احساس و جذبات اور خواہشات کی عکاس ہوتی ہے اور قاری بھی اس تخلیق سے لطف اندوز ہوتا ہے لہذا اس صورت حال میں قاری خود کو تخلیق کا خالق محسوس کرتا ہے۔

علم نفسیات، انسانی نفسیات کو جانے سمجھنے کا ایک ایسا علم ہے جو انسان کی فطرت کے تمام داخلی و خارجی پہلوؤں کو سمجھنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ الغرض کسی بھی تخلیق سے اس کے خالق کی داخلی و خارجی زندگی، احساسات و جذبات نیز فکری انداز اور خواہشات کا بخوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ غزل سے قاری کے قلب و ذہن میں پیدا ہونے والے احساسات و جذبات کا اندازہ درج ذیل غزل کے نفسیاتی مطالعہ سے لگایا جا سکتا ہے۔

میر تقی میرؔ

Scanned with OKEN Scanner

اس عہد میں الٰہی محبت کو کیا ہوا
چھوڑا وفا کو ان نے مروت کو کیا ہوا

امیدوار وعدہ دیدار مر چلے
آتے ہی آتے یارو قیامت کو کیا ہوا

کب تک ظلم آہ بھلا مرگ کے تئیں
کچھ پیش آیا واقعہ رحمت کو کیا ہوا

اس کے گئے پر ایسے گئے دل سے ہم نشیں
معلوم بھی ہوا نہ کہ طاقت کو کیا ہوا

بخشش نے مجھ کو ابر کرم کی کیا خجل
اے چشم جوش اشک ندامت کو کیا ہوا

جاتا ہے یار تیغ بکف غیر کی طرف
اے کشتہ ستم تری غیرت کو کیا ہوا

تھی صعب عاشقی کی ہدایت ہی میرؔ پر
کیا جانئے کہ حال نہایت کو کیا ہوا

ہر شخص اپنی زندگی کے دوران ذہنی ارتقاء کے مختلف نشیب و فراز سے گزرتا ہے۔ ذہنی تلاطم و مختلف طوفانوں سے دوچار ہوتا ہے۔ یہ غزل میرؔ کے ذہن میں جاری داخلی کشمکش، جذباتی بحران اور محبت کے تجربے سے پیدا ہونے والے نفسیاتی اثرات کو ظاہر کرتی ہے۔ میرؔ کی غزل میں تحلیل نفسی کی جھلک ان کے شکوے اور احساسات میں نظر آتی ہے۔ وہ اپنی محرومیوں اور داخلی کرب کا جائزہ لیتے ہیں اور اپنی نفسیاتی کیفیت کو اشعار کے ذریعے بیان کرتے ہیں۔ غزل کے اشعار شاعر کی اندرونی کشاکش اور اضطرابی کیفیت کو ظاہر کرتے ہیں۔ جس میں شاعر محبت و مروت کی شکایت و شکوہ کرتے نظر آتے ہیں۔ پہلی نظر میں یہ غزل شکوہ اور شکایت کا اظہار معلوم ہوتی ہے، لیکن اس میں انسانی شعور، لاشعور اور جذبات کی ناپائیداری کو علامتی طور پر استعمال کیا ہے۔ میر انسانی تعلقات کے ٹوٹنے، وفاداری کے فقدان اور محبت کی گمشدگی کو ایسے پیش کرتے ہیں جیسے یہ سب کسی عظیم فلسفیانہ المیہ کا حصہ ہو۔ یہاں محبت کی زبوں حالی، جذباتی تنہائی کا استعارہ بن جاتی ہے۔ شاعر سوال اٹھاتا ہے کہ انسانی رشتے اور جذبات کیوں اپنی اصلیت کھو رہے ہیں، اور اس محبت کی گہرائی کہاں چلی گئی ہے جو کبھی انسانی روح کی معراج ہوا کرتی تھی۔ میرؔ غزل میں انسانی نفسیات، محبت کی محرومیت، شکوے، ظلم و ستم، ندامت اور اضطراب کی گہرائیوں کا بیان کرتے ہیں۔ محبوب سے جدائی نے تنہائی و غم کی کیفیت طاری کی ہے ندامت کے آنسو، ستم اور غیرت کے الجھے ہوئے جذبات بھی اس غزل میں شامل ہیں۔ جہاں وہ غیرت اور محبت کی کشمکش میں مبتلا نظر آتے ہیں تو وہی عاشق کی مشکلات اور اس میں چھپی محرومیت ان کی غزل کا مرکزی خیال بنتی ہے۔ اس غزل میں میرؔ نے انسانی جذبات، نفسیاتی کیفیت، شکوہ، ظلم، ندامت اور غیرت کے فلسفیانہ پہلو کو بڑے سچے اور عمیق انداز میں پیش کیا ہے۔ جو ان کے نفسیاتی محرکات کی کشاکش ہے جو میر کی اندرونی کیفیت کو ظاہر کرتی ہے۔

نفسیاتی علامتیں:

غزل میں شاعر اپنے محبوب سے وفا کی طلب رکھتا ہے لیکن فراق یار میں خدا سے شکوہ کرتا ہے اور روز محشر کا بے صبری سے انتظار کرتا ہے تاکہ وہ اپنے محبوب کا دیدار کر سکے۔ اس غزل میں میر کے ذہنی و قلبی انتشار کے سبب خواہش کا عمل وجود میں آتا ہے۔ خواہش (Desire) خواہش پر انسانی زندگی کا دارومدار ہوتا ہے۔

اس غزل کے تمام اشعار محرومی (Deprivation) کے ارد گرد طواف کرتے نظر آتے ہیں۔ محرومی (Deprivation) نفسیات کی ایک ایسی اصطلاح ہے جو انسان پر اس کی پسندیدہ شے یا خواہش کے پایۂ تکمیل تک نہ پہنچنے کے سبب طاری ہوتی ہے۔ محبوب کے وعدہ وصال کے پورا نہ

Scanned with OKEN Scanner

ہونے پر شاعر ذہنی الجھاؤ کا شکار نظر آتا ہے۔ جو کہ لفظ" قیامت" سے واضح ہوتا ہے کہ شاعر کا ذہنی اضطراب اس قدر شدید ہو چکا ہے کہ اب اس کو اس کا قلب و ذہن اسے برداشت کرنے سے قاصر ہے۔ انسان کی اس کیفیت کے لئے نفسیات میں اضطرابی افسردگی (Agitated Depression) کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے۔ اس کیفیت میں فرد کا ردعمل منفی جذبات سے لبریز ہوتا ہے۔ اس غزل میں داخلی کیفیت کا ذکر ملتا ہے جو داخلی ادراک اور کیفیت ادراک کے باعث وجود میں آتی ہے۔ میرؔ احساس محرومی، ظلم اور شدت غم کے سبب موت کے خواہش مند نظر آتے ہیں۔ جو کہ نفسیاتی اصطلاحیں، احساس محرومی، شکستہ خوردی اور احساس کمتری (Inferiority feeling) کی علامت ہے۔ ان اصطلاحوں کے علاوہ مایوسی، ناامیدی کا جذبہ بھی کارفرما ہوتا ہے۔

محبوب کے فراق میں شاعر جو اپنی کیفیت بیان کرتا ہے کہ اس کی جدائی کا حوصلہ اب نہیں ہے۔ اس کی جدائی سے جسم ہے حس اور بے جان معلوم ہوتا ہے جس کے پس پشت محبت کا جذبہ سر گرم عمل ہے۔ جذبہ محبت کے علاوہ میر کی اس غزل میں شدید احساسیت (Erethosim) کی اصطلاح بھی ملتی ہے۔ اس اصطلاح کے حوالے سے سید اقبال امروہوی لکھتے ہیں۔

" یہ اصطلاح اس وقت استعمال کی جاتی ہے جب کے کسی حصہ کی احساسایت میں غیر معمولی طور پر اضافہ ہوجائے ۔ ۔۔۔" ۱۲

الغرض اس صطلاح کی علامت میرؔ کے یہاں لفظ خجل اور ندامت اور غیرت سے واضح ہوتی ہے۔ اس صورت حال میں انسان کو داخلی ادراک اور ادراک کیفیت سے ندامت اور غیرت کا احساس ہوتا ہے۔ اسی ہیجانی کیفیت کے باعث انسان کے احساسات و جذبات میں تغیرات اور محرکات عمل میں آتے ہیں۔ جس کی مناسبت Erethosim کی اصطلاح سر گرم علمل ہوتی ہے۔ اس کے انا (Ego)، لفظ غیرت سے واضح ہوتی ہے۔ سبھی سر گرمیاں لاشعوری اور شعوری کیفیت کی علمبر دار ہیں۔

دراصل شاعر و مصنف کی تخلیق اس کے ایسے نفسیاتی محرکات کی علمبر دار ہوتی ہے جن کو وہ اخلاقی اقدار و سماج کے اصولوں کی تقلید کے باعث انجام نہیں دے پاتے ہیں اور انہیں نامکمل خواہشات کو تخلیق کی شکل میں قاری کے سامنے رکھتے ہیں اور شاعری کی صنف غزل میں موضوع کے اعتبار سے یہ آسمانی ہے کہ شاعری میں جب چاہے جن حالات میں ہو دوسطر میں اپنی کیفیت کا اظہار کر سکتا ہے۔ اس میں کسی بھی موضوع کو تسلسل سے بیان کرنے کے لئے مجبور نہیں ہونا پڑتا ہے۔

نظم اور تحلیل نفسی:

لغت کے اعتبار سے نظم کے معنی ہیں آراستہ یا موزوں کرنے کے۔ اس کے دیگر معنی کسی چیز کے مختلف اجزا کو ترتیب سے جوڑنے یا لڑی میں پرونے کے ہیں۔ اردو نظم کے حوالے سے ڈاکٹر شمس الرحمٰن فاروقی رقم طراز ہیں کہ :

" نظم کی آسان اور جامع تعریف یہ ہے کہ ہر وہ منظوم کلام جو غزل نہ ہو نظم ہے۔" ۱۳

تو وہیں شمیم احمد لکھتے ہیں کہ :

Scanned with OKEN Scanner

'' غزل کی ہئیت مخصوص ہوتی ہے نظم کے لئے کسی خاص ہئیت کی تخصیص نہیں. غزل کے اشعار میں باہمی تسلسل نہیں ہوتا، لیکن نظم کے اشعار موضوع اور خیال کے اعتبار سے ایک دوسرے میں پیوست ہوتے ہیں...''۱۴

اردو شاعری میں تمام تر ایسی شعری تخلیقات جن کے اجزاء مربوط و مستقل ہوں اور جن کی نوعیت موضوعاتی ہو، انہیں نظم قرار دیا جاتا ہے۔ ایسی نظموں سے اردو شاعری کی تاریخ مالا مال ہے۔ قلی قطب شاہ سے لے کر عصر حاضر تک ایسی بیشتر نظمیں موجود ہیں۔

'' مقدمہ شعر و شاعری'' میں شاعری کی دیگر اصناف کا ذکر اختصار کے ساتھ ملتا ہے۔ لیکن نظم کا بہ حیثیت صنف ذکر موجود نہیں ہے۔ انیسویں صدی کے وسط تک اردو شاعری میں روایت پرستی حد درجہ تھی۔ غالباً غزل کا سورج بام عروج پر تھا۔ اردو شاعری میں سب سے مضبوط روایت غزل کی تھی۔ نظم کا تصور محض کسی خاص موضوع پر تفصیل کے ساتھ اظہار خیال کرنا تھا۔ ۱۸۵۷ء کے ہنگامے ہندوستان کی سیاسی و سماجی زندگی کی طرح ادبی تاریخ پر بھی اثر انداز ہوئے۔ زندگی کے تمام شعبوں میں مغرب کے اثرات نظر آنے لگے تھے۔ مغربی زبان و ادب کی آگہی کے باعث مشرقی ادب بھی متاثر ہوا۔ اردو شاعری صدیوں کی روایتی تصورات کے پیچ و خم سے نکل کر نئی فکر اور احساس سے ہمکنار ہوئی۔ اس عہد میں ترقی پسند تحریک، علی گڑھ تحریک جیسی تحریکات نے ادب میں بے حد اہم کردار ادا کیا۔

نظم ایک ایسی تخلیقی ادبی صنف ہے جو اپنے فکری انداز اور شعری اظہار کے ذریعے انسانی جذبات، احساسات، اور تجربات کو بیان کرتی ہے۔ نظم میں فکری آزادی اور جذباتی پیچیدگی کو بیان کرنا آسان عمل ہے کیونکہ نظم میں موضوعات کی پابندی نہیں ہوتی۔ نظم میں شعور، لاشعور، اور تحت الشعور کے عناصر کا باہم ربط نہایت اہم ہے۔ ان تینوں کے درمیان باہم تعلق نظم کے تخلیقی عمل کو ممکن بناتا ہے۔ شاعر شعور کے ذریعے اپنے تجربات کو شعری قالب میں ڈالتا ہے، لاشعور سے جذباتی محرکات لیتا ہے، اور تحت الشعور کے ذریعے غیر شعوری محرکات کو نظم کی شکل میں پیش کرتا ہے۔

یہ ربط نظم میں ایک پیچیدہ نفسیاتی تجزیے کا باعث بنتا ہے۔ شاعر کے خیالات اور جذبات کی تشکیل شعور کی منطقی فہم کے ساتھ لاشعور کی غیر منطقی خواہشات اور خوف سے بھی متاثر ہوتی ہے۔ تحت الشعور ان دونوں کے درمیان ایک پل فراہم کرتا ہے، جو نظم کے تخلیقی عمل کو بہتر بناتا ہے۔ نظم کی تحلیل نفسی کے ذریعے ہم شاعر کے داخلی و خارجی محرکات کو سمجھ سکتے ہیں۔

نظم تنہائی

پھر کوئی آیا دل زار نہیں کوئی نہیں

راہرو ہوگا کہیں اور چلا جائے گا

ڈھل چکی رات بکھرنے لگا تاروں کا غبار

لڑکھڑانے لگے ایوانوں میں خوابیدہ چراغ

سو گئی راستہ تک تک کے ہر اک راہ گزار

اجنبی خاک نے دھندلا دیئے قدموں کے سراغ

Scanned with OKEN Scanner

گل کرو شمعیں، بڑھادو مے و مینا و ایاغ
اپنے بے خواب کواڑوں کو مقفل کرلو
اب یہاں کوئی نہیں، کوئی نہیں آئے گا
)فیض احمد فیض(

یہ نظم انسانی ذہن کے مختلف پہلوؤں کی عکاس ہے جو انسانی تنہائی، خوف، اور مایوسی کو ظاہر کرتی ہے۔ فیض نظم میں احساس تنہائی اور انتظار کا بیان کرتے ہیں۔ جس کے انتظار میں دل ناتواں آنکھیں بچھائے ہوئے شدت سے منتظر ہے وہ نہیں آیا اور ممکن ہے کہ وہ نہ آئے۔ ہو سکتا ہے کہ وہ کسی اور راستے کا مسافر ہو اور اسی طرف چلا گیا ہو۔ اس کا انتظار اب ختم کر دینا چاہیے کہ اب تو رات بھی ختم ہونے کے قریب ہے اور تاروں کا غبار آسمان پہ بکھر کر روشنی پھیلا رہا ہے۔ محلوں میں رات بھر جلنے والے چراغ بھی اب دم توڑنے کو ہیں۔ ہر ایک راستے کا انتظار بھی اب مایوسی کے سبب ختم ہونے کو ہے۔ وہ جو رات کے کسی پہر آرہا تھا اب اس کے قدموں کے نشان بھی اجنبی لوگوں کے قدموں کے نشانوں نے دھندلے کر دیے ہیں۔ شاعر پر مایوسی کا یہ عالم ہے کہ وہ روشن چراغ کو گل کر مئے کے نشے میں غرق ہونا چاہتا ہے اور شراب کی مقدار کو بڑھانا چاہتا ہے کہ (محبوب کے نہ آنے کے غم کو دور کرے) تم اپنے بے خواب دروازوں کو بند کر لو کیونکہ اب یہاں کوئی نہیں آیا اور نہ اب کسی کے آنے کی امید باقی ہے۔ انتظار بے سود ہے۔

فیض احمد فیض کی اس نظم کی تحلیل نفسی سے یہ واضح ہوتا ہے کہ یہ نظم شدید انتظار کے جذبے کا اظہار کرتی ہے کہ شاعر اپنے محبوب کا انتظار کر دنیا کی بے ثباتی کا ذکر کرتا ہے۔ لیکن اس کے بر خلاف یہ نظم آزادی کی خواہش کا بھی مظہر ہے۔ چونکہ آزادی بھی کسی محبوبہ سے کم نہ تھی۔ اس کا حصول تصور ہی تسلیم کیا جارہا تھا اور جذبہ، خواہش، شدت سے پیدا ہونے والا جذبہ شاعر کو نظم کے آخر میں مایوس کر دیتا ہے۔ ناخوشگوار یادوں میں مبتلا کر دیتا ہے۔ نفسیات میں اس جذبہ کے لئے امتناع (Supersession) کی علامت کی ذکر ملتا ہے۔ فرد اس احساس کی بنا پر شعور میں موجود وہ ناخوشگوار یادوں کو باہر نکالتا ہے جو موجود ہوتی ہیں۔ غالباً شاعر کے ذہن میں آزادی کی خواہش کچھ ایسا ہی درجہ رکھتی ہے۔ یوں تو شعری صنف ایک پہلو میں بیشتر معنی و مفہوم رکھتی ہے مگر معنویت اس تخلیق کی یہ ہے کہ وہ کن حالات کے باعث وجود میں آئی اور تخلیق کار نے کیونکر اس کی تخلیق۔ تخلیق کے زیر اثر احساس و جذبات کے ساتھ ساتھ وقت و حالات کی بھی ترجمانی ہوتی ہے۔ شاعر کے ہیجان پر احساس کمتری کا شدید غلبہ طاری ہوتا ہے کہ اس احساس میں شدت کے باعث کمتری، کمی، حقارت کا احساس ایک الجھاؤ (Complex) کی شکل اختیار کر لیتا اس کیفیت کو احساس کمتری (Inferiority Complex) کہتے ہیں۔ یہ نفسیاتی الجھاؤ انسان کی شخصیت اور اذہان میں مثبت محرکات اور نامرادی کی آپسی جدوجہد کا اظہار ہے۔ اسی نفسیاتی الجھاؤ کی وجہ سے محرومی (Deprivation) کا جذبہ سرگرم عمل ہوتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ہمیں شاعر کی شخصیت میں جذباتی انتشار (Dementia) کا بھی دخل نظر آتا ہے۔ اس کیفیت میں انسان کے جذبات میں ہم آہنگی نہیں پائی جاتی ہے اور وہ بکھرے بکھرے نظر آتے ہیں۔ کبھی فرد کے ذہن میں کچھ خیالات جگہ بناتے ہیں تو کبھی ذہن دوسری گرہ میں بندھ جاتا ہے جس کا اظہار نظم کے آخری اشعار سے ہوتا ہے۔

لہذا نظم کے اس تجزیہ کی رو میں ہم دیکھ سکتے ہیں کے نظم اور تحلیل نفسی (Psychoanalysis) کے درمیان گہرا تعلق موجود ہے جیسا کہ نظم انسانی جذبات، لاشعوری خیالات، اور نفسیاتی حالتوں کے اظہار کا اہم ذریعہ ہے۔ نظم کی ساخت اور اس کے موضوعات اکثر انسانی نفسیات کے پیچیدہ

Scanned with OKEN Scanner

پہلوؤں کی عکاسی کرتے ہیں۔ نظم کے تخلیقی عمل میں شاعر اپنے لاشعوری کیفیت کا اظہار کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ نظم میں مختلف علامات، تشبیہات، اور استعارات، خیالات اور احساسات کو بیان کیا جاتا ہے جس کا اظہار شعوری طور کرنا ممکن نہیں اور انہی تمام محرکات کو ہم تحلیل نفسی کے ذریعے بہتر طور پر سمجھے جا سکتے ہیں۔

مثنوی اور تحلیل نفسی:

اردو کے کلاسیکی ادب میں مثنوی کو ایک اہم مقام حاصل ہے۔ صنفی و ہیتی اعتبار سے اس صنف کا دائرہ اتنا وسیع ہے کہ اس صنف سخن میں مختصر سے طویل قصے کہانی اور واقعات مسلسل تسلسل کے ساتھ بیان کئے جا سکتے ہیں۔ خواہ ان کا تعلق رزم سے ہو یا بزم سے۔ مقدمہ شعر و شاعری میں الطاف حسین حالیؔ نے ادب میں مثنوی کی کارفرمائی اور کار آمد ہونے کی وضاحت ان الفاظ میں کی ہے۔

'' مثنوی، اصناف سخن میں سب سے زیادہ مفید اور بہ کار آمد صنف ہے..... یہی وہ صنف ہے جس کی وجہ سے فارسی شاعری کو عرب شاعری پر ترجیح دی جاسکتی ہے..... عرب ، شاہ نامے کو قرآن العجم کہتے ہیں۔ اور اسی لئے مثنوی معنوی کی بہ نسبت " هست قرآن در زبان پہلوی کہا گیا ہے ..''۱۵

جیسا کہ تسلیم شدہ ہے کہ ادب زندگی کا آئینہ ہے لہذا یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ صنف مثنوی اپنے خالق اور عہد و زماں کی ترجمان ہوتی ہے۔ مثنوی ہی سے سماجی رسومات، عقائد، مذہبی و اخلاقی اقدار کا علم ہوتا ہے۔ مثنوی شاعر کے ذہنی داخلی و خارجی تاثرات کا مرقع ہوتی ہے۔ ایک مثنوی نگار، ناول نگار کے مانند ہی واقعات و قصوں میں توازن اور تناسب کا پورا خیال رکھتا ہے۔ صنف ثنوی کی ابتداء کی تلاش میں جب ہم تاریخ کی ورق گردانی کرتے ہیں تو مثنوی کا آغاز ہمیں فارسی ادب تک لے جاتا ہے۔ ڈاکٹر وہاب اشرفی مثنوی کے آغاز کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ :

'' صنف مثنوی شعرائے فارسی کی دین ہے۔ اہل فارس نے اس صنف کی ابتداء ہی نہیں کی بلکہ اس کو بام و عروج تک پہنچا دیا۔''۱۶

اردو کے قدیم دور میں صوفیائے کرام نے دین کی تبلیغ و تلقین علم و واعظ کے لئے جس زبان کا سہارا لیا وہ قدیم اردو ہی تھی۔ چونکہ یہ زبان عام بول چال کے اعتبار سے سہل سمجھی گئی جس کے ذریعے اپنی بات دوسروں تک پہنچانا اور ان کو سمجھانا آسان ہو سکا لہذا یہ دور شعری نشست پر منحصر نظر آتا ہے۔ چنانچہ اس وقت کے اردو کے نقوش ہمیں شعری ہئیت میں شاعری کی شکل میں ملتے ہیں اور یہی شاعری صنف مثنوی کی شکل میں ملحوظ رہی۔ '' **اردو مثنوی کے ارتقاء**'' میں عبدالقادر سروری لکھتے ہیں کہ مختصر مثنوی کے قدیم ترین نمونوں میں حضرت شیخ فرید شکر گنج کی چند صوفیانہ مثنویاں پائی جاتی ہیں تو وہیں حافظ محمد شیرانی '' **پنجاب میں اردو**'' اور مولوی عبدالحق اپنے متعدد مضامین میں ان کی غزل و مثنویوں کے نمونے پیش کرتے ہیں جو بابا شیخ فرید شکر گنج کے نام سے ۶۶۴ ھ سے منسوب ہیں۔

دکن میں اردو شاعری کا باضابطہ آغاز صنف مثنوی سے ہوتا ہے۔ اردو میں سب سے پہلے رکن میں مثنوی لکھی گئی لہذا مثنوی نگاری کی اولیت کا سہرا دکن کے سر اندھا جاتا ہے۔ عبدالقادر سروری اپنی معروف تصنیف **''اردو مثنوی کا ارتقاء''** میں رقمطراز ہیں ہیں کہ :

Scanned with OKEN Scanner

'' اردو میں موجودہ مثنوی کا حقیقی ڈول گجرات اور دکن میں ڈالا گیا۔ اوردکن کے مراکز بیجا پور اور گولکنڈہ کے شعراء نے خاص طور پر اس صنف شاعری کو ترقی دی۔''۱۷

اردو ادب کی پہلی مثنوی کے حوالے سے یہ بات تسلیم کی جاتی ہے کہ اردو کی پہلی مثنوی **کدم راؤ پدم راؤ** ہے اور اس مثنوی کے خالق فخر الدین نظامی'' **تاریخ ادب اردو** میں ڈاکٹر جمیل جالبی صراحت کے ساتھ لکھتے ہیں کہ :

'' اردو زبان کی پہلی مثنوی '' کدم راؤ پدم راؤ '' ہے جس کے مصنف فخر الدین نظامی ہیں ۔''۱۸

کدم راؤ پدم راؤ کو اردو زبان کی پہلی مثنوی کا درجہ اس لئے بھی حاصل ہے چونکہ یہ اس وقت کی وہ پہلی تصنیف ہے جو مثنوی کی ہئیت میں لکھی گئی۔ چنانچہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ اردو میں مثنوی نگاری کا باضابطہ آغاز دکن میں ہوا۔

اردو مثنوی کے آغاز کے حوالے سے محققین کی رائے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ مثلاً نصر الدین ہاشمی کے مطابق مثنوی کا آغاز دکن سے ہوا ہے تو وہیں پروفیسر عبدالقادر سروری اس کی ابتداء شمالی ہند میں ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں :

'' ۔۔اردو کے ابتدائی ریختوں کے بعد سب سے پہلے جو نظمیں ہمارے سامنے آتی ہیں وہ مختصر مثنویاں ہیں جو کم و بیش نویں صدی ہجری سے لے کر گیارہویں صدی ہجری کے اوائل تک لکھی گئی ہیں۔۔۔۔۔۔۔ ابتدائی دور کی چھوٹی نظمیں علمائے دین اور صوفیائے کرام کے ارشادات اور ملفوظات پر مشتمل ہیں۔ اور مثنوی کی شکل میں ہیں۔۔۔''۱۹

خواہ اردو مثنوی کا آغاز شمالی ہند میں ہوا لیکن اس صنف سخن نے دکن کے دامن کو مالا مال کیا۔ جہاں تک شمالی ہند میں مثنوی کے آغاز و روایت کا سوال سامنے آتا ہے تو ہمیں یہاں محققین کی رائے میں اتفاق ملنا مشکل معلوم ہوتا ہے چونکہ بعض محققین بابا فرید گنج شکر کو پہلا مثنوی نگار شاعر تسلیم کرتے ہیں۔ تو وہی دیگر محققین یہ نتائج اخذ کرتے ہیں کہ شمالی ہند کے پہلے مثنوی نگار شاعر بابا فرید نہیں بلکہ افضل ہے۔ اس حوالے سے ڈاکٹر گیان چند جین لکھتے ہیں کہ :

'' شمالی ہند کی پہلی مکمل مثنوی افضل کی بکٹ کہانی ہے۔ اس میں بارہ ماسہ کی طرز میں ایک برہا کی ماری نازنین اپنے شوہر کو یاد کرتی ہے۔ یہ موضوع ہندی شاعری سے لیا گیا ہے۔ اردو میں مرد کے جذبات اور تجربات رقم کرنے کی روایت ہے۔ بکٹ کہانی میں موضوع کے ساتھ ساتھ اسلوب بیان بھی ہندی شاعری سے متاثر ہے۔۔۔''۲۰

لہذا ابعد کی تحقیق کو تسلیم کر محققین افضل کو پہلا مثنوی نگار شاعر اور بکٹ کہانی کو شمالی ہند کی پہلی اردو مثنوی کے طور پر قبول کرتے ہیں۔ مثنوی کے اس سلسلے کو آگے بڑھاتے ہیں اور میر تقی میر کی مثنوی '' مثنوی معاملات عشق'' کا تحلیل نفسی کی رو میں جایزہ لیتے ہیں کہ کس طرح انسانی احساس و جذبات اور داخلی محراکات انسان کی شخصیت کے پوشیدہ پہلوؤں کو علمبردار بنتے ہیں۔ یہاں اس مثنوی کے چند اشعار ملاحظہ ہو۔

مثنوی معاملات عشق

کیا بیاں خوبی شکم کو کرے دیکھنے سے کبھو نہ پیٹ بھرے
صدر کے ناحیے سے لے تا ناف چپ کی جگہ ہے کیونکے کہیے صاف

Scanned with OKEN Scanner

اس سے پر آگے غنچہ گل ہے یاں سخن بابت تامل ہے

پردے میں بھی جو کچھ کہا جاوے آپ سے تو نہ تک رہا جاوے

کیو پڑی ران پر نظر تا ساق اس بن اب زندگی ہوئی ہے شاق

وہ قدم کاش فرق سر پر ہو ساق سیمیں مری کمر پر ہو

واسطے جس کے تھا میں آوارہ ہاتھ آئی مرے وہ مہ پارہ

گہ گئے دست دی ہم آغوشی ہم سری ہم کناری ھم دوشی

چند روز اس طرح رہی صحبت پیار اخلاص رابطہ الفت

مذکورہ اشعار میر کے جذبہ جنسیت کی نشاندہی کرتے ہیں جس میں ان کا محبوب ایک مخالف جنس "Hetro-sex" ہے۔ میرؔ کے عشق کے یہ دونوں پہلوان کے عشق مجازی کے محرکات پر روشنی ڈالتے ہیں۔ اور اس مثنوی کے گہرے مطالعے سے میرؔ کی زندگی کے جنسی اور رومانی پہلو سامنے آتے ہیں۔ جیسا کہہ ہم جانتے ہیں کہ ادب دبی ہوئی خواہشات کے اظہار کا ایک بہترین ذریعہ ہے جس کی مدد سے خالق ذہنی کشمکش اور داخلی محرکات کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔ لہذا یہ کہا جاسکتا ہے کہ میر نے اس مثنوی کو اپنے تصورات عشق کو اپنے داخلی واضطرابی کشاکش و کشمکش سے نجات پانے اور اپنی خواہشات کی تسکین کا ذریعہ بنایا ہے جس کے اظہار سے اضطرابی کشاکش سے نجات حاصل ہو۔ جو خالق کی تخلیق میں شعوری یا لاشعوری طور پر واضح ہوتے ہیں۔

لاشعور انسانی ذہن کا وہ حصہ ہے جہاں اس کے غیر اخلاقی و معیاری اور جنسی خیالات جمع ہوتے ہیں۔ جس کا اہم خطہ اڈ ہے جو انسان کی تمام جبلتوں کا مرکز ہے۔ قوت اڈ فرد کی نشاط و مسرت اور اس کی آسودگی کے لئے ہمیشہ سر گرم عمل رہتی ہے۔ لہذا یہ انسان کی تسکین کیلئے کسی بھی اقدار و قوائد کی پابند نہیں ہوتی اور کسی نہ کسی وسیلے سے فرد کی خواہش کو پائے تکمیل تک پہنچا کر ہی دم لیتی ہے۔

اس مثنوی کے مطالعہ سے واضح ہوتا ہے کہ شاعر کی شخصیت میں " قوت اڈ کی سرگرمیاں عروج پر ہیں چونکہ جب شاعر کی خواہشات جو اس کے محبوب سے وابستہ تھی وہ پایائے تکمیل تک نہیں پہنچتی اور اس کی خواہشات تسکین نہیں پاتی اور کوئی ہیلہ ناآسودہ خواہشات کی تکمیل کا مہیا نہیں ہوتا تو" قوت اڈ شاعر کو ہم جنسیت کی جانب مرغوب کرتی ہے تاکہ وہ ناآسودہ خواہش کسی صورت آسودگی حاصل کر سکے جبکہ یہ ایک غیر فطری عمل ہے۔ لیکن پھر بھی میر کے یہاں آمرد پرستی کے نمایاں نقوش ملتے ہیں۔ اس کے علاوہ شاعر کے کلام و مزاج میں ایک جارہانہ رویہ 'ہر جائی' لفظ کی شکل میں نمایا ہوتا ہے۔ جس کے سبب انہیں ایذا طلبی میں سکون ملنے لگتا ہے۔ غالباً شاعر کے یہاں عشق مجازی کے مختلف عناصر نظر آتے ہیں۔ مثلاً میر Hetro-sex سے Homo-sexاور اس کے بعد انحراف نفسی " sexual pervesion اور "Sexual Perversion مسوکیت Masochism کی طرف دلچسپی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ ان عناصر کی وضاحت کے لئے درج ذیل اشعار ملاحظہ ہوں:

ہماری چاہ نہ یوست ہی پر ہے موقوف

نہیں ہے وہ تو کوئی اور اس کا بھائی ہو

(Sexual Perversion)

Scanned with OKEN Scanner

اتنا کہا تھا فرش تری رہ کے ہم ہوں کاش

سو تو نے مار مار کے آ کر بچھا دیا

(Masochism)

لہذا میرؔ کے تصورات عشق کے نفسیاتی نقطۂ نگاہ سے دیکھنے کے بعد یہ نتائج اخذ کیے جا سکتے ہیں کہ میر کا عشق سراسر جنسیت کا حامی تھا جو دیگر عناصر پر بنی رہا۔ بے شک میرؔ کی دردمندی اور ان کے تصورات عشق نے انہیں اردو ادب میں ایک اعلیٰ مقام عطا کیا لیکن ان کے دردمندانہ حالات اور جنونی کیفیت اور افسردگی نے انہیں ہمیشہ انتشار ذات کا شکار رکھا۔

تحلیلِ نفسی سے اردو مثنوی کا گہرا ربط، اس صنف میں بیان کردہ کہانیوں، کرداروں، اور جذباتی کیفیتوں کے نفسیاتی پہلوؤں کے ذریعے سمجھا جا سکتا ہے۔ مثنوی، جو عام طور پر محبت، المیہ، یا صوفیانہ موضوعات پر مبنی ہوتی ہے، انسانی جذبات، خواہشات، اور ذہنی کشمکش کو شعری انداز میں پیش کرتی ہے۔ فرائڈ کے نظریات کے تناظر میں مثنوی میں کرداروں کی خواہشات (Id)، ان کے اعمال اور فیصلے (Ego)، اور اخلاقی یا روحانی اقدار (Superego) کے درمیان جدوجہد کا مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً، مثنوی میں عاشق اور معشوق کے درمیان محبت کی داستانیں داخلی جذبات اور سماجی اصولوں کے مابین تصادم کی عکاسی کرتی ہیں، جبکہ صوفیانہ مثنویاں انسانی انا کو مٹا کر روحانی تکمیل کی جانب سفر کو اجاگر کرتی ہیں۔ یوں مثنوی تحلیلِ نفسی کے اصولوں کو ادبی شکل میں پیش کرتی ہے، جہاں قاری اپنے اندرونی جذبات اور ذہنی پیچیدگیوں کی عکاسی محسوس کرتا ہے۔

قصیدہ اور تحلیل نفسی:

'' قصیدہ ''لفظ '' قصد سے نکلا ہے جس کے معنی ہیں مقصود چونکہ اس نظم میں شاعر کا ایک خاص مقصد (مدح یا ہجو وغیرہ) ہوتا ہے، اس لئے یہ نام رکھا گیا۔ قصیدے کی دو قسمیں ہیں۔ اول تمہید یہ ، یہ وہ قصیدہ ہے جس میں اول چند اشعار بطور تمہید کہہ کر مدح یا ہجو وغیرہ شروع کر دیں دوسرے خطابیہ ، دو قصیدہ ہے جس میں بغیر تمہید، ابتدا ہی سے مدح یا ہجو وغیرہ کہی جائے .....''۲۱

اردو ادب کی تمام اصناف میں قصیدہ کو وہی حیثیت حاصل ہے جو انسانی جسم میں دماغ کو حاصل ہے لہذا اس صنف کو مغز سخن تصور کر "قصیدہ" کے نام سے موسوم کیا گیا۔ اس صنف کو دیگر اصناف میں بھی فوقیت حاصل ہے کیونکہ اس کے دامن میں اتنا تنوع ہے کہ کوئی بھی موضوع یا مضمون تسلسل کے ساتھ غزل کی ہئیت میں بیان کیا جا سکتا ہے۔ ہئیتی اعتبار سے قصیدہ کی اہمیت اس بات پر بھی مضمر ہے چونکہ اس کے بطن سے غزل جیسی شاندار صنف سخن پیدا ہوئی۔ لہذا اس صنف کی بہت حد تک وہی ہئیت ہے جو غزل کی ہوتی ہے۔ صنف قصیدے میں مضامین و خیالات کا اظہار مسلسل و مربوط شکل میں کیا جاتا ہے اور اپنے موضوع کے اعتبار سے ہر قصیدے کا کوئی نہ کوئی ایک عنوان بھی ہوتا ہے۔ مثلاً در مدح عالمگری ثانیم (در مدح نواب آصف الدولہ) اور در منقبت حضرت علی وغیرہ۔ مشرقی شعر و ادب میں صنف قصیدہ دور جاہلیت کی دین ہے جہاں سے شاعری کی ابتداء ہوتی ہے۔ عربی شاعری میں قصیدے کو ایک اہم جگہ حاصل ہے۔ ظہور اسلام سے قبل ''عکاظ'' کے میلوں میں ہر سال بہت سے قصائد پڑھے جاتے تھے۔ اس عہد میں شہر عرب میں شعر و ادب کے بازار لگائے جاتے تھے۔ ان بازاروں کا نام عکاظ مجنہ اور زوالمجاز تھا۔ یہ بازار عربوں کے لئے ایسے مراکز میں شامل تھے

Scanned with OKEN Scanner

جہاں لوگ دور دراز سے آکر ان میلوں میں اپنا کلام سناتے تھے۔ شعری ہئیت سے ان میلوں میں جس صنف کا استعمال شعرا اپنا کلام سنانے کے لئے کیا کرتے تھے وہ اصناف سخن " قصیدہ" ہوا کرتی تھی۔

عربی شاعری میں قصیدے کا موضوعی دامن بہت وسیع تر تھا۔ لیکن جب اس صنف سخن نے فارسی شاعری کے اثرات قبول کیے تو موضوعات محض مدح و ہجو تک ہی محدود ہو کر رہ گئے۔ قصیدے کے دامن کو مدح و ہجو کے موضوع میں قید کرنے کا کارنامہ فارسی شعرا نے انجام دیا۔ چونکہ فارسی اور اردو شاعری میں قصیدے کا تصور صرف ایسے موضوعات پر بنی ہے جن میں پند و نصیحت، اخلاق و حکمت، گردش زمانہ اور کیفیت پیار وغیرہ ہیں۔ نوعیت کے اعتبار سے قصیدے کی مختلف اقسام ملتی ہیں۔ ظاہری شکل کے پیش نظر ' تمہیدیہ 'اور 'خطابیہ' اور موضوع کے لحاظ سے مدحیہ، وعظیہ، عشقیہ، حالیہ، اور فخریہ ہیں۔ اردو ادب میں جب ہم قصیدے کی ابتدا سے ارتقا کی جانب بڑھتے ہیں اور جائزہ لیتے ہیں تو یہ بات واضح ہوتی ہے کہ صنف قصیدہ فارسی کے ذریعہ عربی شاعری سے اردو شاعری میں داخل ہوا۔ اردو کے سامنے ابتدا ہی سے فارسی قصائد کے نمونے تھے۔ لہذا اردو میں ہمیں ابتدائی دور میں کوئی کامیاب شاعر نظر نہیں آتا۔ جیسا کہ اردو ادب کا آغاز دکن سے ہوا۔ وہاں شعراء کے دو طبقے ملتے ہیں۔ ایک طبقہ بادشاہوں کا دوسرا طبقہ درویشوں کا۔ لہذا اس طرح ولی سے پہلے قصیدہ کا رواج نہیں ملتا۔ ولی دکنی نے جو قصیدہ حضرت شاہ وجیہ الدین کی مدح میں لکھا وہ بھی دکنی زبان میں تھا۔ ولی نے کئی قصائد لکھے۔ کچھ عرصہ کے بعد صنف قصیدہ کا زریں عہد شروع ہوا۔ یہ زمانہ سودا کا تھا۔ ذوق، غالب اور مومن جیسے عظیم شعراء نے بھی اس صنف سخن میں طبع آزمائی کی اور پھر صنف قصیدہ کی روایت شروع ہوئی اور مختلف مدح و ہجو میں دیگر موضوعات پر قصائد لکھے گئے۔

ابتدا میں قصیدے کا تعلق حقیقت نگاری سے تھا لکن رفتہ رفتہ حقیقت نگاری کی جگہ تمثیل نے لے لی۔ صلہ، انعام واکرام کی چاہ نے اس رنگ کو اور دوبالا کر دیا۔ ذاتی اوصاف، طبقاتی اوصاف میں تبدیل ہو گئے اور نتیجہ یہ ہوا کہ قصیدہ حقیقت نگاری سے بہت دور ہو گیا۔ مدح و ستائش کی روایت قائم ہو گئی۔ پھر اس صنف میں فقط صاحب اقتدار کی شجاعت، عدل، رعب اور دبدبے کی تعریفیں کی جانے لگیں۔ مدح و ستائش کی بنا پر قصیدہ صرف درباروں کی زینت بن کر رہ گیا اور درباروں سے وابستہ ہونے کے باعث جلد زوال کی جانب بڑھنے لگے چونکہ جیسے جیسے دربار ختم ہوئے قصیدہ بھی زوال پزیری کی راہ پر گامزن ہونے لگا۔ محسن کاکوروی نے صنف قصیدہ میں طبع آزمائی کی اور نعتیہ و قصائد لکھ کر اس صنف کو جلا بخشی۔

جس طرح ادب کے زیر اثر انسانی زیست کی ترجمانی کی جاتی ہے لہذا قصیدہ بھی ایک ایسی صنف ہے جو اپنے عہد کے ساتھ ساتھ شاعر کے مقاصد کا بھی اظہار کرتی ہے۔ چونکہ قصیدہ یا تو کسی کی فرمائش کی نظر ہے یا تو پھر ہجو کے پیرائے میں دل کی آگ کو ٹھنڈا کرنے کا ایک بہتر ذریعہ، دونوں صورتوں میں قصیدے کی تخلیق کے پیچھے کوئی نہ کوئی سبب یا مقصد پوشیدہ ہوتا ہے۔ اردو ادب میں ایسے بیشتر قصائد موجود ہیں جو کسی نہ کسی سلاطین یا نوابین کی فرمائش پر تخلیق کئے گئے یا انعام و مرتبہ کی غرض سے بھی وجود میں آئے۔

تحلیل نفسی کی طرز پر نفسیاتی نقطہ نظر سے گرچہ قصیدے کا مطالعہ کیا جائے انسانی احساسات و جذبات کی بولتی ہوئی تصویر سامنے آجاتی ہے جس میں انسانی جبلت (Instinet) جارحانہ پن (aggressiveness)، آزردگی (Resentment)، آغازیت (Initiation)، احتیاجی تناو (Need Tension)، احترام (Reverence)، اکراہ (نفرت) (Aversion)، انانیت (Egoism)، انبساط (حظ) (Pleasure)، اندرونی احساسیت (Deep Sensibility)، اور ارادہ (Will) وغیرہ جیسی مختلف نفسیاتی علامتیں مضمر ہوتی ہیں۔ جس کا

Scanned with OKEN Scanner

مطالعہ ہمیں شاعر کی داخلی کیفیت کے ساتھ خارجی احساسیت اور اس کے ارادے و مقصد سے جوڑتا ہے۔ مثال کے طور پر غالب کا یہ قصیدہ جو انہوں نے بہادر شاہ ظفر کے لئے تخلیق کیا تھا۔

مرزا اسد اللہ خاں غالب در مدح بہادر شاہ ظفر

مہر عالم تاب کا منظر کھلا
شب کو تھا گنجینہ گوہر کھلا
صبح کو راز مہ و اختر کھلا
دیتے ہیں دھوکا یہ بازی گر کھلا
موتیوں کا ہر طرف زیور کھلا
کعبہ امن و اماں کا در کھلا
راز ہستی اس پر سر تا سر کھلا
مقصدِ نہ چرخ ہفت اختر کھلا
عقدہ احکام پیغمبر کھلا
اس کے سرینگوں کا جب دفتر کھلا
واں لکھا ہے چہرہ قیصر کھلا
تھاں سے وہ غیرت مر مر کھلا
تو کہے بت خانہ آذر کھلا
منصب مردمہ و محور کھلا
پھر مہ و خورشید کا دفتر کھلا
بادباں کے اٹھتے ہی لنگر کھلا
عرض سے یاں رتبہ جوہر کھلا
بادشاہ کا رایت لشکر کھلا
اب علّوِ پایہ منبر کھلا
اب عیار آبروئے زر کھلا
اب ماں سعی اسکندر کھلا
اب فریب طغرل و سنجر کھلا

صبح دم دروازہ خاور کھلا
خسرو انجم کے آیا صرف میں
وہ بھی تھی اک سیمابا کی کی نمود
ہیں کو اکب کچھ ، نظر آتے ہیں
کچھ
سطح گردوں پر پڑا تھا رات کو
بزم سلطانی ہوئی آراستہ
شاہ روشن دل، بہادر شہ کہ ہے
وہ کہ جس کی صورت تکوین میں
وہ، کہ جس کے ناخنِ تاویل سے
پہلے دارا کا نکل آیا ہے نام
روشناسوں کی جہاں فہرست ہے
نوسنِ شہ میں ہے وہ خوبی کہ جب
نقش پا کی صورتیں وہ دلفریب
مجھ پہ فیض تربیت سے شاہ کے
پھر ہوا مدحت طرازی کا خیال
خامے نے پائی طبعیت سے مدد
مدح سے ممدوح کی دیکھی شکوہ
مہر کانپا، چرخ چکر کھا گیا
بادشہ کا نام لیتا ہے خطیب
سکہ شہ کا ہوا ہے روشناس
شاہ کے آگے دھرا ہے آئینہ
ملک کے وارث کو دیکھا خلق نے

جیسا کہ لفظ **"قصیدہ"** سے واضح ہے کہ ارادی طور پر کسی کی مدح و تعریف بیان کرنا۔ مرزا غالبؔ نے یہ قصیدہ بہادر شاہ ظفرؔ کی مدح میں لکھا۔ جس کا کچھ حصہ ہم نے اپنے مضمون میں شامل کیا ہے۔ یوں تو قصیدے میں نفسیات کی بیشتر علامتیں ملتی ہیں لیکن یہاں قصیدے کے جو اشعار پیش کئے ہیں ان کا مقصد نفسیات کی روشنی میں موجود علامتوں و اصطلاحوں کو واضح کرنا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

لفظ ارادہ (will) سے کسی کی تعریف کرنا انسان کے اس جذبے کے پس پشت اس کی کوئی خواہش (Desire) پوشیدہ ہوتی ہے۔ جس کا وہ حصول چاہتا ہے۔ جو فرد کی آسودگی (satisfaction) کا باعث بنتی ہے۔ لیکن یہاں خواہش کی ایک قسم وضعی خواہشات Conventional Desire کارفرما ہے۔

وضعی خواہشات کے حوالے سے سید اقبال امروہوی لکھتے ہیں کہ :

'' یہ خود ساختہ خواہشات ہیں جنہیں افراد اپنی اپنی ضروریات کے مطابق اپنا لیتے ہیں۔ یہ ایسی خواہشات ہیں جن کے بغیر بھی انسان حیاتیاتی اعتبار سے زندگی گزار سکتا ہے .....'' ۲۲

الغرض یہ نفسیاتی اصطلاح اس قصیدے کا بنیادی جز ہے۔ اس کے علاوہ دوسری اہم علامت احترام (Reverence) کی ہے جو کہ ایک جذبے کی نوعیت رکھتی ہے۔ چونکہ غالب نے مغلیہ شہنشاہ بہادر شاہ ظفر کے احترام اور مرتبہ میں خاور، گوہر، خسر وانجم، مہ واختر اور کواکب وغیرہ جیسے الفاظ سے کام لیا ہے۔ جس کا اظہار دیگر تشبیہات، استعارات و کناؤں سے کرتے ہیں۔

جب فرد کو کسی شے کا ادراک ہوتا ہے تبھی عمل سے رد عمل کا سلسلہ جاری ہوتا ہے۔ اس قصیدے میں ادراک توجہ (Perception & Attention) کا دخل ملتا ہے۔ ادراک میں توجہ خصوصی اہمیت کی حامل ہے۔ اس کی بنیاد پر ارادہ کرنے کا عمل انجام دیا جاتا ہے۔

اس قصیدے میں بادشاہ کی شان واحترام میں جن الفاظ کا استعمال کیا گیا ہے اس کا لب لباب سلطان کی انفرادیت (Individuality) سے روشناس کرانا ہے۔ فطری عمل کے نقطہ نظر سے اگر چہ غالب کے اس قصیدہ کا مطالعہ کریں تو یہ صاف طور پر واضح ہوتا ہے کہ یہ قصیدہ کسی مقصد (Purpose) کے حصول کے لئے تخلیق کیا گیا تھا۔ دوسرے لفظوں میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ اس قصیدے کے تحریر کرنے کے پس پردہ غالب کی کوئی غرض شامل تھی۔ جس کے حصول کے لئے انہوں نے اس قصیدہ کو تحریر کیا۔ علم النفس میں انسان کے اس ارادی جذبے کو اس معنی کے خانے میں رکھا جاتا ہے کہ :

'' نفسیات میں البتہ اس کو ایک محرک کی حیثیت دی جاتی ہے۔ اس کے لئے جدو جہد کرنا پڑتی ہے چاہے اس کی شدت کچھ بھی ہو ۔ مقصد کا حصول خوشی اور مسرت کا باعث ہوتا ہے....'' ۲۳

بلا آخر خواہش کی تسکین اس قصیدے کا حاصل ہے۔ یا یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ کسی بھی عمل اور رد عمل کے لئے انسان کی خواہشات اسے کسی بھی عمل کو انجام دینے پر آمادہ کرتی ہے۔ اور یہ امر انسانی ذہنی قوت اڈ، انا اور فوق النا کے ذریعے عمل میں آتا ہے جس کے ذریعے مقصد (Purpose) کو مقصد (Aim) میں تبدیل کرنے کا فریضہ انجام دیا جاتا ہے۔ لہذا اس طرح انسان کا مقصد اس کی خواہش کے ذریعے اس کی تسکین کا ذریعہ بنتا ہے جس پر انسانی زندگی کا دارومدار ہے۔ قصیدے کی مخصوص ساخت، جو تمہید، مدح، اور نتیجے پر مشتمل ہوتی ہے، نفسیاتی تسلسل کی عکاسی کرتی ہے۔ قصیدے میں صرف ظاہری مدح وثنا یا ہجو شامل نہیں ہوتی، بلکہ یہ انسانی نفسیات کے پیچیدہ پہلوؤں کو بھی نمایاں کرتا ہے۔ قصیدہ شاعر کے لاشعور، جذبات، اور سماجی رویوں کی عکاسی کرتا ہے، جسے تحلیل نفسی کے ذریعے بہتر طور پر سمجھا جاسکتا ہے۔ اس طرح قصیدہ نہ صرف ادبی صنف ہے بلکہ انسانی ذہن کے نفسیاتی سفر کی ایک جھلک بھی ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

مرثیہ اور تحلیل نفسی:

مرثیہ اردو ادب کی ایک مشہور اور اہم صنف سخن ہے۔ لفظ مرثیہ عربی کے لفظ '' رثا'' سے اخذ کیا گیا ہے۔ جس کے معنی ہیں **میت پر رونا**۔ اس صنف سخن میں اپنے کسی عزیز کی موت پر اظہار غم کرنے کے مرحلے کو قید کیا جاتا ہے۔ سب سے پہلے مرثیہ عربی زبان میں لکھے گئے۔ عرب سے یہ صنف سخن فارسی میں منتقل ہوئی اور پھر اردو ادب میں اس نے جگہ پائی۔

'' 'مرثیہ' '' رثا ''سے متشق ہے جس کے معنی مردے پر رونے کے ہیں۔ واقعہ کربلا سے بیشتر عرب میں مرثیہ لکھنے والے اپنے کسی عزیز یا برگزیدہ شخصیت کے مرنے پر جو اشعار کہتے تھے مرثیہ کہلاتے تھے۔ لیکن اب مرثیے کا اطلاق ان اشعار پر ہوتا ہے جو واقعہ کربلا سے متعلق ہوں اور جن میں سید الشہدا، حضرت امام حسینؓ ، اہل بیتؓ اور ان کے انصارؓ و اعوانؓ کی شہادہؓ اور ان کے مصائب پر اظہار غم کیا جائے ۔ مرثیہ کہلاتے ہیں...'' ۲۴

اردو ادب میں مرثیہ کی ابتد دکن سے ہوئی۔ بہمنی سلاطین شیعت کی جانب مائل تھے اسی وجہ سے شعراء میں حضرت امام کو خراج عقیدت پیش کرنے کا رجحان روز بروز بڑھتا گیا۔ دکن میں شاعری کی ابتداء فاری شعراء کے کلام سے ہوئی۔ چونکہ یہاں دکنی زبان عام طور پر مروج تھی اس لحاظ سے مرثیہ دکنی زبان میں لکھے گئے۔ چنانچہ ایک خاص طبقہ مرثیہ گو کا ابھر کر سامنے آیا اور کثرت سے مرثیہ لکھے گئے۔ یہ وثوق کے ساتھ تو نہیں کہا جا سکتا کہ دکنی مرثیہ کہاں سے لکھے گئے کیونکہ عادل شاہی اور قطب شاہی دونوں سلطنتوں کے بانی امامہ مذہب کے پیرو تھے اور اپنی اپنی سلطنتوں کو مذہب شیعت سے منسوب کیا کرتے تھے۔ نظام شاہی، عادل شاہی اور گولکنڈہ حکومت بھی اسی مذہب کے پیرو تھے۔ اس عہد تک قدیم در قدیم جو کتابیں سامنے آئیں وہ نظام شاہی سلطنت کے شاعر اشرف کا 'نوسر بار' ہے۔ اس کے بعد جو مرثیہ منظر عام پر آیا وہ گولکنڈہ کے مشہور و معروف شاعر وجہی کا ہے۔ اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر بھی خود مرثیہ گو تھا۔ اس عہد کے مرثیے غزل کی ہئیت میں لکھے جاتے تھے۔ دکن کے قابل ذکر مرثیہ نگاروں میں قلی قطب شاہ، برہان الدین جانمؔ، ملا وجہیؔ، غواصیؔ، عبداللہ قطب شاہ، سیوکؔ، فائزؔ، لطیف نوریؔ، افضلؔ کاظم اور شاہی وغیرہ ہیں۔

شمالی ہند میں دکن کے مقابل مرثیہ گوئی کا زمانہ بہت بعد میں ملتا ہے۔ تقریباً شمالی ہند میں صنف مرثیہ کا آغاز بارہویں صدی ہجری میں ہوتا ہے۔ اپنے ابتدائی عہد میں مرثیے قصیدے کی ہئیت میں لکھے گئے۔ پھر رفتہ رفتہ مرثیہ نے مسدس کی ہئیت اختیار کی۔ اس ضمن میں مقارش حسین رضوی لکھتے ہیں کہ:

'' شمالی ہندوستان میں اس صنف سخن کی طرف کب توجہ کی گئی اس کا ٹھیک ٹھیک پتہ نہیں چلتا مگر قائم دہلوی کو پہلا مرثیہ کہنے والا کہا جا سکتا ہے۔ قائم دہلوی کا ذکر شیخ چاند نے اپنے مقالہ سودا میں کیا ہے اور اسے محمد شاہ دہلی سے بہت پہلے کا بتایا.... مگر قائم دہلوی سے بھی پہلے روشن علی سہارنپوری (سہارنگ پور) نے روضہ الشہداء کے انداز کی ایک طویل نظم "عاشور نامہ" کے نام سے لکھی....'' ۲۵

اردو ادب میں دلّی کے حوالے سے جس مرثیہ گو شاعر کو اولین مقام حاصل ہے وہ ہیں سوداؔ۔ سودا نے بیشتر مرثیے لکھے جہاں ہمیں دہلی میں سودا جیسا مرثیہ گو شاعر نظر آتا ہے وہیں دبستان لکھنو میں بھی دیگر شعراء منظر عام پر آئے جنہوں نے اس صنف میں طبع آزمائی کی۔

Scanned with OKEN Scanner

اردو ادب میں مرثیہ دو طرز پر منحصر ہیں اول (شہید) میدان کربلا کے واقعات پر مبنی عشق حقیقی میں امام حسینؓ اور ان کے گھرانے کی قربانی کی سرگشت سنائی دیتی ہے۔ صنف مرثیہ کا مکمل منظر نامہ درد والم، آہ وبکا کی سرزمین پر آباد ہے۔ اور دوسرے شخصی مرثیہ جو اپنے کسی عزیز کی موت سے جدا ہونے اور اس کی جدائی کے الم کو بیان کرتا ہے۔ دونوں ہی اعتبار سے اردو زبان میں بے حد مواد موجود ہے جیسا کہ جہاں مرثیہ کا ذکر ہوتا ہے انسانی ذہن فوری طور پر میدان کربل کے منظر نامے تک جا پہنچتا ہے۔ جہاں میدان کربلا میں ہونے والے دل انگیز واقعات کی منظر کشی کی گئی ہے۔ اس مرثیہ کا مطالعہ انسانی ذہن و قلب کو اس قدر متاثر کر دیتا ہے کہ قاری وہ تمام رنج والم اپنی ذات میں محسوس کرتا ہے۔ جیسا کہ وہ اپنے کسی عزیز کی مرگ ناگہانی میں کرتا ہے۔ اس کیفیت کو فراموش کرنا ممکن نہیں۔

اردو ادب میں بیشتر تخلیقات ایسی موجود ہیں جو واقعات کربلا اور شخصی مرثیہ پر منحصر ہیں۔ لہذا یہاں ''حضرت علی اصغر'' مرثیہ کا نفسیاتی نقطہ نظر سے تجزیہ پیش کرنا مقصود ہے۔ جو کہ مرزا سلامت علی دبیر کی از حد معروف تخلیق ہے جس میں شیر خوار بچہ پانی نہ ملنے کے باعث بے جان ہو جاتا ہے۔ اس مرثیہ میں بچہ کی اس حالت پر اس کی ماں کی کیفیت کا بیان ہے۔

مرثیہ حضرت علی اصغر

بانو کے شیر خوار کو ہفتم سے پیاس ہے بچے کی نبض دیکھ کے ماں بے حواس ہے
نے دودھ ہے نہ پانی کے ملنے کی آس ہے پھرتی ہے آس پاس، پہ جینے سے پاس ہے
کہتی ہے کیا کروں میں دہائی حسین کی
پتلی پھری ہے آج مرے نور عین کی

فریاد یا علی ! میں کدھر جاؤں یا ملی ان داغوں کو کہاں سے جگر لاؤں یا علی
کسی طرح ان کی سانس کو ٹھہراؤں یا علی پانی کا قحط ہے، میں کہاں پاؤں یا عل
پچھلے کو آنکھ کھولی تھی، اب کھولتے نہیں
روتے نہیں، ہمکتے نہیں بولتے نہیں

ہر دم سکینہ سامنے بھائی کے آتی ہے ہاتھوں میں لے کے ان کے کھیلونے دکھاتی ہے
سہلا کے ننھے تلوے، یہ رو کر سناتی ہے مان جاو بھائی جان، یہ بہنا مناتی ہے
کڑھتی ہیں اماں، آنکھ کو تم کھولتے نہیں
اللہ، ہم پکارتے ہیں، بولتے نہیں

آخر کیا یہ سب ہے بلاؤ امام کو لاؤ خدا کے واسطے لاؤ امام کو
اس بے زباں کا حال سناؤ امام کو نیلی رگیں گلے کی دکھاؤ امام کو
اکبر کا لاش لے گئے ہیں قتل گاہ میں

Scanned with OKEN Scanner

کوئی پکار لو، وہ ابھی ہوں گے راہ میں

)مرزا سلامت علی دبیر(

الغرض یہ کہا جاسکتا ہے کہ صنف مرثیہ جدائی اور اس جدائی سے ملنے والے یا نہ برداشت ہونے والے لمحات کا بیان ہے۔ تحلیل نفسی کی رو سے علم نفسیات میں اس کیفیت کے لئے محرومی (Deprivation) اکیلے پن کے خوف (Autophobia) ۔ درد و تکلیف کا خوف (Algophobia) جیسی دیگر علامتیں پائی جاتی ہیں۔ جو فرد کی اس کیفیت کا اظہار کرتی ہیں جس سے وہ وقت جدائی گزرتا ہے۔ جس معاشرے میں فرد رشتہ دار، دوست، احباب، خاندان اور گھر والوں کے ساتھ رہ کر اپنی زندگی کے مراحل طے کرتا ہے اس آپسی وابستگی جس کے ذریعہ فرد دوسرے افراد سے جڑا ہوتا ہے۔ وہ کسی نہ کسی طرح کے جذبے کی بدولت ہوتا ہے۔ اسی جذبہ کی نوعیت سے رشتے ہمکنار ہوتے ہیں اور انہی رشتوں کی بنیاد محبت پر رکھی جاتی ہے۔ غالباً اس طرح رابطے، احساس و جذبات، محبت، پیار، فکر، خیال، ناراضگی، خوشی غم جیسے محرکات کارفرما ہوتے ہیں اور یہی فکری میلان و احساس اپنوں سے جدائی کی نہ برداشتہ کیفیت فرد کو بے چین کرتی ہے اور درد والم کا احساس پیدا ہوتا ہے۔ زندگی میں ان سبھی رشتوں کی محبت اور ان کا وجود ہمارے لئے لازمی جز بن جاتا ہے جن کا نہ ہونا ہمیں بے قرار کر جاتا ہے اور ان کی موت ہمیں بے جان کر دیتی ہے۔

صنف مرثیہ انسانی ذہن کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کرتی ہے۔ جذبات، اخلاقیات، اور سماجی اقدار کے امتزاج نے مرثیے کو ایک منفرد ادبی صنف بنایا ہے، جو نہ صرف ادبی حسن کا مظہر ہے بلکہ انسانی نفسیات کے پیچیدہ گوشوں کو بھی ظاہر کرتی ہے۔ مرثیہ نہ صرف فرد کے غم کی عکاسی کرتا ہے بلکہ اسے اجتماعی سطح پر لے جاتا ہے۔ سامعین اس صنف کے ذریعے اپنے دبے ہوئے جذبات اور غم کو ظاہر کرتے ہیں، جو تحلیلِ نفسی کے "کیتھارسس " (Catharsis) کے اصول کے تحت ذہنی سکون کا باعث بنتا ہے۔ اس میں انسانی جذبات جیسے غم، صبر، خوف، اور امید کا اظہار شدت سے کیا جاتا ہے۔ تحلیلِ نفسی کے مطابق، یہ جذبات انسانی ذہن کے ان پوشیدہ گوشوں کو نمایاں کرتے ہیں جو شعوری سطح پر عموماً دبے رہتے ہیں۔ لہذا یہ کہا جاسکتا ہے کہ صنف مرثیہ فرد کے ان رشتوں کی شدید محبت کا ترجمان ہے جن کے بغیر فرد اپنی زندگی میں موجود نشاط و مسرت کا تصور بھی نہیں کر سکتا ہے۔ یوں تو ادب کے تمام اصناف سخن انسان کے کسی نہ کسی احساس و جذبات کی عکاسی کرتے ہیں لیکن مرثیہ فقط محرومی اور رنج والم کا علمبردار ہے۔

تحلیل نفسی کے تناظر میں اردو کی شعری اصناف کا مطالعہ ہمیں انسانی ذہن اور جذبات کی گہری تفہیم فراہم کرتا ہے۔ اردو شاعری کی مختلف اصناف نہ صرف ادب کا سنگھار ہیں بلکہ انسانی نفسیات کے مختلف پہلوؤں کی عکاسی بھی کرتی ہیں۔ ہر صنف میں موجود موضوعات، اسلوب اور جذباتی شدت کو نفسیاتی ماہرین کے اصولوں کی روشنی میں سمجھا جاسکتا ہے۔

غزل، جو عموماً عشق اور غم کے موضوعات پر مبنی ہوتی ہے، انسان کی داخلی کشمکش اور خواہشات (Id) کی عکاسی کرتی ہے۔ غزل میں محبت کی شدت اور غم کی گہرائی، انسان کے لاشعوری جذبات اور خواہشات کی بھی نمائندگی کرتی ہے۔ نظم میں انسان کی فکری پیچیدگیاں، تخیل اور شعور کی عکاسی ہوتی ہے، جو Ego کی سطح پر سماجی اور ذاتی مسائل کی تفصیل پیش کرتی ہے۔ مثنوی میں کہانی کے ذریعے جذباتی اور اخلاقی کشمکش کو اجاگر کیا جاتا ہے، جہاں کرداروں کی داخلی جدوجہد (Ego اور Superego کے مابین (واضح ہوتی ہے۔ قصیدہ، جو مدح و ستائش کا ذریعہ ہوتا ہے، سماجی اقدار اور ثقافتی

Scanned with OKEN Scanner

اصولوں کی تفہیم میں مددگار ثابت ہوتا ہے، اور مرثیہ، جس میں غم اور الم کی وضاحت کی جاتی ہے، جو انسان کے اجتماعی شعور اور دکھ درد کی گہرائیوں کو پیش کرتا ہے۔

یہ تمام اصناف انسانی تجربات کی مختلف پرتوں کو چھوتی ہیں اور ہر صنف میں پایا جانے والا جذباتی تاثر، نفسیاتی اصولوں کے مطابق انسانی ذہن کی پیچیدگیوں کو واضح کرتا ہے۔ تحلیل نفسی کے اصولوں کے تحت ان اصناف کا تجزیہ ہمیں انسانی نفسیات کی گہرائیوں میں غوطہ لگانے کا موقع فراہم کرتا ہے، جہاں فرد کی داخلی دنیا، اس کی خواہشات، خوف اور اخلاقی اقدار کی عکاسی کی جاتی ہے۔ اس طرح اردو کی شعری اصناف نہ صرف ادبی جمالیات کو اجاگر کرتی ہیں، بلکہ انسانی ذہن کی گہری تفہیم بھی فراہم کرتی ہیں، جو ایک منفرد نفسیاتی تجربہ پیش کرتی ہیں۔ یہ مضمون ان اصناف کی تاریخی اہمیت اور نمونہ کلام کے ذریعے ان کے نفسیاتی پہلوؤں کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔ یہ تحقیق واضح کرتی ہے کہ اردو شاعری ایک ایسا آئینہ ہے جس میں انسانی ذہن کی گہرائیوں کو دیکھا جا سکتا ہے۔ اردو کی یہ اصناف انسانی جذبات اور نفسیات کو منفرد انداز میں پیش کر کے ادب کو ذہنی اور جذباتی تسکین کا ایک ذریعہ بناتی ہیں۔ یوں یہ مطالعہ ان اصناف کی ادبی و نفسیاتی اہمیت کو اجاگر کرنے میں کامیاب ثابت ہوتا ہے۔

کتابیات

۱۔ جدید اصول و نظریات۔ ڈاکٹر شارب ردولوی۔ ص ۲۰۸

۲۔ اردو شاعری میں جنسیات۔ ریاض احمد۔ ص ۶۷

۳۔ ادب اور جنسیات مشمولہ ادب اور نفسیات۔ دیویندر اسر۔ ص ۱۱۷

۴۔ جدید اصول و نظریات۔ ڈاکٹر شارب ردولوی۔ ص ۲۰۸

۵۔ جدید نفسیات۔ سید اقبال امروہوی۔ ص ۳۹

۶۔ شخصیت کے نظریات۔ مترجم ساجدہ زیدی ص ۳۸

۷۔ اصطلاحات نفسیات تشریح و تفہیم۔ سید اقبال امروہوی۔ ۱۶۷۔۱۶۸

۸۔ جدید اصول و نظریات۔ ڈاکٹر شارب ردولوی۔ ص ۱۹۱

۹۔ جدید اصول و نظریات۔ ڈاکٹر شارب ردولوی۔ ص ۱۹۱

۱۰۔ تحلیل نفسی۔ حزب اللہ۔ ۹۲

۱۱۔ مقدمہ شعر و شاعری۔ الطاف حسین حالیؔ۔ ص ۱۲۶

۱۲۔ اصطلاحات نفسیات تشریح و تفہیم۔ سید اقبال امروہوی۔ ص ۲۷

۱۳۔ نظم کا اسلوب (مضمون مشمولہ اردو نظم) شمس الرحمن فاروقی۔ ص ۴۶

۱۴۔ اصناف سخن اور شعری ہیئتیں۔ شمیم احمد۔ ص ۷۸

۱۵۔ مقدمہ شعر و شاعری۔ الطاف حسین حالیؔ ص ۲۰۲

Scanned with OKEN Scanner

۱۶۔ مثنویات میرؔ کا تنقیدی جائزہ۔ وہاب اشرفی۔ ص ۵۰

۱۷۔ اردو مثنوی کا ارتقا (شمالی ہند میں) ۔ عبدالقادر سروری۔ ص ۳۱

۱۸۔ تاریخ ادب اردو۔ جمیل جالبی۔ ص ۶۰۵

۱۹۔ اردو مثنوی کا ارتقا (شمالی ہند میں) ۔ عبدالقادر سروری۔ ص ۲۴

۲۰۔ اردو مثنوی شمالی ہند میں۔ ڈاکٹر گیان چند جین۔ ص ۱۲۲

۲۱۔ نظم اردو۔ نسیم امروہوی۔ ص ۱

۲۲۔۔ اصطلاحات نفسیات تشریح و تفہیم۔ سید اقبال امروہوی۔ ص ۱۲۸

۲۳۔۔ اصطلاحات نفسیات تشریح و تفہیم۔ سید اقبال امروہوی۔ ص ۲۴۶

۲۵۔ شمالی ہند کی مرثیہ گوئی۔ سفارش حسین رضوی۔ ص ۵۷

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

سر سید احمد خان اور عصری تعلیم

ڈاکٹر نازیہ چنے گاؤں
شعبۂ اُردو انجمن ڈگری کالج وجئے پور

تلخیص: انسان کو اشرف المخلوقات بنانے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اللہ نے انسان کو علم عطا فرمایا، جب تک جو قوم علم سے وابستہ رہے گی وہ سربلند رہے گی، علم سے ہی انسانیت کی پہچان ہے۔ علم رکھنے والے اور علم سے محروم کی مثال تاریکی اور روشنی کی طرح ہے علم رکھنے والا خود بھی روشن ہے اور دوسروں کو بھی روشنی دے سکتا ہے۔ تاریخ میں انہی کے نام ہیں جنہوں نے علم کی تہہ تک رسائی حاصل کی، دنیا میں بہت سارے ماہرین علوم گذرے ہیں جن کا نام تاریخ میں آج بھی نمایاں ہے۔ انہیں ناموں میں ایک نام سر سید احمد خان کا بھی ہے جنہوں نے اپنے علم کا لوہا منوایا اور تاریخ میں اپنا نام باقی رکھا۔

سر سید احمد خان کے بہت سے مذہبی و فکری رجحانات اور افکار سے اختلاف کے باوجود اس اعتقادی نظریہ کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اس حقیقت کا اعتراف ان کے مداح و ناقدین ہر کسی کو ہے کہ انہوں نے حالات کے پیش نظر مسلمانوں کی تعلیم کا جو خاکہ بنایا تھا وہ ضروری تھا ہم ان کے اسی نظریہ کے متعلق کچھ باتیں ضبط تحریر کر رہے ہیں۔ دنیا میں بہت سے انسان ایسے ملتے ہیں جو صرف اپنی ذات تک یا اپنے گھر یا خاندان کی اصلاح کی فکر رکھتے ہیں مگر بہت کم ہی ایسے لوگ ہیں جو پوری ملت کا درد اپنے اندر رکھتے ہیں انہی میں ایک سر سید احمد خاں بھی ہیں جنہوں نے پوری ملت کا درد اپنے دل میں بسایا تھا۔ کیونکہ وہ چاہتے تھے کہ آنے والی نسل علم و تہذیب، فکر و تدقیق اور کمالات و فضائل کے میدان میں دنیا کی دوسری قوموں سے پیچھے نہ رہے، ہندوستانی مسلمانوں کی نشاۃ الثانیہ کے حوالے سے سر سید کا نظریہ بالکل واضح تھا کہ وہ تعلیمی ترقی چاہتے تھے۔ سر سید نے مسلم قوم میں تعلیمی زوال کو جس طرح محسوس کیا شاعر اس کی ترجمانی کرتا ہے:

حیرت ہے کہ وہ قوم تعلیم سے ہے پیچھے
جس قوم کا آغاز ہی اقراء سے ہوا ہے

یقیناً قوم مسلم کا آغاز لفظ اقرأ سے ہی ہوا ہے جس میں پڑھنے کا حکم دیا گیا، اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کے سامنے حضرت آدم علیہ السلام کی عظمت و فضیلت کا اظہار کرانا چاہا تو علم کے ذریعہ سے ہی کرادیا حضرت آدم علیہ السلام کے علم کو دیکھ کر فرشتے حیرت میں پڑھ گئے۔ یہ کہا جائے تو مبالغہ نہ ہوگا کہ قوم مسلم کے لئے تعلیم، غذا سے بھی زیادہ عزیز ہونی چاہیئے۔ کیوں کہ تعلیم روح کی غذا ہے۔ لیکن جب یہ قوم تعلیم، تہذیب، اخلاقی قدروں سے دور ہوتی گئی تو زوال پذیر ہوتی گئی۔ جب قوم میں علم، خصوصاً جدید علم سے دوری کو سر سید نے محسوس کیا تو انہوں نے ایک انقلاب لانا چاہا وہ اپنی فکر میں کافی حد تک کامیاب رہے یہ اور بات ہے کہ جس وقت انہوں نے جدید تعلیم کی اہمیت کے تعلق سے اپنا نظریہ پیش کیا تھا اس وقت بہت سے اہل علم کو وہ بات سمجھ میں نہ آئی۔ جب سر سید نے دیکھا کہ میری بات کا کوئی اثر نہیں ہو رہا ہے تو انہوں نے خاموشی اختیار کئے بغیر خود اُٹھے اور ایک تحریکی کام انجام دیا۔ بقول شاعر:

Scanned with OKEN Scanner

جلالِ آتشِ برق و سحاب پیدا کر
اجل بھی کانپ اُٹھے وہ شباب پیداکر
تو انقلاب کی آمد کا انتظار نہ کر
جو ہوسکے تو تو ہی انقلاب پیدا کر

کلیدی الفاظ

سر سید احمد خان،اور، عصری، تعلیم،اسلاحی تحریکات، سر سید تحریک، تعلیمی نظام

سر سید احمد خاں کا شمار اُردو ادب کی عظیم شخصیتوں میں ہوتا ہے۔آپ کا دل ہمیشہ قوم وملت کے لئے دھڑکتا رہا۔ہندوستان کی اصلاحی تحریکات میں سر سید تحریک نے پہلی مرتبہ ہندوستانی مسلمانوں کی تعلیم اوران کی اصلاح کے لئے مخلصانہ کوششیں کی۔ سر سید احمد خان کی توجہ ہمیشہ اس بات پر تھی کہ ایک ایسا تعلیمی نظام وضع کیا جائے جو وقت کی ضروریات سے ہم آہنگ ہو۔ سر سید نے قوم کے زوال کو محسوس کرتے ہوئے اس کی تعمیر کے لئے اُٹھے انہوں نے قوم میں بہت سارے ایسے پہلوؤں کو پایا جس کی اصلاح انہوں نے ضروری سمجھی۔ان کی رائے سے ابتداء میں بہت سے اہل علم نے اعتراض کیا مگران کے ترقی پسند فکر کو بعد میں پسند بھی کیا گیا۔ جیساکہ اکبر الہ آبادنے جب سر سید کی فکر کو سمجھااوران کے تحریکی کارناموں کو دیکھاتوانہوں نے کہا:

ہماری باتیں ہی باتیں ہیں، سید کام کرتا تھا
نہ بھولو فرق جو ہے کہنے والے کرنے والے میں
کہے جو چاہے کوئی، میں تو یہ کہتا ہوں اے اکبرؔ!
خدا بخشے بہت سی خوبیاں تھیں مرنے والے میں

اکبر الہ آبادی کا بھی یہ خیال تھا کہ سر سید احمد خان میں مسلمانوں کی خیر خواہی پوشیدہ تھی۔ سر سید نے تعلیم ہی کو کامیابی کی کنجی تصور کیااور وہ تعلیم ہی کو برائی بھلائی میں تمیز کرنے، قدرت الٰہی کے ایجادات واختراعات کو سمجھنے اور اخلاق و کردار کی درستگی کا ذریعہ سمجھتے تھے۔ سر سید نے قوم کے لئے تعلیم کی فکر بڑے ہی اعلیٰ سطح پر کی اورانہوں نے اپنے ذہن میں کسی چھوٹے اسکول یامدرسہ کا خانہ تیار نہیں کیابلکہ اس وقت کی سب سے بڑی یوروپی درسگاہوں آکسفورڈ اور کیمبرج کے طرز پر ایک ادارہ کا قیام کاارادہ کیااوراسی غرض سے یوروپ کا سفر کیااس سفر کے کچھ اور بھی مقاصد تھے۔انہوں نے وہاں کی تہذیب، تمدن، رہن سہن،اور تعلیم وتربیت کا بغور مشاہدہ کیااس سے ان کے اندر یہ جذبہ اور تڑپ اور بھی شدت اختیار کر گیا کہ ہماری قوم بھی اسی طرح ترقی یافتہ، مہذب،اور آپس میں محبت ومودت کے ساتھ زندگی گزارنے والی قوم بن جائے اور ان کے اخلاق و کردار کا معیار نہایت ہی اعلیٰ ہو جائےاور تعلیم وتربیت حاصل کر کے وہ بلند مقام پر فائز ہو جائیں۔

سر سید کا نقطہ نظر تھا کہ مسلم قوم کی ترقی کی راہ تعلیم کی مدد سے ہی ہموار کی جاسکتی ہے انہوں نے مسلمانوں کو مشورہ دیا کہ وہ جدید تعلیم حاصل کریں اور دوسری اقوام کے شانہ بشانہ بڑھیں،انہوں نے محض مشورہ ہی نہیں دیا بلکہ مسلمانوں کے لئے جدید علوم کے حصول کی سہولتیں بھی فراہم

Scanned with OKEN Scanner

کرنے کی پوری کوشش کی، سائنس، ادب اور معاشرتی علوم کی طرف مسلمانوں کو راغب کیا، انگریزی کی تعلیم کو مسلمانوں کی کامیابی کے لئے زینہ قرار دیا تاکہ وہ دوسری قوم کے مساوی معاشرتی درجہ حاصل کر سکیں۔

سرسید احمد خان کی زندگی کا مطالعہ ہمیں یہ باور کراتا ہے کہ وہ فروغ تعلیم کے تئیں وہکس قدر حساس تھے، اور علوم کے فروغ کے ذریعے ہندوستانی عوام کو اعلیٰ تہذیب و تمدن سے مزین کرنا چاہتے تھے ان کا تصور تعلیم یہ تھا کہ مسلمان تمام علوم میں مہارت حاصل کریں، اور اسی نظریہ اور تصور کے تحت بہت سی قابل قدر اور نمایاں کوششیں سرسید نے کیں۔ ان کے جو مقاصد تھے مورخین نے ان کو مفصل انداز میں پیش کیا ہے ان میں سے کچھ ایک یہ بھی تھے۔

مسلمانوں کی تعلیم کے لئے جو انگریزی ادارے مسلمانوں کی طرف سے جاری ہوں ان میں مذہب کے حالات کو دریافت کرنا اور بقدر امکان عمدگی سے اس تعلیم کے انجام پانے میں کوشش کرنا۔

مسلمانوں کو نہایت اعلیٰ تعلیم سے ہمکنار کرنا، ان کے فلاح و بہبود کی ہر ممکن کوشش کرنا، اس کی تدبیروں کو سوچنا اور ان پر بحث کرنا وغیرہ۔ مذکورہ بالا مقاصد پر غور کرنے سے ہمیں سرسید کے اعلیٰ نظریہ فروغ تعلیم کا پتہ چلتا ہے اور اس معاملے میں ان کے حد درجہ حساس ہونے کا نمایاں ثبوت ملتا ہے، بقول سرسید ''تعلیم ہی تمام ترقیوں کی اور بلندیوں کی معراج ہے، پہلے علم کے خزانوں کو قابو میں کر لو پھر دنیا کی کوئی بھی دولت حاصل کی جاسکتی ہے۔ علم ہی ہے جو انسان کی ذہنی و فکری سطح کو بلند کرتا ہے، سوچنے، سمجھنے اور میدان عمل میں کچھ کر گزرنے کا یقین اور عزم و حوصلہ عطا کرتا ہے۔ مسائل کی پیچیدگیاں خود بخود سلجھنے لگتی ہیں اور نشان منزل صاف صاف نظر آنے لگتا ہے، یہ تعلیم ہی ہے جو ذہن انسانی کو اس کی جہت عطاء کرتی ہے، مسائل کا ہر رخ سے تجزیہ کرنے کی مہارت پیدا کرتی ہے، مسائل کے حل کرنے کے مختلف طریقوں سے روشناس کر کے بہترین حل کو بروئے کار لانے کی قوت عطا کرتی ہے۔'' سرسید کے اس قول میں قوم کے لئے قیمتی موتیاں موجود ہیں انہوں نے تعلیم کو بلندیوں کی معراج کہا جس میں کسی بھی طرح کا شک نہیں کیا جاسکتا۔

سرسید نے تعلیم کے فروغ کے ساتھ ساتھ نئی نسل کی ذہنی تربیت بھی کی، چنانچہ مورخین کے مطابق جہاں پر وہ ایک جدید تعلیم، فکری بلندی و ترقی کے حامل تھے وہیں پر وہ بنیادی طور پر ایک بے مثال مربی و معلم بھی تھے۔ تعلیم کے فروغ کے ساتھ ساتھ اخلاقی قدروں کی حفاظت بھی ان کے پیش نظر تھی، عموماً جو لوگ جدید تعلیم اور عصری ترقی کی فکر رکھتے ہیں وہ ادب اخلاق سے محروم رہتے ہیں اور ان کے پاس اخلاق و آداب کی اہمیت نہیں رہتی مگر سرسید اس سے مبراء تھے وہ اپنی قوم میں اخلاقی ترقی بھی چاہتے تھے جو علم کی بنیاد ہے۔ اخلاق کو پروان چڑھانے کے لئے انہوں نے 1870ء میں ''تہذیب الاخلاق'' نامی رسالہ نکالا، اس رسالے کا مقصد بھی مسلمانوں کے اندر سیاسی، سماجی، تعلیمی، تہذیبی، اخلاقی وغیرہ اصلاح تھا۔ اسی وجہ سے اصلاح کے باب میں سرسید کے اقدامات کی تحسین کی جاتی ہے۔

سرسید بہت دور اندیش تھے انہوں نے صدیوں پہلے مسلمانوں کو جدید فکر سے ہم آہنگ ہونے کا مشورہ دیا۔ انہوں نے جو اقدامات کئے وہ بہت کم دیکھنے کو ملتے ہیں انہوں نے آج سے تقریباً دو صدی قبل یہ اندازہ لگایا تھا کہ تعلیم کے بغیر مسلمانوں کی ترقی ایک ناممکن شئے ہے۔ آج اتنے زمانے کے گزر جانے کے بعد دنیا کو یہ تسلیم کرنا پڑا کہ سرسید اپنے فیصلوں اور ارادوں میں کس قدر مضبوط، مستحکم اور درست تھے اور ان دشوار کن حالات کے باوجود

Scanned with OKEN Scanner

انہوں نے اپنی زندگی تعلیمی مشن کو آگے بڑھانے اور اسے فروغ دے کر اوج کمال تک پہنچانے میں صرف کر دی، ان میں تعلیم و تربیت کے تمام مسائل حل کرنے کی خداداد صلاحیت بھی موجود تھی۔

جدید تعلیم کے حصول کے لئے جس وقت سر سید نے قوم کو بیدار کیا تھا اگر قوم اس وقت بیدار ہو جاتی تو آج مسلم قوم بڑی ترقی اور بلندی پر ہوتی، مذہبی اعتبار سے بھی دیکھا جائے تو کوئی مذہب بھی تعلیم کے خلاف نہیں، اور خصوصاً مذہب اسلام نے تعلیم کو بہت زیادہ اہمیت دی ہے۔ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ مسلمان تعلیم و تہذیب کی طرف توجہ دیں۔ جہاں پر سر سید تعلیم بیداری و ترقی چاہتے تھے، ساتھ ہی وہ ہندو مسلم اتحاد بھی چاہتے تھے ان کا ماننا تھا کہ ہندوستان کی ترقی ہندو مسلم اتحاد سے ہی ممکن ہے۔ ایسی ترقی و اتحاد چاہنے والی شخصیت صدیوں میں پیدا ہوتی ہے۔ انہوں نے حالات زمانہ کے مخالف کے باوجود اپنے عزائم کو سرد ہونے نہیں دیا بلکہ تن تنہا علی گڈھ تحریک کی بنیاد ڈالی اور قوم کی اصلاح سے لے کر فلاح و بہبود تک بہت سے کام انجام دئے۔ سر سید احمد خان ایک انقلابی و اصلاحی شخصیت تھے جنہوں نے قوم کو زندگی میں ترقی کے نئے اصول بتائے نہ صرف بتایا بلکہ خود اس پر عمل پیرا رہے آج ان کے گذر جانے کے بعد بھی جب کبھی کسی مجلس یا محفل یا حلقہ میں تعلیم و قوم مسلم کی ترقی کی بات ہوتی ہے تو سر سید احمد خان کو کسی نہ کسی طرح ضرور یاد کیا جاتا ہے۔ اور ان کو بڑے بڑے دانشورن خراج عقیدت پیش کرتے نظر آتے ہیں۔

سر سید کا نقطہ نظر تھا کہ مسلم قوم کی ترقی کی راہ تعلیم کی مدد سے ہموار کی جاسکتی ہے انہوں نے مسلمانوں کو مشورہ دیا کہ وہ جدید تعلیم حاصل کریں اور دوسری اقوام کے شانہ بشانہ آگے بڑیں انہوں نے محض مشورہ ہی نہیں دیا بلکہ مسلمانوں کے لئے جدید علوم کے حصول کی سہولتیں بھی فراہم کرنے کی پوری کوشش کی انہوں نے سائنس جدید ادب اور معاشرتی علوم کو مسلمانوں کی کامیابی کا زینہ قرار دیا۔

یہ دنیا چاہے جو کچھ بھی کہے اکبرؔ یہ کہتا ہے
خدا بخشے بہت سی خوبیاں تھیں مرنے والے میں
ترے احسان رہ رہ کر سدا یاد آئیں گے اِن کو
کریں گے تذکرہ مجلس میں اور دہرائیں گے ان کو

سر سید احمد خان کی زندگی کا حصہ بر صغیر کے مسلمانوں کو حسن و عشق کی فضاؤں سے نکال کر میدان عمل میں لے جانا تھا اس وقت کے ادیب طرز بیان پر روز دیتے تھے اور ان کی تحریریں بے مقصد ہوتی تھی انہوں نے زمانے کی اس روایت سے بغاوت کرتے ہوئے تحریروں میں طرز بیان سے زیادہ مقصدیت پر زور دیا ایسی تحریریں قلم بند کی جن سے قوم میں شعور پیدا ہو۔

سر سید کا ایک بڑا کارنامہ اپنے حلقہ احباب میں علم و ادب کا ذوق اور تلاش و تحقیق کا جذبہ بیدار کرنا تھا۔ ان کا کامل یقین تھا کہ مسلمانوں کی ذہنی اور سماجی بیماریوں کا واحد علاج انگریزی زبان اور مغربی علوم کا حصول ہے اس مقصد کو حاصل کرنے کی خاطر وہ تمام عمر جد و جہد کرتے رہے۔ سر سید احمد خان کا شمار ایسی انقلاب آفریں شخصیات میں ہوتا ہے جنہوں نے اپنے فکر و عمل کے ذریعہ اپنی قوم کے فرسودہ خیالات اور جمود میں طغیانی پیدا کی اور ان کا یہ کارنامہ صدیوں یاد کیا جائے گا۔

Scanned with OKEN Scanner

سر سید اپنے اخلاق اپنی سیرت اپنے علم اور دور اندیشی کی بدولت سب کے ذہنوں پر چھا گئے یہی وجہ ہے کہ باد سموم نے نیم سے شکست قبول کرلی اور سر سید کی سب سے بڑی کامیابی یہی ہے:

بہ قول حالی:

بہت جھکڑ چلے اور آئیں اکثر آندھیاں لیکن
رہا گلزار ہوکر باغ جو تونے لگایا ہے

بقول پروفیسر اختر الواسع:

"سر سید احمد خان جدید ہندوستان کے معماروں میں سے ایک تھے علم و حکمت کی جو شمعِ ہدایت
انہوں نے روشن کی اس کا فیض آج تک جاری ہے سر سید اپنی ذات میں ایک ایسا منار نور تھے جس کا سایہ
جس پر بھی پڑ گیا وہ علم و عمل کا چراغ بن گیا۔"

سر سید احمد خان نے ہندوستانی مسلمانوں کو جمود سے نکالنے اور پھر انہیں باعزت قوم بنانے کے لئے سخت جدوجہد کی آپ ایک زبردست بلند خیال مفکر اور جلیل القدر مصلح تھے سر سید احمد خان نے مسلمانوں کی اصلاح اور ترقی کا بیڑا اس وقت اٹھایا جب زمین مسلمانوں پر تنگ تھی۔

سر سید احمد خاں کی شخصیت انتہائی فیاضی اور ان کے نگاہ بے پناہ دور بین واقع ہوئی تھی انہوں نے اپنے دور کے حالات کے آئینیٔ میں آنے والے سائنسی ترقی کے زمانے کا نہ صرف عکس دیکھ لیا تھا اور اس کے لحاظ سے وہ ہندوستانی مسلمانوں کی تعلیم و تربیت کے لئے بے قرار تھے۔

سر سید احمد خاں کے تعلیمی تصورات میں مفید اور کار آمد تعلیم کے علاوہ ہندو مسلم اتحاد، فروغ وطنیت، اتحاد و اتفاق، قومی یکجہتی، تجارتی اور معاشی ترقی اردو زبان و ادب کی توسیع و اشاعت عدم لسانی لقب دین و دنیا کی بھلائی اور آنے والے ترقی یافتہ اور تیز رفتاری سے ہم آہنگ ہونے کی سرگرمی بھی کچھ شامل تھے۔

دراصل سر سید حقیقی معنی میں مسلم معاشرے کو تہذیب نو کے سانچے میں ڈھالنا چاہتے تھے ان کے ذہن میں نئی تہذیب کا جو تصور تھا وہ مغرب میں رونما ہونے والی عہد ساز تبدیلیوں کے پیش نظر تھا لیکن وہ مشرقی تہذیب کے خلاف نہیں تھے نہ ہی اپنی روایات و اقدار کو مسترد کرنے کے حق میں تھے وہ تو ایک ایسی مشترک تہذیب کے وکیل تھے جس میں نئے تمدن کی پرکشش بھی ہوں اور مسلمانوں کی اپنی صدیوں کی پروردہ حقائق وراثت بھی وہ دراصل قدیم و جدید کے امتزاج احسن کے حق میں تھے۔ جس کا جیتا جاگتا ثبوت یہ ہے کہ انہوں نے ایک طرف علی گڑھ کی درس گاہ کے ذریعیٔ تعلیم انگریزی زبان کو تجویز کیا اور سائنسی علوم کی تعلیم رائج کی دوسری طرف انہوں نے عربی فارسی اور اُردو میں ہی نہیں اسلامیات اور دینیات کے شعبے بھی قائم کئے سر سید نے اپنی قوم کے لئے جو خواب دیکھا تھا وہ کوئی معمولی خواب نہیں تھا وہ علی گڑھ میں صرف ایک دانش گاہ کے قیام کے خواہش مند نہیں تھے بلکہ آکسفورڈ یا مسلم کیمبرج کا قیام ان کے پیش نظر تھا لہٰذا ایک موقع پر انہوں نے فرمایا:

Scanned with OKEN Scanner

"جو علوم سات سو برس پہلے ہماری قوم کی تعلیم میں داخل ہوتے تھے اگر آج ہم انہیں پر قناعت کریں گے تو گویا ہم اپنی قوم کو حال کی ترقی سے سات سو برس پیچھے لے جائیں گے پس ہم کو مضبوطی کے ساتھ ارادہ کرنا چاہئے کہ جس قدر علوم دنیاوی تعلیم سے متعلق ہیں مثلاً الجبراء، زوالوجی، جیالوجی، فزکس، لوجک، مارل، فلوسفی، کیمسٹری اور تمام علوم جو ترقی یافتہ قوموں میں رائج ہیں ان کی تعلیم بڑے اہتمام اور کامل طور سے دیں۔"

سائنٹفک سوسائٹی کا قیام سرسید کے انہیں خوابوں کی تعبیر کا وسیلہ تھی۔بقول پروفیسر سید لطیف حسین کاظمی:

"سرسید کا فلسفہ تعلیم جداگانہ تھا وہ تعلیم سے مراد صرف لکھنا پڑھنا اور سیکھنا مراد نہیں لیتے تھے بلکہ وہ تعلیم کو انسان کی ہمہ جہت ترقیاتی منصوبوں کا ضامن قرار دیتے تھے وہ تعلیم کو اخلاقی بلندی مہذب رویہ اور ذہن کشادگی کا بہترین وسیلہ سمجھتے تھے۔"

سرسید احمد خاں فرماتے ہیں، میں اپنی قوم میں ہزاروں خوبیاں دیکھتا ہوں پر ناشائستہ، جرات مندی اور بینائی پاتا ہوں، خوفناک، ان میں قوی استقلال دیکھتا ہوں پر بے ڈھنگا ان میں صبر و قناعت بھی ہے پر بے موقع پس میرا دل جلتا ہے اور میں خیال کرتا ہوں کہ اگر یہی ان کی عمدہ صفتیں عمدہ تعلیم و تربیت سے آراستہ ہو جائیں تو دین و دنیا دونوں کے لئے کیسی کچھ مفید ہوں (مقالات سرسید)

سرسید احمد خاں مسلمانوں کو دینی اور دنیاوی علوم دونوں کے حق میں تھے۔ سرسید احمد خاں قومی تعلیم کے حصول پر زور دیتے تھے اور قوم سے اس طرح کہتے تھے کہ ان کے ایک ایک لفظ سے دردمندی اور عبرت جھلکتی ہوئی نظر آتی ہے جسے آپ بھی ملاحظہ فرمائیں:

"اے میری قوم کے لوگو! اپنے عزیز اور پیارے بچوں کو غارت نہ کرو ان کی پرورش کرو ان کی آئندہ زندگی اچھی طرح بسر ہونے کا سامان کرو مجھ کو تم کچھ ہی کہو میری بات سنو یا نہ سنو مگر یاد رکھو کہ اگر تم ایک قومی تعلیم کے طور پر ان کو تعلیم نہ دوگے تو وہ آوارہ اور خراب ہوں گے تم ان کی ابتر حالت کو دیکھوگے اور بے چین ہوگے روؤگے اور کچھ نہ کر سکو تم اگر مر جاؤگے تو اپنی اولاد کی خراب زندگی دیکھ کر تمہاری روحیں قبروں میں تڑپیں گی اور تم سے کچھ نہ ہو سکے گا۔"

سرسید نے قوم کی اصلاح و ترقی کا ایک ہمہ گیر منصوبہ بنایا تھا جس میں تعلیم کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ سرسید احمد خاں نہ صرف ایک بلند کردار انسان تھے بلکہ روشن خیالی اور روشن دماغی کے ساتھ انہوں نے ہندوسانیوں میں جدید تعلیم کے حصول کے لئے پورے تن من دھن سے اپنے آپ کو واقف کر دیا تھا۔

سرسید کا خیال تھا کہ ہندوستان کے ہندو ہم وطن بھائی انگریزی تعلیم اپنا کر جدید ترقی کی دوڑ میں آگے نکل رہے ہیں اس طرح مسلمانوں کو بھی جدید مغربی تعلیم کو اپنا کر اپنے ہندو ہم وطن بھائیوں کے شانہ بشانہ ترقی کی دوڑ میں شامل ہو جانا چاہئے اور اسی مقصد کے تحت انہوں نے ایک تنظیم کمیٹی

Scanned with OKEN Scanner

درخواستگاران ترقی تعلیم قائم کی اور مغربی تعلیمی ترقی سے تحریک پاکر ایک اعلیٰ معیاری درسگاہ کا منصوبہ بنایا جو ایم اے او کالج کے صورت میں علی گڈھ میں عمل پذیر ہوا۔

1857ء کے بعد کے حالات اور سرسید کی علی گڈھ تحریک نے غیر منقسم ہندوستان کے گوشے گوشے کو متاثر کیا جس سے پورے بر صغیر میں ایک علمی وادبی ماحول پیدا ہوا۔ سرسید احمد خاں کے ذہن میں ہندوستانیوں کے لئے جس جدید انگریزی تعلیم اور مغربی سائنس کے حصول کا تصور تھا وہ نہایت وسیع اور ہمہ گیر تھا اور وہ مسلمانوں کے لئے جس قسم کی جدید تعلیم کے لئے سرگرم عمل تھے اس میں کسی بھی حال میں مذہب عقیدہ اور تہذیب و معاشرت کو داؤ پر لگائے بغیر بلکہ ان کے تحفظ وبقا کے ساتھ دلانے کے ہمنوا تھے مغربی تعلیم وسائنس سے ہندوستانیوں کو فائدہ پہنچنے والا تھا لیکن لارڈ میکالے کی وہ ہندوستانیوں کو محض سند یافتہ بنانے کے قائل نہیں تھے بلکہ لارڈ میکالے کی فکر کے برخلاف ہندوستانیوں کا ایک ایسا تعلیم یافتہ طبقہ پیدا کرنا چاہتے تھے جس میں ذہنی وفکری بیداری ہو اپنے حقوق کے جرات ہو قناعت پسندی اور توہم پرستی کے بجائے حقائق پسندی ہو اور وقت وحالات کے قدموں کی آہٹ پہچانے کی صلاحیت کا حامل ہو۔

سائنٹفک سوسائٹی قائم کی شہر کے ہندو مسلمان دونوں نے اس کام میں تعاون کیا دو لیفٹیننٹ گورنروں نے اس کی سرپرستی قبول کی سوسائٹی کے قیام کا مقصد یہ تھا کہ مفید علوم کی کتابیں اپنی زبان میں منتقل کی جائیں تاکہ جدید تعلیم کو عوام وخواص میں فروغ حاصل ہو۔ بقول آفتاب احمد آفاقی:

> "سرسید جیسی نابغہ روزگار شخصیت کی معنویت کسی ایک عہد قوم یا علاقے تک محدود نہیں جدید ہندوستان کی تہذیب و تعمیر میں سرسید کی خدمات تاریخ میں ایک نئے باب کی حیثیت رکھتی ہے سرسید تحریک ان کے تعلیمی افکار و نظریات نیز ان کی عملی زندگی میں بہ آسانی دیکھی جاسکتی ہے حقیقت یہ کہ ان کی نظری علمی ادبی اور تعلیمی خدمات قیمتی اثاثے کی حکم رکھتی ہیں۔"

سرسید کی دوراندیشی اور دانشوری عصر حاضر یعنی جدید سائنس اور ٹکنالوجی کے عہد میں بھی بے حد اہمیت کی حامل ہے جہاں تک سرسید کے افکار وخیالات اور جدید تعلیمی معیار کے اثاثے کی معنویت اور استفادے کا سوال ہے تو ان کے نظریات وتصورات کو کسی ایک عہد سے منسوب نہیں کیا جاسکتا بلکہ ان کے علمی وادبی اصلاحی واخلاقی تصورات اور کارنامے اپنے عہد میں بھی مفید وکارآمد تھے اور آج بھی۔

سرسید کے نزدیک معاشرتی اصلاح کے لئے تعلیم سب سے زیادہ ضروری چیز تھی سرسید چاہتے تھے کہ مسلمان اس ضرورت کو محسوس کریں۔ سرسید جانتے تھے کہ اچھی تعلیم صرف چند کتابوں کے پڑھ لینے اور طوطے کی طرح یاد کرنے سے حاصل نہیں ہوتی بلکہ اس کے لئے سب سے عمدہ تعلیم دینے والی ایک عمدہ سوسائٹی ہے۔ سرسید تعلیم کو خاص وعام سب کے لئے ضروری بتاتے ہیں۔

یہ راز تو سرسید نے بہت پہلے پالیا تھا کہ ہندوستانیوں کی ترقی سربلندی کے لئے تعلیم بہت ضروری ہے 1859ء میں انہوں نے مرادآباد میں ایک مدرسہ قائم کیا تھا 1863ء میں جب وہ غازی پور میں تھے تو انہوں نے تعلیم کے میدان میں ایک نہایت اہم قدم اٹھایا انہوں نے مسلمانوں کی زبوں حالی کا واحد سبب جو سرسید نے محسوس کیا وہ تھا جدید تعلیم سے بے بہرہ ہونا تھا۔ سرسید نے تعلیم خصوصاً جدید تعلیم کو اولیت دی ان کے نزدیک جدید تعلیم ہی وہ واحد راستہ ہے جس کے ذریعہ مسلمان قوم ترقی کی راہ پر گامزن ہوسکتی ہیں۔ ڈاکٹر خلیق انجم:

Scanned with OKEN Scanner

"سرسید کی بیشتر کتابیں پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ انہیں اپنے ماضی سے زبردست عشق تھا لیکن چونکہ وہ برطانوی حکومت کے ملازم رہے تھے اور انہیں انگریزوں سے قریب رہنے کا اتفاق تھا یہی نہیں بلکہ انہوں نے لندن کا سفر بھی کیا تھا اس لئے ان کی دور رس نگاہوں نے دیکھ لیا تھا کہ اگر مسلمان جدید تعلیم حاصل نہیں کریں گے تو وہ تعلیمی اور سماجی اعتبار سے ہندوستان کے دوسرے مذہبی گروہوں کے مقابلے میں پسماندہ رہ جائیں اس لئے سرسید نے ایک طرف مصلح قوم کا اول ادا کرنا شروع کیا اور دوسری طرف مسلمانوں کو جدید تعلیم کی برکتوں سے واقف کرایا۔"

سرسید کے نزدیک معاشرتی اصلاح کے لئے تعلیم یافتہ ہونا انتہائی اہم ہے یہی وجہ تھی کہ سرسید فکر مند رہتے تھے کہ مسلمان تعلیم کی اہمیت کو سمجھیں اور اس کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے اپنے بچوں کو تعلیم دیں۔ان کی فکر آفاقی تھی۔ قوم کی تعلیم و ترقی کے لیے بے مثال خدمات انجام دیں۔ان کی کاوشیں آج بھی علم و عمل کی دعوت دیتی ہیں۔ڈاکٹر خلیق انجم کے اس اقتباس سے ان کی فکر کا اندازہ ہوتا ہے۔

کتابیات:

	کتاب کا نام	مصنف
۱)	سرسید احمد خاں	میر نجابت علی
۲)	اُردو صحافت اور سرسید احمد خاں	عبدالحئ
۳)	سرسید احمد خاں کی نثری خدمات	ڈاکٹر مشتاق احمد
۴)	فکر و نظر	علی گڑھ مسلم یونیورسٹی
۵)	سرسید اور علی گڑھ تحریک	پروفیسر خلیق احمد نظامی

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

ناول "عنبرین"۔ایک تنقیدی مطالعہ

ڈاکٹر کے۔ایچ۔ کلیم اللہ

نائب پرنسپل (اکاڈمک) صدر، شعبۂ اردو،

مظہر العلوم کالج (خود مختار) آمبور، تمل ناڈو

تلخیص :امیر النساء کا یہ ناول "عنبرین" ایک اصلاحی نقطۂ نظر سے لکھا گیا ہے۔اس ناول میں سماجی برائیوں کو موضوع بنایا گیا ہے۔اس میں عنبرین کا کردار ایک آدرش کردار ہے۔ناول کا کینوس مختصر ہے۔نوشین بیگم کا کردار اور عنبرین کا کردار دونوں ہی کو متحرک دکھایا گیا ہے اور دونوں ہی کردار مؤثر ہیں۔امیر النساء کے دیگر افسانوں کی طرح اس ناول میں بھی خیر و شر کی کشمکش نظر آتی ہے اور بالآخر ناول نگار نے عنبرین کے اصلاحی خیالات کو اجاگر کرنے کو شش کی ہے۔امیر النساء نے عنبرین کے کردار میں اسلامی اقدار کو نمایاں کیا ہے۔پردہ عورت کی حیا اور عفت کا ضامن ہے۔گھر کی چار دیواری میں رہ کر عورتیں روزگار کے مواقع حاصل کر سکتی ہیں۔امیر النساء نے عورتوں کی تعلیم کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا ہے۔اصلاحی نقطۂ نظر سے یہ ان کا شاہکار ناول ہے۔

کلیدی الفاظ: سماجی اصلاح# خیر و شر #امارات کا غرور #غربت کی مجبوری# نظریۂ حیات# گھر کی چار دیواری# لڑکیوں کی تعلیم# فضول خرچی#۔

امیر النساء کا یہ ناول "عنبرین" سماجی اصلاح کے نقطۂ نظر سے لکھا گیا ہے۔ناول میں چوں کہ زندگی کی جیتی جاگتی تصویروں کو پیش کیا جاتا ہے یہاں بھی امیر النساء نے امارات کا غرور اور غربت کی مجبوری کا نقشہ خوبصورت انداز میں پیش کر کے اصلاحِ سماج کی کوشش کی ہے۔ان کے تصنیف کردہ افسانوں کی طرح اس ناول میں بھی گھریلو زندگی میں پیش آنے والے معاملات، روز مرّہ میں پیش آنے والے واقعات کا بخوبی جائزہ لیا ہے اور یہ درس دیا ہے کہ ہر ایک سے ہمدردی، غم خواری، اخوت و بھائی چارگی بلکہ انسانی اقدار کی پاسداری ضروری ہے۔ہر ناول کا کوئی نہ کوئی مقصد ضرور ہوا کرتا ہے، اس ناول میں امیر النساء نے نظریۂ حیات پر زور دیا ہے۔اگرچہ کہ بعض جگہ طویل مکالموں سے ناول کا فن مجروح ہوتا نظر آتا ہے لیکن ناول نگار اپنے مقصد کو پیش کرنے میں حتّٰی امکان کامیاب نظر آتی ہیں۔پروفیسر نجم الھدیٰ کے الفاظ میں:

"ان کا پہلا ناول ہے۔ناول کی تکنیک، پلاٹ سازی اور کردار نگاری کے اعتبار سے دیکھنے کی بجائے اس میں پائے جانے والے نظریۂ حیات پر میں زور دینا چاہتا ہوں۔مصنفہ کا مطمحِ نظر اتنا واضح ہے کہ اس سے ناول کا کوئی قاری اختلاف نہیں کرے گا۔انھوں نے اپنے ناول کو ایک خاص بامعنی اور تعمیری رخ دینے کی کوشش کی ہے اور یہ کوشش بہت حد تک کامیاب ہے۔(پروفیسر نجم الھدیٰ پیش لفظ "عنبرین" صفحہ 6(ب((

امیر النساء کا یہ ناول عین اسلامی تعلیمات کا درس دیتا ہے۔اس میں انھوں نے قرآن اور حدیث کے حوالے سے بہت سی باتیں بتائی ہے۔امیر النساء کا یہ ناول "عنبرین" کی اشاعت 1981ء میں ہوئی ہے۔شاید اس زمانے میں خواتین کا ناول لکھنا تو دور کی بات، انھیں ناول پڑھنے سے

Scanned with OKEN Scanner

بھی منع کیا جاتا تھا۔اس لیے کہ ناول پڑھنا اخلاقی بُرائی سمجھی جاتی تھی چوں کہ ناول میں عام طور سے ہر بات کھلم کھلا پیش کر دی جاتی تھی جس میں فحش گوئی، عریانیت اور خفیہ حقیقت شامل ہیں، ہمارے سامنے ایسے بہت سے خواتین ناول نگار ہیں جنھوں نے ناول کو اپنے مقاصد کا حربہ کے طور پر استعمال کیا ہے۔ یہاں پر میں ان ناول نگاروں کا نام لینا نہیں چاہتا یہ تو ہر ایک کے علم میں ہے۔ جہاں تک "عنبرین" کا تعلق ہے یہ ناول ہر خاتون کو پڑھنا چاہئے تاکہ سماج میں جینے کے طور طریقے اور آداب واطوار سے واقف ہوں اور سماج میں اونچ نیچ کا فرق کو ختم کر کے ایک صالح معاشرہ کی بنیاد رکھیں، جو محبت و یگانگت اور دوستانہ فضا کا ضامن ہو۔ امیر طبقہ اپنی دولت و جاہت سے غریب طبقہ کو مجبور کر رہا ہے۔ اپنی شان و شوکت کے مظاہرے کے لیے فضول خرچی میں مبتلا ہے۔ بے جا رسومات اور تکلفات سے سماج میں بُرا اثر چھوڑ رہا ہے۔ یہاں پر ناول نگار نے اس بُرائی کو نہ صرف سماجی بُرائی ظاہر کی ہے بلکہ اسلامی طریقۂ کار کے خلاف بتا کر گویا احکامِ خداوندی کی مہر بھی ثبت کی ہے۔ ولیمہ کو سنت قرار دے کر غریب لوگوں کو زیادہ سے زیادہ شامل کرنے کی ترغیب دیتے ہوئے غریب پروری کا ثبوت دیا ہے۔ عام طور سے امیروں کی مہمان نوازی بہت خوب ہوتی ہے اور غریبوں کی طرف کچھ التفات نہیں ہوتا ہے اور غریبوں کے ساتھ ایسا معاملہ ہوتا ہے گویا وہ بن بلائے مہمان ہیں۔ سماج کی اس بُرائی کا ناول نگار نے پردہ فاش کیا ہے۔ عنبریں نے اپنے چچازاد بہن غزالہ کو اس سماجی بُرائی سے متنبہ کرنے کی کوشش کرتی ہے تو وہ کہتی ہے کہ "ویسے تو تم نئے دور سے تعلق رکھتی ہو، مگر تمھیں سو سال پہلے پیدا ہونا چاہئے" گویا وہ یہ کہنا چاہتی ہے کہ یہ اونٹوں کا زمانہ نہیں رہا یہ تو راکٹوں بلکہ سیٹالائٹ کا زمانہ ہے۔

نوشین بیگم اور عنبرین کے مزاج میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ اس لیے ہمیشہ ماں اور بیٹی میں بحث ہوتی رہتی ہے لیکن ناول نگار نے ماں کے رتبہ کو کم ہونے نہیں دیا ہمیشہ عنبرین کی گفتگو اور لب ولہجہ میں ماں کی عظمت اور محبت کا توازن باقی رکھا۔ جہاں کہیں ایسے مواقع آئے کہ ماں کی دل شکنی ہو، عنبرین نے وہاں یہ تو احتیاط کا پہلو اختیار کیا یا پھر خاموشی۔ یہ تعلیم سماج کی بھی ہے بلکہ اسلامی احکامات کے عین مطابق بھی۔ بقول امیر النساء

"نوشین بیگم اور عنبرین کہنے کو تو دونوں ماں بیٹی تھیں، مگر دونوں کے مزاج اتنے مختلف تھے جیسے ندی کے دو کنارے، مزاجوں کا یہ اختلاف اگرچہ ان کی محبت میں کمی کا سبب نہیں بنتا تھا، مگر خیالات دونوں کے آپس میں کبھی کبھی ٹکرا بھی جاتے تھے۔۔۔۔۔اس کی باتوں سے نہ مخالف کی دل شکنی ہوتی تھی، نہ دل آزاری۔" ("عنبرین" امیر النساء صفحہ 27(

شمیم بیگم جو نوشین بیگم کی خالہ تھیں، ناول نگار نے اس کردار کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ اس کی غربت و مجبوری اور اپنی بھانجی کی دل آزاری پر صبر کرنا اور تحمل سے کام لینا، جو اس کردار کی اخلاقی خوبیاں کا مظہر ہے۔ نوشین بیگم اپنی حقیقی خالہ کو عنبرین کی کھلائی کہتی ہے اور اپنے زمینوں کی دیکھ بھال کرنے والی نوکرانی بتانے کے باوجود صبر و تحمل سے کام لیتی ہے، اُف تک نہیں کرتی اور اس نے اپنے بھانجی کی امیرانہ شان و شوکت پر دھبّا آنے نہیں دیا۔

عنبرین کے کردار میں اسلامی مزاج سمادیا گیا ہے، بازار سے زیادہ اسے گھر کی چار دیواری میں عافیت محسوس ہوتی ہے، اس کو ہوٹلوں کی پارٹی سے زیادہ کچن سنبھال میں مزہ ملتا ہے۔ یہاں تک کہ سیر و تفریح سے گریز کرتی ہے۔ ایسی کتابیں پڑھنا جو اخلاقی درس دیتی ہوں، ایسے رسالوں سے گریز کرنا جو اسے زندگی سے بیزاری سکھاتی ہوں اور عام لڑکیوں کی طرح اسے فلمی رسالے پڑھنا تک منظور نہیں۔ وہ ایسی کتابیں پڑھنے کی خواہاں تھی جو

Scanned with OKEN Scanner

اسے اسلامی معاشرہ کی رہنمائی کرے اور وہ خود کہتی ہے کہ میرے زیرِ مطالعہ کتاب اس وقت "پردہ" ہے۔اس کی اس خصلت سے نوشین بیگم نالاں تھیں۔

"عنبرین کے قالب میں بوڑھی روح سماگئی ہے،اس سے کسی قسم کی توقع رکھنا ہی فضول ہے۔۔۔۔۔الٹا مجھ سے کہتی ہے کہ میں باہر نہ جاؤں۔گھر کے اندر جو سکون ہے وہ باہر کے شور شرابے میں نہیں۔" (عنبرین صفحہ 40(

نوشین بیگم کی " یہ ہاتھ لے اور یہ ہاتھ دے (Give and Take Policy) "عنبرین کو پسند نہ تھی۔امیر لوگوں کے لیے قیمتی تحفہ دیں،اس لیے کہ وہ بھی قیمتی دیتے ہیں۔غریبوں کے لیے سستا تحفہ اس لیے کہ ان سے واپسی کی امید نہیں۔عنبرین کم اور زیادہ کا فرق مٹانا دینا چاہتی ہے۔ناول نگار نے عنبرین کی وطن پرستی اور محبّ الوطنی کو پیش کیا ہے۔اس نے ملک میں بنی ہوئی چیزوں کو غیر ملکی اشیاء پر ترجیح دی ہے اور سالگرہ منانا جو مغربی تہذیب کی تقلید،یہ بھی وہ پسند نہیں کرتی جس میں بے جا روپیہ خرچ ہوتا ہے۔وہ یہ چاہتی ہے کہ کاش یہ روپے کسی غریب کے کام آتے۔

نوشین بیگم کا کردار غریب پروری کے منافع ہے وہ یہ کہتی ہے کہ ہر ایک کا ٹھیکہ کیا ہمیں نے لے رکھا ہے۔ایسے تو دنیا میں کئی غریب لوگ رہتے ہیں،بقول غالبؔ ع

کس کی حاجت روا کرے کوئی

بقول نوشین بیگم:

"اگر غریب اپنی غریبی کی وجہ سے پریشان ہیں تو اس میں ہمارا کیا قصور،نہ تو ہم ان کی غریبی کے ذمہ دار ہیں نہ ان کی پریشانیوں کے۔وہ اگر دولت مند بننا چاہتے ہیں تو بن جائیں خوشی سے ، ہم نے روکا تھوڑی۔۔۔۔ ہر ایک اپنے مقدر کا کھاتا ہے۔ ہم نے کسی کی جاگیر نہیں چھینی۔("عنبرین" صفحہ 49(

عنبرین کو شہر کی زندگی سے زیادہ دیہاتی ماحول زیادہ پسند ہے۔اس بات کا بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ عنبرین کے مزاج میں سادگی اور بے تکلّفی پائی جاتی ہے۔شہر کی زندگی میں بے جا فضول خرچی،رسم ورواج تکلّفات ہوتے ہیں۔دیہات میں کفایت شعار،فضول خرچی سے احتراز،بے جا تکلّفات اور نام ونمود سے پرہیز کیا جاتا ہے۔اسی لیے شعیب نوشین بیگم کے سامنے معتوب نظر آتا ہے۔شعیب دیہات کا پروردہ ہے،جی حضوری اس کی طبیعت میں نہیں تھی،خودداری اس کے مزاج میں رچ بس گئی تھی۔اس کی نظر میں اپنے اور غیر سب برابر تھے۔اس کردار کے ذریعے ناول نگار نے امارات کے سامنے سر جھکانے کے بجائے خودداری اور غیرت کی تعلیم دی ہے۔یہی سادگی اور بے تکلّفی عنبرین کے لیے شعیب جیسے لڑکے کو اپنا شریکِ حیات بنانے پر آمادہ کیا۔عنبرین نے دولت مند بیگم عتیق الرحمٰن کے لڑکے سے بیاہی جانے کے ایک ایسے لڑکے شعیب سے اپنی شادی کے لیے منظوری دی ہے جو خود اپنے ماتحت پرورش پایا ہے،عنبرین کا فیصلہ ناول نگار کے نظریۂ حیات کو تقویت دیتا ہے۔

"بیٹی بچاؤ ، بیٹی پڑھاؤ" کا نعرہ آج سے تقریباً تیس سال پہلے امیر النساء نے لگادیا تھا،انھوں نے اس ناول میں لڑکیوں کی تعلیم پر بہت زور دیا ہے۔اگر لڑکیاں زیورِ تعلیم سے آراستہ ہوگئیں تو وہ ماں باپ اور شوہر پر بوجھ نہیں بنے گی۔انھوں نے لڑکیوں کو اپنے پیر پر کھڑے ہونے کی

Scanned with OKEN Scanner

ترغیب دی ہے، انھوں نے جو ذریعۂ معاش تلاش کرنے کی ترکیب بتائی ہے وہ خالصاتاًایک پردہ نشین خاتون کے لیے بالکل مناسب ہے یعنی ٹیلر نگ، کوکنگ اور کچن گارڈننگ کی ٹریننگ وغیرہ۔امیر النساء کے الفاظ میں:

"ٹیلر نگ سیکھنے کے بعد کوئی لڑکی بے کار نہیں رہ سکتی۔ گھر بیٹھے اسے کام مل جائے گا۔اس طرح پکوان میں بھی ماہر ہو جائے گی۔ کہیں بھی شادی بیاہ میں جاکر گھروں میں کھانا بنا سکتی ہے یا خود کوئی چھوٹا موٹا ہوٹل چلا سکتی ہے۔اس طرح کچن گارڈننگ بھی مفید کورس ہے۔ سبزیاں وغیرہ اگا کر فروخت کر کے وہ اپنی آمدنی میں اضافہ کر سکتی ہے۔"(عنبرین صفحہ 67)

الغرض ناول نگار نے عنبرین کو ایک مثالی کردار کے طور پر پیش کیا ہے۔امیر النساء نے اس ناول میں نہ صرف سماجی برائیوں کو دور کرنے کی کوشش کی ہے بلکہ اس ناول میں ایک مسئلہ کو اٹھایا، سلجھایا اور اس کا حل بھی بتایا ہے، خواتین کی پریشانیاں، پریشانیاں کا نتیجہ اور اس کو کس طرح دور کیا جائے، ایک عملی نمونہ پیش کر کے اس ناول کو امیر النساء نے مشعلِ راہ بنا دیا ہے۔ میں تو سمجھوں گا اگر کسی خاتون کو زندگی کے طور طریقے جاننا، اچھی سماجی زندگی پانا اور اپنے مستقبل کو سنوارنا ہے تو اس ناول کا مطالعہ بے حد کار آمد اور مفید ثابت ہو گا۔

کتابیات(Bibliography) :

☆کلیاتِ امیر النساء۔ مرتب ڈاکٹر ایس۔ محمد یاسر۔ پبلشر شعبۂ اردو سی۔ عبدالحکیم کالج (خود مختار)، میل وشارم

☆"عنبرین"(ناول)۔ مصنفہ امیر النساء

☆"بند کتاب" (افسانوں کا مجموعہ) مصنفہ امیر النساء

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

ہندوستانی مشترکہ تہذیب اوراودھ کی اردو شاعری پراس کے اثرات

Muqeem Ullah Khan
DA. Staff Quarter
Shalimar Bagh -Delhi

تلخیص:۔ اودھ جو قدیم دور سے ہی ہندوستانی تہذیب کا ایک اہم مرکز رہا ہے۔ رام کی جائے پیدائش اجودھیا کا تعلق بھی اودھ سے ہی ہے جو کہ ہندوؤں کے اہم مقدس مقامات میں سب سے اہم ہے۔ مسلمانوں کی ہندوستان میں آمد کے کچھ عرصے بعد مسلمان صوبہ اودھ میں آباد ہونے لگے، یہ علاقہ بھی مسلم سلطنت کا ایک اہم حصہ بن گیا۔ رفتہ رفتہ دونوں قوموں کی تہذیب میں آمیزش ہوئی، جس سے دونوں قوموں کی تہذیب میں مماثلت بھی پیدا ہوگئی ساتھ ہی وہ ایک دوسرے کے زیادہ قریب آتے گئے۔ یہی تہذیب آگے چل کر 'گنگا جمنی' تہذیب کے نام سے مشہور ہوئی۔ اس مشترکہ تہذیب کے سبب ہندو مسلمان باہم ایک دوسرے کے رسم ورواج اور تہواروں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے لگے۔ ہندوؤں کے تہواروں میں مسلم اور مسلمانوں کے تہواروں میں ہندو کثرت کے ساتھ شامل ہوا کرتے تھے۔ دونوں مذاہب کے درمیان یگانیت بڑھانے میں نوابین اودھ کا غیر معمولی تعاون رہا ہے۔

کلیدی الفاظ: تہذیب#مشترکہ تہذیب# ہندوستانی تہوار# شاہانِ اودھ#رسم ورواج#لکھنؤ#اودھی شاعری

لفظ 'تہذیب' ہماری زندگی میں کثرت کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ دراصل تہذیب ہماری عادات واطوار کے مجموعے کا نام ہے، جس میں زبان، سوچ، فکر، مکان، لباس، اخلاق، احساس، موسیقی، تعمیر، تحریک، طرز عمل، قانون، عقیدہ، رسم، یقین سبھی کچھ شامل ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ سبھی سماج کے تہذیب واقدار ایک جیسے ہوں۔ جس طرح سے ہر ایک فرد اپنی قدر کے اعتبار سے ایک الگ پہچان رکھتا ہے۔ ٹھیک اسی طرح سے کوئی بھی جماعت یا سماج اپنی منفرد تہذیب شناخت رکھتا ہے۔ اگر ایک قوم یا جماعت کی تہذیبی قدریں دوسری قوم یا جماعت کی تہذیبی قدروں سے یکسانیت رکھتی ہیں تو اسے ہم محض ایک اتفاق ہی کہہ سکتے ہیں۔ تہذیب کا ایک مخصوص دائرہ ہے جو کہ ایک مخصوص علاقے، آب وہوا، تاریخ، سیاست، معاشرہ اور اس کے رسم ورواج ومذہب تک پھیلا ہوا ہے۔ ہندوستان تہذیبی اعتبار سے ایک بے حد ثروت مند ملک ہے۔ یہاں پر شمالی ہند سے جنوبی ہند تک اور مشرقی ہند سے مغربی ہند تک تہذیب وثقافت مختلف ہے۔ ملک کے ہر حصے میں مختلف تہذیب وثقافت دیکھنے کو ملتی ہے۔ دہلی، لکھنؤ، حیدرآباد، میسور، عظیم آباد وغیرہ بھی انفرادی تہذیبی حیثیت رکھتے ہیں۔ کیونکہ یہ مخصوص علاقے قدیم زمانے سے تہذیب وتمدن کا گہوارہ رہے ہیں۔ نادر شاہ کے حملے کے بعد جب دہلی تباہ وبرباد ہوگئی اور ہندوستان کی قدیم تہذیبی وراثت خطرے میں تھی، اس وقت نوابین اودھ نے تہذیب وثقافت اور علم وادب کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا۔ اسی دور میں ہی لکھنوی تہذیب اعلیٰ مقام پر پہنچ گئی تھی اور اس دور میں جو شعر وادب کی تخلیق ہوئی، اس کی بخوبی عکاسی دیکھنے کو ملتی ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

اودھ کی مشترکہ تہذیب کو ہم 'گنگا جمنی' تہذیب بھی کہہ سکتے ہیں جس کا سب سے نمایاں پہلو یہاں کی مشترکہ روایات ہیں۔ یہاں پر ہندو اور مسلمان کسی بھی تہوار کو بڑے ہی دھوم دھام سے مناتے ہیں۔ یہاں پر تہوار منانے کا طریقہ ملک کی اور جگہوں سے بالکل ہی الگ نظر آتا تھا۔ نواب اودھ کے زمانے میں تہوار صرف عوام کے درمیان ہی نہیں منائے جاتے تھے بلکہ حکومت کی طرف سے بھی معقول انتظام کیے جاتے تھے۔ تہوار کے موقع پر دربار کی جانب سے تقریبات منعقد کی جاتی تھیں، جس پر اچھی خاصی رقم خرچ کی جاتی اور شاہانِ اودھ بھی خود اس میں شرکت کیا کرتے تھے۔ جس طرح سے مسلمانوں کے تہوار منعقد ہوتے تھے، ٹھیک اسی طرح ہی ہندوؤں کے تہوار بھی منائے جاتے۔ اس سلسلے میں دونوں مذاہب کے درمیان کوئی بھید بھاؤ نہیں کیا جاتا تھا۔ جس سے تہوار منانے کے رسوم مذہبی سے زیادہ ثقافتی نظر آنے لگتے تھے۔ دونوں کے تہواروں کے ثقافتی پہلوؤں کے ساتھ ساتھ ان کے مذہبی پہلوؤں میں اشتراکی صورتیں فروغ پائیں۔ ہندوؤں کے بعض تہوار ایسے تھے جن کی کچھ مذہبی رسوم کو مسلمان اپنے طور پر ادا کرتے تھے اور مسلمانوں کے کچھ تہواروں کی مذہبی رسوم کو ادا کرنے کا چلن ہندوؤں میں بھی تھا۔ اودھ کے تہواروں کے مشترکہ روایت سے متاثر ہو کر اختر بستوی لکھتے ہیں کہ :

> ''اس سلسلے میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے تہواروں پر حکومت کی طرف سے تقریبات کا انعقاد ہوتا تھا اسی طرح ہندوؤں کے تہواروں پر بھی ہوا کرتا تھا۔ چونکہ حکمران اودھ مسلمان تھے اس لیے مسلمانوں کے تہواروں کا حکومتی سطح پر منایا جانا کوئی غیر معمولی بات نہیں تھی۔ لیکن مسلم حکمرانوں کا ہندوؤں کے تہواروں کو دربار میں منانا اور سرکاری خزانے سے ان کے لیے بڑی بڑی رقمیں خرچ کرنا ایک بہت ہی اہم بات تھی۔ یہ مذہبی وسیع النظری اور رواداری کی شاندار مثال تھی۔''

(تہواروں کی مشترکہ تہذیبی نوعیت۔ اختر بستوی مشمولہ اودھ نمبر نیا دور ص۔ ۹۲)

اودھ کے تہواروں میں ہولی کو خاص اہمیت حاصل تھی۔ دونوں ہی مذاہب کے لوگ اسے ساتھ میں مل کر منایا کرتے اور منانے کے طریقوں میں کوئی فرق محسوس نہیں ہوتا اور ساتھ ہی دربار اودھ میں سبھی لوگ اسے بڑے ہی اہتمام کے ساتھ منایا کرتے تھے۔ نواب آصف الدولہ اور سعادت علی خاں دونوں ہی دھوم دھام سے ہولی کھیلا کرتے اور درباریوں کے ساتھ خوشی کا اظہار کیا کرتے تھے۔ عام و خاص کے ساتھ میں مل کر 'ہولی کا دہن' کیا کرتے اور پھر اگلی صبح گلال، عبیر، زعفران سے اور پچکاریوں میں رنگ بھر کر دھوم دھام سے ہولی کھیلا کرتے اور ساتھ ہی کھیل تماشے اور مذاقیہ پروگراموں میں لوگ بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے اور شام ہونے تک یہ دور جاری رہتا تھا۔ شام ہوتے ہی اودھ آتش بازی کے ماحول میں رنگا ہوا نظر آتا اور اودھ میں ہولی منانے کا یہ طریقہ ہندوستان کے کسی بھی علاقے میں دیکھنے کو نہیں ملتا تھا۔

اودھ کی مشترکہ تہذیب جو کہ تہواروں کے مواقع پر نمایاں طور پر نظر آتی ہے۔ اسے شعراء اردو نے بہت ہی خوبصورتی کے ساتھ اپنے شعر و سخن کا حصہ بنایا اور عوام ان کو موقع محل کے مطابق اپنی محفلوں میں پڑھتے اور گاتے اور لوگ اس سے لطف اندوز ہوتے تھے۔ ہولی کھیلنے کی ایک بہتر مثال دیکھئے

دستہ دستہ رنگ میں بھیگے جواں جیسے گلدستہ تھے جوؤن پر رواں

Scanned with OKEN Scanner

زعفرانی رنگ میں رنگیں لباس عطر پاشی سے سبھوں میں گل کی باس
رنگ افشانی سے پڑتی تھی پھوار رنگ باراں تھا مگر ابر بہار

اردو ادب میں اودھ، احمد خاں، ص۔۱۰۸

شیخ محمد بخش مہجور لکھنوی نے نواب سعادت علی خاں کی مجلس میں ہولی کا بڑے ہی لطیف انداز میں بیان کیا ہے، ملاحظہ ہو

موسم ہولی کا تیری بزم میں دیکھا جو رنگ
ٹمٹکی نمٹ باندھی ہوں دامن کو اپنے مہوشاں
پھرتے ہیں رنگ شفق میں سب ڈوبے ہوئے
ہاتھ میں مثل ثریا سب لے کے پچکاریاں

اردو ادب میں اودھ، احمد خاں، ص۔۱۰۸

اس موقع پر مشاعرے بھی منعقد ہوا کرتے تھے۔ جس میں ہولی سے متعلق کلام پڑھے جاتے تھے۔ اس موقع پر انشاءاللہ خاں انشاؔ کا کلام ملاحظہ ہو

سانگ ہولی میں حضور اپنے لاویں ہر رات
کہ کنہیا بنیں اور سر پر وہ دھر لیویں مکٹ
گوپنیں ہو کے پڑی ڈھونڈیں قدم کی چھائیں
بانسری دہن میں دکھا دیویں وہ ہی جمنا ہٹ

(اردو ادب میں اودھ، احمد خاں، ص۔۱۰۹)

ہولی کی طرح بسنت کا تہوار بھی ہندو اور مسلمان دونوں مل کر منایا کرتے تھے، دربار اودھ میں بھی بڑی شان و شوکت کے ساتھ منایا جاتا اور اس پر اچھی خاصی رقم خرچ کی جاتی تھی۔ بسنت میں لوگ زرد کپڑے پہن کر زرد کاغذ کی پتنگ زرد ڈور سے اڑاتے تھے اور اس کے بعد ہندو مسلمان دونوں ہی شامل ہو کر بسنت کی تعریف میں کلام پڑھتے اور امن و آمان کی دعا مانگتے تھے۔ ڈاکٹر اختر بستوی بسنت کے تہوار کے متعلق خوبیوں پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھتے ہیں:

"ہولی ہی کی طرح بسنت کا تہوار بھی اس عہد میں ہندو مسلمان یکساں جوش وجذبے سے مناتے تھے۔ فرماں روایانِ اودھ بسنت کے جشن کے سلسلے میں بھی بڑا اہتمام کرتے تھے۔ آصف الدولہ کے دربار میں اس تہوار کا جشن بڑے تزک واحتشام کے ساتھ ہوا کرتا تھا اور اس پر بھی وہ ہولی کے جشن کی طرح لاکھوں روپیہ خرچ کیا کرتے تھے۔ دیگر حکمران اودھ بھی بسنت کے جشن کو بہت اہمیت دیتے تھے۔ اس روز لوگ زرد لباس پہنتے تھے اور ہزاروں کی تعداد میں شہر کے باہر جمع ہو کر زرد کاغذ کی پتنگ زرد رنگ کی ڈور سے اڑاتے تھے۔ اس تہوار کے دن مسلمان گانے والے، دیگر لوگوں کے ساتھ جن میں

Scanned with OKEN Scanner

ہندو مسلمان دونوں شامل ہوتے تھے۔ مٹی کے برتن میں سبز خوشے اور 'گل شریف' ڈال کر کسی بزرگ کے مزار پر جاکر بسنت کی تہذیب اور اس بزرگ کی مدح میں اشعار گاتے تھے۔''

(تہواروں کی مشترکہ تہذیبی نوعیت، اختر بستوی، مشمولہ اودھ نمبر نیا دور ص۔ ۱۹۲)

اودھ کے اہم تہواروں میں دسہرہ بھی دھوم دھام سے منایا جاتا تھا۔ دسہرے کا تعلق شری رام سے ہے جو کہ رامائن کے ایک اہم کردار ہیں۔ ہندو عقیدہ کے مطابق یہ تہوار جھوٹ پر سچ کی جیت کی خوشی میں منایا جاتا ہے۔ اودھ میں ہندو مسلم دونوں ہی اسے بڑے جوش و خروش کے ساتھ مناتے اور اس میں گاؤں اور شہر کے لوگ شامل ہوا کرتے تھے۔ یہ تہوار مشترکہ تہذیب کا ایک اہم عمدہ تہوار تھا، جس میں دونوں ہی فریق دل کھول کر ایک دوسرے کو اچھائی پر برائی کی جیت کی مبارکباد دیا کرتے تھے۔ اختر بستوی دسہرے کی خصوصیات پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھتے ہیں:

''دسہرے کی بھی، اودھ کے فرمانرواؤں کے دور میں بڑی دھوم ہوتی تھی۔ اس تہوار میں ہندوؤں کے ساتھ مسلمان بھی 'نیل کنٹھ' کے درشن کے لیے مختلف مندروں میں اور دیگر مقامات پر جاتے تھے۔ خصوصیات کے ساتھ شہر کے حاکم اپنے گھوڑے اور ہاتھیوں کو مہندی اور دوسرے رنگوں سے رنگوا کر، نقرئی اور طلائی ساز و سامان اور زر نگار جھول اور عماریاں لگا کر، اپنے فوجی دستے اور ذی مرتبہ مصاحبوں کے ساتھ 'نیل کنٹھ' کے درشن کرتے تھے اور شام کے وقت رقص و سرور کی محفل منعقد ہوتی تھی۔ دسہرے کے ایام میں مسلم بچے بھی ہندو بچوں کی طرح ٹیسورائے کی مورت بنا کر اور اسے لکڑی پر لٹکا کر شام کے وقت روزانہ ہندی کے اشعار پڑھتے ہوئے دروازے دروازے جاکر پیسہ مانگتے تھے اور جو رقم جمع ہوتی تھی اس سے خاص دسہرے کے دن مٹھائی خرید کر آپس میں تقسیم کر لیتے تھے۔''

(تہواروں کی مشترکہ تہذیبی نوعیت، اختر بستوی، مشمولہ اودھ نمبر نیا دور ص۔ ۱۹۲)

مسلم تہواروں میں عیدالفطر اور عیدالاضحی اہم تہوار ہیں، جنہیں ہم عام بول چال میں عید اور بقرا عید بھی کہتے ہیں۔ یہ دونوں ہی تہوار اودھ میں بڑے ہی خوشی کے ساتھ منائے جاتے تھے۔ عید کا چاند ہونے کے بعد ایک دوسرے کے ساتھ خوشی کا اظہار کرتے اور ساتھ ہی کچھ لوگ اظہار خوشی میں بِگُل اور نقارے بھی بجایا کرتے تھے۔ نوابین اودھ اپنے لاؤ لشکر کے ساتھ عیدگاہ جاتے۔ قیمتی لباس پہن کر امراء و رؤسا، گھوڑ سوار، پیدل، فوجی، اونٹوں پر سوار فوجی ساتھ ہی توپ خانے اور نجیوں کے دستے بھی ہوا کرتے تھے۔ بعد نماز عوام و خواص سبھی لوگ ایک دوسرے کو گلے مل کر عید کی مبارکباد دیا کرتے اور جس میں ہندو حضرات بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے اور مسلمانوں کے گھر جاکر ان کو عید کی مبارک باد پیش کیا کرتے اور سوئیں کھا کر اپنا منہ بھی میٹھا کرتے۔ نماز کے بعد حکمرانوں کے یہاں بھی ہندو مسلمان دونون ہی عید کی مبارکباد دینے جایا کرتے اور وہاں پر سبھی کو شیرینی بھی تقسیم کی جاتی۔

شاہان اودھ میں محرم کو سب سے زیادہ اہتمام و عقیدت کے ساتھ منایا جاتا تھا۔ محرم میں حضرت امام حسینؓ کی شہادت کی یاد میں اظہار غم کیا جاتا ہے۔ شاہان اودھ سے قبل محرم منائے جاتے تھے مگر اتنی اہمیت کے ساتھ نہیں۔ اس دور میں محرم کو عروج و اعزاز حاصل ہونے کی سب سے خاص

Scanned with OKEN Scanner

وجہ یہ تھی کہ دربار اودھ کے حکمران شیعہ تھے۔ لیکن اس دور میں صرف شیعہ ہی نہیں بلکہ سنی وہندو بھی بڑی عقیدت اور سادگی کے ساتھ شرکت کرتے تھے۔ جس سے متعلق مرزا جعفر حسین لکھتے ہیں کہ :

''اودھ کے حکمران فراخ دل اور وسیع النظر تھے۔ انہوں نے اگر ایک طرف تعزیہ داری کو فروغ دیا تھا تو اسی کے ساتھ مقامی تہواروں کو بھی اپنا لیا تھا۔ درباروں میں بڑے بڑے تزک واحتشام سے ہولی کھیلی جاتی تھی اور جوش وخروش سے بسنت منایا جاتا تھا۔ ان کی سرکار میں ادیبوں، شاعروں اور فنکاروں کی خواہ وہ ہندو ہو یا مسلمان یکساں طور پر سرپرستی ہوتی تھی۔ اس روادارانہ اور منصفانہ حسن سلوک کی وجہ سے بھی لکھنؤ کی عزاداری کو جو پہلے ہی رائج تھی اور زیادہ مقبولیت حاصل ہو گئی تھی۔''

(قدیم لکھنؤ کی آخری بہار، مرزا جعفر حسین، ص۔ ۳۲۴)

محرم کا چاند نظر آنے کے ساتھ ہی لوگ سبز اور سیاہ رنگ کے لباس پہننا شروع کر دیتے تھے۔ ہر جگہ مجالس منعقد ہوتیں اور ساتھ ہی مختلف قسم کے جلوس بھی نکلنے شروع ہو جاتے۔ ہندو اور مسلمان عورتیں اہتمام کے ساتھ نوحے گاتی تھیں اور ساتھ ہی ماتم وعزاداری کرنے والوں میں ہر فرقے کے لوگ شامل ہوا کرتے تھے۔ اصف الدولہ اور شجاع الدولہ محرم کے دوران عقیدت اور سادگی کے ساتھ عزاداری کیا کرتے اور ساتھ ہی ساتھ تمام تقریبات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔ آصف الدولہ تو اکثر وبیشتر ماتم کے دوران لہولہان ہو جایا کرتے تھے۔ واجد علی شاہ بھی محرم کا چاند دیکھنے کے ساتھ ہی سبز لباس پہن لیا کرتے اور ساتھ ہی دسویں تاریخ کی شب کو لوگوں کے گھر جا کر تعزیہ کی زیارت بھی کیا کرتے تھے۔ وہ تعزیوں پر چڑھاوا چڑھاتے اور جلوس میں وہ خود ہی تاشہ بجایا کرتے تھے۔ تعزیہ داری ایک خالص ہندوستانی رسم ہے، جس کی بنیاد ہندوستان میں ہی پڑی تھی اور اسے ابتدا سے ہی مسلمانوں کے ساتھ ساتھ ہندو بھی بڑی عقیدت پیش کرتے چلے آرہے ہیں۔ ہندو حضرات بھی عقیدت واحترام کے ساتھ تاریخ اول سے لے کر یوم عاشورہ تک مجالس میں شامل ہوتے اور نوحہ خوانی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے۔

مسلمانوں کے تہواروں میں شب برأت کو ایک اہم تہوار کی شکل میں منایا جاتا ہے۔ مسلمان اس دن طرح طرح کے پکوان اور حلوے بنا کر انہیں غریبوں مسکینوں میں تقسیم کیا کرتے اور ساتھ ہی قبرستانوں میں جا کر اپنے بزرگوں وعزیزوں کے لیے دعائے مغفرت بھی کرتے ہیں۔ کچھ لوگوں نے تو یہاں تک مان لیا ہے کہ شب برأت بھی محرم کی طرح ایک خالص ہندوستانی رسم ہے، جس کا تعلق اسلام سے مختلف واقعات وعقائد بتایا جاتا ہے۔ شب برأت کو منانے کے سلسلے کے متعلق مختلف روایات جڑی ہوئی ہیں، جس کو اختر بستوی تفصیل سے بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں:

''کچھ لوگ اس سلسلہ جنگ احد میں پیغمبر اسلامؐ کے دندان مبارک کو شہید ہونے سے اور کچھ اشخاص، حضرت امیر حمزہ کی شہادت سے جوڑتے ہیں، اور بعض حضرات اس کو ان عقائد سے منسلک کرتے ہیں کہ رات کو حکم الٰہی سے ملا کر رزق کی تقسیم اور عمر کا حساب لگاتے ہیں اور ہر شخص کا اعمال نامہ کھولا جاتا ہے اور اس کی قسمت کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ لیکن اس تہوار کے ہندوستان میں رائج ہونے کے سلسلے میں بعض لوگوں نے ہندو مذہب اور ہندو تہذیب کے اثرات کا بھی ذکر کیا ہے۔ مثال کے طور پر یہ کہا جاتا ہے

Scanned with OKEN Scanner

کہ اکبر اعظم نے جب اپنی ملکہ جودھا بائی کے اپنے مرے ہوئے بزرگوں کو کھانا دیتے ہوئے دیکھا تو وہ اس رسم سے بہت متاثر ہوا اور اس نے حکم دیا کہ اسلام میں بھی اس طرح کی کوئی رسم ڈھونڈھی جائے اور اس کے نتیجے میں ایک مشیر نے شب برأت کی بنیاد قائم کی جو مسلمانوں میں سارے ہندوستان میں رواج پاگئی۔'' (تہواروں کی مشترکہ تہذیبی نوعیت، اختر بستوی، مشمولہ اودھ نمبر ص۔ ۹۳۔۲۹۲)

اودھ میں بھی اس تہوار کو بڑی ہی عقیدت مندی کے ساتھ منایا جاتا تھا۔ یہاں پر مختلف قسم کے حلوے تیار کیے جاتے اور اس کے علاوہ میٹھے پکوان بھی بنائے جاتے تھے۔ جس پر لوگ اپنے بزرگوں کی فاتحہ کرواتے اور غریبوں میں تقسیم کرتے اور پھر شام کے وقت لوگ اپنے بزرگوں کے قبرستان پر جاکر فاتحہ پڑھتے و قبروں پر روشنی کیا کرتے تھے۔ اس دن شیعہ فرقے کے لوگ امام مہدی کی ولادت کو مناتے اور ساتھ ہی ساتھ اس تہوار کو جشن کے طور پر منانے کا ایک طریقہ اور مل گیا تھا۔ اس لیے یہاں پر گھر گھر میں چراغاں ہوتا اور کئی طرح کی آتش بازیاں چھوڑی جاتی تھیں۔

تہذیبِ اودھ ہندوستان کی ایک اعلیٰ تہذیب تھی۔ جس میں بظاہر تصنع، تکلف، نزاکت اور آداب واخلاق کے عمدہ نمونے دیکھنے کو ملتے ہیں اور ساتھ ہی اس عہد میں اودھ تہذیبی اعتبار سے حیدر آباد، میسور، عظیم آباد یا پھر دہلی کے مقابلے میں منفرد و ممتاز مقام رکھتا تھا۔ جس کی خاص وجہ یہ تھی کہ نوابین اودھ نے سماج میں ادب و ثقافت کا ایک نیا ہی رنگ بھر دیا تھا اور اودھ کی دنیا ایک الگ دنیا ہو گئی تھی، جو اس وقت کی دہلی سے کئی معنوں میں اعلیٰ معیار رکھتی تھی۔ تہذیب اودھ میں ہندو مسلم، امیر و غریب اور اونچ نیچ میں کوئی بھی فرق موجود نہیں رہا تھا اور ہندو مسلمان تہذیبی اعتبار سے ایک دوسرے کے بہت قریب ہو گئے تھے۔ اسی بناپر ہی دربار اودھ میں ہولی، دیوالی، دسہرہ، بسنت، عید اور محرم میں سبھی لوگ برابر شرکت کیا کرتے تھے۔ ہندوؤں اور مسلمانوں میں نہ کوئی بھید بھاؤ تھا اور نہ ہی کوئی تضاد دیکھنے کو ملتا تھا۔ اسی بناپر ہی اودھ کی تہذیب ہندوستانی تہذیبوں میں ایک اعلیٰ اور منفرد مقام رکھتی ہے۔

کتابیات

۱۔	ادب اور تہذیب	فرمان فتح پوری	1967	تنویر پریس، لکھنؤ
۲۔	اردو ادب میں اودھ	احمد خان	2010	کتابی دنیا، دہلی
۳۔	اردو اور مشترکہ ہندوستانی تہذیب	کامل قریشی	2000	اردو اکادمی، دہلی
۴۔	تاریخ ادب اودھ	جمیل جالبی	1985	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی
۵۔	لکھنؤ کی تہذیبی میراث	سید صفدر حسین	1978	اردو پبلشرز، لکھنؤ
۶۔	ہندو تہواروں کی دلچسپ اصلیت	رام پرساد ماتھور	1991	خدا بخش لائبریری، پٹنہ
۷۔	قدیم لکھنؤ کی آخری بہار	سید جعفر حسین	1981	ترقی اردو بیورو، دہلی

- نیا دور قومی یکجہتی نمبر لکھنؤ، شمارہ مارچ اپریل 1993

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

اقبال کی قافیہ پیمائی

عمران اعظم

ریسرچ اسکالر، شعبہ اردو

دہلی یونیورسٹی، دہلی

Abstract: As Poetry needs meter and rhythm to maintain its melody and music, similarly the beauty of poetry is enhanced by rhyme (cadence). Like as beauty is related to decoration, similarly poetry also represent the essence of decoration. There is no disagreement about this. Some Prosodist have argued whether it is necessary for poetry or not. Those who used to say that it is not necessary for poetry, and only rhythm is necessary for poetry, actually that is not poetry. But the majority of literary scholars agree that couplets, writing which is deliberately rhythmic and harmonious should be called poetry.

In this article we examined Iqbal's poetry deeply, which clearly shows that Iqbal has put all possible effort and full attention in the selection of rhyme (cadence). He has used rhyme (cadence) in a beautiful way, which has doubled the beauty of the poem and at the same time reveals his depth of thought, knowledge of rhyme (cadence) and universality. Iqbal has used rhyme (cadence) in his poetry keeping in mind the rules and regulations of poetry. Iqbal has taken everything into account, be it the rhyming sounds or the letters of poetry.

کلیدی الفاظ: عروس سخن، چسپیدگی، اشباع، دخیل، ڈھال، مطابقت، متحرک

Scanned with OKEN Scanner

ادب کی دو قسمیں ہیں۔ایک نظم دوسری نثر،یعنی ہم اپنامافی الضمیر یاتو شعری پیکر میں ڈھال کر سامعین کو پروستے ہیں یا منثور انداز میں اظہار خیال کرتے ہیں۔ موزونی پیکر میں ڈھال کر اپنی بات کی ترسیل کرنا شاعری کہلاتا ہے۔ جبکہ عام بول چال میں ہم دوسرا طریقہ کار یعنی نثری لہجہ اپناتے ہیں۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان دونوں میں مابہ الا متیاز کیا ہے یعنی وہ شے جو نثر کو نظم سے اور نظم کو نثر سے ممتاز کرتی ہو۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ نظم کی موزونیت و موسیقیت نثر کو نظم سے الگ کر دیتی ہے۔ لیکن کچھ لوگ یہاں پر یہ اعتراض کر سکتے ہیں کہ بعض ناقدین نے شعر کے لیئے وزن کو ضروری نہیں گردانا۔ مگر یہ دھیان رہے کہ جب تک شعر میں موزونیت اور موسیقیت نہ ہو تو نثر سے الگ نہیں ہو سکتا،اور نہ ہی موثر و کار آمد ہو گا۔ نیز جمہوریت ادب بھی اسی بات کی قائل ہے کہ وزن شعر کے لئے ضروری ہے۔ کیوں کہ وزن کے ساتھ شعر کی نغمگی اور موسیقیت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ بہر کیف اشعار کو وزن کے ترازو پر پرکھنے کے علم کا نام عروض ہے۔

جس طرح شعر کی نغمگی اور موسیقیت بچانے کے لیے وزن اور بحر کی ضرورت ہوتی ہے اسی طرح شعر کے حسن میں مزید اضافہ، قافیہ پیمائی سے ہوتا ہے۔ جس طرح حسن کو آرائش سے تعلق ہوتا ہے۔ ٹھیک قافیہ کو بھی شعر کے ساتھ وہی علاقہ ہے۔اس میں کسی کا اختلاف نہیں۔ اختلاف کچھ عروضیوں کا اس پر ہوا کہ آیا وہ شعر کے لئے لازم ہے یا نہیں۔ جن لوگوں نے یہ کہا کہ وہ شعر کے لئے لازم نہیں ان کا کہنا ہے کہ شعر کے لئے صرف موزونی ہونا ضروری ہے قافیہ پیمائی ضروری نہیں۔ مگر اہل ادب کی اکثریت اس بات پر متفق ہے کہ شعر وہی ہے بلکہ اسی کو کہا جانا چاہیے جس کو قصداً موزون و مقفیٰ کیا گیا ہو۔ جو لوگ بلا قافیہ شعر کے قائل ہیں وہ کہتے ہیں کہ عربی زبان میں بھی اس کی مثال دیکھنے کو ملتی ہے اور مثال میں ابونواس کے ان اشعار کو پیش کرتے ہیں جو اس نے امین ابن ہارون الرشید کے دربار میں پڑھے تھے۔ واقعہ کچھ اس طرح ہے کہ ایک دن ابونواس، امین ابن ہارون ارشید کے دربار میں تھا اور شعر و سخن کا دور چل نکلا۔ دورانِ گفتگو جب عروض و قوافی پر بحث ہوئی تو امین الرشید نے کہا کہ اے ابونواس کیا تم بلا قافیہ بھی شعر کہتے ہو؟ تو ابونواس نے جواب دیا بلیٰ (کیوں نہیں) اور فی البدیہ تین اشعار بلا قافیہ کہہ ڈالے جن میں صنعت اشارہ کو برتا گیا تھا:

ولقد قلت للملیحۃ قولی	من بعید لمن یحبک حبک۔	اشارہ قُبلہ
و اشارت بمعصم ثم قالت	من بعید خلاف قولی	اشارہ لالا
فتنفست ساعۃ ثم انی	قلت للبغل عند ذلک	اشارۃ امش

اس واقعہ کی روشنی میں اتنا تو پتہ ضرور چلتا ہے کہ ابونواس نے اس وقت بلا قافیہ اشعار کہے تھے۔ مگر اس بات کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے کہ اگر وہ بلا قافیہ اشعار کہتا تھا تو اسے فی البدیہ اشعار کہنے کی حاجت محسوس نہیں ہوتی۔ اسی واقعے کے حوالے سے ''مراۃ الشعر'' میں عبد الرحمن نے لکھا ہے کہ:

> ''جس زبان والوں کو یہ قدرت ہو کہ اشارہ جیسی دشوار صنعت میں فی البدیہہ شعر کہہ جائیں ان کے لیے قافیہ کی پابندی کیا مشکل ہو سکتی ہے۔ خصوصاً جب کہ وہ جانتے اور دیکھتے ہوں کہ قافیہ شعر کے حسن کو دوبالا کر دیتا ہے یہی وجہ تھی کہ انہیں شعر غیر مقفیٰ کا کبھی خیال نہیں آیا۔ موشح اور مسمط کی ایجاد کے

Scanned with OKEN Scanner

ساتھ قافیہ کی ترتیب میں تنوع پیدا ہوا۔ لیکن قافیہ کا التزام متروک نہیں ہوا، پھر بھی عربی زبان نے اتنے شاعر پیدا کیے کہ کوئی زبان مشکل ہے کہ پیدا کر سکی ہو۔'' ص۸۶

اس اقتباس سے واضح ہوتا ہے کہ عربی زبان کی شاعری قافیہ سے اپنا دامن نہیں چھڑا سکی اور نہ ہی اس کے شعرا کو کبھی قافیہ ترک کرنے کا خیال آیا۔ کیوں کہ قافیہ شعر کی دلکشی کو دو بالا کر دیتا ہے۔ تو وہ شعرا اپنے کلام میں ترکِ قافیہ کیسے تصور کر سکتے تھے تو اب یہ جاننے کی کوشش کرتے ہیں کہ عروضیوں کی نظر میں قافیہ کیا ہے؟

اگر لباسِ حسیں ہیں مطالبِ دلکش

تو قافیہ بھی عروسِ سخن کا زیور ہے

قافیہ کے لغوی معنی فارسی میں پَے روندہ اور اردو میں پیچھے آنے والے کے ہیں۔ اسی لیے قافیہ کا التزام شعر کے آخر میں کیا جاتا ہے۔ اخفش نے لغوی معنی کو مد نظر رکھتے ہوئے شعر کا آخری کلمہ کہہ کر قافیہ کی تعریف کی ہے۔ خلیل نے قافیہ کی تعریف کو یوں جامہ الفاظ پہنایا ہے کہ شعر میں سب سے آخری ساکن سے پہلے جو ساکن آئے اس کے ماقبل متحرک سے لے کر آخر تک سب کچھ قافیہ ہے۔ جبکہ سکاکی کے نزدیک ساکن مقدم سے پہلا حرف مع حرکت، قافیہ کہلاتا ہے۔ یہ تعریفات عربی زبان تک تو ٹھیک ہیں مگر اردو کے مزاج سے روا نہیں۔ اردو زبان میں قافیہ کی تعریف یوں کی گئی ہے:

قافیہ: ان حروف و حرکات کا مجموعہ ہے جو مختلف الفاظ میں شعر یا مصرعہ کے آخر میں، مطلع اور بیت کے ہر مصرعہ میں غیر مستقل طور پر بار بار آئے۔

سید کاظم علی عروض نے اپنی کتاب '' علم عروض و قافیہ و تاریخ گوئی''، میں لکھا ہے کہ :

''اصطلاح شعر میں قافیہ ان کلمات کو کہتے ہیں جو مصرعوں اور بیتوں کے اواخر میں آتے ہیں اور انہیں پر بناء شعر مستحکم ہوتی ہے یہ صورت میں تو ایک دوسرے سے مشابہ ۃ الاواخر اور معنی میں مختلف ہوتے ہیں۔'' ص۶۵

ذیل میں کلامِ اقبال سے قافیہ کی مثال

اٹھ کہ خورشید کا سامانِ سفر تازہ کریں

نفَسِ سوختہ شام و سحر تازہ کریں

Scanned with OKEN Scanner

پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر

مرد ناداں پر کلام نرم و نازک بے اثر

پہلے شعر کے پہلے مصرعے میں سفر اور دوسرے میں سحر قافیہ ہے۔ جبکہ دوسرے شعر کے پہلے مصرعے میں جگر اور دوسرے مصرعے میں اثر قافیہ ہے۔

محققین نے قافیہ کے لئے نو حروف بتائیں ہیں وہ یہ ہیں۔

(۱)تاسیس، (۲)دخیل، (۳)ردف، (۴)قید، (۵) روی،

(۶) وصل، (۷) مزید، (۸)خروج، (۹) نائرہ،

ان تمام حروف میں سے جس کا ہر قافیہ میں پایا جانا ضروری ہے وہ حرف روی ہے۔ علم قافیہ کے اصولوں کو مد نظر رکھتے ہوئے کلام اقبال کو قافیہ پر جانچنے اور پرکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ حروف قافیہ میں قافیہ کی دیوار جس پر مستحکم ہوتی ہے وہ حرف روی ہے۔ روی قافیہ کی بنیاد ہے۔ اس کے بغیر قافیہ نہیں ہو سکتا۔ روی کے لفظی معنٰی سامان باندھنے کی رسی کے ہیں۔ حرف روی سے چار حرف پہلے لائے جا سکتے ہیں اور چار بعد میں۔ یہ بات ذہن نشین رہے کہ قافیہ میں حرف روی لازمی ہے باقی نہیں، کبھی ایک اور دو بھی ہو سکتے ہیں اور زیادہ بھی۔

روی: قافیہ کا اصلی اور آخری حرف جس کے ہٹانے سے لفظ بے معنٰی ہو جائے

حکیم نجم الغنی نے روی کی تعریف بحر الفصاحت میں یوں کی ہے:

روی رائے مہملہ کے فتح اور واو کے کسر اور یائے معروف سے لفظ کے اس حرف آخر کو کہتے ہیں جو مصرع اور بیت کے آخر میں واقع ہوا ہو اور یہ حرف مکرر آتا ہے اور قافیہ کی بنیاد اسی پر ہوتی ہے۔ ص ۴۰۴

خرد کے پاس خبر کے سوا کچھ اور نہیں

ترا علاج نظر کے سوا کچھ اور نہیں

اقبال نے اس شعر میں خبر اور نظر کو بطور قافیہ استعمال کیا ہے۔ جس میں خبر اور نظر کی را حرف روی ہے۔ روی کے بعد حروف قافیہ میں سے جس حرف قافیہ کو سب سے پہلے بیان کیا جاتا ہے وہ الف تاسیس ہے۔ بعض لوگوں نے دخیل بھی بیان کیا ہے مگر اکثریت الف تاسیس والوں کی ہے۔

الف تاسیس: وہ الف ساکن جو حرف روی سے پہلے ہو اور حرف روی اور الف تاسیس کے درمیان کوئی ایک متحرک حرف ہو۔

انوکھی وضع ہے سارے زمانے سے نرالے ہیں

Scanned with OKEN Scanner

یہ عاشق کون سی بستی کے یارب رہنے والے ہیں

علامہ کے اس شعر میں نرالے اور والے قافیے ہیں جس میں یائے مجہول حرف روی ہے اس سے پہلے جو الف ہے وہ الف تاسیس ہے اور الف تاسیس اور حرف روی کے درمیان ایک متحرک حرف بھی ہے

دخیل: قافیہ کے اس حرف کو کہتے ہیں جو حرف روی سے پہلے ہو اور الف تاسیس کے بعد ہو جس طرح دخیل کا معنی ہی ہے بیچ میں آنے والا لہذا حرف دخیل ہمیشہ الف تاسیس اور حرف روی کے درمیان میں واقع ہوتا ہے۔اس کی مثال اقبال کے اسی کلام میں دیکھئے بلکہ یہ پورا کلام الف تاسیس اور دخیل کی مثال ہے۔

پھلا پھولا رہے یارب چمن میری امیدوں کا

جگر کا خون دے دے کر یہ بوٹے ہم نے پالے ہیں

رلاتی ہے مجھے راتوں کو خاموشی ستاروں کی

نرالا عشق ہے میرا، نرالے میرے نالے ہیں

ان اشعار میں اقبال نے نرالے، والے اور پالے بطور قافیہ استعمال کئے ہیں جن میں یائے مجہول حرف روی اور اس سے پہلے لام حرف دخیل جس کے ما قبل الف تاسیس ہے۔اقبال کے اسی کلام کے دوسرے اشعار میں اس کی مثال ملاحظہ کریں:

نہ پوچھو مجھ سے لذت خانماں برباد رہنے کی

نشیمن سینکڑوں میں نے بنا کر پھونک ڈالے ہیں

مرے اشعار اے اقبال کیوں پیارے نہ ہوں مجھ کو

میرے ٹوٹے ہوئے دل کے یہ دردانگیز نالے ہیں

حروف قافیہ میں دخیل کے بعد ردف آتا ہے۔

ردف: وہ حرف مدہ ہے جو حرف روی سے پہلے کسی لفظ کے حائل ہوئے بغیر آئے۔ حروف مدہ تین ہیں۔

الف ماقبل مفتوح

یائے ماقبل مکسور

Scanned with OKEN Scanner

واؤ ما قبل مضموم

ردف کے بارے میں اہل عرب کا کہنا ہے کہ ردف کی تقلیب جائز ہے یعنی ان کے نزدیک وجود اور وعید قافیے بنائے جا سکتے ہیں لیکن اردو شاعری میں ردف کا اختلاف جائز نہیں۔

اقبال کے کلام میں ردف یعنی الف ما قبل مفتوح کی مثال دیکھئے۔

گلزار ہست و بود نہ بیگانہ وار دیکھ

ہے دیکھنے کی چیز اسے بار بار دیکھ

آیا ہے تو جہاں میں مثال شرار دیکھ

دم دے نہ جائے ہستیئ ناپائدار دیکھ

مانا کہ تیری دید کے قابل نہیں ہوں میں

تو میرا شوق دیکھ مرا انتظار دیکھ

علامہ کی اس غزل میں وار، بار، شرار، پائیدار، انتظار وغیر قوافی ہیں ان الفاظ میں را حرف روی ہے اور اس سے پہلے آنے والا الف ساکن ردف ہے اور ردف کے لئے اردو والوں کا جو اصول ہے کہ اختلاف ردف جائز نہیں اقبال کا یہ پورا کلام اس پر کھرا اترتا ہے۔

اقبال کے کلام میں ردف یائے ما قبل مکسور کی مثال

جنھیں میں ڈھونڈتا تھا آسمانوں میں زمینوں میں

وہ نکلے میرے ظلمت خانہ دل کے مکینوں میں

سراپا حسن بن جاتا ہے جس کے حسن کا عاشق

بھلا اے دل حسیں ایسا بھی ہے کوئی حسینوں میں

اقبال نے اس میں زمینوں، مکینوں، حسینوں قوافی استعمال کئے ہیں۔ جس میں حرف روی نون مضموم ہے اور اس سے قبل یائے ما قبل مکسور ردف ہے۔

کلام اقبال میں ردف واؤ ما قبل مضموم کی مثال:

Scanned with OKEN Scanner

گرچہ میں ظلمت سراپاہوں سراپانور تو

سینکڑوں منزل ہے ذوقِ آگہی سے دور تو

اس میں نوراور دور قوافی ہیں رائے ساکن حرف روی ہے اوراس سے پہلے واؤ ما قبل مضموم ردف ہے۔

چوتھا حرف جو حرف روی سے پہلے آتا ہے وہ قید ہے۔

قید: لغوی معنی بیڑی یا شکنجے کے ہیں اصطلاح میں حرف روی سے پہلے آنے والا وہ ساکن حرف جو حروف مدہ میں سے نہ ہو اور اس کے اور حرف روی کے درمیان کوئی فاصلہ نہ ہو تو اسے قید کہتے ہیں۔اسی طرح حرف روی سے پہلے الف ہو مگر اس کے ما قبل زبر نہ ہو، واؤ ہو تو اس سے پہلے پیش نہ ہو اور یا ہو تو اس سے پہلے زیر نہ ہو تو یہ بھی قید مانا جائے گا۔

بزم جہاں میں میں بھی ہوں اے شمع دردمند

فریاد در گرہ صفتِ دانہ سپند

اس میں سپند، دردمند، اقبال نے قافیے استعمال کئے ہیں جس میں دال موقوف حرف روی ہے اور نون ساکن حرف قید ہے

یہ چاروں وہ حروف تھے جو حرف روی سے پہلے آتے ہیں جس طرح حرف روی سے پہلے چار حروف آتے ہیں ٹھیک اسی طرح حرف روی کے بعد بھی چار حروف آسکتے ہیں وہ ہیں وصل، مزید، خروج اور نائرہ اگر حرف روی کے بعد ایک حرف ہے تو وہ وصل کہلائے گا اگر دو ہیں تو پہلا وصل دوسرا مزید، اگر تین ہیں تو پہلا وصل دوسرا مزید، تیسرا خروج، اسی طرح اگر چوتھا حرف بھی ہے تو وہ نائرہ کہلاتا ہے۔

پردہ چہرہ سے اٹھا انجمن آرائی کر

چشمِ مہر و مہ و انجم کو تماشائی کر

تو جو بجلی ہے تو یہ چشمک پنہاں کب تک

بے حجابانہ مرے دل سے شناسائی کر

اقبال کے اس اشعار میں آرائی، تماشائی اور شناسائی قوافی ہیں جس میں الف حرف روی، ہمزہ وصل، یاء مزید ہے۔ حرف وصل کے متعلق یہ بات جاننا ضروری ہے کہ وہ تنہا آئے تو خود ساکن ہوتا ہے مگر حرف روی کو متحرک کر دیتا ہے۔ بعض شعرائے اردو اس بات کے قائل ہیں کہ حرف روی کے بعد جو حروف آتے ہیں وہ ردیف میں شامل ہوتے ہیں، چاہیں وہ حروف کوئی کلمہ ہوں یا نہ ہوں۔ان کے اس قول کی روشنی میں اردو میں حروف قافیہ

Scanned with OKEN Scanner

پانچ رہ جائیں گے ایک روی اور چار وہ جو حرف روی سے پہلے آتے ہیں۔اب تک جو کلامِ اقبال پر نظر ڈالی گئی وہ حروفِ قافیہ کو مدِ نظر رکھتے ہوئے جانچنے اور پرکھنے کی حوالہ سے تھی۔اب حرکاتِ قافیہ کے ضمن میں کلامِ اقبال کو دیکھتے ہیں۔

قافیہ کے اعراب (زبر زیر پیش) ان کی چھ شکلیں ہیں ہر شکل کا ایک نام ہے۔ان اشکال کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔رس ۲۔اشباع ۳۔حذو ۴۔توجیہ ۵۔مجریٰ ۶۔نفاذ

رَس: (بفتح الراء وسکونِ السین) اس زبر کو کہتے ہیں جو الفِ تاسیس سے پہلے آتا ہے جیسے نرالے اور والے اس میں رااور واو کا زبر اس حرکت کا اختلاف ممکن ہی نہیں اسی لئے کلامِ اقبال میں اس کی کوئی بھی مثال نہیں ملتی جس کی وجہ سے کہا جائے کہ اقبال نے اس حرکتِ قافیہ کی مخالفت کی ہے۔

ترے شیشے میں مے باقی نہیں ہے

بتا کیا تو مرا ساقی نہیں ہے

باقی اور ساقی قوافی ہیں ان میں باءاور سین کی حرکت کا نام رس ہے۔

حرکت قافیہ میں سے دوسری حرکت کا نام اشباع ہے۔

اِشباع: (بکسر الالف وسکونِ الشین وفتح الباء وسکونِ الالف وسکونِ العین) یہ حرف دخیل کی حرکت کا نام ہے۔

سمندر سے پیاسے کو ملے شبنم

بخیلی ہے یہ رزاقی نہیں ہے

مندرجہ والا شعر اور اس سے قبل والے شعر کے ساقی، باقی اور رزاقی میں قاف کے کسرے کا نام اشباع ہے۔اختلافِ اشباع جائز نہیں ہے جیسے عالم اور عالم ہم قافیہ نہیں ہو سکتے مگر اس صورت میں جب حرفِ روی وصل سے مل کر متحرک ہو جائے۔کلام اقبال میں حرف وصل سے مل کر روی کے متحرک ہونے کی مثال:

نہ سلیقہ ہے مجھ میں کلیم کا نہ قرینہ ہے تجھ میں خلیل کا

میں ہلاکِ جادوئے سامری تو قتیلِ شیوہ آذری

مرا عیش غم، مرا شہد سم، مری بود ہم نفسِ عدم

Scanned with OKEN Scanner

ترادل حرم گرَوِ عجم، ترادیں خریدہ کافری

اس مثال میں اختلاف اشباع ہے جو حرف وصل سے مل کر متحرک ہونے کی شکل میں ہے۔یعنی حرف دخیل جو ذال اور کاف ہے اس ذال پر زبر اور فاء پر پیش ہے۔اور یہ اختلاف جائز ہے۔

حذو: (بفتح حاء وسکون ذال وواؤ موقوف) یہ قید اور ردف سے پہلے کی حرکت کا نام ہے۔ردف اور قید سے پہلے کی حرکت کا اختلاف جائز نہیں۔اس کا مطلب یہ ہے کہ پِیر اور پَیر ہم قافیہ نہیں ہو سکتے۔رِیل اور بَیل بھی ہم قافیہ نہیں ہو سکتے۔ہاں اگر روی اپنے وصلی حرف سے مل کر متحرک ہو جائے تو بعض نے اس کو جائز قرار دیا ہے۔کلام اقبال میں حذو کی مثال:

دیار عشق میں اپنا مقام پیدا کر

نیا زمانہ نئے صبح و شام پیدا کر

خدا اگر دلِ فطرت شناس دے تجھ کو

سکوت لالہ و گل سے کلام پیدا کر

اس میں مقام، شام، کلام قافیے استعمال ہوئے ہیں۔جس میں میم حرف روی ہے اس سے قبل الف ردف ہے، ماقبل میں قاف، شین۔اور کاف پر جو زبر آیا ہے اسی کا نام حذو ہے۔

توجیہ: (بفتح تاء وسکون واؤ وسکون یاء وہائے ہوز) جب حرف روی ساکن ہو اور کوئی حرف قافیہ نہ ہو تو اس حرف روی سے ماقبل جو حرکت ہو گی اس کو توجیہ کہیں گے جیسے علمِ اور قلَم کے لام کا زبر۔توجیہ کا اختلاف جائز نہیں یعنی ہم اور تم قافیہ نہیں ہو سکتے۔کلام اقبال میں اس کی مثال:

مٹا دیا مرے ساقی نے عالم من و تو

پلا کے مجھ کو مئے لا الٰہ الا ہو

نہ مئے، نہ شعر، نہ ساقی، نہ شورِ چنگ و رباب

سکوتِ کوہ و لبِ جوئے و لالۂ خودرو

یہاں تو، ہو، رو قوافی ہیں جس میں واو حرف روی ہے جو کہ ساکن ہے واو کے ماقبل جو پیش ہے وہ توجیہ ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

مجریٰ: (بفتح میم وسکون جیم وفتح راءاور آخر میں الف مقصورہ) جب حرف روی متحرک ہوتا ہے تو اس حرف روی پر جو حرکت ہوتی ہے اسے مجریٰ کہتے ہیں۔اس کا اختلاف بھی روا نہیں۔

آبتاوں تجھ کو رمز آیہ انَّ الملوک

سلطنت اقوام عالم کی ہے اک جادو گری

خواب سے بیدار ہوتا ہے ذرا محکوم اگر

پھر سلادیتی ہے اس کو حکمراں کی ساحری

ان اشعار میں جادو گری اور ساحری کو بطور قافیہ استعمال کیا گیا ہے جس میں راء مکسور حرف روی ہے جو وصل کی بناء پر متحرک ہے۔اسی کا نام مجریٰ ہے۔ پورے کلام میں راء حرف روی مکسور ہی مستعمل ہے کہیں اس کی مخالفت نہیں ملتی۔

نفاذ: (بفتح نان وفتح فاوسکون الف وذال موقوف) حرف وصل کی حرکت کا نام ہے۔ خروج مزید اور نائرہ کی حرکت کا نام بھی نفاذ ہی ہے۔اس میں بھی کسی قسم کا اختلاف جائز نہیں۔کلام اقبال میں نفاذ کا استعمال:

اٹھو مری دنیا کے غریبوں کو جگادو

کاخِ امراء کے در و دیوار ہلادو

جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہیں روزی

اس کھیت کے ہر خوشہ گندم کو جلادو

مندرجہ بالا اشعار میں جگادو، ہلادو، جلادو وغیرہ قوافی مستعمل ہیں اس میں الف ساکن حرف روی ہے اور دال مضموم حرف وصل ہے اسی حرکت کا نام نفاذ ہے۔

یہاں تک جو بحث تھی وہ اقبال کے کلام میں حروف قافیہ اور حرکت قافیہ کو لے کر تھی۔ جس سے اقبال کی علم قافیہ کی سوجھ بوجھ اور فہم کا پتہ چلتا ہے کہ اقبال کو علم قافیہ پر بھی زبردست عبور حاصل تھا۔انہوں نے نہ صرف اپنے کلام کو وزن وبحر کے سانچے میں ڈھالا ہے بلکہ اس میں ترنم اور نغمگی کا بھرپور خیال رکھا ہے۔ قافیہ نغمگی میں مزید اضافہ کرتا ہے تو بھلا اقبال اس کے ذریعے اپنے کلام کو کیوں نہ سنوارتے۔ قافیہ کو عروسِ سخن کا زیور کہا گیا ہے۔ کسی نے لاریب خال روئے سخن کہا ہے، تو کسی نے کہا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

"۔۔۔وزن کا قالب ان میں اعتدال لاتا ہے اور اس کے حسن و جمال کو بڑھاتا ہے۔ قوافی اس کے خط و خال
بن کر سونے پر سہاگے کا کام کرتے ہیں عرب اسی حسن مجسم کو شعر کہتے ہیں"

مراۃ الشعر ص ۳۶

اب جب اصولی اعتبار سے اقبال کے علم قافیہ پر بحث ہو چکی ہے تو اب لازم آتا ہے کہ باعتبار الفاظ بھی اس کی پیمائش اور جانچ کی جائے۔ اقبال کے الفاظ قوافی کو اصول قافیہ کی روشنی میں پرکھنے کے علاوہ مزید دو جہات سے دیکھا جا سکتا ہے۔ (۱) تلفظی (۲) معنوی۔ اقبال نے شعریت میں نغمگی اور موسیقیت کے حسن کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے الفاظ کے تلفظ کا بھی بھرپور خیال رکھا ہے بلکہ اقبال نے اپنے شاعرانہ اسلوب سے اس کو دل نشیں بنا دیا ہے۔ کلام اقبال میں الفاظ کا انتخاب الہامی معلوم ہوتا ہے اور یہ محسوس ہوتا ہے کہ الفاظ اقبال کی ملکیت ہیں اور انھیں معلوم ہے کہ کون سا لفظ بطور قافیہ کہاں رکھنا ہے۔ اسی لئے وہ قوافی کو مناسب اور بر محل استعمال کر جاتے ہیں۔ تاہم انھوں نے اپنے کلام میں چسپ پیدگی والے قوافی برتے ہیں۔ کیوں کہ چست اور بر محل قوافی کلام کی جان ہوتے ہیں۔ اگر کلام میں ایسا محسوس ہو کہ اس میں قافیے کو زبردستی یہاں باندھنے کی کوشش کی گئی ہے تو وہ قافیے مناسب اور عمدہ تصور نہیں کئے جاتے۔ آمد والے قافیے اچھے اور بہتر خیال کئے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر یہ شعر دیکھ لیجیے:

آج بھی ہو جو براہیم کا ایماں پیدا

آگ کر سکتی ہے انداز گلستاں پیدا

اب انداز گلستاں کی جگہ کوئی دوسرا لفظ رکھ کر دیکھ لیجئے جتنی سلاست اور روانگی اس میں پائی جاتی ہے دوسرے میں مشکل ہی سے ملے گی

یا یہ مثال دیکھ لیجئے

پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر

مرد ناداں پر کلام نرم و نازک بے اثر

اس میں جگر اور اثر جو قوافی استعمال کیے ہیں وہ بالکل بر محل معلوم ہوتے ہیں اور کسی طرح سے بھی نغمگی اور ترنم میں آورد کا احساس نہیں ہوتا۔

اب قافیہ معنوی جہت سے بھی دیکھ لیتے ہیں یعنی ایسا تو نہیں ہے کہ اقبال نے قافیہ تو باندھا ہے مگر معنی کے اعتبار سے مطابقت و مفاہمت نہیں ہے۔ یا یہ احساس ہو کہ اگر اس کی جگہ کوئی دوسرا لفظ ہوتا تو معانی اور بہتر انداز میں ادا ہو سکتے تھے۔ یا صرف قافیہ پیمائی کی وجہ سے اس لفظ کو لانا پڑا ہے مگر کلام اقبال پڑھتے چلے جائیں کہیں بھی آپ کو ایسا نہیں ملے گا۔ قافیہ تو قافیہ بلکہ پورے شعر میں جو لفظ جہاں ہے وہیں بر محل معلوم ہوتا ہے۔ موضوع کی نوعیت سے قافیے کا ایسا استعمال جس سے موضوع کی تفہیم میں آسانی ہو اقبال ہی کا خاصہ ہے۔ کلام اقبال میں بیشتر جگہ ان کے افکار کی گہرائی ان کے معنی قوافی میں مضمر ہوتی ہے۔ جس سے ان کے معنی قوافی کی عمارت پر شکوہ نظر آتی ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

میری نوائے شوق سے شور حریم ذات میں

غلغلہ ہائے الاماں بت کدۂ صفات میں

حور و فرشتہ ہیں اسیر میرے تخیلات میں

میری نگاہ سے خلل تیری تجلیات میں

گرچہ ہے میری جستجو دیر و حرم کی نقش بند

میری فغاں سے رستخیز کعبہ و سومنات میں

پورا کلام پڑھتے چلے جائیں کہیں بھی یہ احساس نہیں ہوتا کہ قافیہ پیمائی کی وجہ سے اقبال سے مفاہیم کو ادا کرنے میں کوئی کوتاہی ہوئی ہے بلکہ ہر لفظ اپنی جگہ ہار میں موتی کے مانند پرویا ہوا محسوس ہوتا ہے۔

اگر کلام اقبال کا مطالعہ بنظر دقیق کیا جائے تو یہ بات صاف طور پر عیاں ہو جاتی ہے کہ اقبال نے قوافی کا انتخاب کرتے وقت ہر ممکنہ کوشش اور بھرپور توجہ سے کام لیا ہے۔ انھوں نے قوافی کا استعمال عمدہ پیرایہ ئ میں بڑی خوش اسلوبی سے کیا ہے جس سے کلام کا حسن دوبالا ہو گیا ہے ساتھ ہی انکی فکر کی گہرائی، قافیہ دانی، اور ہمہ جہتی کا پتہ چلتا ہے۔ اقبال نے اپنے کلام میں اصول و قواعد کو مد نظر رکھتے ہوئے قافیہ پیمائی کی ہے پورے کلام میں کہیں بھی یہ احساس نہیں ہوتا کہ یہ آورد ہے بلکہ آمد کا احساس برقرار رہتا ہے اقبال نے چاہے حرف قافیہ ہو یا حرکت قافیہ سبھی کو مد نظر رکھا ہے۔ کلام اقبال پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ جس لفظ کو جہاں لایا گیا ہے گویا وہی اس کا محل ہے اور پورا کلام اقبال بزبان حال کہہ رہا ہے کہ:

جو ذرہ جس جگہ ہے وہیں آفتاب ہے

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

مذہبی و قومی ہم آہنگی میں سر سید کا کردار

محمد محدث

ریسرچ اسکالر دہلی یونیورسٹی۔ دہلی

تلخیص: سر سید احمد خاں کا شمار انیسویں صدی کے ان نفوس میں ہوتا ہے، جنہوں نے مذہبی ہم آہنگی کے لیے اپنی زندگی وقف کردی تھی۔ وہ ملک کی تعمیر و ترقی کے لیے ہمہ وقت کوشاں رہتے تھے۔ انہوں نے مذہبی رواداری کے فروغ کے لیے طرح طرح کی عملی کوششیں کی ہیں۔ خاص طور پر ۱۸۵۷ کی جنگ آزادی کے نام کوشش کے بعد ملک میں فرقہ ورانہ ماحول کو ہوا دیا گیا۔ بغاوت کا اصل ذمہ دار مسلمانوں کو ٹھرایا گیا اور عوام کے دلوں میں ایک دوسرے کے خلاف نفرت پھیلانے کی کوشش کی گئی ایسی نازک صورتِ حال میں سر سید احمد خاں نے اپنی تحریروں اور تقریروں کے ذریعہ سے اس نفرت کا سدِ باب کیا۔ انہوں نے عملی خدمات کے ذریعہ بھی مذہبی یکجہتی کا نمونہ پیش کیا۔ زیرِ نظر مضمون میں سر سید کی انہیں کوششوں کا بقدرِ تفصیل جائزہ لیا گیا ہے۔

کلیدی الفاظ : قوم مذہب سر سید علی گڑھ ہم آہنگی یکجہتی رواداری تعلیم تعمیر ترقی ہندوستان وطن ملک اتحاد اتفاق۔

سر سید احمد کا شمار انیسویں صدی کے ان مفکرین میں ہوتا ہے جن کی بے لوث خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ سر سید ایک عظیم دانشور، روشن خیال اور دور اندیش ماہرِ تعلیم، شاندار ادیب، علمی و سماجی مصلح، ہمہ گیر و بلند خیال مصنف، ماہر قانون، بیدار مغز سیاست داں، سیرت نگار، مفسرِ قرآن، جدید علم الکلام کے بانی، قومی رہنما، بے باک صحافی، سیکولرزم و ہندو مسلم اتحاد کے زبردست حامی، جدید ہندوستان کے عظیم معمار اور مذہبی و قومی ہم آہنگی کے علمبردار تھے۔ آج سر سید امن و آشتی کے پیمبر کی حیثیت سے کائناتِ علم و ادب میں اپنی شناخت رکھتے ہیں۔ ان کی زندگی کے بے شمار روشن پہلو ہیں اور ہر پہلو پر متعدد پر مغز مقالے سپردِ قرطاس کیے جا سکتے ہیں۔

سر سید احمد خان ۱۸۱۷ء میں دہلی میں پیدا ہوئے۔ ان کا گھرانہ علمی ہونے کے باوجود پرانی قدروں کا دلدادہ تھا۔ سر سید نے اپنی زندگی میں تعلیم کے فروغ کے لیے بہت محنت کی۔ مجتہدانہ بصیرت، روشن خیالی اور فکر و آگہی سے ملک و قوم کی ایسی آبیاری کی کہ رہتی دنیا تک تشنگانِ علم و فن سیراب ہوتے رہیں گے۔ انیسویں صدی میں برطانوی حکمرانوں نے باہمی اختلافات، خانہ جنگی اور تقسیم کو بڑھاوا دیا۔ اس مشکل وقت میں سر سید احمد خاں اصلاح و اتحاد کے روشن مینار بن کر ابھرے۔

سر سید کی زندگی اور ان کی تعلیمات کا نصب العین یہ تھا کہ اہلِ وطن باہمی تعلقات کو استوار کریں، ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنے تن من دھن سے تعاون پیش کریں اور مذہبی بنیادوں پر کسی قسم کی کوئی تفریق کو فروغ نہ دیں۔ سر سید بلا تفریق مذہب و ملت انسانی فلاح کے سچے حامی تھے۔ سر سید

Scanned with OKEN Scanner

مذہبی ہم آہنگی کے ذریعے ملک کی تعلیمی، معاشی اور تہذیبی ترقی کے متمنی تھے۔ ۱۸۶۴ء میں جب غازی پور میں سر سید نے ایک کالج قائم کرنے کی دلی خواہش کا اظہار عوام کے سامنے پیش کیا تھا۔ اس دوران انہوں نے ہندوستانی عوام کو ایک قوم کہہ کر خطاب کیا تھا ''اے ہندوستانی صاحبو'' جملے کا بار بار استعمال کرنا ان کی نیک نیتی اور خلوص کو ثابت کرتا ہے۔ پھر سر سید نے سماج کے مختلف باشندگان کے درمیان اظہارِ یکجہتی کے فروغ کے لیے غازی پور میں ایک ادارہ قائم کیا تھا جو بعد میں وکٹوریہ اسکول کے نام سے معروف ہوا۔ سر سید نے عوامی مشورے سے اس ادارے کا پیٹرن اور وزیٹر راجہ دیو نرائن سنگھ بہادر کو نامزد کیا۔ سر سید نے اس موقع پر عوام سے پر مغز خطاب کیا، اس کے چند جملے ملاحظہ کریں :

''اے صاحبان! تم خوب جانتے ہو کہ انسان کو لازم ہے کہ تمام جہان کے انسان کی بھلائی چاہے۔ اگر ہم ذرا آنکھ اُٹھا کر دیکھیں تو جان لیں گے کہ ہم سب آپس میں بھائی اور ایک باپ کی اولاد ہیں، گو آفتاب کی تیزی نے کسی ملک میں ہم میں سے کسی کا رنگ کالا اور کسی ملک میں دھوپ کی نرمی نے کسی کا رنگ گورا کر دیا ہو۔ مگر ہم سب ایک ہی درخت کی شاخیں ہیں۔ پس ہم سب کو بلا تعصب تمام انسان کی بھلائی چاہنی چاہیے۔.... یہ مدرسہ بلا کسی تعصب کے تمام لوگوں اور ہر ایک قوم کے فائدہ کے لئے قائم کیا جاتا ہے۔ اس سے اس مدرسہ میں کسی قوم کی مذہبی کتابیں پڑھنے کا بھی امتناع نہ ہوگا۔ ہر ایک مذہب کی کتابیں اس مدرسہ میں جو شخص ان کا پڑھنا چاہے پڑھائی جائیں گی۔'' ۱

سر سید احمد خاں مراد آباد میں ۱۸۶۰ء میں صدر الصدور تھے اس دوران اس خطے میں ایک قدرتی وبا پھیل گئی تھی جس سے عوام میں بے چینی اور خوف کا ماحول تھا۔ اس وقت کے حاکم اعلیٰ نے قحط کی انتظام و انصرام کی ذمے داری سر سید کے سپرد کی تھی۔ اس دوران سر سید نے انسانی، قومی اور مذہبی خدمات کے ذریعہ ملک گیر اتحاد و بھائی چارے کا اعلیٰ نمونہ پیش کر کے ایک مثال قائم کی تھی۔ اس حوالے سے حالی ''حیاتِ جاوید'' میں رقم طراز ہیں :

''اس موقع پر قطعِ نظر لیاقت اور سلیقۂ انتظام کے جو انسانی ہمدردی سر سید سے ظہور میں آئی وہ ہندوستان کے لیے ایک عمدہ مثال ہے۔..... محتاج خانے میں حسنِ انتظام کا یہ حال تھا کہ چودہ ہزار محتاجوں کو گھنٹہ بھر میں کھانا تقسیم ہو جاتا تھا بیماروں کے لیے شفاخانہ اور ڈاکٹر موجود تھے۔ بیماروں کو پرہیزی کھانا ملتا تھا۔ زچّاؤں اور شیر خوار بچوں کو دودھ یا کھیر ملتی تھی۔ مسلمانوں کے لیے مسلمان اور ہندوؤں کے لیے ہندو کھانا پکاتے تھے۔... سر سید صبح و شام دونوں وقت بلا ناغہ محتاج خانے خود جاتے تھے، ایک ایک بیمار کو دیکھتے تھے۔ جن کنگلوں کی صورت اور حالت آنکھ سے دیکھی نہ جاتی تھی، جن کے دست جاری ہوتے تھے اور کپڑے بول و براز میں لتھڑے ہوتے تھے ان کو سر سید خود اپنی گود میں اُٹھا کر دوسری صاف جگہ احتیاط سے لٹا دیتے تھے ان کے کپڑے بدلواتے تھے، سر منڈواتے تھے، ہاتھ منہ دھلواتے تھے اور نہایت شفقت سے ان کے ساتھ پیش آتے تھے۔'' ۲

سر سید احمد خاں پہلے ہندوستانی ہیں جنہوں نے مذہبی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے ہندو مسلم اتحاد کو دلہن کی آنکھ سے تعبیر کیا۔ تمام ہندوستانیوں کو پستی اور حالتِ زار سے نکالنے کے لیے مسیحائی کا فریضہ انجام دیا۔ ۱۸۵۷ء کے ہنگامے کے بعد حکومتِ برطانیہ نے پورے ملک کو انتقامی آگ کے حوالے کر دیا تھا۔ جس سے پورے ملک میں افراتفری کا ماحول پیدا ہو گیا تھا۔ ہزاروں بے گناہ اور معصوم ظلم و بربریت کا شکار ہو رہے تھے۔ برطانوی حکومت کی پالیسی تو تھی ہی کہ پھوٹ ڈالو راج کرو، اس لیے وہ قوموں کے درمیان اختلافات کو ہوا دیا کرتے تھے جس سے نفرت کو فروغ

Scanned with OKEN Scanner

ملتا تھا۔ ستم بالائے ستم یہ کہ انگریزوں نے اس بغاوت کا ذمہ دار مسلمانوں کو ٹھیرایا کیوں کہ حکومت مسلمانوں سے چھینی گئی تھی۔اس کس مپرسی کے دوران قوموں،ذاتوں اور برادریوں کے درمیان باہمی تعلقات کی ضرورت تیزی سے محسوس ہونے لگی۔اس وقت سر سید نے اپنی حکمت عملی اور دوراندیشی سے ملک پر ہو رہے ظلم و بربریت کا ''اسبابِ بغاوتِ ہند'' لکھ کر سدِ باب کیا۔ سر سید نے دانش مندی اور مضبوط طرزِ استدلال کے ساتھ برطانوی قوتوں کو اصل حقائق سے واقف کراتے ہوئے یہ باور کرایا کہ بغاوت کے ذمہ دار ہندو یا مسلم نہیں بلکہ خود انگریز حکومت کی قانون ساز کونسل اور ناکارہ انتظامیہ کی حکمتِ عملی ہے۔

سر سید احمد خان نہ صرف ہندوستان میں مسلمانوں کی تعلیمی اور سماجی اصلاحات کے حوالے سے معروف ہیں بلکہ ان کی حکمتِ علمی بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے لیے بھی بے مثال ہے۔ وہ اپنے مضامین اور خطبات کے ذریعے بھی مذہبی رواداری پر زور دیا کرتے تھے ان کا ماننا تھا کہ ہر مذہب انسانیت کا درس دیتا ہے اور مذہبی اختلافات کو ہوا دینا، نفرت پیدا کرنا، معاشرتی ترقی کے لیے بڑی رکاوٹ ہے۔ سر سید نے ہمیشہ اس بات پر زور دیا کہ مذہب ایک ذاتی معاملہ ہے اور اسے سیاست یا معاشرتی معاملات میں الجھانے سے گریز کیا جانا چاہیئے۔ سر سید نے قرآن کی جدید تفسیر کی تھی جس میں انہوں نے دوسرے مذاہب کے عقائد کے بارے میں مثبت رویہ اپنایا تھا۔ وہ سمجھتے تھے کہ تمام مذاہب کی بنیادی تعلیمات انسانیت کی قدر کرنا ہے۔ تمام مذاہب ایک ہی منزل کی طرف رہنمائی بھی کرتے ہیں۔ سر سید نے اپنے دور میں مذہبی مکالمے کی حوصلہ افزائی کی تھی تاکہ مختلف مذاہب کے درمیان غلط فہمیاں دور ہو سکیں۔ انہوں نے صحافت کے ذریعے بھی مختلف مذہبی کمیونیٹیز کے درمیان محبت اور بھائی چارے کا پیغام دیا تھا۔ان کا مقصد برطانوی دورِ حکومت میں ہندوؤں، مسلمانوں اور دیگر مذاہب کے پیروکاروں کے درمیان ایک سازگار ماحول پیدا کرنا تھا۔اس حوالے سے سر سید احمد خاں نے ایک مضمون 'غیر مذہب کے پیشواؤں کا ہم کو ادب کرنا چاہئے' تحریر کیا تھا،اس مضمون سے ان کی مذہبی پیشواؤں سے ہم آہنگی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

سر سید نے ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان باہمی ارتباط پر اپنی تقریروں اور تحریروں کے ذریعہ خوب زور دیا ہے۔ باہمی اتحاد و اتفاق پر خوشی کا اظہار بھی کیا ہے۔ان کا خیال تھا کہ جس طرح آریا ہندو کہلاتے ہیں اسی طرح مسلمان بھی ہندو یعنی ہندوستان کے رہنے والے کہلا سکتے ہیں۔ مذہبی ہم آہنگی اور ہندو مسلم کے درمیان اظہارِ یکجہتی کے فروغ کے لیے اپنے مضمون 'ہندو اور مسلمانوں میں ارتباط' میں اپنے خیالات کا اظہار اس انداز سے کرتے ہیں:

''ہم دونوں ایک ہی زمین پر رہتے ہیں۔ایک ہی زمین کی پیداوار کھاتے ہیں۔ایک ہی زمین کا یا دریا کا پانی پیتے ہیں۔ایک ہی ملک کی ہوا کھاتے ہیں۔پس مسلمانوں اور ہندؤں میں کچھ مغائرت نہیں ہے۔... ہم نے متعدد دفعہ کہا ہے کہ ہندوستان ایک خوبصورت دلہن ہے، ہندو اور مسلمان اس کی دو آنکھیں۔اس کی خوبصورتی اس میں ہے۔ کہ اس کی دونوں آنکھیں سلامت و برابر رہیں۔ اگر ان میں سے ایک برابر نہ رہی تو وہ خوبصورت دلہن بھینگی ہو جاوے گی۔اور اگر ایک آنکھ جاتی رہی۔ تو کانی ہو جاوے گی۔ ہم دونوں کی سوشل حالت قریب قریب ایک ہی سی ہے'' ۳

سر سید ہندو مسلم دوستی کے سچے دل سے خواہش مند تھے اور انہیں بردرانِ وطن کے جذبات کا بے حد خیال تھا۔ گائے کی قربانی کو لے کر ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان اکثر بحث و تکرار ہوتی تھی اس سے متعلق سر سید کے خیالات ملاحظہ کریں۔ مولانا حالی لکھتے ہیں:

Scanned with OKEN Scanner

''اگر ہم میں اور ہندوؤں میں دوستی قائم رہے تو یہ دوستی ہمارے لیے گائے کی قربانی سے بہت زیادہ بہتر ہے اور مسلمانوں کا اس پر اصرار کرنا محض جہالت ہے۔'' ۴

سرسید نے گؤکشی کے خلاف ملک گیر تحریک بھی چلائی تھی اور ہمیشہ کے لیے کالج کے ہاسٹل میں گائے کے گوشت پر پوری طرح پابندی عائد کردی تھی اور آج بھی اس پر عمل کیا جاتا ہے۔ان کے اس عمل کو بردرانِ وطن قدر کی نگاہ سے دیکھنے لگے۔

مختلف قوموں کے درمیان باہمی ہم آہنگی کو فروغ دینے کے سلسلے میں علی گڑھ تحریک اور علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کا قیام سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ یکجہتی اور برادریوں میں ہم آہنگی کو عام کرنے کی کوششوں میں سب سے اہم اور سب سے بڑی کاوش علی گڑھ تحریک تھی۔ سرسید نے اپنے اغراض و مقاصد کی خاطر ۱۸۷۵ء میں مدرستہ العلوم کی بنیاد ڈالی تھی جو بعد میں ترقی پاکر محمڈن انیگلو اورینٹل کالج میں تبدیل ہوا اور ۱۹۲۰ء میں یونیورسیٹی کا درجہ حاصل ہوا۔ جہاں اس کا مقصد مسلمانوں کو جدید تعلیم سے روشناس کرانا تھا وہیں اس ادارے کا مقصدِ اصلیہ تعلیم کے ذریعہ ہندو مسلم میں اتحاد و اتفاق اور مختلف قوموں کے درمیان یکجہتی کی روایت کو مستحکم کرنا تھا۔ سرسید ایک وسیع النظر اور دوراندیش انسان تھے انہیں اس بات کا یقین تھا کہ تعلیم ہی مذہبی تعصبات کو ختم کرسکتی ہے اور مختلف قوموں کو قریب بھی لاسکتی ہے۔اس لیے وہ اپنے مشن کو کسی ایک کمیونٹی تک محدو نہیں رکھ سکتے تھے۔ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں ہندو، مسلم، سکھ اور عیسائی طلباء کی موجودگی نے مختلف برادریوں کے درمیان ہمیشہ سے ہی ایک خوشگوار تعلقات کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ سرسید جب لاہور کے دورے پر تھے تو انڈین ایسوسی ایشن لاہور کے صدر دیال سنگھ نے سپاس نامہ پیش کیا تھا۔اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ سرسید کے متعلق غیر مسلم کتنی اچھی اور مثبت رائے رکھتے تھے۔ان کے غیر متعصب اور ہمہ جہت شخصیت ہونے کا تہ دل سے اعتراف کرتے تھے۔بقول دیال سنگھ :

''آپ کا برتاؤ ابتداء سے انتہا تک تعصب یا خودرائی کے دھبّے سے بالکل مبرّا رہا ہے۔جو عمدہ تعلیمی انسٹیٹیوشن آپ نے علی گڑھ میں قائم کیا ہے اس کے فائدوں سے ہندو اور مسلمان دونوں برابر مستفیض ہوسکتے ہیں'' ۵

جو لوگ مادرِ درسگاہ کو صرف مسلمانوں کا ادارہ تسلیم کرتے ہیں سرسید نے ان کے لیے افسوس کا اظہار کیا تھا۔انہوں نے لاہور میں انڈین ایسوسی ایشن لاہور کے جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا:

''مجھ کو افسوس ہوگا اگر کوئی شخص یہ خیال کرے کہ ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان امتیاز ظاہر کرنے کی غرض سے قائم کیا گیا ہے۔ خاص سبب جو اس کالج کے قایم کرنے کا ہوا یہ تھا جیسا کہ میں یقین کرتا ہوں آپ بھی واقف ہیں کہ مسلمان روز بروز زیادہ تر ذلیل اور محتاج ہوتے جاتے تھے۔ان کے مذہبی تعصبات نے ان کو اس تعلیم سے فائدہ اٹھانے سے باز رکھا تھا جو سرکاری کالجوں اور مدرسوں میں مہیا کی گئی تھی اور اسی وجہ سے یہ امر ضروری خیال کیا گیا کہ ان کے واسطے کوئی خاص انتظام کیا جاوے۔اس کی مثال اس طرح پر دی جاسکتی ہے: فرض کرو کہ دو بھائی ایسے ہیں جن میں سے ایک بالکل

Scanned with OKEN Scanner

طاقت ور اور تندرست ہے اور دوسرا بیمار ہے اور اس کی تندرستی زوال پر ہے۔اس تمام بھائیوں کا یہ فرض ہوگا کہ اس بیمار بھائی کی صحت کی تدبیر کریں اور اس کو مدد دیں۔.... مگر میں اس بات کے بیان کرنے سے خوش ہوں کہ اس کالج میں دونوں بھائی ایک سی تعلیم پاتے ہیں" ۶

ہندوستان کی تاریخ میں اپنی نوعیت کا یہ پہلا ادارہ ہے جہاں تمام مذہب و ملت کے طلباء کے لیے یکساں اصول و قوانیں ہیں۔اس کالج کا پہلا گریجویٹ اِشوَری پرساد تھا۔کالج کے بنیاد گزاروں میں جہاں مسلم اساتذہ کا انتخاب ہوا وہیں بہت سے دیگر مذاہب کے اساتذہ نے بھی اس ادارے کو اپنے خونِ جگر سے سینچا ہے۔ پہلی بار چار طلبہ امتحان کے لیے نامزد ہوئے اس میں اِشوَری پرساد نے کامیابی حاصل کی اور اس طرح سے پہلے باقاعدہ سند یافتہ علیگ ہونے کا تاج اشوری پرساد جی کے سر ہے۔Discovering AMU کے جلد اول میں عاطف حنیف نے رقم کیا ہے:

"st Jan,1881 Four students appeared in the BA examination.Ishwari prasad 1 was the first student to pass the examination "۷

علی گڑھ مسلم یونیورسٹی نے اپنا پہلا پوسٹ گریجوٹ ۱۳۹۱ء میں محترمہ سروجنی دیوی کی شکل میں دیا تھا۔اس طرح سے سرسید نے جو پودھا لگا یا تھا اس نے پہلے ہی دن سے مختلف انواع واقسام کے پھل دینا شروع کر دیا تھا۔اب وہ ایک تناور درخت علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی شکل میں تشنگانِ علم و فن کو سیراب کر رہا ہے۔ سرسید نے پورے ہندوستان کی فلاح و ترقی کے خاطر اس ادارے کی بنیاد رکھی تھی۔کالج کے قیام کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ مذہبی تعصبات و سماجی اختلافات سے بالاتر ہو کر تمام برادری برابر تعلیم حاصل کریں اور ترقی کے اعلیٰ مقام پر فائز ہوں۔

سرسید تاحیات ہندو مسلم اتحاد کے علمبردار رہے اور مذہبی رواداری کی اعلیٰ قدروں کو قائم رکھنے کی کوشش کی۔جب ان کے پوتے سر راس مسعود کی پیدائش ہوئی تو سرسید نے خوشی کے اظہار میں ایم۔اے۔او کالج کو سو روپیہ پیش کیا۔ سر راس مسعود کی چار سال کی عمر میں بسم اللہ خوانی ہوئی تھی۔بسم اللہ خوانی کی تقریب کے وقت سرسید نے مذہبی و قومی یکجہتی کی عمدہ مثال پیش کی اور تقریب میں مختلف کمیونٹیز کے افراد کو مدعو کیا۔ مختصراً ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ سر راس مسعود، رام بگھت کی گود میں تھے اور رحمن کے بندے مولوی ضیاء الحسن نے اسے بسم اللہ کی رسم ادا کرائی۔

سرسید کی سوچ تھی کہ ہر حال میں ملک کی سالمیت برقرار رہے۔ ہندو مسلم اور دیگر مذاہب کے لوگ اپنے عقائد پر قائم رہتے ہوئے مادرِ وطن کی ترقی کی خاطر آپس میں اتحاد واتفاق سے رہیں۔ سرسید ملک کی مضبوطی کے لیے ہندوؤں اور مسلمانوں کو ہر ممکن کوشش کرنے کی دعوت دیتے تھے۔ سرسید نے انجمن پنجاب کے جلسہ میں جو خطاب کیا تھا اس سے ان کی خیالات کی بہترین عکاسی ہوتی ہے۔ مولانا حالی لکھتے ہیں:

"میری تمام آرزو یہ ہے کہ بلالحاظ قوم اور مذہب کے تمام انسان آپس میں ایک دوسرے کی بھلائی پر متفق ہوں۔ مذہب سب کا بے شک علیحدہ علیحدہ ہے مگر اس کے لحاظ سے آپس میں کوئی دشمنی کی وجہ نہیں۔....اے ہندو مسلمانو! کیا ہندوستان کے سوا اور ملک کے رہنے والے ہو؟ کیا اسی سرزمین پر تم دونوں نہیں بستے؟ کیا اسی زمین میں تم دفن نہیں ہوتے یا اسی زمین کے گھاٹ پر جلائے نہیں جاتے؟ اسی پر مرتے ہو اور اسی پر جیتے ہو تو یاد رکھو کہ ہندو اور مسلمان ایک مذہبی لفظ ہے ورنہ ہندو، مسلمان اور عیسائی بھی جو اسی ملک میں رہتے ہیں اس اعتبار سے سب ایک ہی قوم ہیں۔" ۸

Scanned with OKEN Scanner

سر سید کی طبیعت کی ایک خاص بات یہ تھی کہ وہ ملک وملت کے لیے جو بات مفید سمجھتے تھے اس کے پورا کرنے میں ہمہ تن مصروف رہتے تھے۔اس سلسلے میں ان کی ہموپیتھک طریقۂ علاج کو فروغ دینے کی کوشش کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔اس کے لیے انہوں نے 'ہموپیتھک ڈسپنری اینڈ ہوسپٹل' کھولا۔ جس سے بے شمار مریض شفایاب ہوئے اور انہیں دعائیں دیں۔ سر سید صرف سیاسی شعور یا کسی ذاتی مفاد کے لیے قوموں سے یکجہتی کا مظاہرہ نہیں کرتے تھے بلکہ باہمی رواداری اور اخوت کی یہ صفتِ حمیدہ ان کے اندر فطری طور پر موجود تھی۔

سر سید احمد خان کی زندگی کے روشن پہلو اور ان کی تعلیمات ہمیں یہ سبق دیتی ہیں کہ مذہبی ہم آہنگی اور یکجہتی کسی بھی معاشرے کی ترقی کے لیے لازمی ہیں۔آج جب کہ فرقہ پرست طاقتیں ملک کی سالمیت کو داغ دار کرنے کی درپے ہے تو ایسے ماحول میں ان کی تعلیمات کی اہمیت دوگنی ہو جاتی ہے۔آج جب پوری دنیا میں افراتفری اور نفرت کا بازار گرم ہے اور عالمی طاقتیں ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کے لیے بضد ہیں۔ جبکہ عصرِ حاضر میں دنیا مذہبی، نسلی اور سماجی تناؤ کا شکار ہے ایسے ماحول میں سر سید کا بقائے باہمی کا پیغام پہلے سے کہیں زیادہ اہمیت کا حامل ہو گیا ہے۔ سر سید کی کاوشوں کا اعتراف کرتے ہوئے وزیرِ اعظم جناب نریندر مودی نے ۲۰۲۰ء میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے سالانہ، آن لائن پروگرام میں اے.ایم.یو. کو چھوٹا ہندوستان کہا تھا۔ سر سید کا نظریہ آج بھی مختلف کمیونیٹیز کے درمیان رواداری اور یکجہتی کے فروغ کے لیے مشعلِ راہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔

حواشی:

۱ منشی محمد سراج الدین: لکچروں کا مجموعہ مع مختصر سوانح عمری، ص: ۳۱۔۴۱، بفرمائش فضل الدین۔تاجر کتب قومی۔لاہور۔۰۹۹۱

۲ مولانا حالی: حیاتِ جاوید، ص ۵۳۱۔۶۳۱، اشرف پریس لاہور، ۶۶۹۱

۳ امام الدین گجراتی و مولوی احمد بابا، آخری مضامین، ص ۰۷، کوپریٹو پرنٹنگ پریس لاہور

۴ مولانا حالی، حیاتِ جاوید، ص ۶۸۷، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نئی دہلی، ۴۰۰۲

۵ محمد اسماعیل پانی پتی، سید احمد کا سفر نامۂ پنجاب، ص ۸۲۲، قوسین تھارٹین، لاہور، ۳۷۹۱

۶ محمد اسماعیل پانی پتی، سید احمد کا سفر نامۂ پنجاب، ۲۳۲۔۳۳۲، قوسین تھارٹین، لاہور، ۳۷۹۱

۷ Atif Hanif,Discovering AMU,volume:1,page No 127

۸ مولانا حالی، حیاتِ جاوید، ص ۶۸۷۔۷۸۶، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نئی دہلی، ۴۰۰۲

Scanned with OKEN Scanner

حسرت موہانی کے سیاسی افکار و نظریات

Mohammad Arif

Research Scholar Department of Urdu

تلخیص: مولانہ حسرت موہانی کا سب سے ممتاز اور اہم کارنامہ یہ ہے کہ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے بعد سے پہلے مکمل آزادی کا نعرہ بلند کیا اور اس طرح ہند کے تمام باسیوں کے دلوں میں مکمل آزادی کی جوت جگادی۔ حسرت کا مسلک دراصل کانگریس اور مسلم بیگ دونوں سے الگ تھا۔ وہ مصلحت پسندی کے بلکل خلاف تھے۔ اور ملک عزیز کو جلد از جلد آزاد دیکھنا چاہتے تھے اس کے لئے انہوں نے کئی دفعہ سیاسی جماعتیں چھوڑیں، قید کی مشقتیں برداشت کیں اور برطانوی حکومت کو اقتصادی طور پر کمزور کرنے کے لئے تحریک سودیشی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور خود بھی شودیشی اسٹور کھولا۔

کلیدی الفاظ: سیاستداں، صحافی، تحریک آزادی، انقلاب، سودیشی تحریک، کانگریس، برطانوی سامراج، مصلحت کوشی، بائیکاٹ۔

اردو کے صف اول کے منفرد شاعر، صاحب طرز ادیب، ممتاز نقاد، نباض ادب، تذکرہ نگار، نامور صحافی، تحریک آزادی میں پیش پیش رہنے والے اور جنگ آزادی کے عظیم مرد مجاہد سید فضل الحسن حسرت موہانی ایک مختلف النوع اور گوناگون شخصیت کے حامل تھے۔ سیاست ان کی زندگی کے نورانی پہلوؤں میں سے ایک اہم ترین پہلو ہے جسے نظر انداز نہیں کیا جاسکتا ہے، جس کے بغیر جنگ آزادی کی داستان نامکمل سی معلوم ہوتی ہے۔ حسرت موہانی کے سیاسی نظریات کی تشکیل میں دو اہم تحریکوں کا بنیادی حصہ تھا، جن کی نوعیت ایک دوسرے سے بالکل مختلف اور متضاد تھی۔ ان میں سے ایک ۱۸۵۷ء کی تحریک آزادی تھی جو کلی طور پر انگریز دشمنی کے جذبات کی پیداوار تھی اور دوسری تحریک سرسید احمد خاں کی تھی جو انگریز دوستی کے جذبات پر مبنی تھی۔ مؤخرالذکر تحریک کے نتیجہ میں ۱۸۵۷ء میں مدرستہ العلوم عمل میں میں آیا جس نے آگے چل کر محمڈن اینگلو اورینٹل کالج کی شکل اختیار کر لی جو حسرت کی مادر درسگاہ بنا اور آج علیگڑھ مسلم یونیورسٹی کے نام سے مشہور ہے۔

مولانا حسرت موہانی نہ صرف ایک بہت بڑے شاعر تھے بلکہ بہت بڑے انقلابی بھی تھے۔ ان کی سیاسی زندگی طوفان انقلاب کا پتہ دیتی ہے۔ اپنے مضامین اور تقریروں کے ذریعہ انھوں نے قوم کو جنگ آزادی میں حصہ لینے کے لئے اکسایا۔ سرسید نے مسلمانوں کو سیاست سے علیٰحدہ رکھا تھا حسرت موحانی نے کانگریس کی اہمیت کو جتایا اور اسمیں مسلمانوں کی شرکت کو قومی جنگ آزادی کی ایک اہم ضرورت قرار دیا۔ حسرتؔ کی دلیری اور جانبازی، خلوص وایثار اور ان کی آزادی وبیباکی ایسی خصوصیات تھیں جو ایک سچے انقلابی کے لئے ضروری ہیں۔

حسرتؔ نے جس زمانہ میں سیاست کے میدان میں قدم رکھا اس وقت اس میدان میں آنے سے بڑے بڑے لوگ گھبراتے تھے یہ زمانہ برطانوی سامراجیت کے شباب کا زمانہ تھا محبان وطن کے لئے اس وقت کی سیاست زنجیر وزندان کی سیاست تھی۔ حکومت کے کسی بھی پالیسی کے خلاف لب کشائی ناقابل معافی جرم تھا اور محض شک وشبہ کی بنیاد پر لوگوں کو زندان میں ڈال دیا جاتا تھا۔ ب ۱۸۹۷ء میں بال گنگادھر تلک کی ایک تقریر کو سرکار کی

Scanned with OKEN Scanner

مخالفت قرار دے کر ان کو ۱۸ مہینے کی سزا دی جا چکی تھی۔ برٹش حکمران ہندوستانی صنعت کو کچلنے کے لئے ان پر کمر توڑ ٹیکس لگا رکھے تھے۔ ان باتوں کا ردّ عمل بھی ہو رہا تھا کہ محبان وطن نے برطانوی سامراج کے خلاف آوازیں اٹھانی شروع کر دی تھی اور معاشرہ سیاسی و تہذیبی انگڑائیاں لینے لگا تھا۔

اس پر آشوب، تشدد و بربریت، نفرت و خصومت اور جد وجہد کی فضا میں حسرت نے اپنا بچپن گزارا، جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتے ہی سیاسی و سماجی معاملات میں عملی طور پر حصہ لینے لگے۔ ایسے عالم میں جب مضبوط اعصاب کے لوگ بھی حکومت کی دست درازیوں کے خلاف مہر بہ لب تھے ایسے وقت میں حسرت موہانی ان سرفروشوں کی صف میں جا کھڑے ہوئے جو ظلم کے خلاف آواز اٹھانا اپنا فریضہ سمجھتے تھے۔ چنانچہ انھوں نے اپنے سیاسی عقائد کے سبب بہت سی مصیبتیں برداشت کیں۔ بی۔ اے۔ کی ڈگری مکمل کرنے بعد بجائے اس کے کہ کوئی سرکاری نوکری یا عہدہ تلاش کرتے بلکہ وہ علی گڑھ میں ہی مقیم ہو گئے۔ اور ۱۹۰۳ء میں وہیں سے اردوئے معلی کے نام سے ایک رسالہ کا اجرا کیا۔ یہ رسالہ ادبی ہونے کے ساتھ ساتھ سیاسی اہمیت کا بھی حامل تھا۔ اسی سال سے وہ انڈین نیشنل کانگریس کے مجلسوں میں بھی شامل ہونے لگے۔ مولانا سید سلیمان ندوی لکھتے ہیں :

''مرحوم نے ۱۹۰۳ء میں بی۔ اے۔ کی ڈگری حاصل کی اور مذاق زمانہ کے خلاف کسی اعلیٰ ملازمت کے بجائے علم و فن اور شعر سخن کی خدمت کا تہیہ کیا اور اردوئے معلی کے نام سے ایک بلند پایہ ادبی رسالہ علی گڑھ سے جاری کیا۔۔۔۔۔ اردوئے معلی نوجوان جدید تعلیم یافتہ گروہ کی ادبی خدمت کا دوسرا قدم تھا، مگر مرحوم کی طبیعت میں جو تضاد تھا اس کا نتیجہ یہ تھا کہ اردوئے معلی کے صحن میں شعر و سخن کے چمنستان کے ساتھ سیاست کا خارستان بھی نظر آیا۔ چنانچہ اس زمانہ میں جب مسلمان سیاست سے جھجھکتے تھے علی گڑھ کا یہ بے باک نوجوان گریجویٹ کانگریس میں شامل ہو گیا۔''

ان کے ذہن میں ان کا مقصد واضح ہو چکا تھا اور اپنے مقصد کے حصول کے لئے وہ اپنے قلم کا بڑی جرائتمندی اور بے باکی سے استعمال کر رہے تھے۔ اردوئے معلی کے ستمبر ۱۹۰۴ء کے شمارے میں تحریر فرماتے ہیں :

''ہم اس کو تسلیم کرتے ہیں کہ سر سید اپنے زمانے میں قوم کے رہنما تھے اور اس وقت مسلمانوں کے حق میں انہوں نے جو کچھ کیا بہتر کیا۔ اگر انھوں نے مسلمانوں کو کانگریس سے علیٰحدہ ہونے کی نصیحت اس بنا پر کی کہ غدر کے بعد سرکار انگلشیہ مسلمانوں سے بدگمان تھی اور ان کو بغاوت کا ملزم سمجھتی تھی، تو خوب کیا۔ اگر انہوں نے مسلمانوں کی توجہ کو تمام ملکی معاملات سے علیٰحدہ کر کے صرف اعلیٰ تعلیم کی طرف مائل کیا تو اور بھی خوب کیا۔ لیکن ہم یہ سوال کرتے ہیں کہ کیا زمانے کی اب بھی وہی حالت ہے جو سر سید کے وقت میں تھی؟ ہم کہتے ہیں کہ اس سے بڑھ کر ننگ و عار کا موجب کون امر ہو سکتا ہے کہ ہم اپنی فلاح و بہبود کے لئے خود کوشش نہ کریں، بلکہ دوسروں کی حمایت پر بھروسہ رکھیں اور اپنے جائز حقوق کے طلب کرنے سے صرف ایک خیالی نفع کی امید کی وجہ سے باز رہیں۔ ''

حسرت نے جس وقت علی گڑھ میں قدم رکھا اگرچہ اس وقت علی گڑھ تحریک آخری سانسیں لے رہی تھی لیکن کانگریس تحریک کی مخالفتیں اب بھی ہو رہی تھیں۔ علی گڑھ میں تعلیم حاصل کرنے والوں کے اندر جرأت نہیں تھی کہ وہ سیاسی طور پر انگریزوں کے کے خلاف سوچیں یا کوئی اقدام کریں۔ حسرت نے اس روایت کو توڑا اور کانگریس میں شمولیت اختیار کر لی۔

کانگریس میں دو گروہ بن گئے تھے۔ ایک مصلحت پسند اور نرم مزاج گروہ جو سیاسی قرار دادوں کے ذریعہ انگریزوں کو ناراض کئے بغیر ہر طرح کے مراعات اور آسانیاں حاصل کرنے کا خواہان تھا۔ اس اعتدال پسند گروہ کی رہنمائی دادا بھائی نوروجی، گوپال کرشن گوکھلے اور سریندر ناتھ بنرجی وغیرہ کر

Scanned with OKEN Scanner

رہے تھے۔ دوسرا گروہ انتہا پسند اور اپنے مقصد کے حصول کے لئے تشدد کی حد تک پہنچ جانے والوں کا تھا۔ یہ گروہ قرار دادوں کے بجائے پر زور احتجاج کا حامی تھا۔ حق مانگنے کے بجائے حق چھین لینے پر یقین رکھتا تھا۔ گروہ کی رہبری بال گنگادھر تلک کر رہے تھے۔ اعتدال پسند گروہ کا کہنا تھا کہ محض قرار دادوں کے ذریعہ ہندوستانیوں کے حقوق اور رعایتوں کی مانگ کی جائے جب کہ انتہا پسند گروہ بضد تھا کہ اپنے حقوق کی بازیابی کے لئے احتجاجات اور مظاہروں سے کام لینا چاہئے۔

۱۹۰۷ء میں سورت میں کانگریس کا اجلاس ہوا اور اس اجلاس میں یہ اختلاف شدت اختیار کر گیا، جس کے نتیجہ میں بال گنگادھر تلک اپنے حامیوں کے ساتھ کانگریس سے الگ ہو گئے تو حسرت موہانی بھی ان کے ساتھ کانگریس سے علیٰحدہ ہو گئے۔ حسرت موہانی اپنی حریت پسندی، بیباکی اور باغیانہ طبیعت کے زیر اثر انتہا پسند گروہ سے منسلک رہے، اردوئے معلی میں کانگریس کی موافقت میں آواز اٹھاتے رہے اور لوگوں کو اس کی سرگرمیوں سے باخبر کرتے رہے۔ حسرت نے اردوئے معلی کو ایک تحریک کی شکل دے دی، اس کے ذریعہ مسلمانوں کے اندر سیاسی بصیرت و آگہی کی آبیاری کی، نہایت دلیری کیساتھ مصلحت کوشی کے خلاف علم بغاوت بلند کیا اور ہندوستانی سیاست کے علاوہ بین الاقوامی اور مسلم ممالک کی سیاست سے ہندوستان اور ہندوستانی مسلمانوں کو مطلع کیا۔

حسرت موہانی کی سرشت اور فطرت میں بغاوت تھی، چاہے ادب کا میدان ہو یا سیاست اور صحافت کا ہر میدان میں باغیانہ قدم اٹھایا۔ یہی سبب ہے کہ وہ اس وقت سیاست کے میدان میں سرگرم نظر آتے ہیں جب ساری امت مسلمہ اسے شجر ممنوعہ سمجھ کر اس سے دوری اختیار کر تھی۔

حسرت موہانی فقط ایک بڑے شاعر نہ تھے بلکہ بہت بڑے انقلابی بھی تھے ان کی سیاسی زندگی طوفان انقلاب کا پتہ دیتی ہے۔ انہوں نے اپنے مقالوں اور تقریروں کے ذریعہ امت مسلمہ کو جنگ آزادی کی تحریک میں حصہ لینے کے لئے برانگیختہ کیا۔ سرسید مسلمانوں کے کانگریس میں شامل ہونے کے خلاف تھے حسرت نے کانگریس کی اہمیت سے لوگوں کو آگاہ کیا اور مسلمانوں سے اپیل کہ کہ وہ جوک در جوق کانگریس میں شامل ہوں۔ حسرت اردوئے معلی کے شمارہ ستمبر ۱۹۰۴ء کے مضمون بعنوان ''نیشنل کانگریس اور پولیٹکل ایجیٹیشن'' میں لکھتے ہیں :

''ہم دعوے کے ساتھ کہ سکتے ہیں کہ جو لوگ اس زمانہ میں بھی کانگریس کی شرکت کو مسلمانوں کے حق میں مضمر سمجھتے ہیں ان کے پاس سوائے اس کے اور اور کوئی قوی دلیل نہین ہے کہ ہم سرسید کی پالیسی کی پیرو ہیں۔۔۔۔۔ غرض یہ کہ اس ساری تحریر کا خلاصہ یہ ہوتا ہے کہ سرسید نے جو پالیسی اختیار کی تھی اسے ہم بمقتضائے وقت اس زمانے کے لئے صحیح بھی مان لیں تو اب اس پر قائم رہنے کی کوئی وجہ نظر نہیں آتی۔ اب وہ زمانہ نہیں ہے، وہ ضرورتیں نہیں ہیں، وہ مصلحتیں نہیں ہیں اس لئے کیا وجہ ہے کہ اب وہ پالیسی بھی غلط نہ قرار دی جائے۔ ''

حسرت کی جانبازی، جرأت، بے نیازی، خلوص، نیک نیتی، قربانی کا جذبہ، آزادی کا ولولہ اور بے لوث خدمت ایسی خصوصیات تھیں جو ایک سچے اور ایماندار انقلابی کے لئے ضروری ہیں۔

حسرت نے اپنے سیاسی نظریات و معتقدات کی تبلیغ و ترویج کے لئے اردوئے معلی کو ایک مؤثر ذریعہ کے طور پر استعمال کیا۔ کانگریس کے جلسوں اور کارروائیوں کی رپوٹیں ہوں یا کانگریس کی طرفداری میں مسلم لیڈروں کی تحریریں، ترک موالات کی تحریک کا معاملہ ہو یا آل انڈیا محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے جلسے اور تبصرے، علی گڑھ کالج کو یونیورسٹی کا درجہ دینے کی مانگ ہو یا انگریز افسروں کی سیاسی چالوں کا تجزیہ و تحلیل، اردوئے

Scanned with OKEN Scanner

معلی کے اوراق ان تمام ملکی اور قومی مسائل سے پر رہتے تھے۔اس کے ذریعہ سودیشی تحریک، غیر ملکی اموال کے بائیکاٹ، یونیورسٹی کے الحاق اور دیگر ضروری مسائل پر آزادانہ گفتگو کی جاتی تھی۔

حسرت موہانی کا مسلک دراصل کانگریس اور مسلم لیگ دونوں سے الگ تھا۔ وہ ہندوستان کی کسی بھی سیاسی جماعت یا گروہ سے زیادہ باغیانہ طبیعت کے مالک تھے وہ صحیح معنوں میں باغی اور سرکش تھے۔ وہ اس وقت تک بغاوت کرنا چاہتے تھے جب تک کہ ہندوستان میں کوئی ایسا نظام نہ رائج ہو جائے جس میں انسان عزت وعافیت کے ساتھ زندگی گزار سکے، جو سب کے فلاح وبہبود کے لئے ہو اور جو نظام انسانی ناموس کی حفاظت کے لئے لازم ہے وہ انگریزی حکومت کو ایک ناجائز اور غیر طبیعی حکومت تصور کرتے تھے اور انہیں یقین تھا کہ یہ حکومت زیادہ دنوں تک حریت اور آزادی کی آواز کو دبا نہ پائے گی اور آخر کار یہی ہوا کہ گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہو گئی۔ انگریزی حکومت بھی حسرت کو اپنے لئے ایک بڑا خطرہ خیال کرتی تھی اور ان کی نقل و حرکت پر نظر رکھتی تھی۔ برطانوی حکومت کے دفتر میں حسرت کا نام نمبر ۳ تھا اور جب کبھی حسرت سفر پر نکلتے تو ایک جگہ کی پولیس دوسری جگہ کی پولیس کو خفیہ طور پر اطلاع دیتی تھی تو ان کو نمبر ۳ ہی کہتی تھی۔

واقعات غدر کے بعد حسرت موہانی اردو شاعروں میں سب پہلے سیاسی قیدی تھے۔ جب انہیں ۱۹۰۸ء میں رسالہ اردوئے معلی میں ایک مضمون شائع کرنے کے پاداش میں جیل کی سلاخوں کے پیچھے جانا پڑا۔ جیل کے اندر حسرت کے ساتھ بڑی زیادتیاں ہوئیں۔ خصوصاً چکی پیسنے کی مصیبت جس کا آپ نے کاص طور سے ''مشاہدات زنداں'' میں بھی ذکر کیا ہے۔ تقریباً سال بھر تک ایک من آٹا پیسنے کی سخت مشقت سے سابقہ رہا جو عام طور پر دیگر صوبوں میں ایک ماہ سے زیادہ نہیں ہوتی۔ لیکن پولیٹکل قیدیوں کے ساتھ نسبتاً زیادہ سختیاں ہوتی تھیں۔ اس کے علاوہ برطانوی حکومت کی پالیسیوں کے خلاف آواز اٹھانے اور ہندوستان کے لئے مکمل آزادی کی مانگ کرنے کے جرم میں انہیں ۱۹۱۶ء اور اس کے بعد ۱۹۲۲ء بھی گرفتار کر کے مقید کیا گیا لیکن حسرت نے ملک عزیز کی آزادی کی خاطر ان سبھی مشکلات کو خندہ پیشانی کے ساتھ برداشت کیا۔ حقیقت تو یہ ہے کہ حسرت پر جو افتاد پڑی وہ بڑے سے بڑے قائد اور لیڈر کو ڈگمگا دینے اور اس کے حوصلوں کو پست کرنے کے لئے کافی تھیں لیکن یہ تمام مشکلیں اور سختیاں حسرت کے اعصاب کو متزلزل نہ کر سکیں۔ بلکہ حسرت ان مشکلات کا سامنا کرتے کرتے مضبوط سے مضبوط تر ہوتے چلے گئے۔ جس کے نتیجے میں حسرت کہتے ہوئے نظر آتے ہیں:

اپنا سا شوق اوروں میں لائیں کہاں سے ہم
گھبرا گئے ہیں بے دلی ہم رہاں سے ہم!

حسرت کا سب سے ممتاز اور اہم کارنامہ یہ ہے کہ انھوں نے ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے بعد سب سے پہلے مکمل آزادی کا ریزولیشن پیش کیا اور اس طرح ہندوستان کے تمام باسیوں خواہ ہندو ہوں یا مسلمان سب کے دلوں میں مکمل آزادی کی ایک جوت جگادی۔ وہ حریت کے جذبے کو اپنی جان اور اپنے اطمینان اور سکون سے زیادہ ترجیح دیتے تھے اور اس خواب کو حقیقت کا جامہ پہنانے کی خاطر کسی بھی طرح کی قربانی سے گریز نہ کرتے تھے۔ اگرچہ اس زمانہ میں اس تخیل کے لئے فضا ہموار نہ تھی اور اپ کو مخالفانہ و معاندانہ ردّ عمل سے دوچار ہونا پڑتا تھا۔ مگر ان کے پائے ثبات میں کوئی لرزش نہیں پیدا ہوئی اگرچہ انہیں ناقابل بیان صعوبتوں کا سامنا کرنا پڑا۔ مسلم لیگی ان کے مخالف ہو گئے۔ کانگریسی ان سے بدگمان ہو گئے، تحریک خلافت کے

Scanned with OKEN Scanner

اراکین ان سے بد ظن ہو گئے اور ان سے کوئی ربط ضبط باقی نہ رکھا۔ مگر وہ آہنی ارادوں والا اور مضبوط اعصاب کا مالک مجاہد آزادی اپنی جگہ پر ثابت قدم رہا اور اس کے آیڈیولوجی اور سیاسی نظریات مین ذرا بھی لچک نہیں پیدا ہوئی۔ خود اپنے بارے میں لکھتے ہیں کہ :

ہم قول کے صادق ہیں اگر جان بھی جاتی
واللہ کبھی خدمت انگریز نہ کرتے

کتابیات:

۱۔ حسرت کی سیاسی زندگی، مولانا سید سلیمان ندوی، مشمولہ نگار ۱۹۵۲ء، صفحہ ۱۱۲

۲۔ اردوئی معلی، ستمبر ۱۹۰۴ء

۳۔ اردوئی معلی، ستمبر ۱۹۰۴ء

Scanned with OKEN Scanner

عہد حاضر میں سرزمین بہار کے غزل گو شعراء: ایک مطالعہ

عصمت خاتون

ریسرچ اسکالر، شعبہ اردو، پاٹلی پتر ایوورسٹی، پٹنہ

تلخیص: سرزمین بہار قدیم زمانے سے ہی علم وادب کا گہوارہ رہا ہے۔اس مردم خیز زمین نے کئی مذاہب کے بانی، ہزاروں بزرگانِ دین، اور بے شمار اہلِ قلم پیدا کیے ہیں جنہوں نے اپنی کاوشوں اور جانفشانی سے اس مقدّس سرزمیں کو گلزارِ ارم بنادیا۔ بہار کو صوفیوں کی نگری بھی کہا جاتا ہے اور تاریخ گواہ ہے کہ اردو غزل صوفیوں کی تہذیب سے آراستہ ہو کر ظہور پذیر ہوئی اور ہر عہد میں مختلف ماحول سے گزرتی ہوئی تمام تبدیلیوں میں راہ بناتے ہوئی آگے بڑھتی رہی اور اردو ادب کی سب سے مقبول ترین صنف سخن کا مقام حاصل کیا۔ کسی شاعر نے غزل کے حوالے سے بلکل درست فرمایا ہے کہ: ”، ہم ہوئے، تم ہوئے کہ میر ہوئے، اس کے زلفوں کے سب اسیر ہوئے“۔ بہار کی یہ خوش نصیبی رہی کہ یہاں ہر عہد میں ماہرِ فن اور اساتذہ پیدا ہوتے رہے۔ جن میں مرزا عبدالقادر بیدلؔ، راسخ عظیم آبادی، جوشش، بسملؔ عظیم آبادی، شادؔ عظیم آبادی لاکھوں ایسے نام ہیں جن کے بغیر اردو شاعری کی تاریخ نامکمل ہے۔ دبستانِ دہلی اور دبستانِ لکھنؤ کی طرح دبستانِ عظیم آباد کی بھی ایک شاندار روایت رہی ہے۔ صدیوں کی طرح آج بھی بہار میں نامور شعراء کی ایک کہکشاں ہے۔ جن میں عالمی شہرت یافتہ پدم شری کلیم عاجزؔ، سلطان اخترؔ، قیصرؔ صدیقی، ظفر مجیبی، ناشادؔ اورنگ آبادی، شکیلؔ دسنوی، عالم خورشید، علیم اللہ حالی، ارمان نجمی، ظفر امام، خورشید اکبر، معراج احمد معراج، ذکی احمد، فہیم جوگاپوری، ظفر انصاری ظفرؔ، افتخار راغبؔ ایسے ہزاروں نام ہیں جنکے نام سے اردو شاعری کی تاریخ کے اوراق روشن اور تابناک ہے۔

کلیدی الفاظ: گلزارِ ارم#عنبریں#، ضوفشانی#خِطّہ#موصوف #برجستگی#روداد #عزاداری# نغزبیاں# تطہیر#ناموعود#

ملک ہندوستان ایک کا ایک خِطّہ جسے دنیا کے نقشے میں بِہار کے نام سے جانا جاتا ہے۔ یہ خِطّہ قدیم زمانے سے ہی اپنے علمی، ادبی، شقافتی اور سیاسی کارناموں کے لیے سارے جہاں میں مشہور و معروف ہے۔ سرزمین بہار کی تاریخ بڑی روشن اور تابناک ہے۔ اگر ہم یہ کہیں کہ بہار کی تاریخ کے کی بغیر ہندوستان کی تاریخ کبھی بھی پایہ تکمیل تک نہیں پہنچ سکتی تو غلط نہ ہوگا۔۔اس مقدس سرزمین پر کئی مذاہب کے بانی، بڑے بڑے اولیاء کرام، بزرگان دین، صوفی ،سنت، شہنشاہ، سیاست داں، مجاہدین، شاعر اور ادیب اور کئی عظیم ہستیاں پیدا ہوئیں جن کے ناموں سے بہار کی عظمت وابسطہ ہے۔

اس کی خاک سے مہاتما بدھ، گرو گوبند سنگھ، مہاویر جین، حضرت مخدوم جہاں شاہ شرف الدین احمد یحیٰ منیری، شیر شاہ سوری، عبدالرحیم صادق پوری، مولانہ شیخ عبدالرزاق بہاری، شیخ الوقت مولانہ عبدالنبی، مولانہ عتیق بن عبدالسمیع بہاری، مولانہ عبدالسمیع صادق پوری، فاضل بہار حضرت مولانہ محمد ظفر الدین قادری رضوی، چندر گپت موریہ، بندوسار، اجات سترو، آریہ بھٹ، بمبیسار، شہنشاہ جارسندہ، سمراٹ اشوک،، سید سلیمان ندوی، کلیم

الدین احمد، عبدالمغنی، مظہر الحق، ڈاکٹر راجیندر پرشاد، جے پرکاش نارائن، استاد بسم اللہ خاں ایسے ہزاروں نام ہے جن کے لیے ایک دفتر درکار ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

بہار میں اردو شاعری کے حوالے سے اگر ہم بات کریں تو محمد معین الدین دردائیؔ نے اپنی تصنیف ''بہار اردو شاعری'' میں ملاّ محمد علیم تحقیق عظیم آبادی کو بہار کا سب سے پہلا شاعر تسلیم کیا ہے۔ آپ ملا محمد علیم تحقیق کے بارے میں رقم طراز ہیں:

''بعض مؤرخین نے مرزا بیدلؔ کے سر پر اوّلیت کا تاج رکھا ہے، لیکن ملا محمد علیم تحقیق عظیم آبادی بیدل سے پہلے گزرے ہیں۔ عظیم آباد کو انکے مسکن اور مدفن دونوں ہونے کا فخر حاصل ہے۔ عالمگیر کے عہد میں تھے، اور شاہجہاں کا آخری زمانہ بھی انہوں نے دیکھا تھا، اور وہ یہ زمانہ تھا جب لکھنؤ کا تو کیا ذکر دہلی میں بھی کوئی اردو کا شاعر موجود نہ تھا۔ فارسی کے علاوہ ان کا اردو کلام بھی ملتا ہے۔

ملا محمد علیم تحقیق ہی کے ہم عصر سید عماد الدین عماد الدینؔ (۱۱۱۶ھ ۱۱۷۳ھ) ہیں۔ اس امر کو بھی ملحوظ رکھنا چاہیے کہ جب لکھنؤ اور دہلی میں کسی اردو شاعر کا وجود نہ تھا، اس وقت بہار میں کئی اردو شعراء موجود تھے۔''

بحوالہ: بہار اور اردو شاعری از محمد معین الدین دردائیؔ ص: ۱۵، ۱۴

بہار کی اردو شاعری کی تاریخ کا جب ہم مطالعہ کرتے ہیں تو ایک بات واضح ہو جاتی ہے کہ دکن کی طرح بہار میں بھی اردو شاعری کی پرورش کی جارہی تھی اور اردو یہاں بھی وہ پھل پھول رہا تھا۔ سرزمین بہار کی خاک سے لاکھوں نامور شعراء پیدا ہوئے جن میں ملّا محمد علیم تحقیق عظیم آبادی

مرزا عبدالقادر بیدلؔ، میاں شیخ محمد روشن جوششؔ، شیخ محمد عابد دلؔ، میر مظہر علی جذبؔ، راجہ بہادر راجہؔ، محمد غلام حسین شورشؔ، مرزا محمد علی فدویؔ، حضرت شاہ احسان اللہ چستی نظامی فخریؔ، منشی گنگا لال صاحب دماغؔ، شیخ غلام علی راسخؔ، شاہ ابوالحسن فردؔ پھلواری، شاہ الفت حسین فریادؔ، منشی آنند رام الفتؔ، خواجہ امین الدین امینؔ، شیخ شابت علی شابتؔ، منشی بنی پرشاد دلؔ، شاہ غلام مرتضیٰ جنوںؔ، خواجہ امام بخش امامیؔ، شیخ غلام بخش حضورؔ، منشی منگل سین الفتؔ، کنور سکھراج بہادرؔ، شمس العلماء نواب امداد امام اثرؔ، سید الشعراء علی محمد شادؔ عظیم آبادی، مولانہ ظہیر الحسن صاحب شوق نیموی، حاجی شمس العلماء محمد سعید صاحب حسرتؔ عظیم آبادی، سید محی الدین حسن محویؔ، حضرت صفیر بلگرامی، جناب فضل حق صاحب آزادؔ، ابو الجمال محمد احسن سخنؔ، مولانہ محی الدین صاحب تمناؔ عمادی مجیبی، حافظ سید شاہ محمد شفیع صاحب فردوسیؔ، شاہ اکبر داناپوری، محسن عظیم آبادی، پروفیسر عبدالمنان صاحب بیدلؔ، پروفیسر اختر احمد اخترؔ اورینوی، سید شاہ عبدالعزیز صاحب عزیزؔ، جناب ڈاکٹر عظیم الدین صاحب عظیمؔ، بسملؔ سنسہاروی، سریر کابری، مسلم عظیم آبادی، شاقب عظیم آبادی، زار عظیم آبادی، پروفیسر اختر قادری، مبارک عظیم آبادؔ بسملؔ عظیم آبادی، یگانہ چنگیزیؔ، نازش سہسرامی، بی زیڈ مائلؔ، ارتضیٰ حسین ہوشؔ، صابرؔ بہاری، بہاء الدین کریم، عطاا اللہ پالوی، مناظر احسن گیلانی عظیم آبادی، نازش سہسرامی، احمد عظیم آبادی، ضیاءؔ عظیم آبادی، ناصرؔ زیدی، حبیب آروی، احمد عظیم آبادی، جناب جمیل مظہریؔ، پرویز شاہدی عطا کاکوی، اجتبیٰ رضویؔ، بہزاد فاطمی، احسان دربھنگوی، وفا ملک پوری، بیتابؔ عظیم آبادی، نشورؔ واحدی، حسن امام دردؔ، رضا نقوی واہیؔ، کیفؔ عظیم آبادی۔ رمزؔ عظیم آبادی، احقرؔ بہاری، رنجورؔ عظیم آبادی، علامہ واقف عظیم آبادی، شبنم کمالی وغیرہ ایسے لاکھوں نام ہیں جنہوں نے اپنے خونِ جگر سے اردو شاعری کی آبیاری کی جن کے ذکر کے بغیر اردو شاعری کی تاریخ نامکمل ہے۔ عہد حاضر میں بھی بہار کے شعراء روایت کی پاسداری کر رہے ہیں اور اردو شاعری کا چمن گلِ گلزار ہے۔

پروفیسر شاکر خلیقؔ

پڑھیں گی بعد کی نسلیں سند کے طور پر ہم کو

Scanned with OKEN Scanner

رواداری کی رسم خاندانی چھوڑ جائیں گے

عہد حاضر میں سرزمیں بہار کے معروف و مشہور شاعر ذی علم شخصیت کے مالک پروفیسر شاکر خلیق صاحب عرصہ دراز سے آسمان شعر و سخن میں محوِ پرواز ہیں۔ موصوف کا حقیقی نام شاکر احمد یحیٰ ہے۔ آغاز میں آپ شاکرؔ تخلص فرماتے تھے بعد میں اپنے والد محترم کے نام کے بنسبت خلیق تخلص فرمانے لگے۔ اردو ادب کی دنیا میں آپ اپنے قلمی نام شاکر خلیقؔ سے مشہور ہیں۔ آپ ہمہ جہت فنکار ہیں۔ آپ نہایت خلوص طبیعت اور دیندار آدمی ہیں۔ آپ کی تاریخ ولادت ۸ر مئی ۱۹۴۵ء بہ اعتبار سند اور جائے ولادت موضع بھیرو پور (بدر پور) حاجی پور ضلع ویشالی ہے۔ شاکر خلیقؔ صاحب ایک مذہبی اور ذی ذی علم خانوادا کے چشم وچراغ ہیں۔ آپ کے والد محترم کا نام عبدالخالق خلیق اور والدہ ماجدہ کا حجن بی بی صفیہ خاتون ہے۔ آپ کے والد صاحبِ کتب تھے، آپ کی دو کتابیں منظرِ عام آ چکی ہیں جن میں ''تذکرہ آل تراب'' اور ''حاضری'' (سفر نامہ حج بیت اللہ)۔ شاکر خلیق صاحب نے بی۔اے، ایم۔اے، بی۔ایل اور پی۔ایچ۔ڈی کی اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔ حصولِ تعلیم کے بعد آپ نے وکالت کے پیشہ کو اختیار کیا۔ پٹنہ ہائی کوٹ اور دربھنگہ سول ہائی کوٹ میں وکالت کی، اس کے بعد آپ سی۔ایم کالج دربھنگہ، صدر شعبہ اردو فارسی کے عہدے پر ۳۱ر مارچ ۱۹۷۱ء کو فائز ہوئے اس کے بعد آپ صدر شعبہ اردو، متھلا یونیورسٹی ہوئے۔ صغریٰ حسن میموریل اردو گرلس ہائی اسکول (دربھنگہ) کے سیکریٹری بھی منتخب ہوئے۔ سابق رکن فرسٹ اردو ایڈوائزری کمیٹی حکومت بہار اور سابق رکن قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی اپنے خدمات انجام دے چکے ہیں۔ موصوف ادبی طور پر بہت متحرک اور فعال رہے۔ آپ ایک کامیاب استاد ہونے کے ساتھ ساتھ ایک اعلیٰ درجہ کے ادیب اور شاعر ہیں۔ کئی زبانوں پر آپ کو عبور حاصل ہے۔ اس کی عمدہ مثال آپ کا شعری مجموعہ ''احتساب جنوں'' ہے جو ۲۰۲۱ء میں منظرِ عام پر آیا جس کا انتساب انہوں نے محترم عامر سبحانی صاحب (چیف سکریٹری، حکومت بہار) کے نام کیا ہے۔ اس شعری مجموعہ میں شامل موصوف کی تحریر کردہ مضمون ''عرض حال'' کے عنوان سے شامل ہے جس میں رقم طراز ہیں:

''احتساب جنوں'' میں اردو کے علاوہ نمونتاً فارسی، انگریزی، ہندی اور علاقائی زبانوں میں میتھلی کلام بھی شامل کر لیا گیا ہے تاکہ اہلِ ذوق حضرات زیادہ سے زیادہ لطف اندوز ہو سکیں اور زبان کی جگل بندی کی چاشنی ان کے کام و دہن کو تادیر ذائقہ پہنچاتی رہے۔''

بحوالہ: احتسابِ جنوں از شاکر خلیقؔ، ص: ۲۲

شاکر خلیقؔ صاحب ایک قادر الکلام شاعر ہیں۔۔ آپ نے سبھی اصنافِ سخن پر طبع آزمائی کی ہے۔ آپ بنیادی طور پر غزل کے شاعر ہیں۔ آپ کی غزلوں کا پہلا مجموعہ '' اعتراف جنون''(۱۹۹۴ء) میں منظرِ عام پر آیا۔ ''نوشہ آخرت'' آپ کی مناجات، حمد و نعت کا مجموعہ ہے جو (۲۰۰۷ء) میں شائع ہوا۔ آپ کا شعری مجموعہ '' احتساب جنوں'' (۲۰۲۱ء) میں شائع ہوا۔ آپ ایک مقبول شاعر ہونے کے ساتھ ساتھ ایک اعلیٰ درجہ کے ادیب بھی ہیں۔ آپ کی دیگر تصانیف جس کی فہرست یہ ہے:

''جواہرات ادب'' متھلا یونیورسیٹی کی پہلی درسی کتاب ۱۹۷۳ء

متھلا، بہار اور مگدھ یونیورسٹی کی درسی کتابیں ۱۹۷۴ء

''حُسین نوشہ توحید بلخی۔ حیات اور کارنامے'' ۱۹۹۳ء

Scanned with OKEN Scanner

''اوراق پریشاں'' (مضامین کا مجموعہ)۲۰۲۰ء

''اردو کی کہانی فلموں کی زبانی'' ۲۰

''مسلم ایجوکیشن سوسایٹی،'' (انگریزی کتابچہ)۱۹۷۵ء

''روح ادب''

''کائنات جنوں''

''سبد گل۔شادیات و متفرقات''

اس فہرست سے شاکر خلیقؔ کی تخلیقی جہات کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔وہ مختلف شعری اور نثری اصناف پر یکساں قدرت رکھتے ہیں۔

خلیقؔ صاحب اردو ادب کی دنیا میں بحیثیت شاعر زیادہ مشہور ہیں۔

آپ نے سید شاہ عطاءالرحمٰن کاکوی کے ایماں پر شرف تلمیذ حاصل کرنے کا اعتراف کیا ہے۔شاعری میں شاکر خلیقؔ کا تخلیقی سروکار غزل جیسی روایتی اور نظم جیسی جدید صنف سے بھی رہا ہے۔شاکر خلیقؔ صاحب کی شاعری میں عصری حالات و کوائف اور زندگی کے نشیب و فراز کے تمام پہلوؤں کا عکس صاف طور پر دیکھا جاسکتا ہے۔چند اشعار ملاحظہ ہوں:

کبھی ہے 'اعتراف' اس کا کبھی ہے ' احتساب' اس کا
جنوں کے حوصلے کا معترف دیکھو زمانہ ہے

کیسے بیٹی بیاہی جائے گی
اب تو بیٹوں کا بھاؤ ہوتا ہے

گھر کے بٹوارے میں پنچوں کی عجب شازش ہوئی
منہدم گھر کو کیا ملبے کی پیمائش ہوئی

فریبِ زندگی کھائے ہیں اتنے
کہ اب دل کو کوئی غم نہیں ہے

الگ ہو جائے گا جس دن یہ جسم و روح کا رشتہ
ہر اک رشتے پہ اپنی ضو فشانی چھوڑ جائیں گے

ایماں کی جو دولت وراثت میں ملی ہے
شاکر کسی دولت کی تمنّا نہیں کرتے

سلطان شمشیؔ

ہم راہ وفا میں جو نشاں چھوڑ کے آئے
صدیوں وہ ہمیں شام و سحر یاد کریں گے

Scanned with OKEN Scanner

عہد غاضر میں بہار کے غزل گو شعراء سلطان شمشیؔ صاحب کا نام اردو شاعری کے آسمان میں شمش کے مانند چمک رہا ہے۔ آپ کا اصل نام سلطان احمد تخلص شمشیؔ اردو شاعری کی دنیا میں اپنے قلمی نام سلطان شمشیؔ سے معروف و مشہور ہیں۔ آپ کی تاریخِ ولادت ۱۳ر مئی ۱۹۴۵ء اور جائے ولادت مدھوبنی(بہار) ہے۔ آپ کے والد محترم کا نام محمد یوسف اور والدہ ماجدہ کا نام حبیب النسا ہے۔ آپ کی شریکِ حیات کا نام نعیمہ خاتون ہے۔ آپ نے بی۔اے کی تعلیم بہار یونیورسٹی سے حاصل کی۔ تعلیم مکمل کرنے کے بعد آپ نے

درس وتدریس کے خدمات انجام دیے مگر کچھ برسوں بعد محکمہ ڈاک میں ملازمت کرنے لگے۔ شیلانگ، میگھالے، سمستی پور وغیرہ میں ملازمت کرنے کے بعد خوش نصیبی سے آپ کا تبادلہ دربھنگہ (بہار) میں ہو تبادلہ ہو گیا اور آپ یہاں کی ادبی فضا سے فیضیاب ہوئے اور آپ کی شاعری پروان چڑھی۔ آپ کئی ادبی اور نیم ادبی انجمنوں سے وابسطہ رہے۔ آپ نے " دائرہ ادب" کے نام سے ایک ادبی انجمن بھی قائم کی۔ سلطان شمشیؔ کو قدرت نے ایک شاعر کا دل دے کر پیدا کیا تھا۔ آپ نے کم عمری ہی سے شاعری کرنی شروع کر دی تھی۔ آپ ایک قادرالکلام شاعر ہیں آپ نے سبھی اصناف سخن پر طبع آزمائی کی مگر آپ بنیادی طور پر غزل کے شاعر ہیں۔ آپ کا شعری مجموعہ "ریت کا سفر" ۲۰۰۷ء میں منظر، عام پر آیا جس کا انتساب آپ نے اپنے والدین اور شریک حیات کے نام کیا ہے۔ اس مجموعہ میں شامل ڈاکٹر مجیر احمد آزاد کا تحریر کردہ مضمون ' سلطان شمشی کی شاعری' کے نام سے شامل ہے اس میں آپ شمشیؔ صاحب کی شاعری کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ :

"ان کی غزلوں میں جذبہ دل کی کیفیت کا رنگ نکھرا نکھرا ہے۔ اس میں راہ وفا کی گفتگو ہے، چشم ناز کی توصیف ہے، زلف عنبریں کی پاکیزگی کا ذکر ہے۔ سلطان شمشی کی غزلوں پر روایتی رنگ غالب ہے۔ وہ کلاسیکی اردو شاعری سے حد درجہ متاثر ہیں۔ انداز بیان بھی قدما کی طرح ہے البتہ عصری معاملات اور معاصر مسائل کی عکاسی سے گریز نہیں کرتے۔

سلطان شمشی زندگی اور اس کے تقاضوں سے واقف ہیں۔ تجربات ومشاہدات سے جو کچھ حاصل ہوا ہے اسے شعری پیکر میں ڈھال دیتے ہیں۔"

بحوالہ: ریت کا سفر از سلبطان شمشی، ص: ۱۷،۱۶،۱۴

ذیل میں ان کی مختلف غزلوں سے چند اشعار پیش کر رہی ہوں۔

مجھے شکایت الم نہیں زمانے سے
گلہ یہ ہے کہ اپنے ہوئے بیگانہ سے

کرب میں مبتلا ہے سارا جہاں
نفرتوں کا ہر طرف ہے سیلِ رواں

کاندھوں پہ اپنی موت لئے آئی زندگی
تم کو خبر نہیں ہے یہ دنیا عجیب ہے

نیا زمانا نئی روشنی تلاشنے والوں
سنبھل کے چلنا کہ جاری سفر ہے تیسہ کا

Scanned with OKEN Scanner

اپنے دامن میں جو لال و گہر ڈالے ہوئے

غیر کے آگے وہ کیوں ہیں ہاتھ پھیلائے ہوئے

سچائی سے آنکھ ملانا کھیل نہ سمجھو کھیل نہیں ہے

اپنی انا کو زندہ رکھنا کھیل نہ سمجھو کھیل نہیں ہے

سلطان شمشیؔ کا دوسرا شعری مجموعہ ''انداز سخن'' ۲۰۲۱ء میں شائع ہوا۔ آپ کا قلمی سفر جاری و ساری ہے۔

منظور عادلؔ

اُجالے مانگتے ہیں بھیک مجھ سے

اندھیرے میں چراغ طور ہوں میں

منظور عادلؔ صاحب کا اصل نام منظور حسن تخلص عادلؔ اردو شاعری کی دنیا میں اپنے قلمی نام منظور عادلؔ سے معروف و مشہور ہیں۔ آپ کی تاریخ ولادت ۱۰ مئی ۱۹۵۰ء اور جائے ولادت ضلع ویشالی (بہار) ہے۔ آپ کے والد کا نام امیر علی اور والدہ کا نام بی بی زینت خاتون ہے۔ آپنے ابتدائی تعلیم اپنے گاؤں کے مدرسے سے حاصل کی اور میٹرک کی سند آپ نے مدرسہ عالیہ سے حاصل کی۔ تعلیم کا سلسلہ جاری تھا مگر حالات سازگار نہیں رہے آپ نے جب بی۔ کام میں داخلہ لیا تو والد کا سایہ سر سے اُٹھ گیا۔ گھر کی ذمہ داری کو اپنا فرض سمجھا اور اپنے خاندانی پیشہ کاشتکاری کو اختیار کیا۔ منظور عادلؔ صاحب ایک نیک انسان اور زندگی سے محبت کرنے والے انسان ہیں۔ کم عمری سے ہی آپ کو شاعری کا شوق ذوق تھا۔ خوش نصیبی سے آپ کے چچازاد بھائی محمد حبیب جو شباب تخلص فرماتے تھے آپ نے ان سے شرف تلمذ حاصل کیا۔ آپ کا پہلا شعری مجموعہ '' اُجالے قسطوں کے'' ۲۰۱۴ء میں منظرِ عام پر آیا۔ اس کا انتساب آپ نے اپنی شریکِ حیات سیدہ خاتون، اپنی اولادیں اور خاندان کے نام کیا ہے۔

آپ کا دوسرا شعری مجموعہ '' جسے ہم بھول گئے'' کے نام سے ۲۰۲۰ء میں منظرِ عام پر آیا۔ اس کتاب میں منظور عادل صاحب کا مضمون ''ناچیز کی سنیے '' کے نام سے شامل ہے جس میں انہوں نے اس کتاب کے شائع ہونے کا ذکر کیا ہے۔ آپ ایک قادر الکلام شاعر ہیں۔ آپ نے سبھی اصناف سخن پر طبع آزمائی کی ہے، مگر آپ بنیادی طور پر غزل کے شاعر ہیں۔ آپ کی غزلوں میں انسانیت کا درس محبت کا درس جابجا دکھائی دیتا ہے۔ آپ نے قدرت کے حسین منظر کو بھی اپنی شاعری میں بہت دلکش انداز میں رونما کیا ہے۔ عہدِ حاضر کے مسائل کو بھی آپ نے اپنی غزلوں میں پیش کیا ہے۔ چند اشعار بطور نمونہ پیش کر رہی ہوں ملاحظہ فرمائیں:

عشق کا تو مقام کیا جانے

آدمی کو بھی وہ خدا کر دے

ایک قطرے کی کیا حقیقت ہے

یہ سمندر کو بتانے سے رہا

جب سے منسوب ہوئی ہے اُسکے عادل

Scanned with OKEN Scanner

زندگی اور مہکتی ہے غزل میں دیکھو

دنیا نے زندگی کو تماشا بنا دیا

تیشہ کسی کو زہر کا پیالہ تھما دیا

نگار فکر کو ہے تازہ پیرہن کی تلاش

وہ سارے طرز سخن ہو گئے پرانے سے

پہلے دل سے دل کا رشتہ ہوتا تھا

اب عادل یہ رشتہ کاروبار لگے

درد بازار میں نہیں بکتے

گھر کے آنگن میں خود اُگاتے ہیں

راستے میں ہرے درختوں سے

چین ملتا ہے گفتگو کر کے

سبز موسم، رُت سہانی وقتِ شام

چپ نہ رہیے کچھ نہ کچھ فرمائیے

رونقیں رقص میں ہیں پاؤں میں گھنگرو پہنے

بیخودی میں ہے نظارے ترے آجانے سے

ہم غمِ ہستی سے بھی لیں گے خراج

ہے بہار آنے کو مت گھبرائیے

میر سجّاد

زندہ ہیں تو ہم اہل قلم لکھتے رہیں گے

ہر دور کی روداد الم لکھتے رہیں گے

صوفیوں کی سرزمیں پھلواری شریف (بہار) میں آپ کی ولادت ۲۵ جنوری ۱۹۴۰ء کو ہوئی۔ آپ کا نام میر سجّاد اور تخلص سجّاد ہے۔ آپ کے والد محترم کا نام جناب میر محمد شہزادہ اور والدہ ماجدہ کا نام رئیشہ خاتون ہے۔ آپ عہد حاضر کے نامور غزل گو شعراء میں شمار کیے جاتے ہیں۔ آپ کا شعری مجموعہ ''کوزے میں سمندر'' ۲۰۱۳ء اور ''شہرِ افکار'' ۲۰۱۷ء کو منظرِ عام پر آیا۔ ان دونوں شعری مجموعے کا انتساب آپ نے اپنے والدین کے نام کیا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

میر سجّادؔ صاحب کی شاعری ان کی شخصیت کا آئینہ ہے۔۔آپ کو قدرت نے ایک حساس شاعر کا دل عطا کیا۔آپ نے انسانیت کا درس،،آج کی تیز رفتار دنیااور حوادث روزگار کو بھی اپنی غزلوں کا محور بنایا ہے۔

چند اشعار ملاحظہ فرمائیں:

انانیت کے شکنجے سے آیئے باہر
بڑا وہی ہے جو ہر شخص کو بڑا جانے

مجھے یقیں ہے وہ فیصلہ بدل دے گا
اگر ضمیر کو اپنے کبھی جھنجھوڑے گا

تنہائیوں کی دھند اتنی تیز ہے
ہر شخص جیسے تیر رہا ہے خلاؤں میں

تمام شہر میں رنج وملال ہے پیارے
میری حیات بھی زندہ مثال ہے پیارے

افسانہ حقیقت کا سنائیں گے جہاں کو
انسانوں پہ جو گزرے گی ہم لکھتے رہیں گے

یہی تو قصّہ وحال ہے پیارے
کبھی عروج تھا اب زوال ہے پیارے

وقت سجّادؔ جوں جوں بدلتا رہا
رنگ اپنا غزل بھی بدلتی رہی

مرغوب اشرؔف فاطمی گیاوی

لفظ میں جادو نہیں ہے ایک حقیقت ہے جناب
ہم حفاظت کر رہے ہیں کاغذی تلوار کی

پیغامِ حقیقت کا شاعر، اعلی قدروں کا پاسدار جذبہ ہمدردی سے سرشار خدمتِ خلق سے دلچسپی اور پیکرِ خلوص، سیکولر مزاج اشرؔف فاطمی صاحب عہدِ حاضر میں اردو غزل گو شعراء میں بے حد مقبول ہیں۔آپ کا حقیقی نام مرغوب اشرف فاطمی اور اشرؔ تخلص فرماتے ہیں۔آپ ایک دیندار گھرانے کے چشم وشراغ ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

۔آپ کی تاریخِ ولادت ۵؍ فروری ۱۹۵۱ءاور جائے ولادت موضع بیلا، ضلع اورنگ آباد (بہار) ہے۔آپ کے والد کا نام سید مسعود احمد اور والدہ کا نام سیدہ حبیبہ خاتون ہے۔آپ کی شریک حیات کا نام سیّدہ شاہدہ فاطمی ہے۔آپ نے ۱۹۶۴ء میں میٹرک کی سند آر۔بی۔آر۔ہائی اسکول، رفیع گنج،(اورنگ آباد) سے حاصل کی۔۱۹۶۹ء میں رانچی یونیورسٹی، رانچی سے بی۔ایس۔سی کی سند اور ۱۹۷۲ء میں ایل۔ایل۔بی(بی۔ایل) کی سند بہار کی معروف و مشہور تعلیم گاہ مگدھ یونیورسٹی سے حاصل کی۔ حصول تعلیم سے فارغ ہو کر ۱۹۷۴ء میں بہار پولس میں آپ بطور سب انسپیکٹر کے عہدے پر فائز ہوئے اور اپنے خدمات انجام دیتے ہوئے سینئر ڈی۔ایس۔پی کے اعلیٰ عہدے سے فروری ۲۰۱۱ء میں سبکدوش ہوئے۔ موصوف پیشہ کے اعتبار سے محکمہ پولس میں تھے مگر قدرت نے انہیں ایک شاعر کا دل عطا کیا تھا۔شاعری ک فطری ذوق و شوق آپ کو ہمیشہ رہا مگر ملازمت کی مصروفیت کے سبب آپ نے اس طرف توجہ نہیں کی۔ جب آپ م ملازمت سے سبکدوش ہوئے تو علم و ادب اور شاعری کی خدمت کرنے لگے۔آپ کی ادبی خدمات کے لیے ۲۰۱۲ءاور ۲۰۱۴ء میں 'بہار اردو اکاڈمی' پٹنہ نے آپ کو ایوارڈ سے سرفراز بھی کیا ہے۔ آپ ایک کامیاب پولس افسر ہونے کے ساتھ ساتھ ایک کامیاب شاعر کی بھی حیسیت سے بھی معروف و مشہور ہوئے۔اشرؔ فاطمی صاحب اپنی تخلیقی سفر کے بارے میں بارے میں لکھتے ہیں کہ :

''میں بھی زمانہ طالب علمی سے شاعری کا شوق پالا ہے جو اُس دور میں دبا دبا سا رہا۔پھر ملازمت' وہ بھی محکمہ پولس میں۔وقت کی قلت اور منصبی مشغولیت نے شاعری نے شاعری بہاؤ شاعری کو متاثر کیا۔پھر بھی تخلیقات ہوتی رہی اور بیاض میں پڑی رہیں۔ملازمت سے سبکدوش ہو کر میں شہر گیا(بہار) میں مستقل طور پر مقیم ہو گیا۔ محترم پروفیسر (ڈاکٹر) محمد منصور عالم صاحب' سابق صدر شعبہ اردو درس و تحقیقات 'مگدھ یونیورسیٹی' بودھ گیا، بھی گیا شہر میں مقیم ہیں۔اُن سے ملاقاتیں بڑھیں تو میں نے ان کو چیزیں دیکھلائیں۔انہوں نے نہ صرف حوصلہ افضائی کی بلکہ قیمتی وقت نکال کر ان چیزوں کی نوک پلک درست فرمائی۔مجھے فخر ہے کہ مجھے اس نابغہ روزگار کی سرپرستی حاصل ہوئی اور انکی استادی کا بھی شرف حاصل ہوا اور ہنوز ہے۔''

بحوالہ: '' خیمہ بہار'' ازمرغوب اشرؔ فاطمی، ص:۱۲

اکیسویں صدی میں آپ کے کئی شعری مجموعے منظر عام پر آچکے ہیں جن میں ''منزلِ دشوار'](۲۰۱۲ء)''سجر سایہ دار'' (۲۰۱۴ء)''خیمہ بہار''(۲۰۱۸ء)''رنگِ چمن زار''(۲۰۲۳ء) اور ''نظموں کا آبشار''(۲۰۲۳ء) شامل ہیں۔'' نظموں کا آبشار'' جو اپنے نام سے ظاہر ہے اس مجموعہ میں موصوف کی صرف نظمیں شامل ہیں۔اس کے فلیپ پر فلیپ پر ڈاکٹر زین رامشؔ کے تاثرات رقم ہیں۔ڈاکٹر زین رامش نے لکھا ہے کہ :

''فاطمی کی مذکورہ نظموں کا اختصاص یہ بھی ہے کہ انھوں نے نظم نگاری کے بنیادی فنی تقاضوں کو ملحوظ نظر رکھتے ہوئے سکّہ رائج الوقت تعمیری اور فکری روش سے احتراز کیا ہے اور متنوع عصری موضوعات کو ترجیح دی ہے۔ ''نظموں کے آبشار'' کو ہم معاصر اردو شاعری کی بشارت نو کے طور پر بھی دیکھ سکتے ہیں۔''

مرغوب اشرؔ فاطمی ایک قادرالکلام شاعر ہیں۔آپ نے سبھی اصناف سخن پر طبع آزمائی کی ہے مگر آپ بنیادی طور پر غزل کے شاعر ہیں۔آپ نے اپنی غزلوں میں عہدِ حاضر کے مختلف مسائل جیسے تعصب، فریب، تنگ نظری، سماجی ناہمواری، خود غرضی، جیسے مختلف موضوعات پر اشعار کہیں ہیں۔چند اشعار ملاحظہ فرمائیں:

میرے دشمن کا میرے گھر آنا

Scanned with OKEN Scanner

یہ بھلا کیسے بے سبب ہو گا
کوئی تو چیز ہے فہم و گماں سے بالا تر
کہ اہل علم بھی اکثر فریب کھاتے ہیں
خندہ پیشانی کے پیچھے مصلحت
گاؤں تک شہری طریقے آ گئے
وہ فخرِ شہر ابھی مجھ سے بد گمان تو ہے
مگر پڑوسی ہے اس کا بھی اک مکان تو ہے
بھیجا بلاوا برسوں پہ وہ بھی رقیب سے
یہ بھی ہے ایک ادا سی میرے مہربان کی
نئی سمتوں میں طائر آب و دانا کے لیے نکلے
حرص کیا ہے ذرا ہم بھی رواجوں سے نکلتے ہیں
رازِ دل عیاں ہو گا درد کچھ سوا ہو گا
بس یہی تو خطرہ ہے حالِ دل سنانے میں

تاج پیامی

تم اپنے عہد میں قانون یہ بنا ڈالو
خطا کسی کی بھی ہو نام تم میرا لکھنا

تاج پیامی کی تاریخِ ولادت ۲۵؍ جنوری ۱۹۴۰ء اور جائے ولادت جگدیش پور (بھوجپور، آرہ) ہے۔ آپ کے والد حضرت عبدالحامد خاں کو آرہ ضلع کے پہلے گریجویٹ ہونے کا شرف حاصل ہے۔ آپ کے والد محترم پیشہ کے اعتبار سے معلم تھے اور کالج میں تاحیات درس و تدریس کے خدمات انجام دیتے رہے۔ آپ کی والدہ ماجدہ بھی معلمہ تھیں۔ آپ کے دادا میر بخش خاں آنریری مجسٹریٹ تھے۔ تاج پیامی ایک تعلیم یافتہ اور خوشحال زمیندار گھرانے کے چشم و چراغ ہیں۔ آپ کے آبا و اجداد شاہجہاں کے دور حکومت میں غزنی (افغانستان) سے ہندوستان آئے تھے اور دلّی فوج میں اپنے خدمات انجام دیے۔ اورنگ زیب کے پوتے شہزادہ عظیم الشان نے جب پاٹلی پتر شہر کو عظیم آباد نام سے بسایا تب ان کے ساتھ ان کر مورثِ اعلیٰ بھی آئے۔ تاج پیامی کو دولت اور شہرت وراثت میں ملی تھی۔ آپ ذی علم شخصیت کے مالک ہیں۔ آپ نے ۱۹۶۶ء میں انگریزی مضمون میں (ایم۔اے) کی سند مگدھ یونیورسٹی سے اور ۱۹۷۷ء میں جغرافیہ میں (ایم۔اے) کی سند پٹنہ یونیورسٹی سے حاصل کی اور اپنی تعلیم کو جاری و ساری رکھتے ہوئے آپ نے پی۔ ایچ۔ ڈی کی اعلیٰ تعلیم حاصل کی اور تاج پیامی سے ڈاکٹر تاج پیامی ہو گئے۔ حصولِ تعلیم کے بعد آپ نے اپنے والد کی طرح درس و تدریس کے مقدس پیشہ کو اختار کیا اور اپنے خدمات انجام دیتے ہوئے ۲۰۰۰ء میں (ویر کنور سنگھ یونیورسٹی) سے ریڈر ہو کر شعبہ جغرافیہ (ایچ۔ڈی۔ جین ۔کالج) سے سبکدوش

Scanned with OKEN Scanner

ہوئے۔ موصوف ایک نیک انسان، کامیاب استاد اور مقبول شاعر ہیں۔ادب کی محبت کے سبب آپ کا رشتہ ہمیشہ کاغذ اور قلم سے استوار رہا۔آپ ایک اعلیٰ درجہ کے شاعر اور ادیب ہیں۔آپ بنیادی طور پر غزل کے شاعر ہیں ۔آپ کا پہلا شعری مجموعہ ''آئینہ غزل'' ۱۹۸۵ء اور دوسرا '' روحِ غزل'' ۲۰۱۶ء میں منظرِ عام پر آیا۔آپ شاعری کا جب ہم مطالعہ کرتے ہیں تو اس میں عہد حاضر کے مختلف موضوعات کے ساتھ تقسیم ملک کا درد اور زمینداری نظام کے خاتمہ کا کرب بھی موجود ہے۔ڈاکٹر تاج پیامی عہدِ حاضر میں بہار کے نامور اردو غزل گو شعراء میں شمار کیے جاتے ہیں۔۔موصوف کی دیگر تصانیف میں

''مزاحیہ شاعری اور چند مزاحیہ شعراء''(۲۰۰۷ء(

''مولانہ وحید الدین خاں اور دیگر مضامین''(۲۰۱۱۴)اور '' شعور تیقید'' بھی منظرِ عام پر آچکی ہیں۔

منصور خوشترؔ

محبت کرنے والوں کا الگ ایک اپنا مذہب ہے

وہ راہِ عشق میں سود و زیاں دیکھا نہیں کرتے

نئ نسل کے غزل گو شعرأ میں منصور خوشترؔ صاحب کا نام کافی نمایاں ہے۔

آپ کی تاریخِ پیدائش ۳ر مارچ اور جائے پیدائش ضلع دربھنگہ (بہار) ہے۔آپ ادبی طور پر بے حد فعال اور متحرک ہیں۔

منصور خوشترؔ ایک ہمہ جہت فنکار ہیں۔ موصوف نے اپنی کاوشوں او جانفشانی سے جو شہرت پائی وہ قابل رشک ہے آپ ایک اعلیٰ درجہ کے صحافی، افسانہ نگار اور شاعر کی حیثیت سے اردو ادب کی دنیا میں بے حد معروف و مشہور ہیں۔ہے۔ منصور صاحب ایک بے باک صحافی، افسانہ نگار، تنقید رگار، مضمون نگار کی حیسیت سے بھی کافی مشہور ہیں۔ شاعری کے ساتھ ساتھ نشر نگاری پر بھی ایکساں اقدرت رکھتے۔ منصور خوشترؔ کی اگر ہم بلخصوص شاعری کے حوالے سے گفتگو کریں تو آپ کے دو شعری مجموعے منظرِ عام پر آچکی ہیں جن میں پہلا '' کچھ محفل خوباں کی'' (۲۰۱۵ء) جس کا انتساب آپ نے اپنے والدین کے نام کیا۔ڈاکٹر مناظر عاشق ہر گانوی نے آپ کی غزلوں پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ :

''منصور خوشترؔ نے حیات و کائنات کی بڑھتی ہوئی پیچیدگیوں اور انکشاف کائنات وذات اور معاشرہ کے انگنت امکانات کو اپنی غزلوں سے محسوس کرایا ہے۔ان کے لہجے میں اور فکری میلان میں قدیم وجدید اور روایت وبغاوت کی جو کشمکش نظر آتی ہے وہی ان کے یہاں صحت منداور تعمیری تشکیک ب گئ ہے۔

منصور خوشتر کی غزلوں میں احساس کا پلہ بھاڑی ہے۔آج کی زندگی نیم کا کڑوا پیڑ ہے۔اس نیم کے پیڑ کی کرواہٹ جب منصور خوشترؔ کی غزلون میں لبادہ اوڑھ کر نظر آتی ہے تو تنہائی کا غم، خواب اور حقیقت کا تصادم، بے چہرگی کا کرب اور صنعتی زندگی کا قہر سامنے آتا ہے۔اایک خاص نوع کی اداسی ہوتی ہے جو ان کے جذبات واحساسات کو مصنوعی ہونے سے بچاتی ہے۔''

بحوالہ: ''کچھ محفلِ خوباں کی'' از منصور خوشترؔ، ص:۱۱،۱۰

Scanned with OKEN Scanner

منصور خوشتر کی شاعری کا جائزہ لیتے ہوئے ڈاکٹر سیّد احمد قادری صاحب کے تاثرات اس شعری مجموعہ ''کچھ محفلِ خاباں'' کے فلیپ پر درج ہے، وہ لکھتے ہیں کہ :

''جدید شعری منظر نامے پر منصور خوشتر نے اپنی شگفتہ بیانی سے ایک خاص پہچان بنائی ہے۔ان کی شاعری میں فکری آگہی، فنّی نزاکت، ندرت اسلوب اور الفاظ کے مزاج و معنی کے برتنے کی جو کار فرمائی ہے، نیز معمولی موضوع کو بھی اپنے فکری و فنّی فہم وادراک سے تہہ دار بنانے کا جو عمل ہے، وہ اعلیٰ تخلیقی یافت کی ضمانت ہے۔اپنے منفرد لب ولہجہ کی شاعری میں عصری حسّیت، عصری مزاج اور عصری تقاضوں کو شامل کر کے اسے انہوں نے اعلیٰ اور معیاری بنانے میں کامیابی حاصل کی ہے۔ حسن و عشق کے اظہار میں بھی جو تازگی، شگفتگی اور برجستگی کی ایک خاص فضا اور کیفیت پیدا کی ہے، وہ ان کی شاعری کو منفرد اور معتبر بناتی ہے۔انہوں نے اپنی غزلوں میں عصری سیاسی، سماجی اور معاشرتی تقاضوں کی ترجمانی جس سلیقے اور ہنر مندی کے ساتھ پیش کی ہے، وہ ان کے گہرے شعور و آگہی کی مظہر ہیں۔''

منصور خوشتر صاحب کا دوسرا مجموعہ کلام '' کاشہ دل''(۲۰۲۲ء) میں منظرِ عام پر آیا جس کا انتساب آپ نے اپنے استاذ محترم پروفیسر طرزی کے نام کیا ہے۔

چند اشعار ملاحظہ فرمائیں:

کہ ایسی اب زمانے کی روش ہے
کہ اندر جو بھی ہو، باہر ہے بدلا

سیکڑوں قتل کیس جس نے وہی منصف ہے
شہر کا تیرے ہے دستور نرالا

برا وقت اور کیا ہوگا بے حسی کا
بجھانے پر بدی کا شعلہ اب بجھتا نہیں ہے

نئی تہذیب ہی نے کی ہے نیوروسرجری جو
ہمارا خود، ہمارا چہرا اب لگتا نہیں ہے

فیس بوک اور ٹیوٹر کا زمانہ آیا
کتنے اقدار جو اعلیٰ تھے ہم سے گزرے

ینتا جی نے کب دیکھے بھی
بھوکے، سوکھے، پیلے چہرے

مہربانی ہے نئی تہذیب کی
کر گئی کتنا ہمیں ننگی ہوا

Scanned with OKEN Scanner

کس لئے ان کے اثر میں فرق ہے

ایک ہے مسجد کی مندر کی ہوا

بے وفا لوگوں سے خوشترؔ مت ملو

پتھروں سے شیشے ٹکراتے ہو کیوں؟

موصوف کی شاعری اور شخصیت کے حوالے سے ایک کتاب (۲۰۱۹ء) میں منظرِ عام پر آئی جس کا نام " ڈاکٹر منصور خوشترؔ: نئی صبح کا استعارہ" جس کو ڈاکٹر کامران غنی صباؔ نے مرتب کیا ہے۔ یہ کتاب منصور خوشترؔ پر ایک بہترین کتاب ہے جس میں شامل مختلف مضمون انکی شاعری اور شخصیت پر روشنی ڈالتی ہے۔

منصور خوشترؔ کا قلم رواں دواں ہے۔

ڈاکٹر احمد معراجؔ

دیجیے داد مرے ذوق سخن کی معراجؔ

شاعرِ نغز بیاں، شیریں نوا میں بھی ہوں

سرزمیں بہار کے نئی نسل کے شعراء میں ڈاکٹر احمد معراج کا نام سرِ فہرشت ہے۔ آپ کا حقیقی نام معراج الدین خان اور تخلص معراج ہے۔ اردو شاعری کی دنیا میں اپنے قلمی نام ڈاکٹر احمد معراج سے معروف و مشہور ہیں۔ احمد معراجؔ صاحب کا آبائی وطن ارنا (چھپرہ، بہار) ہے۔ موصوف کی تاریخِ ولادت ۷، جنوری ۱۹۸۶ء ہے۔ والد محترم کا نام عبداللہ خان اور والدہ ماجدہ کا نام نجمہ بیگم ہے۔ آپ نے اردو زبان میں (ایم۔اے) کی تعلیم حاصل کی اور آپ نے اپنی محنت اور لگن سے پی۔ ایچ۔ ڈی کی اعلیٰ سند حاصل کی۔ آپ کو شاعری کا ذوق و شوق طالب علمی کے زمانے سے ہی تھا۔ خوش نصیبی سے حلیم صابر سے شرف تلمذ رہا۔ ڈاکٹر احمد معراجؔ صاحب کی شاعری کا پہلا شعری مجموعہ " صحرائے جنوں" ۲۰۲۲ء میں منظرِ عام پر آیا۔ اس کا اپنے والدین کے نام کیا ہے۔ احمد معراجؔ کی شاعری پر تبصرہ کرتے ہوئے ایم۔ نصر اللہ نصر صاحب لکھتے ہیں کہ:

"احمد معراج کی شاعری حادثات حیات، زندگی کے تضاد و تموجات، انتشار و آویزش کی تعبیر ہے اور عصری کرب و کشمکش کا بیانہ بھی۔ ان کی شاعری کا روح اور روحانیت، عشق اور رومانیت سے بھی گہرا رشتہ ہے۔ اس میں تزکیہ نفس، تطہیر باطن کے ساتھ ساتھ، جمالیاتی اور جذباتی تسکین کا عنصر بھی ہے۔ ایک ہی کیفیت پر احمد معراج کی شاعری مرکوز یا منحصر نہیں بلکہ مختلف کیفیات ہیں جن سے ہر فرد یا معاشرے کو گزرنا پڑتا ہے۔"

بحوالہ: " صحرائے جنوں" از ڈاکٹر احمد معراجؔ، ص: ۲۲

معراجؔ صاحب کی شاعری کا ایک خاص پہلو تصوف بھی ہے۔ موصوف ایک ذی علم شخصیت کے مالک ہیں۔ ایک کامیاب شاعر کی پہچان یہ بھی ہے ہے وہ ادب برائے زندگی کا قائل ہو اور معراجؔ صاحب نے اپنی شاعری میں عہد حاضر کی زندگی کے مختلف رنگوں کی عکاسی بڑے فنکارانہ انداز میں پیش کیا ہے ۔ بطور مثال چند اشعار ملاحظہ فرمائیں:

ایسے لوگوں کے ساتھ رہتا ہوں

Scanned with OKEN Scanner

جن کے گردن پر اپنا سر ہی نہیں

مارے گئے حیات کے ہاتھوں جو بد نصیب

ان کو لحد کی گود میں آرام مل گیا

ہے بعد موت شدت غم من و عن ہنوز

دل مبتلائے کرب ہے زیر کفن ہنوز

دیکھنے میں کل جو تھی گلزارِ زندگی

چبھ کیوں رہی ہے آج مثل خار زندگی

عزاداری فقط اک رسم بن کر رہ گئی ہے اب

کسی کی موت پر کس ی کو بھلا فرصت ہے ماتم کی

عجیب کشمکش زیست سے گزرنا پڑا

ذرا سی جینے کی چاہت میں روز مرنا پڑا

وہ اکیلا ہی نکلتا تو کوئی بات نہیں

ساتھ آدم کو لئے خلد سے شیطاں نکلا

خوش لباسی پہ ناز کرتا ہے

بے لباسی میں جس کی عمر کٹی

نئی تہذیب کی دیکھی یہ عجب عریانی

خوش لباسی میں بدن جس کا عریاں نکلا

پہلے بیمار ہم کو کیا

پھر دوا دے کر مارا گیا

بعد قضا بھی عشق نے دکھلایا معجزہ

زیر لحد چمکتا ہے میرا کفن ہنوز

ڈاکٹر احمد معراج کو ان کی ادبی خدمات کے لیے کئی انعامات سے بھی سرفراز کیا جا چکا ہے جن میں * بہار اردو اکاڈمی ایوارڈ * قاضی عبدالودود ایوارڈ * وکیل اختر ایعارڈ * شہود عالم آفاقی ایوارڈ * ڈاکٹر جاوید نہال ایوارڈ شامل ہیں۔

موصوف کو شاعری کے ساتھ تحقیق اور تنقید پر بھی عبور حاصل ہے۔ آپ کی کتابیں بھی ترتیب و تالیف کی شکل میں آچکی ہیں جن میں

ا۔ آنکھوں دیکھی: تجزیہ (ترتیب و تنقید)

Scanned with OKEN Scanner

۲۔گلستانِ وارث (تحقیق وتدوین)

موصاف کا قلم رواں دواں ہے اور کی تخلیقات اخبارات اور ادبی رسائل کی زینت بنتی رہتی ہے۔

اسدرضوی

سکون لٹتا رہے گا فضا ہی ایسی ہے

تمہارے شہر کی آب وہوا ہی ایسی ہے

پورا نام سید اسد علی رضوی ہے اور تخلص رضوی فرماتے ہیں۔ادبی دنیا میں آپ اپنے قلمی نام اسدؔ رضوی سے معروف ومشہور ہیں۔آپ کی تاریخِ ولادت ۹ر دسمبر ۱۹۵۶ء ہے اور جائے ولادے محمد پور مبارک، ضلع مظفر پور،(بہار) ہے۔آپ کے والد محترم کا نام سید محمد الحسن رضوی اور والدہ محترمہ کا نام سیدہ نازنین ہے۔ آپ نے بی۔ایس۔ سی۔ کی تعلیم بہار یونیورسٹی، مظفر پور اور ڈپلومہ اِن کمپوٹر سائنس کی تعلیم دہلی سے حاصل کی۔ موصوف نے اپنی ادبی زندگی کا آغاز ۱۹۷۴ء میں کیا۔آپ ایک شاعر کے ساتھ ساتھ ایک افسانہ نگار اور ڈرامہ نگار کی بھی حیسیت سے جانے جاتے ہیں مگر بلخصوص شاعر کی حیسیت سے زیادہ مقبول ہیں۔ اسدؔ رضوی صاحب ایک قادرالکلام شاعر ہیں۔ موصوف کے دو شعری مجموعے جن میں پہلا " پلکوں کے صدف"(۲۰۱۲ء)دوسرا" آدابِ سخن"(۲۰۱۷ء) میں منظرِ عام پر آچکے ہیں۔

مضمون کی طوالت کی وجہ سے بہت سارے شعراء جن کا تفصیل سے ذکر نہیں ہو سکا جن میں غالب ایازؔ، مراقؔ مرزا، حیدر وارثی، کلیم اخترؔ، ولی اللہ ولیؔ، مظفر ابدالی، عین تابشؔ، پریم کرنؔ، اختر امام انجم، متین عمادی، غیاث انجم، تفضیل احمد، شمیم ہاشمی، حفیظ بیتابؔ، کفیل انور، بدیع الزماں سحرؔ، منصور عمر، کوثر مظہری، جمال اویسی، عطا عابدی، لطف الرحمٰن، شکیب ایاز، سید احمد شمیم، گوہر شیخ پوری، ظفر عدیمؔ، معینؔ کوثر، صباؔ تقوی صاحب وغیرہ شامل ہیں ان سب کی شعری تخلیقات منظرِ عام پر آچکی ہیں اور یہ سب شعراء عہد حاضر کے نامور اردو غزل گو شعراء میں شمار کیے جاتے ہیں۔

کتابیات

بنیادی ماخذ:

نام کتاب	مصنف	مقام اشاعت	سن اشاعت
احتساب جنوں	پروفیسر شاکر خلیقؔ	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی	۲۰۲۱ء
کوزے میں سمندر	میرؔ سجّاد	میر اردو مرکز، بہار	۲۰۱۳ء
شہر افکار	میرؔ سجّاد	دارالاشاعت مصطفائی، دہلی	۲۰۱۷ء
کچھ محفلِ خوباں کی	منصور خوشترؔ	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی	۲۰۱۵ء
اُجالے قسطوں کے	منظور عادلؔ	نیا سویرا فاؤنڈیشن، کلکتہ	۲۰۱۴
خیمۂ بہار	مرغوب اشرفؔ فاطمی	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی	۲۰۱۸۴
پلکوں کے صدف	اسدؔ رضوی	ادبستان پبلی کیشنز، دہلی	۲۰۱۲ء

Scanned with OKEN Scanner

صحرائے جنوں	ڈاکٹر احمد معراجؔ	عرشیہ پبلیکیشنز، دہلی	۲۰۲۲ء
روح، غزل	تاج پیامی	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی	۲۰۱۶ء

شانوی ماخذ:

بہار اور اردو شاعری	محمد معین دردائیؔ		۱۹۴۷ء
تذکرہ شعرائے منیر شریف	سیّد شاہ مراد اللہ منیری	پاٹلی پتر الیتھو پریس، پٹنہ	۱۹۸۸ء
تذکرہ صوفیائے بہار	ڈاکٹر محمد حفظ الرحمٰن	سیوہاروی ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی	۲۰۲۱ء
تاریخِ ادب اردو (جلد سوم)	وہاب اشرفی	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی	

میر سجّاد کی تاریخِ پیدائش ۱۵؍ جنوری ۱۹۶۱ء اور جائے پیدائش پھلواری شریف ہے۔

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

Migration of Indian girl students to the Gulf: A Study

- **Dr. Sajjad Ahmad**
- Assistant Professor,
- Department of Educational Studies,
- Jamia Millia Islamia, New Delhi-25

- **Abstract:** Migration of Indian girls students to the gulf countries shows a growing trend. Such migration is seen in mostly for pursuing academic career and job opportunities. This paper studies the dynamics of migration among Indian girl students to the gulf and tries to understand the different factors influencing their decisions of migration. The investigation employed a mixed-methods approach and snow ball sampling technique. It tried to explore the experiences of migrated students and has examined the opportunities and challenges they face. It also explores the impacts of India's global image in terms of cultural exchange, gender empowerment and academic diplomacy. The findings has been presented in the form of thematic analysis and offers an understanding upon enhancing India's standing in the global academic arena.

- Key words: Migration, Diaspora, Indian girls, Gulf, Opportunities and challenges Abroad**,**

- **Introduction:** The patterns and dynamics of migration across various regions exhibit significant diversity. This diversity is evident in the ways that migrating individuals influence both their host and home communities. A comprehensive understanding of migration is closely associated with factors such as remittances, social security, and job opportunities, which provide benefits to both migrants and society in numerous ways. Consequently, this understanding is also linked to population mobility driven by job security and workforce demands. The advancements in Information and Communication Technology (ICT) have transformed the global workforce, broadening employment

Scanned with OKEN Scanner

opportunities for skilled individuals. While the globalized workforce has facilitated capital flow, it has also enriched the cultural integration of different communities. As a result, highly industrialized nations frequently attract skilled professionals. Moreover, the socio-economic and cultural implications of migration are significant. The remittances sent by migrants to their home countries not only bolster the national economy but also enable individuals to improve their living standards, benefiting both themselves and their families. This, in turn, contributes to poverty alleviation and enhances productivity levels. From a cultural perspective, migrants are often exposed to a broader spectrum of global cultures, allowing them to engage in a process of comparison, assimilation, rejection, and acceptance of various cultural elements, which fosters inclusivity. Additionally, if the migrants are female, the cultural impact is likely to be more pronounced compared to their male counterparts. With these considerations in mind, this paper explores the migration of Indian female students to the Gulf Cooperation Council (GCC) Countries utilizing primary data for analysis.

- **The migration trends of Indian diaspora:**
- Migration from India to West Asian countries has deep historical roots. The primary drivers of this out-migration have been economic and political factors. Notably, the influx to West Asian nations, particularly the six Gulf Cooperation Council (GCC) countries, namely Bahrain, Kuwait, Oman, Qatar, Saudi Arabia, and the United Arab Emirates (UAE) was significantly influenced by the oil boom that occurred between 1932 and 1967. This period of substantial capital accumulation, coupled with a severe labor shortage had prompted these oil-rich GCC nations to seek industrial labor from Iran, Western countries, and the Indian subcontinent. According to Francoise De Bel-Air (2015), recruitment trends began to favor Arab workers following the Indian independence

Scanned with OKEN Scanner

movement in 1947 and the Arab-Israeli conflict of 1948. Consequently, Yemenis and Egyptians emerged as the predominant groups securing better employment opportunities in the GCC countries. Additionally, after 1968, Palestinians and Iraqis began to establish their presence in the GCC countries, largely due to the political upheaval following the coup (Kapiszewski, 2004).

- However, a different trend of migration to GCC countries emerged between 1973 and 1990. This shift can be attributed to the fact that all Gulf countries attained political independence by 1971. The aftermath of the Arab-Israeli war in 1973 marked the beginning of a new phase of migration across the Arab region. Prior to the 1970s, foreign migrant workers constituted 90% of the workforce in Saudi Arabia. However, the economic boom driven by rising oil prices created an increased demand for migrant labor to fulfill production needs. Consequently, the population of foreign migrant workers surged tenfold by the 1990s, primarily comprising individuals from Yemen, Egypt, Sudan, Jordan, India, and Pakistan. Notably, migrants from India and Pakistan were employed under the kafeel (sponsor) system, which could involve an agency, company, or private individual responsible for issuing employment contracts. The kafeel was obligated to assume all socio-economic and legal responsibilities throughout the employment period and was also tasked with establishing the terms of employment. As a result, migrant workers relied heavily on their kafeel for the duration of their employment (Francoise De Bel-Air, 2015).
- Following the 1990s, the geopolitical landscape experienced significant transformations. The Iraqi invasion of Kuwait in 1990 resulted in approximately three million individuals being compelled to leave their countries, which had previously offered them employment opportunities in the Gulf region. This invasion led to the expulsion of around 3.5 lakh Jordanians and Palestinians from Kuwait, as well as 8 lakh Yemenis from Saudi Arabia. Concurrently, two

Scanned with OKEN Scanner

million Shia and Kurdish individuals either fled Iraq or became internally displaced. The resultant political and economic shifts prompted a substantial change in the policies of Gulf states. Consequently, the proportion of foreign nationals in GCC countries decreased from 72% in 1975 to 31% in the 1990s (Shah, 2004). Data from the United Nations Department of Economic and Social Affairs indicates that by mid-2020, the majority of migrants in GCC countries originated from South Asia, West Asia, and South-east Asia (UN DESA, 2020). Furthermore, it was noted that approximately 70% of non-national migrants were employed in GCC countries, forming a significant part of the labor force. Kapiszewski (2004) posits that this shift occurred as Asian workers increasingly supplanted Arab workers for various social and political reasons. During the decade from 2010 to 2019, India-Saudi Arabia ranked seventh, while India-Oman placed eighth in terms of migrant workforce (UN DESA, 2019b). By 2014, GCC countries emerged as the third largest region for hosting migrants, primarily from India, Pakistan, and Egypt. Thus, the GCC countries became home to the highest number of foreign migrants globally (Thiollet, 2016).

- **Girls migration to Middle Eastern countries:**
- The 2020 data indicates that women represent 35.3% of the total migrant population in Western Asia, marking the lowest percentage of any region globally. Among the Gulf Cooperation Council (GCC) countries, Saudi Arabia, the United Arab Emirates, and Kuwait emerge as the most preferred destinations for girls, in contrast to Qatar and Oman. This preference may be attributed to higher rates of spouse or family migration to Saudi Arabia (743457: 2019), the UAE (792877:2019), and Kuwait (331645:2019) compared to Bahrain (78271:2019), Qatar (97262:2019), and Oman (164781:2019). Furthermore, trends reveal that following the conclusion of the pandemic

Scanned with OKEN Scanner

